# سید حسن غزنوی

(حیات اور ادبی کارنامے)

ڈاکٹر غلام مصطفےٰ خاں

Collection of Prof. Muhammad Iqbal Mujaddidi
Preserved in Punjab University Library.

پروفیسر محمد اقبال مجددی کا مجموعہ
پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں محفوظ شدہ



Marfat.com

# سید حسن غزنوی

## حیات اور ادبی کارنامے

(فارسی کے بزرگ شاعر سید حسن غزنوی کی حیات اور فکر و فن کا محققانہ جائزہ)

ڈاکٹر غلام مصطفیٰ خاں

ادارہ یادگار شیفتہ

بہ اشتراک

پاکستان رائٹرس کوآپریٹو سوسائٹی۔ لاہور

Marfat.com

129966

جملہ حقوق محفوظ

کمپوزنگ احمد گرافکس۔ کراچی، 219534

طابع

قیمت

ملنے کے پتے

کو آپر ابک شاپ اینڈ آرٹ گیلری

۰۷ شاہراہ قائد اعظم۔ لاہور

۵۔ ساؤتھ سی یو ایونیو۔ ڈیفنس ہاؤسنگ سوسائٹی فیز ۲۔ کراچی

Marfat.com

سلّموا یا قومِ بل صلّوا علی الصدر الامین
مصطفٰی ماجآء الاّ رحمةً للعالمین

(سید حسن)

بارگاہِ مصطفوی (صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم) میں ایک نادار "غلام" "یہ ناچیز سرمایۂ" "مکاتبت" کے لئے نہیں بلکہ دائمی غلامی کے لئے پیش کرتا ہے۔

غلام مصطفیٰ خان
۱۲ربیع الاول ۱۳۷۱ھ



Marfat.com

# عرضِ حال

باسمہ تعالیٰ۔ حامداً ومصلیاً

علی گڑھ سے راقم الحروف نے ۱۹۲۹ء میں میٹرک پاس کیا اور ۱۹۳۶ء تک دو ایم اے اور ایل ایل بی کے امتحانات پاس کر کے اپنے وطن جبل پور کو واپس ہوا۔ چند ماہ بے کار رہا۔ پھر ناگپور یونیورسٹی سے ملحقہ کنگ ایڈورڈ امراؤتی (برار) میں دس سال اور مارس کالج ناگ پور میں قریب ایک سال پڑھاتا رہا۔ علی گڑھ کے قیام کے زمانے میں بعض اساتذہ کے تحقیقی کاموں کو دیکھ کر مجھے بھی تحقیق کا شوق پیدا ہوا۔ وہاں سے آنے کے بعد فاضل یگانہ پروفیسر ضیاء احمد بدایونی" (م ۱۹۷۳ء) سے زیادہ تعلق رہا۔ چنانچہ انھوں نے ۴ مارچ ۱۹۳۸ء کو مجھے گرامی نامہ لکھا اور مشورہ دیا کہ سید حسن غزنوی پر کام کرو۔(۱) میں نے ناگپور یونیورسٹی کو اس موضوع پر کام کرنے کی اجازت کے لیے درخواست دی اور وہ منظور ہوگئی۔ پھر میں نے علی گڑھ 'حبیب گنج' رام پور' بریلی' کاکوری' لکھنو کے مختلف کتب خانے' ریواں ریاست' پٹنہ' الہ آباد' بھوپال' عثمانیہ یونیورسٹی' آصفیہ لائبریری' بمبئی کے مختلف کتب خانے اور برہان پور وغیرہ کے کتب خانے دیکھے۔ وہاں سے شاعر کے کلام اور اس کے متعلق تاریخیں اور تذکرے تلاش کیے۔ پھر لندن اور پیرس سے اس شاعر کے دیوان کے عکس حاصل کیے۔ اس معاملے میں ناگ پور یونیورسٹی نے مجھ سے ہر طرح کا تعاون کیا بلکہ میرے بعض تحقیقی مقالات کی بنا پر مجھے بغیر نگراں کے کام کرنے کی اجازت دی۔

شاعر کا کلام دیکھنے سے معلوم ہوا کہ وہ سنائی (م ۵۴۵ھ) کا معاصر تھا' اور اس نے

---

(۱) راحت الصدور (دیباچہ ص ۱۱) میں ڈاکٹر محمد اقبال نے سید حسن کو فارسی کے بزرگ ترین شعراء میں شمار کیا ہے۔



Marfat.com

افغانستان وایران کے مختلف مقامات 'بلکہ ہندوستان کی بھی سیر کی تھی۔ اور بغداد وغیرہ کی سیر کرتے ہوئے وہ مدینہ منورہ حاضر ہوا اور حضور انور صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں ایک فارسی ترجیع بند پیش کیا جس کا ترجیعی شعر عربی میں یہ تھا۔

سلّموا یا قوم بل صلّواعلی الصدر الامین
مصطفٰی ماجآء الاّ رحمةً للعالمین

اس ترجیع بند کے چھ بند ہیں چھٹے بند کا ایک شعر ہے

لافِ فرزندی نیارم زد دریں حضرت ولیک
مدحتے آوردم اینک ' خلعتے بیروں فرست

بعض تذکروں میں ہے کہ روضۂ اقدس سے ایک حلّہ حاصل ہوا اور آواز آئی "یا بنی خذ"

بہر حال اس ترجیع بند کا ترجیعی شعر (عربی والا) بہت مشہور ہوا۔ رومی (م ۶۷۲ھ) نے اسے سنائی کا سمجھ کر اس طرح کہا ہے۔

اے سنائی رو مدد خواہ از روانِ مصطفٰی
مصطفٰی ما جآء الا رحمۃ العالمین
(کلیات شمس تبریز۔ لکھنو ۱۳۰۲ھ صفحہ ۶۳۶)

یہ عربی شعر اس قدر مقبول ہے کہ آج بھی میلاد خواں حضرات (ہندوستان اور پاکستان میں) پڑھا کرتے ہیں۔

مقالے میں عرض کیا گیا ہے کہ سید حسن اپنے معاصرین اور متاخرین میں بھی مقبول ہوا ہے۔

ہندوستان کے منشی محمد پادشاہ کی قابلِ فخر فرہنگ انندراج' نیز مصطلحات الشعرا' اور فرہنگ جہانگیری میں سید حسن کے کئی اشعار بطور سند پیش کیے گئے ہیں۔

سید حسن کی سب سے زیادہ مقبولیت غالباً یہ ہے کہ سلطان بہرام شاہ (م ۵۵۲ھ) کے ایک سکّے میں اس کا شعر کندہ تھا۔ راورٹی (طبقات۔ صفحہ ۱۱۰۔ نوٹ نمبر ۱) نے لکھا ہے کہ



Marfat.com

بہرام شاہ کے سکّے کی پشت پر یہ شعر کندہ تھا۔

منادی برآمد زہفت آسماں
کہ بہرام شاہ است شاہِ جہاں

راورٹی نے یہ بھی لکھا ہے کہ یہ سکّہ ۵۴۸ھ میں مضروب ہوا۔ اس میں یہ بھی لکھا ہوا تھا کہ ۵۱۴ھ بہرام شاہ کی تخت نشینی کا وہ پانچواں سال تھا۔ تفصیل دیکھیں۔ راقم الحروف کی کتاب (A History of Behram shah صفحہ ۲۱)۔

سید حسن کی ایک غزل ہے:

اے آرزوے دیدۂ بینا چگونہٴ
وے یارو مونسِ دلِ تنہا چگونہٴ
اے نور چشمِ مہر و گلِ بوستان حسن
ما بے تو درہمیم تو بے ما چگونہٴ

اسی کی تقلید میں فیضی (م ۱۰۰۴ھ) کی غزل ہے:

ما بے تو درغمیم تو بے ما چگونہٴ

بہرام شاہ نے دوبارہ غزنی فتح کیا تو سید حسن نے ایک طویل قصیدہ لکھا۔ اس کا ایک شعر یہ ہے

روم روزِ محرم سال برثے میم دال الحق
برآمد نامور فتحے کزاں گویند تا محشر

یعنی ۲ محرم ۵۴۴ھ میں یہ فتح حاصل ہوئی۔ اس طرح حروف سے سنہ نکالنا انوری (م ۵۸۷ھ) وغیرہ کے یہاں بعد میں ہوا ہے۔ (گوکہ راقم الحروف کا خیال ہے کہ فردوسی اور شاہ نامہ دونوں تاریخی نام ہیں)۔

سید حسن کے کلام کی ایک اور اہمیت جو بعد میں ظاہر ہوئی وہ یہ ہے کہ اس میں بہرام شاہ اور سلطان سنجر کے تاریخی واقعات کے اشارے بہت ہیں۔ راقم الحروف نے سید حسن



Marfat.com

اور اس کے معاصرین (نظم و نثر والوں) کے کلام سے تاریخی اشارات جمع کر کے سلطان بہرام شاہ کی تاریخ (انگریزی میں) لکھی تھی۔ جو لاہور سے ۱۹۹۴ء میں اور کراچی سے ۱۹۹۵ء میں شائع ہوئی اور اس پر فاضلِ بے بدل ڈاکٹر محمد شفیع صاحب مرحوم کا پیش لفظ ہے۔

سید حسن پر یہ مقالہ ۱۹۴۶ء / ۱۳۶۷ء میں ناگ پور یونیورسٹی میں پیش کیا گیا تھا۔ مقالے کے دو حصے تھے ایک شاعر سے متعلق تھا جو اردو میں تھا۔ اور دوسرا شاعر کے ممدوح بہرام شاہ کے متعلق تھا اور وہ انگریزی میں تھا۔ ڈاکٹر عبدالستار صدیقی صاحب نے صرف اردو والے حصے پر ڈگری کی سفارش کی تھی اور ڈاکٹر ہادی حسن صاحب نے صرف انگریزی والے حصے کو ڈگری کے لیے کافی سمجھا تھا۔

ایک بات اور عرض کروں گا کہ مولوی عبدالحق صاحب اسے دہلی سے شائع کرنا چاہتے تھے۔ لیکن یہ مقالہ اور دوسری کتابیں ۱۹۴۷ء کے اواخر میں نذر آتش ہو گئیں۔ اناللہ ...........

ایک اور بات یاد آئی کہ آقای تقی مدرس نے ۱۳۲۸ میلادی (یعنی ۱۳۶۸ھ) میں دیوان سید حسن غزنوی' ایران سے شائع کیا تھا' مجھے بعد میں علم ہوا۔ پھر جب علامہ ڈاکٹر محمد شفیع صاحب نے ضمیمہ اورینٹل کالج میگزین (اگست ۱۹۴۸ء تا فروری ۱۹۵۰ء) کے طور پر میرا مقالہ شائع کیا تو اس کے اوراق مجلد کر کے میں نے آقای تقی مدرس کو بھیج دیے۔ انہوں نے ازراہ کرم وہ دیوان اپنے دستخط کے ساتھ ۱۳۳۱ میلادی (یعنی ۱۳۷۱ھ) میں مجھے روانہ فرمایا۔ اس میں ان کا مقدمہ بھی بڑا فاضلانہ ہے لیکن شاید مجھ حقیر کا مقالہ بھی فضلا کو پسند آجائے۔

راقم الحروف اس کتاب کی اشاعت کے لئے اپنے ہم جماعت اور دوست جی اے مدنی مرحوم کے برادر خورد افتخار احمد صاحب عدنی کا ممنون ہے۔ یہ کتاب مدت سے اورینٹل کالج میگزین کے ایک ضمیمے کے طور پر خاموشی کی نیند سو رہی تھی۔ عدنی صاحب کی ہمت، حوصلے اور ذوق اشاعت نے اسے بیدار کیا اور اس عاجز کی اولین تحقیقی کاوش کو اہل علم تک پہنچایا ہے۔ عزیز گرامی ڈاکٹر اسلم فرخی صاحب اپنے زمانہ طالب علمی ہی سے میرے علمی



Marfat.com

کاموں میں معاونت کرتے رہے ہیں۔اس کتاب کی اشاعت میں بھی وہ اوّل سے آخر تک سرگرم رہے۔ اسلم صاحب نے بڑی محنت اور محبت سے کمپوزنگ، تصحیح اور اشاعت کے سارے مرحلوں کی نگرانی کی ہے۔ عزیزی پروفیسر لطیف اللہ صاحب نے پروف بڑی توجہ سے پڑھے۔ اقبال احمد صاحب نے کمپوزنگ میں خصوصی دلچسپی لی۔ راقم الحروف ارشاد ربانی "هل جزاء الاحسان الا الاحسان" کے مطابق ان سب کا شکر گزار ہے۔دعا ہے کہ اللہ پاک ان سب کے مراتب بلند سے بلند تر فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

بجاه رحمته للعالمین صلی الله علیه و سلم

۲۔ سندھ یونیورسٹی۔ پرانا کیمپس

حیدر آباد۔ سندھ

۱۱ رجب المرجب ۱۴۱۹ھ

۲۔نومبر ۱۹۹۸ء

احقر

غلام مصطفیٰ خاں



Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# "سید اشرف الدین حسن غزنوی"

## (۱۹۴۱ء)

ٹیپو سلطان شہید علیہ الرحمۃ کے مجموعے میں سے سید حسن غزنوی کا دیوان انڈیا آفس لندن میں محفوظ ہے (Ethe No 931)۔ اس کے اہم مقدمے کے کچھ اقتباسات یہاں درج کئے جاتے ہیں۔

" الحمد الله رب العالمين والصلواة على رسوله محمد واله الطاهرين و سلمه تسليماً كثيراً...... واگرچہ امروز سید امام اجل اظہر انور مرتضٰی عمدۃ الدین عمدۃ الاسلام افضل الزمان اشرف العالم۔ مفخر اللسانین۔ محترم الحرمین، افتخارِ خراسان ذو الشہادتین، ابو العلی حسن بن محمد الحسینی الغزنوی حشرہ اللہ مع الطاہرین من آباہ واکرمہ برضوانہ ولقانہ روئے در نقابِ تراب آورد بحمد اللہ والمنۃ کہ چندیں ہزار خلف الصدق از نظم رفیع ونثر بدیع تازی وپارسی از انواع علوم شرعاً ورسماً وعقلاً یادگار گذاشت کہ ہر یک ازاں گوہرے ثمین ودرے سمین، ست کہ سبب بقائے ذکرِ جمیلِ این شہید خواہد بود۔ چوں نظم ونثر او در بلاغت وفصاحت اکمل کلمات افاضلِ وقت بود علمائے عہد در اقتباسِ آں چہ بدیشاں می رسید از انفاس او استفادت می نمودند...... و آن شہید...... در حالِ ارتحال وصیت فرمود کہ اشعارِ تازی وپارسی وانواع تصانیف مرا بنام بادشاہ عالم، عادل، منصور، موید، مظفر، خاقانِ اعظم، جلال الدنیا والدین، نصرۃ الاسلام والمسلمین، کہف الامہ



Marfat.com

فی العالمین، ذُخر الملوک و السلاطین، یمین الدولة القاهرہ امین الملۃ الباہرہ، ملک الترک و الصین، شمس الملوک بلکا تنکا بغرا قرا ابو القاسم محمود بن محمد بن محمد بن بغرا خان، یمین امیر المومنین، خلد اللہ ملکہ و متع بشبابہ و دینہ و دنیاہ و قہر اعداہ و نصر اولیاہ جمع کنند تا...... رائے عالی جلال الدنیا و الدین را معلوم می شود کہ حسن عہد و صدق و فا و خلوص ولائے او بحدے بودہ است کہ در وقتِ مفارقت ازین ممر غرور و انتقال بدان مقر سرور آنچہ زبدۂ عمر و خلاصۂ زندگانی و تحصیل او بودہ جملہ بیادگارِ نثارِ جناب کریم کرد و دیگر کہ وصلت و قرب و قضائے حقِ خدمت مولف معلوم بر رائے انور گردد و اقتدارِ او بنظر رای آن شہید برافت و عاطفت بدین بندۂ مخلص سوختہ دل نہ گردد...... پس بحکم ارشاتِ این بزرگوار...... حالا اشعار لطیفِ او را بنام جمشیدِ سریرِ سیادت و خورشیدِ آسمانِ سعادت جمع کردہ آمد ...... و در مبداء دیوان ابتدا بہ یک دو قصیدہ تازی کردہ آمد تیمن و تبرک را و تقرب بدان صدر انبیا و سید اصفیاء محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ و سلم از کان ھو بالمدح اولی۔ اگرچہ اشعار تازی خود بنفسہا جمعے مفرد خواہد بود توقع بحُسنِ نظر متاملِ این مجموع آنست کہ اگر در نظم یا در نثر وی خللے یا غلطے از تحریفِ حرفے یا تغییر معنیے بیند از منشی داند چو کمالِ حالِ آن شہید در بحارِ علوم خاص و عام را معلوم است ...... و آن مخدوم در ایام خود از طلبِ دیگر علوم بجمع کردنِ سخنانِ خود نہ رسیدے و کرا معلوم بود کہ دست قضای بے محابا چنان باکورۂ را از بوستانِ خاندانِ نبوت و چنان ثمرۂ را از شجرۂ باغِ رسالت بدین زودی در خاک افگند و آن ہلالِ نوال و افضال را پیش از رسیدن بہ بدرے عمر بخسوفِ وفات متواری گرداند غرض آنست کہ اگر بر زلتے وقوف افتد عیب از مولف مکلّف نہ بینند کہ من صنّف فقد استھدف و بہ اصلاح منت نہند و مدد دہد۔ تا باقی تصانیف او بہ قوت ایشان بر حکمِ وصیتِ آن شہید جمع شود و بہ اربابِ فضیلت رسد کہ حقوقِ دینی و دنیاوی بیست سالۂ وی در ذمتِ من است و مدتے مدید بود تا این ضعیف از فرطِ ولائے آن شہید بہ غربت در خدمت او غربت را بر قربتِ اقارب اختیار کردہ بود و مولد و منشا را وداع کردہ اکنون عزیمتِ مصمم



Marfat.com

است کہ بقیتِ عمر در خدمتِ تربت و نشر فضل و منقبت او گذارد و بہ جمع تالیفات و شرح تصنیفات او مشغول باشد کہ چوں سفینۂ عمر بہ ساحل رسد چناں کہ در دنیا مقبولِ آں سعیدِ شہید بود در آخرت از شفاعت وے بے نصیب نہ ماند......"

مقدمے کے ان اقتباسات سے حسب ذیل باتیں معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ مقدمہ لکھنے والا اس شاعر کا شاگرد یا معتقد ہے جس کا بیس سال سے تعلق ہے اور وہ ایک مدت سے اپنے وطن (غزنین) کو چھوڑ کر غریب الوطنی میں اپنے استاد کے ساتھ رہا تھا۔

۲۔ شاعر کا پورا نام مع القاب یہ ہے: سید امام اجل، عمدۃ الدین، عمدۃ الاسلام افضل الزمان، اشرف العالم، مفخر اللسانین، محترم الحرمین، ذوالشہادتین، ابوالعلی حسن بن محمد الحسینی الغزنوی، ان القاب پر بحث آگے آئے گی۔

۳۔ شاعر کا انتقال ابوالقاسم محمود خان (المتوفی ۵۵۷ = ۱۱۶۲ھ) کی حکومت کے زمانے میں ہوا۔ بلکہ اس عہد میں شاگرد نے اشعار کا مجموعہ بھی مرتب کر لیا تھا۔ اسی لئے اس بادشاہ کے لئے شاگرد نے خلد اللہ ملکہ...... وغیرہ دعائیہ کلمے کہے ہیں۔ یہاں یہ بات بھی یاد رکھنے کی ہے کہ عام تاریخوں میں اس بادشاہ (بلکہ خاقان) کو "محمود خان بن محمد بن بغرا خان" لکھا ہے۔ جس کی تفصیل اپنے موقع پر آئے گی۔

۴۔ ان الفاظ سے کہ "اشعار تازی خود بنفسہا جمع مفرد خواہد بود" معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے عربی اشعار بھی خاصی بڑی تعداد میں لکھے ہوں گے۔ دوسرے الفاظ ایسے بھی ملتے ہیں جن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اس کی دوسری تصانیف بھی تھیں۔ لیکن افسوس ہے کہ سوائے کلیات فارسی کے اب سب ناپید ہیں۔

۵۔ شاعر کی وصیت کے مطابق اس کی تمام تصانیف ممدوح مذکور کے نام معنون ہونے والی تھیں۔

۶۔ شاعر کو جگہ جگہ شہید کہا گیا ہے۔ اور "ذوالشہادتین" بھی کہا ہے۔ جس سے



Marfat.com

خیال ہو سکتا ہے کہ غریب الوطنی اور طالب علم (و آن مخدوم در ایامِ خود از طلبِ دیگر علوم......) کے دوران میں انتقال ہوا ہے۔(۱)

آگے چل کر ہم ان اہم معلومات سے فائدہ اٹھائیں گے اور اب تفصیلی بحث پر آتے ہیں۔

## نام کنیت اور القاب

شاعر کا نام حسن تھا۔ اور حسینی سید ہونے کے متعلق خود ایک شعر میں کہتا ہے ؎

از پیِ آنکہ حسن نام و حسینی نسبم

کارِ نا سازم چون کارِ حسین و حسن ست (۲)

اسی نسب کے متعلق ایک اور جگہ کہتا ہے اور فخر کرتا ہے ؎

واند جہان کہ قرۃ عینِ پیمبرم

شایستہ میوۂ دلِ زہرا و حیدرم (۳)

"حسینی" سیادت کے متعلق شاعر کا مقدمہ بھی شہادت دینے کے لئے کافی تھا۔ اس کے علاوہ قریب العہد تصنیف یعنی راحتُ الصدور (مصنفہ ۵۹۹ھ = ۱۲۰۲ء صفحہ ۱۸۷) بھی شاہد ہے۔ لیکن کنیت "ابو العلی" صرف شاگردوں کے بیان میں ملتی ہے۔

شاعر کے القاب مختلف تذکروں میں مختلف ہیں۔ "تاج الدین" دو جگہ ہے۔ ایک تو حسن بن لطف اللہ کے "میخانہ" (ق ۱۱۲۰الف۔ برٹش میوزیم سپلیمنٹ ۱۰۷) میں۔ اور دوسرے اسی شاعر کے اس دیوان کے مقدمہ میں ہے جس کا نگارندہ ملک محمد انیس اخوند ہے۔ اور رام پور کے شاہی کتاب خانہ میں محفوظ ہے۔ "تذکرہ حسینی" (ق ۱۶۳الف۔ حبیب گنج) اور انڈیا آفس کی فہرست مخطوطاتِ فارسیہ (صفحہ ۲۰۴۔ ۱۱۱۳ انڈکس) میں "شرف الدینؒ" ہے لیکن میرا خیال ہے کہ اس کے شروع کا الف کاتب کے قلم سے رہ گیا ہے۔ اور نقل کرنے والوں کو اس کی ضرورت کا گمان بھی نہ ہوا ہوگا کیونکہ "اشرف الدین" لقب دوسرے مستند تذکروں میں ملتا ہے۔ مثلاً لباب الالباب (ج ۲۔ ص۔ ۱۰۵) مجمع الفصحا (ج ا۔ ص ۱۹۲) ریاض العارفین (ص



Marfat.com

۱۸۵) ریاض الشعرا (ق ۹۶/الف۔ امپیریل لائبریری کلکتہ) وغیرہ۔

"اشرف الدین" یا محض اشرف (اشرف العالم) شاعر کے شاگرد کے مقدمے میں بھی ہے۔ اور راحت الصدور میں اکثر مقامات پر یہی لقب (اشرف) پایا جاتا ہے، یعنی صفحات ۵۷۔ ۱۸۷۔ ۱۹۳۔ ۲۴۵۔ ۲۵۱۔ ۲۷۵۔ ۳۱۳ وغیرہ پر۔

جمال الدین محمد عبدالرزاق اصفہانی (م سنہ ۵۸۸ھ = ۱۱۹۲ء) نے بھی ایک قصیدہ میں جو اسی شاعر کی تقلید میں ہے اسے صرف "اشرف" کہا ہے۔

بزرگوارا، صدرا، قصیدۂ گفتم
کہ خواستند ر دیفش بہ امتحان آتش
بدان نہاد کہ گفتند اشرف و وطواط
ازیں نمط دو قصیدہ ردیف شاں آتش (۴)

(۱) حسن کے شاگرد کے علاوہ (۲) راحت الصدور اور (۳) جمال الدین محمد عبدالرزاق کی شہادت بھی وقیع سمجھی جائے گی۔ کیونکہ یہ سب ایک ہی زمانے سے تعلق رکھتے ہیں۔

شاگرد نے اس کو "عمدۃ الدین" بھی لکھا ہے۔ لیکن یہ محض عقیدت مندی کی بنا پر معلوم ہوتا ہے۔ ذوالشہادتین" بھی اس نے کہا ہے اور یہ راحت الصدور (ص ۱۸۷) میں بھی ملتا ہے۔ اس لیے ظاہر ہے کہ اس لقب کی شہرت ضرور رہی ہوگی اور کیوں نہ ہو جبکہ یہ عظیم الشان لقب اور خطاب سب سے پہلے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی حضرت خزیمہ بن ثابتؓ سے منسوب تھا۔ جن کی نسل سے صاحبِ تاریخ بیہق ہیں۔ (۵) اب ذرا ملاحظہ فرمائیں کہ متاخرین ان کو کن القاب کے ساتھ یاد کرتے ہیں۔ نمونہ کے طور پر تقی اوحدی کی عرفات العاشقین (ق ۴ب۔ حبیب گنج) کا اقتباسِ ذیل ملاحظہ فرمایئے۔ دیکھیے وہ کس طرح گل افشانیاں کرتے ہیں۔

"جمشیدِ مسندِ مراتب، خورشیدِ مشرقِ مناقب، درخشندہ نجمِ ثاقب، سید المدققین، سند



Marfat.com

المحققین" "اشرف الکاملین' احسن الواصلین' صاحبِ کمالات صوری و معنوی' اشرف الدین حسن...... الغزنوی' نیرّ آفاقِ سخن' مظہر اخلاقِ حسن' مرشد بہ وادیِ سخندانی رہبر شوارع معانی' خسرو اقلیمِ حال و قال۔ جامعِ صفاتِ جلال و جمال است......"

ہم نام

شاعر کے والد کا نام شاگرد کے مقدمہ مذکورہ میں اور راحت الصدور (ص ۱۸۷) میں محمد ہے۔ اور یہی صحیح مانا جائے گا۔ لیکن غالباً سب سے پہلے محمد عوفی نے (لباب الالباب ج ۲۔ ص۔ ۲۷۰) ناصر علوی لکھا ہے اور اسی کی تقلید میں ریاض الشعرا (ق ۹۶ الف) مخزن الغرائب (ج ۱' حبیب گنج) مجمع الفصحا (ج ۱۔ ص ۱۹۲) ہفت اقلیم (ق ۱۱۹ ب۔ رام پور) عرفات العاشقین (ق ۴۔ ب' حبیب گنج) وغیرہ میں یہی نام پایا جاتا ہے۔ لیکن یہ نام دراصل ایک شاعر شرف الدین محمد غزنوی کے والد کا تھا۔ سنائی (۵۴۵ھ۔ ۱۱۵۰ء) نے اس کی مدح کی ہے:

"بمدح العمید سید شرف الدین محمدؒ بن ناصر العلوی":

بتے کہ گر فگند یک نظر بر آتش و آب
شود ز لطفِ جمالش مصور آتش و آب
سرِ محامدِ سید محمد آن کہ شدہ ست
بلند ہمت و نظمش بہ گوہر آتش و آب
بہ ہفت کشورِ نثرت رسید و نظم آرے
جدا کہ دید خود آن ہیچ کشور آتش و آب
ز قدرِ نظم تو وارندہ بہرہ زان بشدند
چو خاک و باد کثیف و مدور آتش و آب (۶)

مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ۔ ۱۱۲۱ء) نے بھی اس کی شاعری کی تعریف میں ایک



Marfat.com

قطعہ لکھا تھا۔ جو اس طرح شروع ہوتا ہے

شعر سید محمدِ ناصر

دلِ من شاد کرد و خرم کرد (۷)

لباب الالباب (ج ۲۔ ص ۲۶۷) میں غلطی سے اس شاعر کو ہمارے سید حسن کا بڑا بھائی کہا گیا ہے اور ہفت اقلیم (ق ۱۲۰۔ الف) میں ایک شاعر (جو دراصل مسعودِ سعد ہے) کے اشعار جو اسی سید حسن بن ناصر علوی (یعنی محمدِ ناصر کے بھائی) کے مرثیے کے ہیں ہمارے شاعر سے متعلق کر دیئے گئے ہیں' وہ اشعار یہ ہیں:

بر تو سید حسن دلم سوزد
کہ چو تو ہیچ غمگسار نہ داشت
تنِ من زار بر تو می نالد
کہ تنم ہیچ چون تو یار نہ داشت
زان ترا خاک در کنار گرفت
کہ چو تو شاہ درکنار نہ داشت
زان اجل اختیارِ جانِ تو کرد
کہ دگر چون تو اختیار نہ داشت
سی نہ شد سالِ عمر تو دیحک
سالِ زادِ ترا شمار نہ داشت
زار مسعود از آں ہمی گرید
کہ بحق ماتمِ تو زار نہ داشت
ماتمِ روزگار داشتہ ام
کہ دگر چون تو روزگار نہ داشت (۸)

مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ = ۱۱۲۱ء) کے مذکورہ بالا اشعار میں سے پانچواں شعر



Marfat.com

صاف ظاہر کر رہا ہے کہ وہ سید حسن (جو سید محمد بن ناصر علوی کا بھائی تھا) (۹) تقریباً تیس سال کی عمر میں اور مسعود سعد کی زندگی میں یعنی ۵۱۵ھ سے پہلے قضا کر گیا تھا۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ ہمارا شاعر سید حسن (بن محمد الحسینی) جو اس عہد سے ۴۰۔۴۱ سال بعد تک زندہ رہا۔ یقیناً دوسرا شخص ہے۔ اور محمد عوفی اور صاحبِ ہفت اقلیم کو محض ہمنام ہونے کی وجہ سے دھوکا ہوا

جامعہ عثمانیہ کے ایک مخطوطہ ۸۷۸ میں بھی ایک سید حسن کا کچھ کلام ملتا ہے لیکن وہ بہت بعد میں ہوا ہو گا۔ کیونکہ اس کے ورق ۱۲۹۔ب میں غالباً شہاب الدین غوری کی مدح ہے ۔

پادشاہِ جہاں شہاب الدین

اور شہاب الدین کے بھانجے غازی (لباب۔ ج۔ ا ص ۳۳۱) والیِ ہرات (التوفی ۶۰۰ھ) کے صدر مہذب الدین (منصور بن علی اسفزاری؟) کی مدح بھی اس کے ورق ۱۲۹۔ الف میں موجود ہے۔ ورق ۱۲۹ اب میں ایک اور صدر کی مدح ہے۔

بہاء الدین خلفِ صدقِ خاندانِ ادیب

اور اس سید حسن کا کوئی استاد شرف الدین (شفروہ؟) ہے جس کی مدح میں (ق ۱۲۹۔ب) وہ کہتا ہے:

شرف الدین زطبع چون دریا
دادِ نظمِ گہر فشاں دادی
کاغذے پر زلولوے منظوم
سوئے شاگردِ خود فرستادی
سخنم تو طراوت افزودم
کہ ہمہ عمر جان فزا بادی
بر منت مننت فراوان است
مننت چہ کہ حق استادی



Marfat.com

سنائی کے متعلق اسی شاعر نے (ق ۱۲۸۔ب) ایک قصہ لکھا ہے۔

آن شنیدی کہ مر سنائی را
گفت روزے یکے کہ اے مشہور
چہ شود گر بیک دو بیت مرا
درجہان ہجو خود کنی مذکور
خواجہ گفتا کہ ذکرِ باقی را
شعر حشرے ست بے توسطِ صور
زندۂ گر سخن بود کم نیست
زان کہ دارد بہشت حور و قصور

## ولادت

شاعر کے وطن کے متعلق سب تذکرے متفق ہیں کہ وہ غزنین کا تھا۔ اور شاگرد کی تصدیق (مقدمہ) کے بعد کوئی شبہ باقی نہیں رہ جاتا۔ اہل غزنین تو اب بھی پورے آٹھ سو سال گزر جانے کے بعد اس پر فخر کرتے ہیں۔ خود شاعر نے ایک جگہ امام برہان الدین ابوالحسن علی بن ناصر غزنوی الملقب بہ "بریان گر" (جس کے نام ایک منظوم خط حدیقہ سنائی کے آخر میں ہے اور جو بغداد میں تھا) کی مدح میں غزنین وطن کے متعلق اشارہ کیا ہے۔

امام حق برہانِ دین لسان الحق
توئی کہ خامہ زدستِ تو مے گسار شود
منم کہ بازِ ہمایونِ آشیانِ توام
وفائے باز نہ پرواز راشکار شود (۱۰)

شاعر کے سال ولادت کے متعلق سب تاریخیں اور تذکرے خاموش ہیں لیکن اس کے کلام سے کچھ اندازہ لگایا جاسکتا ہے۔ اس نے ۵۰۰ھ = ۱۱۰۶ء (۱۱) میں فخر الملک مظفر بن



Marfat.com

نظام الملک کے قتل پر اس کے بیٹے نظام الملک صدر الدین محمد کے درجۂ وزارت پانے پر یہ قصیدہ لکھا تھا۔

نسیم عدل ہمی آید از ہوائے جہان
شعاع بخت ہمی تابد از بقائے جہان
خرد کہ جای ندارد نہ داند این کہ چہ کرد
خدایگانِ جہان از کرم بجائے جہان
سزد کہ دولت و دین ہر دو تہنیت گویند
خدا یگانِ جہان را بہ کد خدائے جہان
نظامِ ملک محمد کو یمنِ صورت او
خجستہ آمد بر ملک پادشائے جہان
بکار بستہ میانِ وگرہ کشادہ، ببین
کہ نقش بندیِ او شد گرہ کشای جہان
تو آمدی بسزا صاحبِ جہاں ورنہ
نہ کردہ بود مہیا فلک سزای جہان
مراست ملکِ سخن مطلق و تومی دانی
اگر نہ دانی، داند ہمی خدای جہان

آخری شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر پہلے بھی کافی شاعری کر چکا ہے۔ لیکن ہمیں اس کے کلّیات میں یہی اشعار قدیم ترین معلوم ہوتے ہیں۔ اب اس سے خیال ہوتا ہے کہ اس قصیدے کے لکھنے کے وقت یعنی ۵۰۰ھ = ۱۱۰۶ء میں اس کی عمر کم از کم بیس سال کی تو ضرور ہو چکی ہو گی۔ اس لئے ایک موٹا حساب لگایا جائے تو یہی کہنا پڑے گا کہ وہ ۴۸۰ھ۔۱۰۸۷ء تک ضرور پیدا ہو چکا ہو گا۔ بہر حال یہ محض گمان ہے۔ کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔



Marfat.com

## تعلم و تعلم

تتمۂ صوان الحکمہ (ص ۹۶۔ فارسی۔ لاہور ۱۹۳۹ء) سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ سید اشرف حسن غزنوی کے استاد محمد بن مسعود غزنوی تھے۔ جو فلسفی، ادیب اور مہندس بھی تھے۔ اور انہوں نے فلسفہ پر ایک کتاب (۱۲) احیاء الحق لکھی تھی۔ چونکہ ہم کو حسن کا صرف کلیات ملتا ہے اور بقیہ تصانیف نہیں ملتیں۔ اس لئے ہم اس قدر اندازہ ضرور لگا سکتے ہیں کہ اس نے اپنے استاد سے صرف ادب کی تعلیم حاصل کی۔ کیونکہ اس کے کلام میں جیسا کہ ہم آگے دیکھیں گے فلسفہ یا دوسرے علوم کا کوئی عکس نظر نہیں آتا۔ ادب اور شاعری کا دور دورہ اس عہد میں زیادہ تھا۔ اس لئے اسی طرف زیادہ توجہ کی ہوگی اور یہ کیا کم ہے کہ اس کی تقلید میں بڑے بڑے شعرا مثلاً جمال الدین محمد عبد الرزاق (م ۵۸۸ھ۔ ۱۱۹۲ء) مجیر الدین بیلقانی (م ۵۹۴ھ۔ ۱۱۹۸ء) کمال الدین اسما



Marfat.com

یہ قصیدے محمود خان بغراخانی (م ۵۵۷ھ۔ ۱۱۶۲ء) کی مدح میں ہیں۔ اور ان کی تفصیل اپنے موقع پر آئے گی۔ ہمارا شاعر تحصیل علوم میں "اطلب العلم من المھد الی اللحد" پر عامل معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ اس کے شاگرد کے اس قول سے ظاہر ہوتا ہے کہ...... "آن مخدوم در ایام خود از طلب دیگر علوم بجمع کردنِ سخنانِ خود نہ رسیدے"۔ لیکن صرف اس اجمال سے علوم کی تفصیل پر کوئی روشنی نہیں پڑتی اور کلام سے بھی اس کے دوسرے کمالات کا پتہ نہیں چلتا۔

مجمع الفصحا (ج ا۔ ص ۳۵۲) اور دولت شاہ (براؤن۔ ص ۷۱) سے حسن کا ایک شاگرد عماد زوزنی (۱۷) معلوم ہوتا ہے۔ اور انڈیا آفس کے مذکورہ مخطوطہ نمبر ۹۳۱ کا مقدمہ نگار ایک دوسرا شاگرد ہے۔ مقدمہ کے کچھ اقتباسات ہم اوپر دے چکے ہیں۔ کچھ اور پیش کئے جاتے ہیں۔ جس سے شاگرد کی قابلیت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ " الحمد لله رب العالمین و الصلواة و السلام علی رسوله محمد و اله الطاهرین و سلم تسلیماً کثیراً۔ واجب است برارباب عقل و فطنت، شرفِ نطق و فضیلتِ، سخن کہ آدمی از حیوانات دیگر ممیز است و لازم است برارباب علم و حکمت لطائف و ظرائف طبع دانستن و شناختن کہ خردمند از غیر مستثناست و بحقیقت آدمی شجرے بدیع است کہ از و ثمراتِ کلماتِ غریب می زاید و نہالی شریف است کہ آز و میوۂ معقولاتِ عجیب می آید و عجب تر آن کہ درخت کہ جسم / جوہر است فانی می شود و میوۂ کہ عرض است باقی می ماند و متکلمے کہ موصوفِ مطلق است مجہول و معدوم می شود، و کلامے کہ صفتِ محض است موجود و معلوم می نماید و اگر چہ سخن عرض است، غرضِ اصلیِ آدمی بہ وی باز بستہ است کہ شرفِ مردم بقدر معالی سخن متعالی می شود و رتبت آدمی بہ اندازۂ بلاغتِ او مترقی می گردد و صیتِ شمایل خردمند او راز ندہ میدارد و آوازۂ فضائل ہنرمند او را تازہ می نماید و ما یعقلھا الا العالمون...... پرواداشتہ نیامد کہ دررِ غرر در سلکِ تالیف و تصنیف منظوم و منثور منتظم بگشتے و آن شہید گوئی بنور الٰہی المومن ینظر بنور الرب عزوجل...... می دید کانہ ینظر الی الغیب من ستر دقیق کہ در حالِ ارتحال وصیت فرمود...... وغیرہ۔

ان اقتباسات کے اندارج سے مقصد یہ ہے کہ شاگرد کی قابلیت کا اندازہ ہو سکے اور یہ

129966



Marfat.com

بھی معلوم ہو سکے کہ ایسی مرصع نثر اس زمانے میں رائج تھی۔

یہ ہے جو کچھ کہ ہم حسن کی تعلیم و تعلم کے متعلق جانتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی معلومات حاصل نہیں ہیں۔

## واقعاتِ زندگی

حسن کے واقعات زندگی کے لئے تاریخیں اور تذکرے بہت کم ہماری رہنمائی کرتے ہیں' البتہ اس کے کلام سے بہت کچھ اخذ کیا جا سکتا ہے اور وہ یہ ہے:

سید حسن نے ایسے زمانے میں آنکھ کھولی جبکہ فارسی کے بڑے بڑے شعرا پیدا ہو چکے تھے۔ اور خود معاصرین میں معزی (۱۸) (م ۵۴۲ھ ۔ ۱۱۴۷ء) سنائی (م ۵۴۵ھ ۔ ۱۱۵۰ء) عمادی (۱۹) (م تا ۵۴۵ھ ۔ ۱۱۵۰ء) 'عثمان مختاری (۲۰) (م ۵۴۴ھ ۔ ۱۱۴۹ء) ادیب صابر (۲۱) (م ۵۴۷ھ ۔ ۱۱۵۲ء) وطواط (م ۵۷۸ھ ۔ ۱۱۸۲ء) سوزنی (۲۲) (م ۵۶۹ھ ۔ ۱۱۷۳ء) جیسے متعدد اکابر شعرا موجود تھے 'اور ان سب کی شاعری کا دار و مدار زیادہ تر قصیدہ گوئی پر تھا۔ چنانچہ حسن نے بھی اپنی شاعری کی ابتدا قصیدہ گوئی سے کی۔ لیکن شاید وطن کا ماحول راس نہ آیا' تو وہ سنجر کے دربار میں پہنچا۔ جہاں اس نے ۵۰۰ھ ۔ ۱۱۰۶ء میں فخر الملک مظفر بن نظام الملک کے قتل کے بعد اس کے بیٹے نظام الملک صدر الدین محمد کو درجہ وزارت (۲۳) حاصل ہونے پر ایک قصیدہ پڑھا' جس کا ذکر ہم اوپر کر چکے ہیں۔ اس کا مطلع یہ ہے ؎

نسیمِ عدل ہمی آید از ہوائے جہان
شعاعِ بخت ہمی تابد ازلقائے جہان

اس وقت شاید صرف اسی ممدوح سے ہمارا شاعر تعلق پیدا کر چکا تھا۔ اور اگر کسی اور سے بھی تعلق تھا' تو اس کے موجودہ کلام سے ہم کو معلوم نہیں ہوتا۔ پھر وہ شاید سنجر کی فوج کی معیت ہی میں ۵۱۰ھ ۔ ۱۱۱۷ء غزنین آیا ہوگا اور اس نے بہرام شاہ کی تخت نشینی پر ایک قصیدہ پڑھا جس کا مطلع یہ ہے ؎



Marfat.com

منادی بر آمد زہفت آسمان
کہ بہرام شاہ است شاہِ جہان (۲۴)

بہرام شاہ کی تخت نشینی کے متعلق ایک دوبیتی بھی ملتی ہے، جس میں لفظ "یمینے" سے مراد اس کا خطاب "یمین الدولہ" ہو گا۔

شاہا بز تخت بہ نشینے باید
چون شاہ نشست آفرینے باید
بر تختِ فلک ہمین یمینے باید
بر جائے چنان شاہ چنینے باید (۲۵)

سنجر نے جب بہرام شاہ کو تخت نشین کرایا تو جیسا کہ ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل سے لکھ چکے ہیں، وہ چالیس دن یعنی جمعہ یکم ذی الحجہ ۵۱۰ھ (۶/اپریل ۱۱۱۷ء) تک غزنین میں رہا۔ یہیں "نوروز" اور "نوبہار" کا زمانہ بھی گزرا ہو گا۔ ہمارے شاعر نے بہرام شاہ کے اسی زمانہ یعنی تخت نشینی کے عہد کو اس طرح یاد کیا ہے۔

بشگفت در بہارِ سعادت نہالِ ملک
تازہ ست روی بخت کہ نو گشت سالِ ملک
از چشم گوش ساز کہ بی ترجمان وصوت
گوید ہمی ثنائے شہنشاہ حالِ ملک
خورشید سائبان کند از نور وقتِ بار
تا چشم اختران نہ رسد در کمالِ ملک
عین جمالِ ملک خداوند عالم است
عین الکمال دور ز عین جمالِ ملک
پشت سپاہ و روی سپہر و پناہِ دین
آرامِ تخت و رفعتِ تاج و جلالِ ملک



Marfat.com

شد پاسبان سیاستِ بیدار او چنانک
فتنہ بخواب پیش نماید خیالِ ملک
از حملۂ تو خیزد بادِ وزانِ فتح
وز رحمتِ تو زاید آبِ زلالِ ملک
از آفتابِ روی تو چون روزِ نو بہار
ہر ساعتے فراغ تراست این مجالِ ملک
ایام را مباد فراق از لقاے تو
از عمر خویش برخورو باز از وصالِ ملک (۲۶)

اس قصیدے میں جو برٹش میوزیم اور انڈیا آفس کے نسخوں سے لیا گیا ہے' ممدوح کا نام نہیں ملتا۔ لیکن اسی کا ایک شعر بدایونی کی منتخب التواریخ (ج ا۔ ص ۴۰' کلکتہ ۱۸۶۸ء) میں ملتا ہے جو بہرام شاہ ہی کی مدح سے متعلق ہے۔

بہرام شاہ کز ہوسِ لفظِ شکر بیش
طوطی برون دہد پس ازین نونہالِ ملک

غرض کہ اس قصیدے (ا۔۸) سے بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ بہار کا زمانہ تھا جبکہ بہرام شاہ کا سالِ جلوس (شعر ا۔۲۔۳) شروع ہوا۔ اسی زمانے میں سنجر نے محمودی خزانوں پر قبضہ کرکے انہیں اسی نظام الملک محمد کے سپرد کردیا تھا۔ سید حسن نے وزیر کے اس اعزاز اور خلعت کے حصول پر ایک قصیدہ لکھا تھا' جس کے کچھ اشعار یہ ہیں:

مرا بہ وقت سحر دوش مژدہ داد نسیم
کہ شہر یارِ جہان پادشاہِ ہفت اقلیم
خزانہ ہائے ممالک ہمہ مفوض کرد
برائے آن کہ بحق یافت در جہان تقدیم



Marfat.com

نظامِ ملک و قوامِ جہان خداوندے
کہ کرد جانب اورا خدایگان تعظیم
یگانہ صاحبِ عادل محمد آن کہ بود
بنزدِ جودش دریا بخیل و ابر لئیم
بزرگوارا بنود عجب کہ شاہِ جہان
گزید بہر خزائن ترا حفیظ و علیم
تو کوہِ حلمی و شاہ آفتاب' معلوم است
کہ کوہ باشد گنجورِ افتاب و مقیم
کنون بدیع نہ باشد کہ شکلِ تو سازد
برای نقدِ خزانہ زمہر و مہ زر و سیم
خجستہ خلعتِ شاہ جہان چو پوشیدی
بطالعے کہ تولا کند بدو تقویم
چونائے دشمنِ جاہِ تو باد بپاید
کہ ہمچو ابر زند طبل رابہ زیرِ گلیم
ردا و چتر تو شاہِ جہان چناں بادا
کہ آفتابِ فلک سازد افسر و دیہیم (۲۷)

ان اشعار میں سے دوسرا اور پانچواں شعر صاف ظاہر کر رہا ہے کہ یہ وزیر "خزانہائی ممالک" کا محافظ بنایا گیا تھا۔ اور آٹھویں شعر میں خلعت ملنے کا بھی ذکر ہے۔ آخری شعر سے واضح ہوتا ہے کہ شاعر نے "شاہ جہان" (سنجر) کی موجودگی میں یہ قصیدہ پڑھا ہوگا۔ لیکن وزیر کی بد قسمتی سے یہ اعزاز عرصے تک قائم نہیں رہا۔ آثار الوزراء (ق ۱۷۱۔ الف بانکی پور) دستور الوزراء (ص ۱۸۹۔ طہران ۱۳۱۷ء) حبیب السیر (جزوِ چہارم۔ ج ۲۔ ص ۱۰۰) وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ (نظام الملک محمد) در اخذِ اموالِ سلطانی دلیری بسیاری نمود و



Marfat.com

در آوان کہ سلطان (سنجر) دار الملکِ غزنین را مسخر و مفتوح گردانید دستِ تصرف بقبضِ جواہر گراں مایہ در خزائنِ آلِ سبکتگین موجود بود دراز کرد این معنی بہ عرضِ سلطان رسید۔ حکم عالی بقتلِ او صدور یافتہ بعضے از متجندہ صدر الدین (محمد) را بہ ضربِ گرز چماق ہلاک ساختند......"

چنانچہ یہ وزیر ۵۱۱ھ - ۱۱۱۷ء میں سنجر کی غزنین واپسی پر مارا گیا ہوگا اسی ابتدائی عہد میں سید حسن نے غزنین میں یہ "بیتہائے امتحانی" بہرام شاہ کے دربار میں پیش کئے تھے۔

خاک را از باد بوئے مہربانی آمدہ ست
در دِہ آن آتش کہ آبِ زندگانی آمدہ ست
نرگسِ خوشبوی مخمورِ طبیعی خواستہ ست
بیدِ خرم روئے سرمستِ جوانی آمدہ ست
باغ مہمان دوست' برگ میزبانی ساختہ ست
مرغ اندک زاد' دربسیار دانی آمدہ ست
پیش تختِ شاہ چون من طوطیِ شکر فشان
بلبلم خوش ترکہ او را مداح خوانی آمدہ ست
خسروِ اعظم ' خداوندِ جہان بہرام آنک
رسم او جان بخشی و عالم ستانی آمدہ ست
بندہ رابخشے ست درہر فن کہ شعر فارسی
چشمِ زخمش راچو خارِ گلستانی آمدہ ست
لیک حرصِ بندگی و آرزوئے مدح تو
موجب این بیتہائے امتحانی آمدہ ست
چون تو درہر کار سلطانی و خاصہ در سخن
من چہ گویم کاین بدیہہ چندگانی آمدہ ست



Marfat.com

اینک از اقبالِ تو پرداخته شد خدمتے
کاندکش الفاظ و بسیارش معانی آمده ست
دُرِّ او در آب قدرت آشنا ور آن چنانک
راست گوئی' گوہر تیغِ یمانی آمده ست
گرم بکشادم قضاعے برسرِ خوان شمات
گرچه شیرین نیست بارے ناردانی آمده ست

چھٹے' ساتویں اور آٹھویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ شاعر شروع میں یہ قصیدہ لکھ رہا ہے اور کچھ فیضیاب بھی ہو چکا ہے' لیکن مسابقت کے لئے "بدیہہ" اور "بیتہائے امتحانی" بھی لکھ رہا ہے۔ اس قصیدے کے متعلق یہاں کچھ بحث ضروری ہے۔ وہ یہ کہ یہی قصیدہ سنائی کے دو مطبوعہ دیوانوں (یعنی طہران ایڈیشن۔۱۳۲۰۔ ص ۷۹ بعد۔ اور بمبئی ایڈیشن ص ۱۹ بعد) میں ملتا ہے اور وہ بہرام شاہ کی مدح میں نہیں بلکہ سنجر کی تخت نشینی کی تہنیت میں ہے۔ جیسا کہ ان میں یہ شعر ہے:

چون به سلطانی نشستی تہنیت گویم ترا
ای که اسلافِ ترا سلطان نشانی آمده ست

اور اوپر کے بارھویں شعر کی جگہ یہ ہے:

برسر خوانِ عمادی من کشادم این فقع
گرچه شیرین نیست بارے ناردانی آمده ست

چنانچہ اس شعر سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ اوپر کا قصیدہ جس میں "بدیہہ" اور "بیتہائے امتحانی" ہیں وہ دراصل عمادی غزنوی کے مقابلہ پر لکھا گیا تھا۔ لیکن اب یہ ثابت کرنا ہے کہ یہ قصیدہ سنائی اور سید حسن میں سے کس کا ہو سکتا ہے۔ سنائی کے مطبوعہ نسخوں کے علاوہ کسی اور نسخے میں یہ قصیدہ کم از کم ہمارے ملک میں نہیں ملتا۔ بانکی پور میں دیوان سنائی کا جو نسخہ ہے' اس میں نہیں ہے۔ پنجاب یونیورسٹی لائبریری میں دو مجموعے ہیں۔ ایک ۱۰۴۵ھ کا لکھا ہوا ہے اور دوسرا



Marfat.com

بغیر تاریخ کے ہے۔ اور ان دونوں میں یہ قصیدہ نہیں ہے۔ جامعہ عثمانیہ اور مکرمی پروفیسر مسعود حسن رضوی صاحب کے نسخوں میں بھی نہیں ہے۔ لیکن یہ نسخے ناقص ہیں، اور اس کے برعکس سید حسن کے دو مکمل نسخے (برٹش میوزیم ۴۵۱۴ اور انڈیا آفس ۹۳۱) اور دو ناقص نسخے (جامعہ عثمانیہ اور پروفیسر صاحب موصوف کا نسخہ) اس قصیدے کے حامل ہیں۔ میرا خیال ہے کہ یہ قصیدہ سید حسن ہی کا ہوگا۔ کیونکہ اس کے شاگرد کا مرتب کیا ہوا دیوان (یعنی انڈیا آفس نمبر ۹۳۱) اس کا حامل ہے اور اس سے زیادہ مستند کوئی اور نسخہ نہیں ہو سکتا۔ اس کے برخلاف سنائی کا مطبوعہ دیوان زیادہ مستند نہیں ہے کیونکہ اس میں بعض جگہ ایسا کلام بھی ملتا ہے جو دوسروں سے منسوب ہے۔ مثلاً ابو رجا غزنوی (م ۵۸۶ھ یا ۵۹۸ھ) کا یہ قطع:

آمد آن کودکِ مسیح پرست
عیشِ الماس گون گرفتہ بدست

جو بہرام شاہ کے متعلق ہے اور لباب الالباب (ج ۲۔ ص ۲۸۱) میں منقول ہے اور جس پر حافظ محمود شیرانی صاحب نے کتاب تنقیدِ شعر العجم (ص ۶۳۔ ۶۴) میں بحث کی ہے کہ وہ سنائی کے مطبوعہ دیوان (بمبئی۔ ص ۱۳۳ح۔ بعد) میں بھی کچھ تغیر کے ساتھ موجود ہے۔ اس کے علاوہ یہ باب بھی قابل غور ہے کہ وہ سنائی جو ایک عرصے سے شاعری میں مصروف ہے جیسا کہ عثمان مختاری نے مسعودِ سوم (م ۵۰۸ھ ۔ ۱۱۱۵ء) کی مدح کے قصیدے میں (مخطوطہ پروفیسر مسعود حسن صاحب) کہا ہے۔

سنائی را صلتہا بخش تا او ہمچنین طرحے
پردازد کہ ہمتا نیست اندر شعر اقرانش
فرو اندیش تا اوراچہ قادر خاطری باشد
کہ در معنی ولفظِ خوش مسلم کرد عثمانش (۲۸)

اپنے ہم عصر عمادی غزنوی کی تقلید میں (ع۔ برسر خوانِ عمادی من کشادم این فقع) کیوں قصیدے لکھتے؟ بلکہ خود عمادی نے ایک مرتبہ سنائی کی زمین (دیوان بمبئی۔



Marfat.com

ص۔۸۱۔۸۲) اختیار کر کے یہ قعطہ (مجموعہ قصاید فارسی ۴۹/۲، ص ۲۷۷۔ جیب گنج) لکھا تھا:

چون سنائی اوفتاد از خطہ غزنین بہ بلخ
تازہ کرداز مدحتِ قاضی حسن روی سخن
چون مرا از لشکرِ سلطاں بہ ری پیوست بخت
بردرِ قاضی حسن دیدم معالی را وطن
اندران فکرت کہ این قاضی چو آن قاضی بود
از عرق در آب آتش رائے دیدم خویشتن
آسمان گفت آفتابا با عمادی گو (سرشت؟)
خاکِ این قاضی حسن از خونِ آن قاضی حسن
ای دریغا روی آن بودے کہ مدحش گفتمے
تازمانہ فرق کردے شعرِ او از شعر من

اس لئے خیال ہوتا ہے کہ سید حسن نے اپنے معمر معاصر عمادی غزنوی کی تقلید میں جس طرح یہ قصیدہ:

ای یافتہ از چہرۂ تو حسن کمالے
دادہ ست. جمالیت خدا وہ چہ جمالے

لکھا تھا اور جس کا ذکر آگے آئے گا، اسی طرح قصیدہ مذکور الصدر بھی لکھا ہو گا۔ اور بہرام شاہ کی مدح میں اشعار شامل کرنے سے پہلے اس نے سنجر کی تخت نشینی پر بھی اسے پیش کر دیا ہو گا۔ کیونکہ اُس میں یہ عادت ضرور تھی جیسا کہ راحت الصدور (ص ۱۹۲) سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے یہ قصیدہ مکہ معظمہ سے سنجر کو بھیجا تھا۔

ہرگز بود کہ باز بینم لقائے شاہ
شکرانہ در دو دیدہ کشم خاکِ پائے شاہ



Marfat.com

اور منتخب التواریخ بدایونی (ج ا۔ ص ۴۰۔ کلکتہ ۱۸۶۸ء) میں اس کے ساتھ یہ دو شعر بھی نقل کیے گئے ہیں جو بہرام شاہ سے تعلق رکھتے ہیں۔

بہرام شاہ کہ جانِ سلاطین فداش باد
باشد کہ جانِ ایشان باشد سزائے شاہ
سیارگانِ چرخ درا فتند چون شہاب
پا از برون نہند زحدِ وفائے شاہ

چنانچہ جب یہ ثابت ہو گیا کہ وہ قصیدہ (خاک را از باد بوئے مہربانی آمدہ ست۔ الخ) سید حسن کا ہے تو پھر اس کے (شعر ۸۔۹) "بدیہہ" اور "بیتہائے امتحانی" کے دعوی کا راز بھی کھل جاتا ہے۔ گو کہ یہ ضرور صحیح ہے کہ وہ "بدیہہ گوئی" بھی کر لیتا تھا' جیسا کہ ہم بہرام شاہ کے یہاں قید ہونے پر اس کا حال پڑھیں گے۔

اس ابتدائی عہد کے متعلق شاعر کے کئی قصیدے ملتے ہیں۔ ہم یہاں چند کا ذکر کرتے ہیں۔ ایک قصیدہ (انڈیا آفس نمبر ۹۳۱۔ق ۲۴' الف ۔ ۲۵ب) یہ ہے۔

بادِ آتشباز چون از روی دریا برشود
خاکِ پژمردہ زآبِ زندگانی ترشود
گو چو یوسفؑ شاہدے ازچاہ تختے برشود
گہ چہ آدمؑ صورتے از خاک جان آورشود
یک قدم روید گیاہے را و باصد جان بود
یک بدن باشد نہالے را و باصد سر شود
ساغر خورشید پیا عکس بر بندد چنان
کاندرو ساقیِ مہ پیکر چو دو پیکر شود
از فراوان سعیِ او بر نکتۂ بندہ حسن
ہر زمان گوئی کہ موکب ذرجِ پر گوہر شود



Marfat.com

بندہ وار این دُرج را امروز نو روزے برد
صورتِ دولت چو پیشِ خسروِ صفدر شود
شاہِ بہرام آن خداوندے کہ از فضلِ خدائے
دیر برناید کہ شاہنشاہ بحر و بر شود
بندگان داری بحمد اللہ کہ گر فرمان دہی
ہر یکے چون در رود در آب و در آذر شود

ساتویں اور آٹھویں شعر سے صاف ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ بہرام کے ابتدائی عہد کا ہے اور چھٹے شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ "نوروز" کے موقع پر لکھا گیا ہوگا۔ لیکن شاید وہ نوروز ۵۱۰ھ۔۱۱۱۷ء والا نہ ہوگا۔ ورنہ اس وقت سنجر کی موجودگی کی وجہ سے اس کی بھی مدح ہوتی۔ اسی طرح ایک اور قصیدہ اسی عہد کا (مخطوطہ ایضاً۔ق ۱۷۔الف) معلوم ہوتا ہے:

یا رب جہان یگانۂ بہرام شاہ دار
ایام را مسخّر آن پادشاہ دار
او را پناہِ دولت و دین کردہٗ بہ عدل
اکنون بہ فضل ہم تو خودش در پناہ دار
از تاجِ تست عکسے صبحِ سفید پوش
وز چتر تست ظلّے شامِ سیاہ وار
گوشِ تو شاہوارِ بشارت شد و ازین
بسیار در رہ ست تو چشمے بہ راہ دار
وردِ فلک چو وردِ حسن این کہ تا بہ حشر
یارب جہان یگانۂ بہرام شاہ دار

ایک جگہ اور (مخطوطہ ایضاً۔ق ۱۵۳۔ب) کہتا ہے:



Marfat.com

خاک را چاک زد اے دوست گیاہ
عمر برباد مدہ بادہ بخواہ
بے نظر چشم شگوفہ ست سپید
بے گناہے دل لالہ ست سیاہ
در چمن عود ہمی سوزد یار
بر فلک رنگ ہمی ریزد ماہ
شود آئینۂ گردوں تاریک
ہر زمانے کہ کند دریا آہ
نیک و بدی کند آن روز بروز
تانیفتد ز طرب گاہ بگاہ
مے بہ دست آر ، چہ خیزد ز خرد
گل شفیع است چہ ترسی زگناہ
ہمہ بر صورتِ دیدہ نرگس
ہمہ بر شکلِ زبان ست گیاہ
تا ببینند بر آن صنعِ خدائے
تا بگویند بدین مدحتِ شاہ
شاہ بہرام کہ گیرد عالم
ہمہ تا یک دومہ ان شاء اللہ

آخری شعر سے بھی واضح ہوتا ہے کہ یہ اشعار ابتدائی عہد میں لکھے گئے ہوں گے۔

سنجر کی واپسی پر بہرام شاہ کا بھائی ارسلان ہندوستان سے فوج لے کر حملہ آور ہوا اور جیسا کہ ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل دے چکے ہیں' بہرام شاہ نے قلعہ بامیان میں پناہ لی اور سنجر نے بلخ سے کمک بھیجی' جو ۵۱۱ھ ۔ ۱۸۔۱۱۱۷ء میں آئی ہو گی۔ اس سے ارسلان پسپا ہوا۔



Marfat.com

آخر قید بھی ہوا اور بعد میں جمادی الآخر ۵۱۲ھ (ستمبر ۱۱۱۸ء) میں قتل کیا گیا۔

ارسلان کا وائسرائے (والیِ ہند) محمد ابو حلیم اپنے بادشاہ کی شکست کا حال سن کر بہرام شاہ کے خلاف باغی ہو گیا۔ یہ خبر سنتے ہی بہرام شاہ' غزنین سے روانہ ہوا' اور لاہور میں (شنبہ) ۲۷ رمضان ۵۱۲ھ (۱۱ جنوری ۱۱۱۹) کو اسے شکست دے کر گرفتار کر لیا۔ غالباً اسی کے متعلق حسن کہتا ہے:

زمانہ دامنِ اقبالِ شہریار گرفت
سعادتش بہ دل و دیدہ درکنار گرفت
ظفر بہ ہمتِ روی ظفر جمال نمود
جہان بہ دولتِ شاہِ جہان قرار گرفت
یمینِ دولت و دین' و امین ملت و ملک
کہ آرزو زیمینش رہِ یسار گرفت
ابو المظفر بہرام شاہ بن مسعود
کہ زرِ خورشید ازرائے اوعیار گرفت
خدایگانا' شاہا' مظفرا ملِکا
نظام بین کہ ز دورِ تو روزگار گرفت
مگر زچترِ تو شاہا سیاہ گردون خاست
چو فرِ تاجِ تو صبح سپیدہ کار گرفت
برنگ جزع نمود این سپہر پیروزہ
جہان زلشکر منصور چون غبار گرفت
تبارک اللہ ازین لشکرے کہ افزون باد
تمام صحنِ جہان سربسر سوار گرفت
غبارِ مرکبِ شان چشمِ روزگار بست
صدائے موکبِ شان گوشِ کوہسار گرفت



Marfat.com

زمینِ معرکہ از چشمِ شان گرامی کرد
ہوائے ہاویہ ازجانِ شان بخار گرفت
خدایگانا' گر مدبرے خطائے کرد
سزائے کردۂ خود دیدو اعتبار گرفت
تو ہم عنان کرم سوے عفو تاب کہ او
بہ دستِ خواہش فتراکِ زینہار گرفت (۲۹)

آخری دو شعروں سے معلوم ہوتا ہے کہ ان سے مراد محمد ابو حلیم ہے' جو اپنی لیاقت اور تجربہ کی بنا پر معاف کر دیا گیا تھا۔

## شاعر کی ہندوستان میں آمد

بہرام شاہ نے محمد ابو حلیم کو معاف کر کے پھر والیِ ہند بنا دیا اور خود ضرور ۵۱۲ھ کے آخر تک (یعنی ۱۱۱۹ء) کے شروع مہینوں میں غزنین کو واپس چلا گیا ہوگا کیونکہ اس کے جانے کے بعد ہی محمد ابو حلیم نے سوالک (۳۰) کے علاقہ میں ناگور کے مقام پر ایک قلعہ تعمیر کرایا اور ۵۱۳ھ۔۱۱۱۹ء میں پھر خود مختاری کا اعلان کر دیا۔ بہرام شاہ نے جونہی یہ خبر سنی فوراً ایک بڑی فوج لے کر ہندوستان آیا' اور ندیوں کو عبور کرتا ہوا دشمن کے مقابلے پر پہنچا۔ آداب الحرب (ص ۴۵۔۴۷۔ لاہور مئی ۱۹۳۸ء) سے صاف واضح ہے کہ بہرام شاہ کو راستے میں کئی ندیاں پار کرنی پڑی تھیں۔ ہمارا شاعر حسن بھی ساتھ تھا۔ وہ کہتا ہے:

چون زغزنیں کردم آہنگِ رہِ ہندوستان
از سپاہِ روم خیلِ زنگ می بستد جہان (۳۱)

تاجِ نورانی ہمی افتاد درپائے زمین
رایتِ ظلمت ہمی افراخت سر بر آسمان

شاعر بھی گھوڑے پر سوار تھا:



Marfat.com

ادہم شب در تحیّر کارِ من چون زراز آنک
ہم تگِ اونقرہ خنگے داشتم در زیرِ ران

اسی قصیدے میں آگے چل کر ندیوں اور کشتیوں کا ذکر آتا ہے۔

بر کرانِ آبہا از آسمان سیمائے او
بستہ کشتی ہائے طولانی زراہِ کہکشان
در گرایش چون سحاب و در نمایش چون ہلال
راست رو مانند تیر و گوشہ گشتہ چون کمان
پیشِ موسیٰ بحر قلزم گشتہ گوئی کوئے او
پیشِ سلطان چون شدے بر آب کشتی ہاروان
شاہ راچون دیدے بر تخت بر کشتی عروس
دیدے خورشید را درجرمِ ماہِ نو مکان
این چنین راہے مراخوش ترز بر گشتن نمود
در پناہِ رایتِ منصورِ سلطانِ جہان
مہر برجیس اقتدار و ماہِ مریخ انتقام
ابرِ دریا آستین و سعد گردون آستان
آفتابِ دین و دولت جانِ حق بہرام شاہ
آن ظفر سیمائے نصرت قدرت دولت توان

اسی موقع پر ہندوستان میں رہ کر شاعر نے ایک اور قصیدہ لکھا تھا جس کے کچھ اشعار یہ ہیں:

می بنازد باز گوئی خطۂ ہندوستان
شکرِ حق گوید ہمے بسیار، ہستش جائے آن
ہم حریمش روشنائی مے دہد بر آفتاب
ہم زمینش سرفرازی می کند بر آسمان



Marfat.com

آفتابِ دین و دولت ظلِ حق بہرام شاہ
آن کہ چون اویک فرشتہ آدمی ندہد نشان
خسروا ہر کین سفر دریافت شد سیارۂ
منت ایزد را کہ ہستی خسروِ سیارگان
برخورد شاہی کہ امروز از فراوان خلعت
نو بہارِ ہفت رنگ آمد پدید اندر خزان
وقت شد کارِ جہان بکشائی سر تا سر ازانک
لشکرِ جرّار داری بستہ جانہا بر میان

تیغ زن تابر تو خواند رسمِ جدت آفرین
غزوکن تا از تو گردد جان جدّم شادمان
منکرانِ شرع را درہم شکن ہمچون عنب
خستگانِ شرک را درہم فگن چون ناردان
تابدین توفیق با کامِ دل و نامِ بزرگ
سوئے دارالملک بر تابی بہ فیروزی عنان (۳۲)

آخری شعر سے صاف ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ ہندوستان میں لکھا گیا اور شاعر ارالملک (غزنین) کو فتح و نصرت کے ساتھ واپس چلنے کی آرزو کر رہا ہے۔ پانچویں شعر سے ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ "خزان" کے زمانے والی جنگ سے متعلق ہے۔ چونکہ پہلی جنگ ۲۷ رمضان ۵۱۶ھ (۱۱ جنوری ۱۱۱۹ء) کو ہوئی اور وہ زمانہ خزان کا نہیں تھا اس لئے ظاہر ہے کہ یہ دوسری جنگ ۵۱۳ھ کو خزان (۲۱ ستمبر اور ۲۰ دسمبر ۱۱۱۹ء کے درمیان) میں کبھی ہوئی ہو گی۔

یہی دوسری جنگ جس میں محمد ابو حلیم کا قلعہ بھی فتح ہوا تھا ایک دوسرے قصیدے میں بھی مذکور ہے۔ اس کے کچھ اشعار یہ ہیں:



Marfat.com

زہے رونقِ ملک از سر گرفتہ
بہ یک تاختن ہفت کشور گرفتہ
جلالِ ترا تاج برسر نہادہ
جمالِ ترا تخت در بر گرفتہ
براندہ بہ لاہور فالِ سعادت
بنامِ خدا و پیمبرؐ گرفتہ
زمشرق چو خورشید تیغے کشیدہ
ہمہ دشت چون ذرہ لشکر گرفتہ
زعکسِ سلاح و ز آوازِ مرکب
زمین و زمان برق و تندر گرفتہ
زپیلانِ چون کوہ تازان بہ ہیجا
فضای جہان شکلِ محشر گرفتہ
تو برخنگِ دولت چو خورشید تابان
چو صبحِ جہان گیر خنجر گرفتہ
عدو ہمچو مہ مہرہ برچیدہ از تو
چو مردانِ رہ آن جہان برگرفتہ
بنامیزد این دزِّ با پشتوارہ
بہ تائید و توفیق داور گرفتہ
بحمد اللہ اکنون نہ بینم کہ بارے
مکانِ خداوند چاکر گرفتہ
بحمد اللہ اکنون جہانیست بارے
ثنای ملک بو المظفر گرفتہ (۳۳)

محمد ابو حلیم کے قلعہ کو "دزِّ با پشتوارہ" کہا ہے لیکن اب اس کے آثار بالکل ناپید ہیں۔
بہرام شاہ کی اسی فتح والی نہضت کا تذکرہ شاعر کے ایک دوسرے قصیدے میں ملتا ہے جس کے



Marfat.com

کچھ اشعار یہ ہیں۔

به اعتدالِ هوا عدلِ شاه بار شده ست
چهار فصلِ جهان سربسر بهار شده ست
نه بود وقتِ شگوفه ولے ازین شادی
زخنده شاخِ درختان شگوفه بار شده ست
همای سایهٔ شه آفتابِ ملک وشے
که بازِ چتر رفیعش ظفر شکار شده ست
ابو المظفر بهرم شاه بن مسعود
که چرخ درکنفِ او بزینهار شده ست
تبارک الله روزِ قدومِ شاه چه بود
که بحر گوئی در موج بے قرار شده ست
چنان نمود به چشم من و زیادت بود
که ربع مسکون همواره برسوار شده ست
وَاِن یکاؤ بخوان بر سپاه منصورش
که هر یکیش ده وهر صدے هزار شده ست
به کارزار پدید آید و بخواهی دید
که بر مخالفِ ازایشان چه کارزار شده ست
خدایگانا این نهضتِ مبارکِ تو
طرازِ دولت و عنوانِ روزگار شده ست (۳۴)

ہم اوپر کہہ چکے ہیں کہ یہ فتح "خزان" کے موسم میں ہوئی تھی۔ اس کی مزید تصدیق اس قصیدے کے دوسرے شعر سے ہو جاتی ہے جس میں "نہ بود وقتِ شگوفہ" ایسے الفاظ ہیں جن سے کوئی شک وشبہ کی گنجائش باقی نہیں رہتی۔



Marfat.com

۵۱۳ھ۔۱۱۱۹ء کی اس فتح اور محمد ابو حلیم کی ہلاکت کے بعد بہرام شاہ نے حسین ابن ابراہیم علوی کو ہندوستان کی حکومت سپرد کر دی تھی۔ اس کی مدح میں سید حسن نے ۴۷ اشعار کا ایک قصیدہ لکھا تھا جس کا انتخاب یہ ہے:

گہ دہد یار مرا از منِ بے دل خبرے
گہ کند سوی منِ خستہ بہ رحمت نظرے
باز راند زمن و قصۂ من حرفے چند
پیش آن بت کہ چنونیست بخوبی دگرے
از شبِ زلفِ تو گمراہ نمانم کہ مرا
روزِ اقبال امیر ست نکو راہ برے
آفتابِ ہمہ سادات حسین آن کامروز
نیست در خطۂ اسلام ہچو او ناموری
نہ چو تو باشد ہر گو بود از نسلِ علیؓ
گرچہ از کوہ بود لعل بدان سر حجرے
صفِ کفار چنان بر شکنی کز تیغت
سقرے نقد بہ بینند و چہ سوزان سقرے
ای کہ در روضۂ ملک ازلی سر سبزی دین
شجرے کشتی نہار و مبارک شجرے
چو توئی راچو منے شاید اگر بستاید
قدرِ خورشید کجا داند ہر بے بصرے (۳۵)

چوتھے اور پانچویں شعر میں حسین علوی کے نام کی وضاحت ہے اور اس کو ۶۔۷ شعر میں "کفار" کا قاتل اور روضہ ملک کو سرسبز کرنے والا کہا گیا ہے۔



Marfat.com

## شاعر کی ہندوستان سے واپسی

اس کے بعد ہمارا شاعر غزنین کو واپس ہوا ہوگا۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ اسی ابتدائی عہد میں بہرام شاہ کی والدہ (اور ممکن ہے کہ سوتیلی والدہ جس کے متعلق ہم تفصیل سے تاریخ بہرام میں لکھ چکے ہیں) کا انتقال ہوتا ہے۔ شاعر لکھتا ہے:

آراستند روضۂ آرام گاہِ جان
یک سر کشادہ شد ہمہ درہای آسمان
صبحِ عدم کشید سر از ظلمتِ وجود
نورِ یقین نمود رخ از پردۂ گمان
بکشاد بر تحیّت کرّوبیان دہن
بربست در کرامتِ روحانیان میان
رضوان رہِ بہشت نمودہ کہ مرحبا
مہمانِ نورسیدہ ، منم تازہ میزبان
پیش آمدہ بہ خدمتِ کدبانوانِ خلد
درپرسشِ درودہمہ گشتہ یک زبان
این را ز حوضِ کوثر دردست یک قدح
وان را ز شاخِ طوبیٰ صد دستہ بربنان
ہر لحظہ آن اشارت کردہ بہ سوے این
ہر ساعت این بشارت بردہ بہ سوے آن
کایزد نہاد مریم اسلام را محل
نزدیک شد ز سدرۂ ایام رامکان
سلطان ابو المظفر بہرام شاہ کی ساخت
عالی ہمائے ہمتش از سدرہ آشیان



Marfat.com

منت خدائے راکہ ملِک خلقی و ملک
مژدہ زمانہ راکہ جوان بختی و جوان
برخاطر مکرمِ غم بعد ازین منہ
وز نرگس مبارک نم بیش ازین مران
آن راکہ چون توقرۂ عین ست یادگار
حقا کہ چون خضر بودش عمرِ جاودان
تا دوست برنیامدو دشمن فرو نہ شد
در دولت از لقائے تومی بود شادمان
چون ہر دوراہہ کامِ دل خویشتن بدید
دادش بہ حق امانت و برخاست ازمیان
بیت دو بندہ گفتہ دعائیست بس بزرگ
گرچہ شاہ صبر کند مستجاب دان
بادا طلوع مہر الٰہی کہ شد سپہر
بادا بقائے گوہرِ شاہی کہ رفت کان
تا صبح روز محشر خورشید ملک را
بیدار باد بخت کہ خوش خفت پاسبان (۳۶)

اس اقتباس کے خصوصاً آٹھویں' بارہویں' سولہویں اور سترہویں شعروں سے صاف ظاہر ہے کہ وہ بہرام شاہ کی والدہ کے متعلق ہیں جس کی وفات پر بادشاہ کو صدمہ ہے۔ تیرہویں اور چودھویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ جب بہرام شاہ کو پوری طرح بادشاہی کے متعلق طمانیت حاصل ہو چکی تھی اس وقت اس کی والدہ کا انتقال ہوا اور مزید تائید اس شروع عہد کی اس طرح سے بھی ہو سکتی ہے کہ دسویں شعر میں شاعر نے کہا ہے کہ ع مژدہ زمانہ راکہ جوان بختی وجوان۔



Marfat.com

اس زمانے میں شاعر نے دوسرے قصیدے بھی لکھے ہوں گے، لیکن ان میں سے کوئی اشارہ وقت کے متعلق نہیں ہے۔ اس لئے تاریخ متعین نہیں ہو سکتی۔

## خراسان کو روانگی

اس کے بعد ہمارا شاعر غزنین سے مرو کی طرف یعنی سنجر کے دربار میں (شاید طلبی پر) پہنچتا ہوا معلوم ہوتا ہے...... وہاں یہ قصیدہ پیش کیا ہوگا:

این منم یا رب کہ چرخم سعی اختری کشد
چشمۂ روشن زچاہِ تیرہ ام بر می کشد
این منم یا رب کہ از خاکم سوی بالا چو آب
دور این گردندہ دولابِ مدوّری کشد
این منم کاختر بصد خواری مرا بردر نہاد
بازم اکنون با ہزاران ناز در بر می کشد
در زمین ہر لحظہ چون قارون فروتر می شدم
چون مسیحم ہر دم اکنون چرخ بر تر می کشد
این ہمایون حضرتِ سلطان واین چشم من است
کان مبارک خاک را چون توتیا در می کشد
یا ربم توفیق خدمت دہ کہ بختم بندہ وار
پیش سلطانِ سلاطین شاہ سنجر می کشد
دُرّ تاجش را فلک در عقدِ انجم می برد
بازِ چترش را فلک در زیرِ شہپر می کشد



Marfat.com

خسروا بندہ حسن را دولتِ جاوید تو
سوی درگاہِ تو شاہِ بندہ پروری کشد
بلبلِ فضل ست لیک از بہرِ داغِ بندگیت
ہر زمانش دل سوی طوق کبوتری کشد
بہرِ تو کافی اگرچہ نیست خاطری کشند
پیش تو جانی اگرچہ نیست درخوری کشد (۳۷)

ان اشعار سے (اور خصوصاً آخر والے اشعار سے) ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر سنجر کے دربار (مرو) (۳۸) میں ابھی ابھی پہنچ رہا ہے گو کہ غزنین میں بہرام شاہ کی تخت نشینی پر سنجر سے ضرور متعارف ہو چکا تھا جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں۔

راحت الصدور (صفحہ ۲۱) سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصیدہ بھی سنجر کی مدح میں ہے اور بہت ممکن ہے کہ اسی موقع پر کہا ہو:

جہان زاشاہِ فرخ پی چنین باید چنین باید
کہ خلقِ عالم اندر سایۂ عدلش بیاساید
خجستہ رای او از ملک راہِ فتنہ بربندد
مبارک روی او از خلق کارِ بستہ بکشاید
خہے برنا جواں بختی کہ در صد قرن تازین پس
نظیرت در جہانِ کہل چرخِ پیر ننماید
سعادت چشم بکشادہ کہ تا رویت کجا بیند
زمانہ گوش بنہادہ کہ تا رایت چہ فرماید
شہنشاہا تو کوہِ حلمی وچون گویمت مدحے
چو کوہے در صدا گوئی زمن ہر دم سخن زاید
یکے آن آرزو درام کہ گرد انند مداحم
کہ تا خود مر ترا چون من کہ باشد تا کہ بستاید



Marfat.com

زمدحت طبع من الحمدللہ صفوتی دارد
مباد آن روزکاو از مدحت ہر کس بیالاید
ہزاران کس زانعامت بر آسود ومرفہ شد
مرا شائستگی پیش است اگر من ہم شوم شاید

آخر کے اشعار سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ یہ ابتدائی تعلق سے متعلق ہیں۔

## ابو طاہر سعد بن علی قمی

اسی زمانہ میں سنجر کے وزیر ابو طاہر سعد بن علی بن عیسی القمی کی مدح بھی کی جو ۵۱۵ھ۔۱۱۲۱ء میں مقرر ہوا تھا۔ایک ترجیع بند اس طرح شروع ہوتا ہے۔

در ہمہ عالم یکے محرم نہ ماند
لیئست بے یاری مگر عالم نہ ماند

اس میں سات سات (۳۹)شعر کے تین بند ہیں اور تضمینی شعر یہ ہے:

آن کہ چون ماہ از کواکب ظاہر ست
کنیتش بو طاہر و او طاہر ست

لیکن اس کے مشہور لقب "شرف الدین" کے بجائے دو شعروں میں "رشید الدین" ملتا ہے۔

چون رشید الدین کہ برخوردار باد
یک وفادار از بنی آدم نہ ماند
دستگیر ما رشید الدین بس ست
گرچہ در پائی بلا افتادہ ایم

تاہم اس لقب سے شبہ پیدا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ ایک دوسرے ترجیع بند کے تضمینی شعر میں اس کے نام "سعد" کی رعایت سے "سعادت" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے۔



Marfat.com

دُرِ دریائے کرم بو طاہر
آن ز سیماش سعادت ظاہر

یہ ترجیع بند پانچ بند کا ہے اور ہر بند میں سات شعر ہیں۔ یہ عید کے موقع پر لکھا گیا تھا اور یقیناً وہ عید (دسمبر ۵۱۵ھ۔ ۱۱۲۱ء) کی ہو گی۔ کیونکہ وہ اسی سال وزیر مقرر ہو کر ۲۵ محرم ۵۱۶ھ (چہار شنبہ۔ ۵/اپریل ۱۱۲۲ء) میں وفات پا گیا تھا۔ عید کے متعلق آخری بند میں کہتا ہے:

عیدت اے صدر ہمایون بادا
روزگارت ہمہ میمون بادا
ہر سعادت کہ ازان نتوان گفت
بتو و روئے تو افزون بادا
اے چو گل چاک دلِ دشمنِ تو
ہم چو لالہ جگرش خون بادا
لیک از دائرۂ بیرون مرغیست
کہ از اینْ دائرہ بیرون بادا
پدر و ہرسہ برادر بخشند
کہ رخِ ہر ہمہ گلگون بادا
ہر قلادہ کہ زند منت شان
زیورِ ابلق گردون بادا
روزِ اقبالِ شما ہر ساعت
ہم چو عمر فلک افزون بادا (۴۰)

اس کے پانچویں شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو طاہر سعد کے تین لڑکے بھی تھے' اسی ممدوح کی مدح میں ۲۳ شعروں کا ایک قصیدہ بھی ملتا ہے۔ جس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر نوازا گیا ہے اس کے کچھ اشعار یہ ہیں:



Marfat.com

بر من ز نعمت الحق خاصِ خدایگان
کرد آن چہ تا ابد نتوان کرد شکر آن
ہر لحظہ می کشدز ضیغم بہ سوے اوج
ہر روز می برد ززمینم بر آسمان
ہم شد بہ عونِ بخشش او رنجِ من سبک
ہم شد ز بارِ منتِ اوپشتِ من گران
عقلم بہ وقت طفلی ازو چون شگوفہ پر
بختم بہ گاہ پیری چون سرو از و جوان
فرخندہ پے سپہری کزیمن دورِ اوست
ہم پادشاہ فارغ و ہم خلق پاسبان
گشتہ ہلال دولت در پائی او رکاب
دادہ سپہر توسن در دست او عنان
خواجہ عمید اطہر ابو طاہر آن کزو
ہر لحظہ بشگفد گلِ دل از بہارِ جان (۴۱)

## تغری طغان بیگ

اس ممدوح کے انتقال کے بعد ہی (جس کی تاریخ ہم اوپر دے چکے ہیں) سنجر کا وزیر تغری طغان بیگ (۴۲) (محمد بن سلیمان کاشغری) مقرر ہوا اور آثار الوزرا (ق ۱۷۲ الف تا ۱۷۳ب۔ بانکی پور) اور دستور الوزرا (ص ۱۹۱۔ ۱۹۴ تہران ۱۳۱۷) وغیرہ سے اس کے حالات کی تفصیل میں یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مدت وزارت او دو سال وکسری امتداد یافتہ "یعنی وہ ۵۱۶ھ۔ ۱۱۲۲ء سے ۵۱۸ھ۔ ۱۱۲۴ء تک اس عہدہ پر ممتاز رہا ہوگا۔ ہمارے شاعر نے اس کے عہدۂ وزارت حاصل کرنے پر تہنیت میں ایک قصیدہ لکھا تھا۔ جس کے کچھ اشعار یہ ہیں۔

زہے ز روی زمین برگزیدہ شاہ ترا
بر آسمانِ شرف دادہ پایگاہ ترا



Marfat.com

امیر عادل تغری طغان دریا دل
کہ جان سپارد از دل ہمہ سپاہ ترا
خدائی داند پس تا چگونہ می زبید
جلال و دولت و اقبال و عزو جاہ ترا
بسا مصاف کہ راہِ ظفر در و گم بود
ستارہ وار خدنگت نمودہ راہ ترا
سزد کہ تیغِ تو آب و گیاہ راماند
کزو ہمیشہ ہم آب ست و ہم گیاہ ترا
درآن زمان کہ قبائی سیاہ پوشیدی
یکے بگوئی چہ ماند دو ہفتہ ماہ ترا
بسانِ مردمِ چشمے عزیز در دولت
ازآن بہ آید مرجامۂ سیاہ ترا
عدو ز آئینۂ دل کہ سخت پر زنگ ست
کنون نمایدٔ ہر دم ہزار آہ ترا
کلاہِ دولت بادا ہمیشہ برسر تو
کہ تاجِ شاہِ جہان راسزد کلاہ ترا (۴۳)

چھٹے اور ساتویں شعر سے ''سیاہ خلعت'' ملنے کا حال بھی ظاہر ہوتا ہے جو عباسی خلفا
کے اتباع میں ''سیاہ'' ہوگا (۴۴)

ناصر حسین

اس کے بعد سید حسن نے یہ قصیدہ لکھا ہوگا:

چو عزم کردم سوی سفر برای صواب
بریدہ گشت امیدم ز دیدنِ احباب



Marfat.com

بر آن امید کہ بہتر شود مگر کارم
ہمی رسید ہزاران ہزار رنج و عذاب
گہے چو موربکوشیدم از پی اخوان
گہے چو مار بہ پیچیدم از غم اصحاب
دریں تفکر بودم کہ آن بت سرکش
برِمن آمد بی التماسِ من بشتاب
ہمی فروخت رخش چوں بر آسمان مریخ
ہمی طپید دلش چون بر آینہ سیماب
بشدز شرم ہمی گفت کآخرای بد عہد
مکن چنین و دلم را بہ وصل اندر یاب
مگر بہ خواب دری زان ہمی نمی دانی
کہ بیش اگرچہ بکوشی نہ بینیم در خواب
اگرچہ ہست خطا رفتن من از پیشت
شدن بہ پیش خداوند خویش ہست صواب
جہانِ جود و کرم' نجم دین و کافی ملک
کہ دین و ملک از و ثابت ست در ہر باب
نصیر ملتِ حق' ناصر حسین کزو
ہمی بزرگ شود نام و کنیت و القاب (۴۵)

یہ قصیدہ میرے خیال میں وزیر ابوالقاسم الدرکزینی (الانساباذی) کی مدح میں ہوگا۔ کیونکہ اس کا یہ نام (ناصر ابن حسین' آثار الوزرا (ق ۱۳۸ اب) میں صاف طور پر موجود ہے۔ صبح صادق (ج ۳۔ق ۶۷الف ب) میں ناصر ابن حسن ہے جو ابن حسین ہی ہوگا۔ حبیب السیر (۳:۴:۱۰۲) اور دستور الوزرا (ص ۲۰۴) دونوں ایک ہی مصنف کی کتابیں ہیں۔ اس



Marfat.com

لیے ان دونوں ہی میں ناصر نہیں ہے۔ بلکہ صرف "ابن حسن" ہے جس نے کسی متقدم کی غلط کتابت سے ماخوذ ہو کر "ابن حسین" کی جگہ لے لی ہے لیکن یاقوت کی معجم البلدان (۲:۵۶۹) میں اور تاریخ ابن خلدون (ترجمہ ج ۹۔ ص ۱۰۷ ابعد) وغیرہ میں ناصر ابن علی ہے جو ہرگز صحیح نہ ہوگا کیونکہ اکثر ماخذوں میں (ابن حسن یعنی) ابن حسین (اصح) ہے اور مذکورہ بالا قصیدے میں بھی یہی ہے۔

ابن خلدون (ج ۹۔ ص ۱۰۷) میں ہے کہ سلطان محمود بن محمد بن ملک شاہ نے خلیفہ المسترشد باللہ (م ۵۲۹ھ۔ ۱۱۳۵ء) کے ساتھ اسی قوم الدین ابوالقاسم ناصر (ابن حسین) کو سازش کرتے ہوئے پکڑ کر ماخوذ کیا یعنی جیسا کہ مجمل فصیحی (ق ۱۶۲ الف) میں ہے۔ وہ ۵۲۰ھ۔ ۱۱۲۶ء) میں وزیر مقرر ہو کر دس ماہ بعد قید ہوا' اور شعبان ۵۲۱ھ / دسمبر ۱۱۲۷ء میں اس کی جگہ انوشروان بن خالد (م ۵۳۲ھ۔ ۱۱۳۷ء) وزیر ہوا۔ لیکن سنجر نے (ابن خلدون ج ۱۴۔ ص ۱۵۵۔۱۶۱) کے آخر میں پھر ابوالقاسم ناصر (۴۶) کو محمود بن محمد کا وزیر مقرر کر دیا۔ جو اس سلطان کی وفات ۱۱/ شوال ۵۲۵ھ (۶ ستمبر ۱۱۳۱ء تک اس عہدے پر فائز رہا۔ اس کے بعد جب ۵۲۶ھ میں سنجر نے نصیر الدین ابوالقاسم محمود بن المظفر بن عبدالملک (یا عبدالعزیز) بن ابی توبہ کو معزول کیا (لباب۔ ج ۱۔ ص ۳۰۹) تو ابوالقاسم کو اپنا وزیر (آثار الوزرا ق ۱۸۲ ب) مقرر کیا اس لیے بہت ممکن ہے کہ اسی زمانے میں سید حسن نے وہ اشعار اس کی مدح میں لکھے ہوں کیونکہ اس کے بعد ہی وہ طغرل بن محمد بن ملک شاہ (م ۵۲۹ھ۔ ۱۱۳۴ء) کا وزیر بنا دیا گیا تھا اور اسی کے ہاتھوں وہ شوال ۵۲۷ھ (ستمبر ۱۱۳۳ء) میں مارا گیا تھا۔

## ایک وقفہ

ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ہمارے شاعر نے ۵۱۶ھ۔ ۱۱۲۲ء میں تغری طغان بیگ (محمد بن سلیمان کاشغری) کی مدح میں قصیدہ لکھا تھا۔ اس کے بعد قوام الدین ابوالقاسم ناصر



Marfat.com

کی مدح میں ۵۲۶ھ۔ ۱۱۳۳ء میں وہ قصیدہ لکھتا ہوا پایا جاتا ہے یعنی ان دونوں تاریخوں کے درمیان ایسا زمانہ گزرا ہے جس کے متعلق شاعر کے کلام میں کوئی تفصیل نہیں ملتی لیکن اتنا ضرور ہے کہ وہ اس زمانہ میں کم از کم غزنین میں تو نہیں تھا کیونکہ وہاں کے اس عہد کے بعض واقعات اس کے یہاں یا تو متعلق بہ ماضی معلوم ہوتے ہیں یا سرے سے موجود ہی نہیں ہیں۔ مثلاً سنائی کا حدیقہ جو ۵۲۴ھ۔ ۱۱۳۰ء سے شروع ہو کر ۵۲۵ھ۔ ۱۱۳۱ء (یا ۵۳۵ھ۔ ۱۱۴۰ء) میں پورا ہوا۔ اس میں (ص ۴۰۲۔ طبع بمبئی) جمال الدین احمد کی مدح ہے لیکن سید حسن نے اس کا مرثیہ بھی لکھا ہے۔ اسی طرح حدیقہ (ص ۳۷۸) میں ابو نصر محمد بن محمد بن عبدالحمید کو "ع خواجہ بو نصر نائبِ دستور" کہا گیا ہے۔ لیکن سید حسن نے اسے ایک ترکیب بند میں "صدر" کہا ہے اور ۵۲۹ھ کے آخر میں جب بہرام شاہ نے سنجر کو خراج دینا بند کر دیا تھا (۴۷) اور سنجر اس پر حملہ آور ہو کر اس کے لڑکے خسرو شاہ کو بطور ضمانت کے لے گیا تھا (جس کی تفصیل ہم تاریخ بہرام شاہی میں دے چکے ہیں) تو ان واقعات کے متعلق کوئی اشارہ بھی شاعر کے کلام میں نہیں ملتا البتہ خسرو کی واپسی پر تہنیت نامہ ضرور ملتا ہے۔ ان تمام باتوں کی تفصیل آگے آئے گی لیکن یہاں یہ بتانا مقصود ہے کہ شاعر ۵۳۵ھ۔ ۱۱۴۰ء کے قریب بلکہ جیسا کہ ہم دیکھیں گے کہ چند سال اور بعد تک بھی غزنین میں پایا نہیں جاتا۔

اسی دوران میں شاعر نے ایک قصیدہ سنجر کی کسی فتح پر لکھا تھا جو راحت الصدور (ص ۱۸۷۔ ۱۸۹) میں بھی منقول ہے:

توقیعِ خداوندِ جہان نقشِ ظفرباد

ہر دم کہ زند مایۂ صد عمر دگر باد

چون بخشش او آیتِ احسانِ علیؓ گشت

بخشایش او غایتِ انصافِ عمرؓ باد

طغرای ہلالیش دریغ ست بہ کاغذ



Marfat.com

آن ابروی پیروزی برروی قمر باد
آن رایت عالیش که زلفین فتوح ست
نقش گل رخسار عروسان ظفر باد
سلطان سلاطین همه مشرق و مغرب
کز همت او فرق زحل پای سپر باد
بخشندهٔ تاج ملکان سنجر عادل
کان تخت بدو هر نفس آراسته تر باد
شاها ز نسیم گل فتح تو که بشگفت
جانهای سلاطین را در خلد خبر باد
هر تاج که دارند جهان گرچه تو دادی
درخدمت درگاه، تو آن تاج کمر باد
تا دامن ابرها عرق چشمهٔ خورشید
از خجلت بحر کف دربار تو تر باد
این لشکر پیروز ترا حاطهم اللہ
برشه ره پیروزی پیوسته گذر باد
ای از نظرت رنج غریبان شده راحت
در حق غریبے چو منت نیز نظر باد

اس قصیدے سے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں:

۱۔ آخری شعر سے معلوم ہوتا ہے' کہ اس وقت شاعر غریب الوطن ہے۔ یعنی خراسان میں سنجر کے دربار میں وہ قصیدہ پیش کر رہا ہے۔

۲۔ پہلے شعر میں سنجر کی توقیع کا ذکر ہے۔ جو بقول صاحب راحت الصدور (ق ۷۰ الف) توکلت علی اللہ تھی۔



Marfat.com

۳۔ تیسرے شعر میں سنجر کے "طغرای ہلالی" کا ذکر ہے۔ غالباً یہ اطلاع کسی اور ماخذ سے نہیں ملتی۔

۴۔ چوتھے شعر میں سنجر کے رایت کو "زلفینِ فتوح" کہا گیا ہے۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ عباسی خلفا کی تقلید میں سنجر کا رایت بھی سیاہ ہوگا اور یہ بھی ممکن ہے کہ اس فتح کے موقع پر خلیفہ نے رواج کے مطابق (۴۸) یعنی اظہار پسندیدگی کی غرض سے اس طرح کا رایت بھیجا ہو۔

۵۔ ساتویں اور دسویں شعر سے صاف ظاہر ہے کہ اس وقت سنجر نے کوئی فتح حاصل نہیں کی تھی، اور بہت ممکن ہے کہ وہ ۵۲۹ھ۔ ۱۱۳۵ء والی فتح ہو جبکہ اس نے بہرام شاہ کو دوبارہ تخت و تاج بخشا تھا کیونکہ چھٹے اور آٹھویں شعر میں تاج بخشی کی صفت یاد کی گئی ہے اور پھر شروع کے اشعار میں "توقیع" اور "طغرا" بھی مذکور ہیں جن کی ایسے موقع پر ضرورت ہوئی ہوگی۔

## زید بن حسن اور شاہ بن حسن

اسی زمانے میں شاعر کا ایک ممدوح زید بن حسن ہوا ہے۔ جس کو تاریخ بیہق (ص۲۲۶) میں "سید اجل ذخر الدین نقیب النقباء خراسان ابو القاسم زید بن الحسن کہا گیا ہے جس کی شادی شرف الدین ظہیر الملک (۴۹) ابو الحسن البیہقی کی لڑکی یعنی مجیر الدین محمد کی ایک بہن سے ہوئی تھی، اور یہ باپ بیٹے ہر دو در مصافِ الخان صینی کہ باسلطان سنجر رحم اللہ بود شہادت یافتند در صفر سنہ ست و ثلاثین و خمس ماتہ" یعنی ذخر الدین زید بن حسن کا زمانہ ۵۳۶ھ۔ ۱۱۴۱ء کے قریب تھا جب کہ اس کے خسر اور سالے کی شہادت ہوئی تھی۔
اس ذخر الدین بن حسن کی مدح میں ایک قصیدہ تو یہ ہے۔

جانا حدیثِ عشق چہ گوئی کجار رسد
ہرگز بود کہ نوبتِ وصلت بما رسد



Marfat.com

تا من کیم که صافیِ و صلت طمع کنم
اینم نه بسکه دردیِ دردت بما رسد
خاکِ درت بدیده رسد نه گزاف هست
هرگز چنان سزا بچنین ناسزا رسد
پشتم دوتا شد از غم و هم نیست روی آنک
دستم یکے بدان سرِ زلفِ دو تا رسد
رویم چو کہربا شد و هر ساعتم زجزع
دو شاخ بستد ست که بر کہربا رسد
بشنو حدیثِ من که بسے قصه های راز
از عاجزان به بارگہِ بادشاه رسد
یا جهد کن که جان زتن بنده بگسلد
یا سعی کن کہ دل بمنِ خسته وا رسد
ترسم خجل شوی چو صدای جفای تو
از ما به سیدِ اجلِ مجتبا رسد
فرخنده ذُخر دولت و دین زید بن حسن
کز لفظ او به گوشِ اجل مرحبا رسد
توبس بلند قدری و من بس بلند شعر
درچوں توئی هر آینه چون نین ثنا رسد
نی نی بدان محل که تو صاحب رسیدهٔ
گرفی المثل دو اسبه کند بس دعا رسد
بر نو عروسِ مدح تو بستم عزیز وار
پیرایهٔ که از صدف مرتضا رسد



Marfat.com

در دستِ نام نیک تو دادم بزرگوار
نو بادۂ کہ از چمن مصطفا رسد
جان و دلی کشیدم در عقدِ گوہری
کازرد جان و دل چو بوقت بہا رسد
معذور وار و عیب مکیر و قبول کن
این خردہ چون بصدرِ بزرگت فرا رسد
فرزندِ نیک بخت عزیزِ تو تاج دین
در عہد تو بدولتِ بے منتہا رسد (۵۰)

اس انتخاب کے بارہویں اور تیرہویں شعر میں شاعر نے اپنی بھی "سیادت" کی طرف اشارہ کیا ہے پندرہویں شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر نے یہ قصیدہ خود پیش نہیں کیا بلکہ ارسال کیا ہے۔ آخری شعر میں ممدوح کے بیٹے تاج الدین کا نام ملتا ہے۔

اور دوسرا قصیدہ اس طرح شروع ہوتا ہے:

ای ذخرِ دین و دولتِ سلطانِ اہلِ بیتؑ
در حلقۂ سپہر مخلت نگینہ باد
ای گشتہ سعدِ اکبر با ذات توقرین
باطالعت سعادتِ کبری قرینہ باد (۵۱)

ایک قصیدہ شاہ بن حسن کی مدح میں ملتا ہے۔ جو شاید اسی زید بن حسن کا بھائی ہوگا۔

چون شمع روزِ روشن از ایوانِ آسمان
ناگہ در اوفتاد بہ دریائی قیروان
دوشِ زمین و فرقِ ہوا را ز قیر و مشک
بیم سپہر کور ردا کرد و طیلسان



Marfat.com

آورد پای مهر چو در دامن زمین
بگرفتِ دستِ ماه گریبانِ آسمان
اندر شبی چنین که غضنفر شدی ذلیل
واندر شبی چنین کے دلاور شدی جهان
من روی سوی راه نهاده بفال نیک
امیدِ خود بریده زپیوند خان مان
راہی چنین که آید ازو جسم راخلل
راہی چنان که آید ازو روح را زیان
زو در دلم نه بود خطر زان که ہچو خور
راندم ہمی ثنای خداوند بر زبان
حسنِ بہار دولت و دین شاه بن حسن
کاقبال ہست بستہ بفرمانِ او میان
قطبِ جلال شاه معظم که روزگار
برحسبِ قدر و ہمتِ او باد پاسبان
من بنده تا ز خدمتِ مدحت بمانده ام
گوئی زمن نه ماند بجز مدحِ تو نشان
ممکن بود زپس که برم نام مدحتت
کاندر نمازم آید نام تو بر زبان
دردا که تا گرانیِ بردم ز درگہت
برمن بدین سبب دلِ اقبال شدگران
از حرص زادو بود بترزاده ام چنیں
ای کاش کین نه زادی و ہرگز نه بودی آن



Marfat.com

در جملہ ممکن ست چہ ممکن چہ حاجت ست
کز غصہ پیر گردم نابودہ من جوان
ازبس کہ بندہ روز درین آرزو بود
تا سازدش بہ درگہ عالی فلک مکان
خود رابہ خواب بیند پیش تو ہر شبے
بکشادہ لب بہ مدح و کمر بستہ برمیان
دین بندۂ کہ ہست بہ مدحِ تو مفتخر
وین چاکری کہ ہست بہ مدحِ تو شادمان
عمری ست تا ز مدحتِ توہست درکنار
قرنی ست تا ز خدمتِ توہست برکران
نہ کس بگویدش کی کجا رفت این غریب
نہ کس بگویدش کہ کجاشد خود این جوان (۵۲)

آخر کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کا تعلق بہت عرصہ سے ہے۔ اور وہ غائبانہ مدح کر رہا ہے۔ دولت شاہ (ص ۱۵۶۔ براؤن) نے اس کو رے کا رئیس کہا ہے اور یہ صحیح ہوگا۔ کیونکہ تاریخ بیہق (ص ۲۲۶) کے اس نقیب النقباء خراسان کو تتمہ صوان الحکمہ (عربی۔ ص ۱۷۔ س ۷۔ ۱۹۳۵ء) میں رے کا مقیم کہا ہے۔

## مجدالدین ابوالحسن عمرانی

یہیں رے میں ایک رئیس مجدالدین ابوالحسن عمرانی بھی تھے۔ سید حسن کے یہاں دو قصیدے جن میں سے ایک غزل کی صورت میں ہے اس ممدوح کے متعلق ملتے ہیں۔ اس کے متعلق ہم کچھ تفصیل کے ساتھ انوری کے سلسلہ میں معارف (اکتوبر ۱۹۴۲ء۔ ص ۲۸۴۔۲۸۹) میں لکھ چکے ہیں۔



Marfat.com

اس کا اختصار یہاں پیش کیا جاتا ہے:

انوری (کلیات۔ ص ۲۲۹۔ لکھنو ۱۸۸۰ء) لکھتا ہے:

چون مراد خویش را با ملک رے کردم قیاس
در خراسان تازہ بنہادم اقامت را اساس
تا خداوندی چو مجدِ دین و دولت بو الحسن
حق شناسِ بندگان باشد چہ غم او را اشناس

رے کے متعلق پھر (ص ۳۸۹) اشارہ کرتا ہے:

ای بہ درگاہِ تو برقصہ رسان صاحب رے
رہ نشینِ سر کوی کرمت حاتم طے
صاحب و صدرِ جہانی و جہان زندہ بہ تست
عقل واند کہ بجان زندہ بود قالب حے

اسی قصیدے میں ایک نئی بات ملتی ہے:

بخلاف پدرت سر چو نیاورد فرود
بہ وزارت کہ کند رای ترا قانع کے

اس کا پورا نام ابوالحسن علی ابن عمر (ابن عمران) تھا جیسا کہ کلیات انوری (ص ۱۲۱) اور کلیات سنائی (ص ۳۷ بمبئی) سے معلوم ہوتا ہے۔ اور چونکہ وہ زمانہ گورخاں قراختائی وغیرہ کے حملوں کی وجہ سے رے کے لئے مخدوش تھا اسی لئے غالباً سنائی (ص ۳۷) نے کہا تھا:

ہیچ کس را در جہان این مایۂ مردی نہ بود
کو بہ میدانِ خطر سازد برای دیں وطن

بہرحال یہ ممدوح کم از کم ۵۴۰ھ۔ ۱۱۴۵ء تک ضرور زندہ تھا۔ جیسا کہ انوری (ص ۶۵۱) کہتا ہے:

مجدِ دین بو الحسن کہ ہست عقیم
مادرِ عالم از چو او فرزند



Marfat.com

عدد سالہای عمرش باد
ہمچو تاریخ پانصد و چہل اند

پھر وہ کسی وقت محبوس ہوا جیسا کہ انوری (ص ۶۴۰) کہتا ہے:

خلق را بے وجہ روزی عمر خواہد بودنی
وجہ روزی از کجا چون بو الحسن محبوس شد

اور بعد میں وہ قتل کر دیا گیا (ص ۴۱۴)

پانزدہ سال فرزون باشد تا کشتہ شدہ است
بو الحسن آن کہ ز احسانش سخن می رانی

ان اشعار میں جلال الوزرا کا بھی ذکر ہے جو سنجر (م ۵۵۲ھ) کے آٹھ نو سال بعد (تنقید شعر العجم ص ۲۰۰) والے سلطان احمد پیروز شاہ کا وزیر تھا۔ یعنی وہ وزیر ۵۶۰ھ سے پہلے نہیں ہو سکتا تھا۔ اس لئے اگر اسی سے "پانزدہ سال" پہلے ابوالحسن قتل ہوا ہوگا تو ظاہر ہیکہ وہ زمانہ ۵۴۵ھ کے قریب ہوگا۔

اس کے قتل سے انوری کو بہت صدمہ ہوا تھا۔ وہ (ص ۲۴۷) کہتا ہے:

ہیچ می دانی کہ در گیتی ز مرگِ بو الحسن
چرخ جز قہر و ستم دیگر چہ دارد فائدہ

اس کے ہم لقب اور ہم عصر سید مجد الدین (ابو طالب بن نعمہ بلخی) اور ضیاء الدین مودود احمد عصمی وغیرہ کے متعلق بھی ہم معارف (اکتوبر ۱۹۴۲ء ص ۲۸۴، ۲۸۹) میں لکھ چکے ہیں۔ لیکن ہم یہاں انوری کے اس قصیدے (ص ۳۹۴) کے کچھ اشعار نقل کرنا چاہتے ہیں۔ جو ابوالحسن عمرانی کی مدح میں سید حسن کی زمین میں ہیں۔

دلم ای دوست تو داری دانی
جان ببر نیز اگر بتوانی
بہ دلے صحبتِ تو نیست گران
چہ حدیث ست بجان ارزانی



Marfat.com

تاچو از حد ببری فاش کنم
قصهٔ درد ز بے درمانی
تا ترا از سر من باز کنند
مجدِ دین بو الحسنِ عمرانی

اب سید حسن کے کچھ اشعار (مخطوطہ برٹش میوزیم۔ق ۱۲۷' الف) سنیے اور لطف اٹھائیے۔

ایکہ تن را دل و دل را جانی
از دل و جان چہ نکو تر آنی
گاہ در دل چو جہان پیدائی
گاہ در سینہ چو جان پنہانی
عاشقِ زارِ تو ام می بینی
بندۂ خاصِ تو، ام می دانی
عذرِ من از تو نہ خواہد روزی
مجدِ دین بوالحسنِ عمرانی

ایک قصیدہ (انڈیا آفس نمبر ۱۹۳۱۔ق ۶۱' الف) اور اس کی مدح میں ملتا ہے:

چشمۂ نوش ست آن دہان کہ تو داری
آب حیات ست آں لبان کہ تو داری
در عجبم کان حد۔شہای بزرگت
چون بدر آید از آن دہان کہ تو داری
از کلہ بس مشک برسمن کہ تو یابی
وز مژہ بس تیر برکمان کہ تو داری
جان بحلابی ببربہ بندہ حسن دہ
آن دل گم گشتہ درغمان کہ تو داری



Marfat.com

صدر جہان مجدِ دین کہ عالم پیرش
گفت زہے دولتِ جوان کہ تو داری
قحط نہ باشد در آن زمان کہ تو باشی
فتنہ نہ خیزد در آن جہان کہ تو داری

اس ممدوح کی مدح میں صرف یہی دو قصیدے ہیں' اور خیال ہوتا ہے کہ ۵۳۹ھ کے پہلے لکھے گئے ہوں گے۔ کیونکہ اس سال ہمارے شاعر نے جیسا کہ ہم آگے دیکھیں گے غالباً اصفہان کے "صدر" ابن عثمان کی مدح میں قصیدہ لکھا تھا۔

## عبدالصمد عباسی

غالباً اسی زمانے میں ہمارے شاعر نے ایک ممدوح عبدالصمد عباسی کی مدح کی ہوگی۔ اس کی مدح میں صرف ایک ہی قصیدہ ملتا ہے۔

گہر نتیجۂ بحر ست بر خلاف قیاس
نتیجہ آمدہ بحرے ز گوہرِ عباسؓ
ابو المحاسن عبدالصمد کہ بختِ ابد
بنائے دولتِ اورابہ دی نہاد اساس
کشیدہ تیغ چو مہرست عزمِ او در حرب
کشادہ چشم چو چرخ ست حزمِ او در باس
ازان کہ صاحبِ سری روا بود کہ ترا
زسر دلہا یک یک خبر دہد انفاس
بکن زفضل بزرگی' نہ ابن عم توام؟
زمقتضائے کرم حقِ ابنِ عم بشناس(۵۴)



Marfat.com

پہلے اور آخری شعر میں صاف طور پر شاعر نے ممدوح کو "عباسی" کہا ہے۔ اور خود کو بھی اس رشتہ سے متعلق بتایا ہے۔ کیونکہ وہ بھی ممدوح کے چچا ابو طالب کی نسل سے تھا۔ جیسا کہ ہم شروع میں لکھ چکے ہیں۔ غالباً اس ممدوح کے متعلق عبدالواسع جبلی (م ۵۵۵ھ۔ ۱۱۶۰ء) کے متعدد قصیدے ہیں...... لباب الالباب (ج ۲۔ ص ۱۰۷) میں ایک قصیدہ ایسا ہے کہ اس میں شروع کے اشعار تو ہیں۔ لیکن ممدوح کے متعلق اہم نہیں ہیں۔ اس لئے ہم جامع مسجد بمبئی کے کتاب خانے کے نسخے سے اس کے ضروری اشعار نقل کرتے ہیں۔

اے خوابِ من ربودہ بہ یاقوت پُر شکر
دی تابِ من فزودہ بہ ہاروتِ دل شکر
گہ بر رخِ تو از کفِ موسیٰ بود نشان
گہ در لبِ تو از دمِ عیسیٰ بود اثر
این عینِ زندگانی و آن اصلِ روشنی
چون رای خوب و لفظِ خوشِ صدرِ نام ور
عبدالصمد عزیزِ ملوک و نصیر دین
کز عقل ہست عاقلۂ نسلِ بو البشرؑ
نور و سرورِ چشم و دلِ حمزہ و علیؓ
آن مایۂ بزرگی و پیرایۂ ہنر

آخری شعر میں ممدوح کو حضرت امیر حمزہ رضی اللہ عنہ اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی آنکھ کا نور اور دل کا سرور کہا ہے۔ جس سے معاً یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ وہ ممدوح ان دونوں بزرگوں کے خاندان سے تھا۔ یعنی سید یا علوی ہونے کا اشارہ پایا جاتا ہے۔ لیکن قاضی محمد سلیمان صاحب مرحوم کی کتاب "رحمتہ للعالمینؐ" (ج ۲۔ ص ۹۳۔ لاہور ۱۹۲۱ء) سے معلوم ہوتا ہے کہ حضرت حمزہ رضی اللہ عنہ کے دو صاحبزادوں یعنی عمارہ اور یعلیٰ کی نسل



Marfat.com

ایک پشت کے بعد ختم ہو جاتی ہے۔ اور صاحبزادیوں میں سے ام الفضل (جو ایک حدیث کے راوی بھی ہیں) امامہ کی نسل کا اور کوئی پتہ نہیں چلتا لیکن ممکن ہے آگے چل کر ان بزرگوں کی اولاد میں کوئی ایسا رشتہ ملتا ہو...... بہر حال

نور و سرور چشم و دل حمزہؓ و علیؓ

سے بجائے عباسی کے علوی یا سید ہونے کا اشارہ ضرور پایا جاتا ہے۔ اور اگر سید حسن کا عباسی ممدوح وہ ہے جو عبدالواسع جبلی کا ہے تو موخر الذکر کے ہاں اس کے متعلق کچھ اور تفصیل مل سکتی ہے۔ جبلی کے ذیل کے اشعار (جن میں سے کچھ غیر اہم اشعار لباب جلد ۲۔ ص ۱۰۴ میں بھی ہیں) ہم حبیب گنج کے نسخے سے نقل کرتے ہیں:

نصیر دین و عزیز ملوک کو راہست
فلک مطیع وجہان بندہ و زمانہ عیال
ابو المعالی عبدالصمد کہ تنماید
چہار چیزش ہرگز ز چار چیز ملال
نہ نفس او ز تواضع ' نہ دست او ز سخا
نہ طبع او ز مروت' نہ سمع او ز سوال
مویدے کہ سخن رابیانِ اوست مآب
مظفرے کہ سخن رابیانِ اوست مآل
گرفت صدرِ سیاست بہ کونِ او رونق
رسید قدرِ سیادت زجاہِ اوبہ کمال
شنیدہ بودم زین پیشتر کہ راہ سرخس
بود نشیمن آفات و مرکز اہوال
طریقہاش بہ باریکیِ پلِ محشر
مضیقہاش بہ تاریکی دلِ دجال



Marfat.com

چو در مصاحبتِ تو بدیدم آں رہ را
مرا معاینہ شد کان حدیث بود محال
از آن قبل کہ در آن رہ بفر تو گفتی
کہ روضہای جنان اند تودہای رمال
ہمی زخار بفر تو دستِ برگِ سمن
ہمی زخارہ بہ یمنِ تو راہ آب زلال

چھٹے شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ ممدوح کا تعلق سرخس سے بھی رہا ہے۔ جہاں شاعر اس کے ساتھ (شعر ۸) رہ چکا ہے۔

پہلے شعر میں (جیسا کہ اس سے پہلے قصیدے میں بھی ہے) ممدوح کے القاب نصیر دین و عزیز ملوک ہیں خصوصاً دوسرا لقب ایسا ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ شاید اس کا تعلق ایک سے زیادہ بادشاہوں سے رہا ہوگا اور اس خیال کی مزید تائید اس طرح ہوتی ہے کہ جبلی نے ایک قصیدے میں اسے خراساں کے سلطان (یعنی سنجر؟) سے متعلق کہا ہے:

معین دین و عزیزِ ملوک کو؟ جز تو
سزای این دو لقب خواجہ در خراسان نیست
زخواجگان بہ کفایت عدیل نیست ترا
بدان صفت کہ ز شاہان نظیرِ سلطان نیست
توئی کہ در عرب و در عجم چو تو یک تن
ہنر پرست و سخاکشتہ و سخن دان نیست

اور حبیب گنج کے اسی نسخے میں ایک جگہ اس کا تعلق خاقان سے بتایا ہے:

آن دین یزدان را نصیر آن ملکِ خاقان را بصیر
آن کافیِ صافی ضمیر آن والیِ عالی ہمم
صدرِ اجل عبدالصمد کز دولت ست او را مدد
اخلاقِ او پاک از حسد افعالِ او دور از ستم



Marfat.com

اس لئے ممکن ہے کہ یہ "عزیز ملوک" عزیز الدین طغرائی ہو جس کی مدح انوری نے (ص ۳۷۸) کی ہے اور ایک جگہ (ص ۲۴۴) اس طرح اس کو دعا بھی دی ہے۔

عددِ سالہای عمرش باد
ہمچو تاریخ پانصد و چل ویک

یعنی ۵۴۱ھ میں وہ شخص خراسان میں سنجر سے تعلق رکھتا ہوگا اور بعد میں اس کے جانشین خاقان محمود خاقان کا امیر ہوا ہوگا جیسا کہ ابن اسفندیار کی تاریخ طبرستان (ص ۶۲۔ ترجمہ براؤن) سے معلوم ہوتا ہے۔ اسی عزیز الدین طغرائی کے نام وطواط کا ایک خط ہے جیسا کہ بیہقی کے تتمہ (عربی ص ۱۵۷۔ ۲۱۲) سے معلوم ہوتا ہے۔ اور اسی کا نام بارٹولڈ نے ترکستان (ص ۳۳۰۔ طبع دوم) میں غلطی سے عزالدین طغرائی (ایلچی محمود خان) لکھا ہے۔ بہر حال اگر سید حسن کا ممدوح بھی یہی شخص تھا۔ تب بھی یقینی طور پر یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس نے کس وقت اس کی مدح سرائی کی ہوگی۔ (۵۴)

اس کے بعد ہمارا شاعر غالباً اصفہان ہی کے ایک ممدوح کی طرف متوجہ ہوتا ہے اور یہ قصیدہ لکھتا ہے:

چشمم زغمت عقیق بار ست (۵۵)
رازم ز پیِ تو آشکار ست
از عشقِ تو بے قرار گشتم
عشق تو ہنوز برقرار ست
بیچارہ دلِ من اے نگارین
بی از تو مپرس تاچہ زار ست
دریاب دلِ کسے کہ آن کس
مداحِ امین شہر یار ست
مخدومِ ، جہان علیِ عثمان
صدرے کہ سخی و بردبار ست



Marfat.com

این بنده که از همه جهانش
از تربیتِ تو افتخار ست

گاهش کرم تو پایمرد ست
گاهش لطفِ تو دستیار ست

سر گشتهٔ چرخِ گرد گردست
دل خستهٔ زخم روزگار ست

بی برگ چو شاخ در خزاں ست
بی بار چو باغ در بهار ست

بے ہیچ ستم، یتیم پرور
بے ہیچ گنہ عیال دار ست

گر تربیتش کنی تو بخ بخ
ورنہ دردا کہ کار زار ست

ای صدرِ اجلّ، سپهر گوئی
در بندگیِ تو جان سپار ست

در گردن وگوشش از مہ نو
از مہر تو طوق و گوشوار ست

دستارم کہنہ شد دو سال ست
واکنون هم عید و هم بهار ست

پارینہ گذاشتم و لیکن
امسال نہ بر مزاجِ یار ست

اطلاق کن از درِ کریمی
کامروز نہ روزِ انتظار ست



Marfat.com

تا پیشِ خدا و خلق گویم
کین خلعتِ خاصِ شہر یار ست
فردا بادات بہ ز امروز
کا مسال بسیت بہ ز پار ست

یہ اشعار مخطوطۂ انڈیا آفس (ق ۵۵ب تا ۵۷ الف) اور رام پور کے نسخے میں ہیں۔ لیکن پانچویں شعر کا پہلا مصرعہ برٹش میوزیم کے مخطوطہ میں ع مخدوم جہاں علی احمد ہے۔ جو سلطان محمود سلجوقی کا وزیر کمال الدین ابوالحسن بن احمد السمیری ہو سکتا تھا۔ لیکن آخر کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر نے یہ قصیدہ اس زمانے میں کہا ہے جبکہ......

ا۔ عید بھی ہے اور (۲) بہار بھی ہے۔ چنانچہ تاریخ کی مطابقت کرنے سے معلوم ہے کہ ایسا زمانہ سلطان محمود سلجوقی کے عہد کا نہیں ہو سکتا۔ بلکہ وہ زمانہ (یعنی عید بھی ہو اور موسم بہار بھی ہو) ۵۳۱ھ۔ ۱۱۳۷ء اور ۵۳۹ھ۔ ۱۱۴۵ء کے درمیان ہوگا۔ اگر نوروز (۲۱ مارچ کے قریب) کا زمانہ تھا تو وہ ۵۳۹ھ۔ ۱۱۴۵ء ہوتا۔ جب کہ عید کے دن ۲۷ مارچ یعنی بہار کی ابتدا تھی۔ چنانچہ یہ قصیدہ علی بن عثمان کی مدح میں ہوگا۔ جو بقول تاریخ بیہق اصفہان میں تھا۔ عبارت اس میں (ص ۷۷) پر یہ ہے:

"ودر عہد ما از اعقابِ نظام الملک بود............ بہ اصفہان ظہیر الدین ابوالحسن علی بن عثمان بن نظام الملک............" چونکہ یہ تاریخ بیہق ۵۶۳ھ میں پوری ہوئی تھی۔ اس لئے ظاہر ہے کہ اس سال سے بہت پہلے علی بن عثمان، اصفہان میں رہا ہوگا۔ یعنی ۵۳۹ھ میں تو وہ ضرور وہاں رہا ہوگا جبکہ مذکورہ بالا قصیدہ لکھا گیا ہوگا۔

## بغداد میں آمد

معلوم ہوتا ہے کہ ہمارا شاعر یہیں سے عازمِ بغداد ہو جاتا ہے، اور مسعود بن محمد بن



Marfat.com

ملک شاہ کے وزیر تاج الدین ابو طالب بن دارست شیرازی (جو ابھی ۵۴۰ھ میں بوزابہ کی وجہ سے وزیر مقرر ہوا تھا) کے توسط سے مسعود تک پہنچنا چاہتا ہے۔ جیسا کہ اس قطعہ سے ظاہر ہوتا ہے۔

اجلّ تاج دین قطعہ و رقعۂ من
فرو خوان و بیدِ مرا عود گردان
تفضّل کن و روز منحوسِ مارا
بدیدارِ مسعود مسعود گردان (۵۶)

لیکن کلیات میں کوئی قصیدہ تاج الدین یا مسعود کی مدح میں نہیں ملتا' گو کہ موخر الذکر کی وفات پر (جو ۵۴۷ھ میں واقع ہوئی) ضرور ایک مرثیہ ملتا ہے۔ اس مرثیہ کا ذکر آگے آئے گا۔(۵۷)

بغداد میں پہنچ کر ہمارے شاعر نے امام برہان الدین ابو الحسن علی بن ناصر الملقب "بریان گر" الغزنوی سے تعلق قائم کرنے کی کوشش کی تھی۔ یہ وہی بزرگ ہیں جن کی خدمت میں ایک منظوم خط سنائی نے اپنے حدیقہ کے ساتھ (جیسا کہ اس کے آخر میں ہے) بغداد بھیجا تھا۔ میرا خیال ہے کہ یہ ہنوز زندہ تھے اور سید حسن نے انہی کی مدح میں یہ دو قطعے لکھے ہوں گے۔

امامِ عالم' برہان دین' لسان الحق
توئی کہ خامہ ز دست تو می گسار شود
گمان مبر کہ ز صدرِ تو خادمِ داعی
ہمی بہ جائے دگر جز بہ اضطرار شود
بدان خداے کہ درکارگاہِ قدرت او
خزانِ کہنہ بہ تدریج نو بہار شود
فتادہ خون بہ رحم یارِ دلستان گردد
چکیدہ آبِ صدف' دُرِ شہریار شود



Marfat.com

که روزگار به اعزازم از تو دور انداخت
وگر بگویم ترسم که روزگار شود

عزیزِ دولت و دین گشت تا مگر دانی
که هرچه هست چو بسیار گشت خوار شود

زبس اقامت خورشید زرد روی رود
قباش چون سفری کرد لعل کار شود

سپید پوست شود ماه وقتِ استقبال
در اجتماع ز زحمت سیاه مار شود

چرا عزیز و گرامی بود به اول ماه
ازان که آخر مه یک دو شب شکار شود

تو بحر علمی و غواص چون شود به تو بحر
برای چونین درهای آبدار شود

چو دُر نه یافت اگر بیشتر مقام کند
چو اهل دریا باشد که زرد و زار شود

تو آفتابی و سیاره محترق گردد
چو پیش خدمت آن شاهِ تاج دار شود

دل از جدائی بر حال وصل می ترسد
به وصل گاه جدائی امیدوار شود

اگر خدای بخواهد عروسِ دولتِ تو
زطبع جلوه گرم خوب چون نگار شود

منم که بازِ همایونِ آشیانِ توام
وفای باز نه پرواز را شکار شود



Marfat.com

همیشه تاکہ بہ بستان درخت شاخ زند
چو شاخہاش گران گشت بردباد شود
درخت عمر تو سرسبز باد چندانی
کہ چار شاخش دیر عافیت ہزار شود
پناہ خلق بہ خلق فراخ دست تو باد
کہ ہمچو خلق ہمہ خلق نیک یار شود(۵۸)

اس انتخاب کے پانچویں شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر اپنے ممدوح سے دور رہا ہے یعنی خود ممدوح ہی غزنین سے بغداد کو آ گیا تھا۔ اور ممکن ہے کہ اس ممدوح کا شمار راحت الصدور (ص ۱۸، ۲۹، ۳۰) ان حنفی علما میں ہو جن سے حکومت کو اقتدار حاصل تھا۔ شاعر نے پندرھویں شعر میں خود کو غزنوی ہونا ظاہر کیا ہے اور سترہویں شعر میں "چار شاخش" سے مراد ممدوح کے چار بیٹے معلوم ہوتے ہیں۔

اس مدح کے متعلق دوسرا قطعہ یہ ہے

ای کہ یزدان پادشاہت کرد بر ملکِ علوم
وین گواہی پیش یزدان، روزِ محشر می دہم
خاکِ پایت گر بہ دست آید سزای توتیا
نیمہء بی مایگی ہم سنگِ آن زری دہم
حاش للہ من نیم آن مردِ ہرجائی زحرص
قصہء حاجت بہ تاویل تناوری دہم
من درین غربت کہ اوراعذر جز تحصیل نیست
گفتہ ام شعری دو لیکن یک بہ یک بری دہم
پارسی و تازی وسلطان برہان را و پیش
این شوم انصاف فرمان بوسہء دری دہم



Marfat.com

بنگرو برخوان وچون اصلاح کردی عرضہ کن
زان کہ از شاخِ درختِ فضل او بری دہم
صدرِ دین گر نہ طمع دارد غرامت میکشم
وربدو قانع شود شکرانہ برسری دہم (۵۹)

یہ اشعار بھی "غربت" (شعر ۴) میں لکھے گئے ہوں گے اور معلوم ہوتا ہے کہ (شعر ۶) شاعر اپنے کلام کو بعد اصلاح کے کسی توسط سے پیش کرنا چاہتا ہے۔ اس کے علاوہ بغداد کے قیام کے متعلق کوئی اور کلام معلوم نہیں ہوتا۔ ممدوح کے متعلق ایک تلمیح ملک شاہ بن محمود کی تہنیت کے ترجیع بند (راحت الصدور۔ ص ۲۵۱ بعد) میں ملتی ہے۔ اور اس کا بیان آگے آئے گا۔

## غزنین کو واپسی

آگے چل کر معلوم ہوگا کہ اس کے بعد سلطان بہرام شاہ غزنوی نے شاعر کو غزنین بلوا کر نوازا ہے۔ اس قصیدے میں ہے:

یا رب منم کہ بخت مرا باز برکشید
وز قعرِ چاہِ تیرہ بہ اوج قمر کشید
بختم گرفت دربرازان پس کہ رخ نمود
چرخم نہاد گردن ازان پس کہ سرکشید
منت خدای را کہ شبِ تیرہ رنگِ من
این خاکِ بارگاہ را چون سرمہ درکشید
بہرام شاہ عادلِ اعظم کہ بہراو
بہرام برسپہر حسامِ ظفر کشید
درخدمتش دو پیکر یک رویہ شد چنانک
جان بست برمیان وپس آن گہ کمر کشید



Marfat.com

چون او نمود بحر گہربار از آستین
دامن زشرم بخشش او ابر در کشید
بہرام کوہ کوہ ببخشید گنج زر
خورشید ذرہ ذرہ سوی کوہ زرکشید
اندرپناہ تختۂ فرمانِ مطلقش
این بندہ رختِ خود زسفر در حضر کشید
اینک بہ یک نظر کہ بکرد آفتابِ ملک
آن آب را بدزدہ برآن چرخ برکشید
ای آن کہ آمد اختر مسعود تو بزیر
چرخ ارچہ اختران را سر بر زبر کشید
چون شمع تا بروز چو خورشید تابشب
خصم از کشادِ تیر تو حقا اثر کشید
بہر جمالِ تاجِ تو این چتر لاجورد
برکان بہ نوک دیدۂ زرّیں گہر کشید
فرخندہ بازچتر تو سیمرغِ مشرق ست
چون بال و پر کشاد جہان زیر پر کشید
شاہا امید من بخدا و بہ لطفِ تست
دریاب بندہ راکہ فراوان خطر کشید (۶۰)

دسویں اور گیارہویں شعر میں غالباً سنجر کی ۵۳۰ھ۔۱۱۳۶ء والی فتح اور بہرام شاہ کی شکست کے متعلق اشارہ ہے۔ چونکہ بہرام شاہ نے خراج دینا بند کر دیا تھا اس لئے اس سن میں سنجر غزنین پر حملہ آور ہوا تھا اور بہت ممکن ہے کہ بہرام شاہ کے لڑکے خسرو شاہ کو باج گزاری کی ضمانت کے لئے وہ اپنے ساتھ لے گیا ہو۔ کیونکہ ذیل کے قصیدہ میں جو خسرو شاہ کی واپسی پر لکھا گیا تھا۔ کچھ اسی طرح کا مضمون ہے:



Marfat.com

خدای عزوجل باخدایگان آن کرد
که هرگز آن را والله شکرنتوان کرد

به یمن دولت او شرع پشت بازنهاد
زبیم صولتِ اوکفر روی پنہاں کرد

مقر دولتِ باقیش قطبِ گردون ساخت
حضیضِ ہمت عالیش اوجِ کیوان کرد

گداز دیدۂ اورا بصیرتِ دل داد
لطیف صورتِ او را نمونۂ جاں کرد

به دورِ دولتِ بہرام شه که ہمتِ او
زگوی خاک و خمِ چرخ گوی و چوگان کرد

خدایگانا' منت خدای راکه به لطف
ہلال قدر ترا ہمچو بدر تابان کرد

درِ جلالت رونق ز آب دریا یافت
گلِ سعادت منزل به صحنِ بستان کرد

معز دولت خسروشه آن کزین ہجرت
فسانۂ که زکیخسروست برہان کرد

بلند قدر خداوند زاده آن شاہی
که گرد گوی زمین چون سپہر جولان کرد

بگشت ہمچو سکندر ولی به کام رسید
که خاکِ پای ترا نام آبِ حیوان کرد

خلیل وار جو فرزندِ خویش راخسرو
بحق سپرد و حوالت بفضلِ یزدان کرد



Marfat.com

بدوش باز رسانید دوستکام چنان
کہ دشمنان را بہر فداش قربان کرد
کنون بگیرد عالم کہ قرۃ العنیش
خلیل وار شد و نصرتِ خراسان کرد
خدا یگان بود ار شاہزادہ برخوردار
کہ گرچہ کرد سفر ہم بحکم یزداں کرد(۶۱)

ان اشعار اور خصوصاً اس مصرع سے کہ ع خلیل وار شد و نصرتِ خراسان کرد۔ یہ معلوم ہوتا ہے کہ خسرو شاہ ضرور سنجر کے یہاں رہا ہوگا اور "نصرت خراسان" کے یہ معنی نہ ہوں گے کہ ان نے خراسان کو فتح کیا تھا۔ بلکہ وہاں رہ کر "حوالت بفضلِ یزدان" اپنا اسیری (۶۲) کا زمانہ گزارا ہوگا اور بہت ممکن ہے کہ اسی سلسلہ میں آداب الحرب بھی سیکھے ہوں۔ شاعر کی اس مراجعت کے اوائل ہی کا یہ قصیدہ بھی معلوم ہوتا ہے۔ جبکہ "نوبہار" کا زمانہ ہے اور وہ "نوبہار" ۵۴۱ھ۔ ۱۱۴۷ء کے پہلے کی نہیں ہو سکتی۔ کیونکہ ۵۳۹ھ۔ ۱۱۴۵ء کی بہار کے وقت وہ علی عثمان کی مدح کر رہا تھا اور ۵۴۰ھ۔ ۱۱۴۶ء میں تاج الدین ابو طالب سے وابستہ تھا:

اکنون کہ تر و تازہ بخندید نوبہار
بادِ سماع و بادۂ رنگین و زلف آر
بی زلفِ یار و بادۂ رنگین و بی سماع
خود آدمی چگونہ زید وقتِ نو بہار
ای نو بہار خاستہ ' پا از چمن مکش
وی زلفِ یار یافتہ' دست از قدح مدار
چون گل رود بہ تختِ سبک بہرِ تہنیت
بلبل بہ یک زبانش ثناگسترد ہزار



Marfat.com

وان گاہ برکشید دم و گل چو شد پدید
بلبل ثنای بندہ و گل تختِ شہر یار
سلطان یمینِ دولت بہرام شہ کہ ہست
تختِ بلند پایۂ او تاجِ روزگار
آن خسروی کہ از فزعِ بندگان او
خیلِ ستارہ روز نیارد شد آشکار
گر من عواطفِ تو فراموش کردہ ام
بادا ضمانِ من و ایادیت بے شمار
واللہ کہ از ہوای تو مستی نیایدم
گر صد ہزار دل بودم ہمچو کو کنا ر
ور آن چہ برزبانِ حسن رفت راست نیست
بادا دلش پرُ از خون ہمچون دلِ انار
دعوی ہمی کنم من و معنیش ظاہر ست
کاندر سخن نظیر نہ دارم درین دیار(۶۴)

اس انتخاب کے آٹھویں اور گیارہویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ شاعر چونکہ ایک عرصے بعد غزنین واپس آیا ہے۔ اس لئے اس کی پچھلی عنایتوں کا ذکر کرتا ہے اور پھر اپنی شاعری کی تعریف بھی کرتا ہے۔ گویا اپنے تعارف کی تجدید چاہتا ہے اسی زمانے میں ابو نصر محمد اور پھر ابو علی حسن کی وزارت کے موقع پر شاعر نے قصیدے لکھے ہیں جن کا ذکر آگے آئے گا۔ اور اسی زمانے میں شاعر نے متعدد قصیدے بہرام شاہ اور اس کے بیٹوں کے متعلق بھی لکھے ہیں۔ اس کا ایک بیٹا دولت شاہ (المتوفی ۵۴۵ھ۔۱۱۵۰ء) جس کے متعلق تفصیل ہم تاریخ بہرام میں دے چکے ہیں۔ ہندوستان کی ایالت پر فائز تھا جیسا کہ شاعر نے کہا ہے:

تابرسرِ ولایت خود آمدہ ست شاہ
گوئی بہ اوج در شرف ست آفتاب و ماہ



Marfat.com

آن کا مگارِ مشرق و آن شہریارِ ہند
آن اختیارِ دولت و آن افتخارِ جاہ
والا جلال ملت (و) دولت شہِ شجاع
آن آفتاب بارگہ و سایۂ الہ
شاہا، چو ملک یافت ترا بہتر از ہمہ
چون مہر سرخ روی ترا کرد باد شاہ
بردم گمان کہ ہمچو ثریا سپاہ را
خورشید حملہ کرد و فرستاد پیشِ شاہ
شاہا، خدایگانا، دانی کہ قبل ازین
از بندہ یاد کردی رای تو گاہ گاہ
دادی ز استماعِ ثنای منت نشاط
بودی بہ اصطناعِ سخای تو ام پناہ
اکنون ہمی نہ پرسی از بندہ سال سال
زان پس کہ می رساند مدح تو ماہ ماہ
در سلکِ بندگانِ دگر گرچہ نیستم
در خاکِ بارگاہِ توام ہست آب و جاہ
واللہ کہ ہر زمان چو سوی کعبہ ہم ز دور
بوسم زمینِ تربیتِ خاکِ بارگاہ
گر بینمی ہر آینہ یک یک بہ بوسمی
ہر روز نعلِ سمِّ سمندت میانِ راہ (۶۴)

آخر کے اشعار سے مترشح ہوتا ہے کہ شاعر دور سے (غزنین سے؟) یہ قصیدہ دولت شاہ کو (ہندوستان کو) بھیج رہا ہے ایک ترجیع بند میں بھی دولت شاہ کو ہندوستان کا بادشاہ کہتا ہے:



Marfat.com

پیکری کو فتح و نصرت را بحق جان آمدہ ست
رشکِ رخشِ رستم و تختِ سلیمان آمدہ ست
مفخر دیہیم و گاہ و زینتِ تخت و کلاہ
صورتِ اقبال دولت شاہ بن بہرام شاہ

آگے چل کر پھر اسی دوری کا اشارہ کرتا ہے:

شہریارا' ہر کجا ہستم بہ فرمانِ توام
خاک بوسِ درگہت چون نقش ایوانِ توام
عمرباقی یافتی زین مدح جان افزای من
ای خضر دولت بہ رحمت آبِ حیوانِ توام
بر من آن روزیکہ براحسانِ حسانؒ جد منؒ
لاجرم گرچہ حسن نام ست حسانِ توام
مفخر دیہیم و گاہ و زینتِ تخت و کلاہ
صورتِ اقبال دولت شاہ بن بہرام شاہ (۶۵)

حدیقۂ سنائی سے معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت یعنی تالیف کے وقت ۵۲۴ھ۔ ۱۱۳۰ء) بہرام شاہ کا خواجہ بو نصر' نائب دستور (ص ۷۴۳۔ لکھنو) تھا یعنی ابو نصر محمد بن عبدالحمید بن احمد بن عبدالصمد المستوفی اور اُس وقت ابو محمد حسن بن ابو نصر منصور قاینی (ص ۷۳۸ لکھنو) وزیر تھا۔ لیکن سید حسن کے ذیل کے قصیدے سے معلوم ہوتا ہے کہ اب موخرالذکر لاہور کا والی (گورنر ہے) ہے۔

عمرِ مرا ہوای لہاوور بودہ بود
ہمت برآن سعادتِ مقصور بودہ بود
نزدیک تر نمودی از جان بنزد من
زان پس کہ خود ز من چو دلم دور بودہ بود



Marfat.com

نزدیکِ نور نیک و بدیع ست و بس عجب
گوئی کہ آفتاب مگر دور بودہ بود
نی نی چنین بہ دفعِ لہاوور کی بود
این نکتہ بر ضمیرم مستور بودہ بود
دیدم کنون کہ خاصیتِ نورِ آفتاب
در ہمت محمدِ منصور بودہ بود
صدری کہ ہر یک از پدر وجدو اوچنون
در مملکت بہ رادیِ مشہور بودہ بود
بودم ضعیف' داد مرا قوتِ سپاس
چون معنی کہ جانِ اوشد وانگور بودہ بود
ای آن کہ نظم کردم درسلک مدح تو
دُرہا کہ تابہ عہد تو منثور بودہ بود
یک ہفتہ دور ماند ز دیدارِ تو حسن
از لطف درگذار کہ معذور بودہ بود(٦٦)

آخری شعر میں شاعر نے وہی غزنین سے (خراسان و عراق کی طرف) چلے جانے کا اشارہ کیا ہے۔ اور مقدم الذکر یعنی ابو نصر محمد بن عبدالحمید بن احمد بن عبدالصمد المستوفی اب وزیر ہے جس کی مدح میں سید حسن کا صرف ایک ترکیب بند ملتا ہے۔ یہاں اس کے صرف ضروری اشعار نقل کیے جاتے ہیں:

امروزیکی خوش سخنی نزدِ من آمد
کز آمدنش جانِ دگر در بدن آمد
ای دہر تودانی کہ چنو صدر نہ دارم
وی چرخ تودانی کہ چنو بدر نہ دارم



Marfat.com

باری رخِ زرینم اشکستہ چو سیم است
باری دلِ پر خونم خندہ چو انارست
می خواست کہ باطل کندم ہجر بہ بیداد
ازعدلِ قوام الدین حقا کہ نیارست
قطبِ فلکِ دولت ابونصر محمد
آن بخت بدو بود موافق چہ دو فرقد(۶۷)

معلوم ہوتا ہے کہ یہ وزیر بہت کم وقت کے لئے ہمارے شاعر کا ممدوح رہا اور اس وزیر کے بعد (اغلب ہے کہ)۵۴۱ھ۔۱۱۴۷ء ہی میں ابو علی حسن ابن احمد ابن حسین وزیر مقرر ہوتا ہے:

طلوعِ خسروِ سیارگان ز برجِ حمل
خجستہ باد ابر خواجۂ عمید اجل
یگانہ منتخبِ ملکِ شاہ و تاج خواص
کہ برگزید زخلقش خدای عزو جل
جمیلِ نام و نشان و سدیدِ قول و قلم
رفیع قدر و محلّ و عزیزِ علم و عمل
ابو علی حسنِ احمد آن کہ در شانش
شدہ ست آیتِ مردی و مردمی منزل
عجب مدار کہ یک سالہ جاہِ دشمن تو
بود بہ نسبت یک روزہ قدرِ تو مختل
اگر غروری باقیست خصم راگوباش
یکی دو می شود از بہرِ دیدۂ احول
ازان بہ مدح تو کردم معاجلت کہ مگس
بہ سوی شہد کشاید زباں بہ شکر اول



Marfat.com

به راستی زکجان گر کم آمدم چه عجب
کالف یکی بود (و) یا ده از حروفِ جمل
نهالِ روضهٔ جاهِ توام شگفته به شکر
به وقت میوه چرامی گذاریم مهمل(۶۸)

پہلے، دوسرے اور خصوصاً ساتویں اور آٹھویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ ابو علی حسن بن احمد ابھی ابھی وزیر منتخب ہوا ہے اور شاعر اس کی مدح میں "معاجلت" (شعر ۷) کر رہا ہے۔ یہ وزیر جس کا خطاب منتخب الملک ہوا (جیسا کہ دوسرے شعر اور اگلے قصیدوں سے بھی معلوم ہوگا) اپنے دشمن (شاید ابو نصر محمد۔ شعر ۵۔۶) کے معزول ہونے پر اس عہدہ کے لئے منتخب ہوا تھا۔ اور اس انتخاب کا زمانہ بھی شاعر دے رہا ہے۔ یعنی پہلے شعر میں کہہ رہا ہے کہ وہ زمانہ سورج کے برج حمل میں طلوع ہونے کا تھا۔ یعنی مارچ۔ اپریل کا زمانہ ہوگا اور وہ سال ۵۴۱ھ (شوال۔ ذی قعدہ مطابق مارچ۔ اپریل ۱۱۴۷ء) ہی ہوگا کیونکہ ایک دوسرے قصیدے میں شاعر کہتا ہے:

کاری به گزاف می گذارم
عمری به امید می سپارم
نی زهرهٔ آن که دل بجویم
نی طاقتِ آنکه دم برآرم
اندیشه بسوخت عقل و روحم
امید ببرد روزگارم
گر رنج تو نیست هیچ راحت
جز بردرِ خاصِ شهر یارم
صاحب حسن آن که شاهِ دولت
جز بر درِ او نه داده بارم



Marfat.com

نسبد اگر از زبانِ حالت
گوید که جهانِ افتخارم
زر پاش چو شاخ در خزانم
دُر بار چو ابر نو بهارم
آں صدر منم که از عزیزی
پرورد اقبال در کنارم
شکر ایزد را که مملکت را
من از دو وزیر یادگارم
بر دشمن و دوست هرچه کردم
پاداش دهاد کردگارم
گفته قلمش که می نیاید
از شادیِ دستِ او قرارم
انگشت نهم درست بر حرف
تا منتخب ست دستیارم
از عونِ سخات بامرادم
وز جود یمینت با یسارم
گشته ست به دولت تو حاصل
آنها که نه بود در شمارم
گر از تو نه دانم از که دانم
ور از تو نه دارم از که دارم
هر مکرمتی که می رسانی
شکرت به سزا همی گذارم



Marfat.com

هر قطره که بخشم صدف وار
دُرّی به تو بازمی سپارم
بشگفت همه جهان ز فضلم
بشگفته یکی گل از هزارم
زنهار بحق معوتم کن
کز حق بر تو بزینهارم
خلعت دادیم پار الحق
امسال در آرزدی پارم
تا باز چو باغ خوش بخندم
تا باز چو ابر در ببارم (۶۹)

اس قصیدے کے آخر میں شاعر اپنے تعلق اور "خلعت" حاصل کرنے کا زمانہ پچھلے سال کا بتاتا ہے۔ اور خود اس قصیدے کی تصنیف کا زمانہ ۵۴۲ھ۔۴۸۔۱۱۴۷ء سے بعد کا نہیں ہوگا کیونکہ ۵۴۳ھ / ۱۱۴۸ء کی ابتدا ہی سے غزنین کی پریشان حالی کا زمانہ شروع ہوتا ہے بلکہ یہ کہنا چاہیے کہ جمادی الاول ۵۴۳ھ (ستمبر ۱۱۴۸ء) میں جب سیف الدین سوری نے پہلی بار غزنین پر قبضہ کیا ہوگا تو اس سال کے شروع ہی میں بہرام شاہ بھاگ چکا ہوگا۔ اس لئے ظاہر ہے کہ اس سال یہ قصیدہ نہ لکھا گیا ہوگا۔ بلکہ ۵۴۲ھ۔۱۱۴۷ء میں لکھا گیا ہوگا۔ جبھی تو شاعر کہہ سکتا تھا کہ "پار" سال اس صدر نے "خلعت" بخشا تھا یعنی "خلعت" بخشنے کا اور شاعر کے شروع تعلق کا زمانہ ۵۴۱ھ۔۱۱۴۷ء کے بعد کا نہیں ہو سکتا۔

مذکورہ بالا قصیدے میں ع من از دو وزیر یادگارم۔ سے ظاہر ہے کہ اس حسن کا باپ احمد (جیسا کہ ہم تاریخ بہرام میں لکھ چکے ہیں) بہرام شاہ کا وزیر رہ چکا ہے اور خود احمد کا باپ حسین بھی شاید وزیر کبھی رہ چکا ہو۔ حسین کا نام ایک قصیدے میں اس طرح آیا ہے:

یارب چہ سوز بود کہ اندر جہان فتاد
سودِ حسود صدرِ جہان را زیان فتاد



Marfat.com

صدرِ جہانیاں حسنِ احمد حسین
کش دست و دل بجود سوی بحر وکاں فتاد
مہ نوری فشاند و سگ بانگ می زند
مہ راچہ جرم خاصیتِ سگ چنان فتاد (۷۰)

اس قصیدے سے ظاہر ہوتا ہے کہ حسن کے منتخب ہونے پر دوسرے لوگ بہت حسد کرتے تھے کیونکہ شروع سے آخر تک اس قصیدے میں اسی قسم کے اشعار ہیں اس خیال کی مزید تائید کچھ ان اشعار سے بھی ہوتی ہے۔ جو ہم نے اس ممدوح کی مدح کے پہلے قصیدے میں اور نقل کیے ہیں۔ اس وزیر کی مدح کا ایک اور قصیدہ یہاں نقل کیا جاتا ہے۔ تاکہ پوری طرح محقق ہو جائے کہ وہ بہرام شاہ ہی کے یہاں تھا:

رخش برمہ گلستان می نماید
بر آتش آبِ حیوان می نماید
چو گردون دل بسی دارد ولیکن
چو گردون جملہ گردان می نماید
بیا تا شکرِ آن گویم کہ صاحب
بہ جانِ من چہ احساں می نماید
قوامِ دولت وملت حسن آن
کہ صدر و بدرِ اعیان می نماید
خداوندی کہ این گردونِ سرکش
مثالش را بہ فرمان می نماید
خدایا این چہ اخلاص و سداد ست
کہ او در ملکِ سلطان می نماید
خداوندِ جہان بہرام شاہ آن
کہ با فرِّ سلیمان می نماید (۷۱)



Marfat.com

ایک ترجیع بند میں سید حسن نے اس کو "شمس المعالی" بھی کہا ہے:

عشقِ مارا تا ابد باقی مگر
سایۂ شمس المعالی می کند

صاحبِ صاحب نسب مخدومِ من
عمدۂ دولت قوام الدین حسن (۷۲)

اسی "قوام الدین حسن" کے زمانے میں جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہوگا۔ ہمارے شاعر نے "صاعد" ابو بکر بن حیدر کرمانی کو یہ قطعہ بھیجا تھا جو اس کے کلام کی رسید میں تھا:

بہ من بو بکر حیدر تازہ تازہ
ہمی دُرّ و گلِ خندان فرستد

گہی زہرِ مرا تریاک سازد
گہی دردِ مرا درمان فرستد

گہ از شاخِ وفا نوبادہ بخشد
گہ از باغِ ہنر ریحان فرستد

نسیمِ پُر تحیت کان خداوند
ز طبعِ خویش از بستان فرستد

بہ ہدیہ چشم نزدِ دل رساند
بہ تحفہ دل بہ سوی جان فرستد

نہ دانستم من این یارب کہ دانست
کہ ایزد بہرِ عیسیٰ خوان فرستد

تحیت تا بود نورٌ علی نور
بہ دستِ سید اقران فرستد



Marfat.com

عدیم المثل صاعد آن کہ کلکش
بہ تیرِ آسمان فرمان فرستد
بلی خورشید چون گل را دہد نور
صبا بوی مہِ تابان فرستد
نم چشمِ قلم راشرم دارد
کہ سوی چشمۂ حیوان فرستد (۷۳)

ابو بکر ابن حیدر کرمانی نے پھر اسی قطعہ پر ایک قطعہ لکھا جو ہمیں دیوانِ سید حسن کے نسخوں میں مل جاتا ہے۔ وہ اس طرح ہے:

بہ من سید حسن زین زمانہ
ز دل تحفہ غذای جان فرستد
بدان نظمِ بدیع و نثر رایق
تو گوئی معجزِ فرقان فرستد
ولیکن مدتِ بسیار دارم
کہ می دردِ مرا درمان فرستد
مر ایں مشتاق و مہجور حزیں را
شفا زان لفظِ دُر افشان فرستد
شراب از مایۂ کوثر رساند
نسیم از روضۂ رضوان فرستد
جوابِ آں فرستادن کہ داند ؟
مگر زندہ شود حسانؓ فرستد
خرد پسندد از طبعِ من ار ہیچ
بضاعت زیرہ از کرمان فرستد



Marfat.com

ازین بی مایه بس باشد که شکرش
به صدرِ خاصهٔ سلطان فرستد
قوام الدین حسین صدری که دولت
مرادِ دل بدو آسان فرستد
به هر دعوئ که دارد از کفایت
فلک هرلحظه صد برہان فرستد
گذشته روز گیتی چند باشد
خدایش عمر صد چندان فرستد
عزیزی بس بران سید رساند
سلامی کین دل حیران فرستد
چو بر خواند بشوید تا نه گوید
چنان شعری چنین نادان فرستد(۷۴)

ان دونوں قطعوں میں ایک دوسرے کے باہمی خلوص کا اظہار پایا جاتا ہے اور اس قطعہ کے آٹھویں اور نویں شعر سے پایا جاتا ہے کہ قوام الدین حسن کے یہاں واقعی سید حسن کی قدر دانی ہوگی۔ ساتویں شعر میں ابو بکر ابن حیدر نے اپنے مستقر کرمان کا نام بھی دے دیا ہے۔ بہت ممکن ہے کہ یہ کرمان' غزنین اور ہندوستان کے درمیان والا مقام ہو۔ معجم البلدان (جلد چہارم۔ ص۲۶۶) میں بھی اس کا ذکر ہے کہ :

" کرمان ایضا مدینة بین غزنه وبلاد الهند من اعمال غزنه بینهما اربعة ایام او نحوها۔(۷۵)

اسی "صاعد" ابو بکر ابن حیدر کے انتقال پر سید حسن کو سخت صدمہ ہوتا ہے۔ اور وہ مرثیہ بڑے درد سے لکھتا ہے:

ای چون مسیح گوہرِ تو جملہ جان شدہ
سجدہ کنان بہ صومعهٔ آسمان شدہ



Marfat.com

ازعلتِ کمال کہ بر تو ز چشم بد
ترسیده و ہم ناقص و آخر ہمان شده
ای بی نظیر صاعد بو بکر پر ہنر
الحق درود خوانِ تو دارِ جہان شده
بر دوستان و یاران چون ماه برنجوم
تاریک کرده عالم و خود ازمیان شده
تازه گلِ امید تو پژمرده ناگہان
ہم در حجاب غنچہٴ ازبوستان شده
خورشید دولتِ تو چو ماه مقنعی
پیدا ہنوز نا شده در چہ نہان شده
از مرگِ تو کہ مردِ بزرگی بزرگ باد
در بختِ نیکِ خود ہمہ کس بدگمان شده
ای کلک سر فگنده و دُرج سیاه روی
وی نظم دل شکستہ و دفتر زیان شده
دردا کہ شد پدر ز وفاتِ پسر یتیم
احسنت اینست حاصلِ عمرم زیان شده
جز مردمی مخوانش حسن زان کہ حالِ او
چون مردمی ست نام بمانده نشان شده (۷٦)

غالباً اسی زمانے میں بہرام شاہ ہی کا خازن احمد ابن عمر تھا۔ ایک قصیدے میں ہے:

دلی کہ بال و پر از عشقِ آن پسر یابد
چو جان نشیمنِ خود عالمی دگر یابد
امید کرد مرا لعلِ او کہ زنده کند
نعوذ باللہ اگر چشم او خبر یابد



Marfat.com

دلم زغمزهٔ او گرچه یافت ناوک سحر
مباد گو ز دلم ناوکِ سحر یابد
به سر زمین راچون آب اگرچه پپاید
بخاکِ پای خداوندِ من اثر یابد
نه او، نه من، نه فلک تاہزار سال اگر
چو صدرِ دولت و دین احمد عمر یابد
بدان عزیز بود سیم و زر کزان ہردم
چنان که خواہد بر کامہا ظفر یابد
ازان سبب که یکی ہندوی به من بخشد
ہزار ترکِ سیه زلفِ سیمبر یابد
به بزم ازایشان چستیِ آہوان خواہد
به رزم ازایشان تندیِ شیر نر یابد
چو من مبادا که از عشقِ ہندوی لاغر
زہآب آتش درچشمۂ جگر یابد (۷۷)

گو کہ ہمارے پاس کوئی پختہ ثبوت نہیں ہے کہ جس سے یہ ثابت ہو سکے کہ یہ خازن غزنین ہی کا تھا۔ لیکن ساتویں اور نویں شعر میں "ہندو" غلام کا تذکرہ یہی خیال پیدا کرتا ہے کہ ممدوح غزنین کا تھا۔ ورنہ کسی اور مقام میں ایسا تذکرہ زیادہ موزوں نہیں ہو سکتا تھا۔ ایک ترجیع بند میں اسے صاف طور پر "خازن" کہا ہے:

بیار بادہ کہ لبیک عشقِ یار زدیم
سرای پردهٔ دل سوی آن نگار زدیم
خدای داند اگر آسمان که گردیده ست
چو احمدِ عمر خاص خازنی دیده ست (۷۸)



Marfat.com

اس زمانے تک جمال الدین صدر الاسلام ابو نصر احمد (بن محمد بن سلیمان' حدیقہ ص ۷۶۵ تا ۷۷۴ لکھنو) زندہ تھے۔ ان کی مدح میں ایک قصیدہ ملتا ہے:

آفتابِ رای صاحب بخت بر جوزا نہاد
اخترِ فیروزہ بخش روی بربالا نہاد
دُرّ دریای خداوندی ابو نصر احمد آنک
موکب بختِ ابد بر مرکب جوزا نہاد
حاسدان کردند قصدِ دولتِ باقیِ او
خلق چون باطل کند جای کہ حق آن را نہاد
مہترِ کہتر نواز و خسروِ گردون محل
کافیِ نیکو خصال و خواجۂ زیبا نہاد
حکمتی بود آن کہ چون در کار دنیا فرو گشت
دردِ دین را چون امانت در دلِ بینا نہاد
فیضِ حق ہر جا کہ مردی یافت بخت آن جا فگند
شاہِ دین ہر جا کہ تختی دید رخت آن جا نہاد
ابر نوروزی برآمد از سر تر دامنی
در دہانِ نرگس تر لولوی لا لا نہاد
بندہ ہم دُرّی ولی از بحر طبع پاکِ خود
کرد منظوم و بہ خدمت پیش مولانا نہاد (۷۹)

پھر اسی مولانا جمال الدین ابو نصر احمد کا مرثیہ بھی ملتا ہے:

ای دلت بی خبر از مملکتِ عالم جان
چیست چندین ہوس از بہر سپنجی زندان
پای در گلِ شدہ چون سرو' چہ باشی آزاد
بادلِ سوختہ چون لالہ' چہ باشی خندان



Marfat.com

زنده از باد مشو بیهده چون شیر علم
تکیه بر خاک مکن خیره چو نقشِ ایوان
راستِ رو یک ره و از پوست برون آی چو تیر
چه شوی کژ زپئ کسوتِ دیگر چو کمان
گرچه ز اندازه برون کج شنود بد بینی
چشم و گوشِ تو بس این چشم بدنا گاهان
که جمال الدین' خورشید قضا احمد کرد
در شبِ قدر نشاطی به جوارِ رحمٰن
زان که تابا احد افتد سروکارِ احمد
زحمتِ میم همی برد برون هم زمیان
آه و دردا که شد اخبارِ طریقت باطل
آه و دردا که شد آثارِ حقیقت ویران
نیک زردست درین واقعه روی حکمت
بس شکسته ست درین حادثه پشتِ ایمان
قلمِ حکمِ قضا بر تو روان شد پس ازانک
قلمِ حکمِ قضائی تو بے در دوران (۸۰)

اس انتخاب کے چھٹے اور دسویں شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ جمال الدین احمد' قاضی القضاۃ ہو گئے تھے۔ اب ہم ان کے انتقال (جو شب قدر میں ہوا تھا) کی تاریخ اس طرح تلاش کر سکتے ہیں کہ ہمارا شاعر جیسا کہ ہم اوپر بیان کر چکے ہیں ۵۴۰ھ کی "نوبہار" یعنی شوال' مطابق ۱۱۴۶ء سے پہلے غزنین کو واپس نہ آیا ہوگا۔ یعنی اس سال کے رمضان میں ان کا انتقال نہیں ہوا ہو گا۔ اور ہم تاریخ بہرام شاہی میں لکھ چکے ہیں کہ جمادی الاول ۵۴۳ھ (ستمبر ۱۱۴۸ء) میں سیف الدین سوری' غزنین پر قابض ہوا تھا۔ اس لئے وہ زمانہ پریشان حالی کا



Marfat.com

ہوگا۔ نیز اوپر کے تیسرے شعر میں غزنوی "شیر علم" (جس کی تفصیل میں معارف۔ مارچ تا اپریل ۴۴ء میں دے چکا ہوں) کی تشبیہ سے خیال ہوتا ہے کہ اس وقت غزنوی حکومت قائم تھی اس لئے وہ زمانہ ۵۴۳ھ۔ ۱۱۴۸ء کا بھی نہیں ہو سکتا۔ اس کے بعد محرم ۵۴۴ھ (مئی ۱۱۴۹ء) میں پھر بہرام شاہ' غزنین کو واپس لے لیتا ہے تو ہو سکتا ہے کہ اسی سال کے رمضان میں جمال الدین کا انتقال ہوا ہو یا پھر ۵۴۱ھ۔ ۱۱۴۷ء یا ۵۴۲ھ۔ ۱۱۴۸ء کا حادثہ ہوگا۔ اور وہ زمانہ ۵۴۴ھ۔ ۱۱۴۹ء کے بعد کا اس لئے نہیں ہو سکتا کہ شاعر ۵۴۵ھ۔ ۱۱۵۰ء میں ہمیشہ کے لئے غزنین کو خیر باد کہہ دیتا ہے اور اس کی تفصیل آگے آتی ہے۔

پھر بہرام شاہ اور اس کے تین بیٹے مسعود شاہ' خسرو اور شاہنشاہ جن کا حال آگے آئے گا اس شاعر کے ممدوح ہیں اور ظاہر ہے کہ اسی عہد میں اس نے ان کی مدح کی ہوگی کیونکہ اس کے قبل شاعر غزنین میں تھا بھی نہیں بہر حال ان کا تذکرہ بعد میں آئے گا اور ہم اب یہاں سے غزنین کے پر آشوب زمانے میں داخل ہوتے ہیں۔

## غوری دربار سے تعلق

ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل سے لکھ چکے ہیں کہ سیف الدین سوری کا بھائی قطب الدین محمد کس غرض سے فیروز کوہ سے غزنین کو آیا اور وہ کس لئے مسموم ہوا۔ نیز سوری اپنے بھائی بہاؤالدین سام اور علاؤالدین حسین کے ساتھ کب غزنین پر حملہ آور ہوا مختصر یہ کہ جمادی الاول ۵۴۳ھ (ستمبر ۱۱۴۸ء) میں جب سوری غزنین پر قابض ہوا تو اس کے مقابلے کی تاب نہ لاکر بہرام شاہ پہلے ہی سے ہندوستان کی طرف ایک مقام کرمان کو بھاگ کھڑا ہوا تھا۔ سوری اپنے بھائیوں کے ساتھ غزنین میں مقیم ہو گیا اور حکومت کرنے لگا۔ اس وقت ہمارا شاعر وہیں تھا۔ اور اس نے سوری کو تو نہیں بلکہ اس کے سب سے زیادہ طاقتور اور بہادر بھائی علاؤالدین حسین (جو بعد میں جہان سوز کے نام سے مشہور ہوا) مدح میں ایک قصیدہ لکھا جس کے کچھ اشعار یہ ہیں۔



Marfat.com

باز براوجِ سخن نازم و موجی بزنم
زان که چون ابرِ گهر بار دفین عدنم
همچو خورشید به شاهی زکله تاج کم
نه عروسم که به شب طره بهم بر شکنم
زلهٔ خود بهم پیش و دهم نوش به خلق
نحل این طارم شش گونه به تحقیق منم
ای دریغا که چو گل عمر سبک خیز برفت
که بخندید ز اقبال گلی بر چمنم
درپیٔ من چه فتاده ست فلک هیچ مگر
من نه برداشتهٔ خسرو لشکر شکنم

فخر دین شاه عدو بند علاؤ الدوله
آن که مست اند از جام کرمش جان و تنم
آن حسن اصل که در مدحش از چهرهٔ نطق
عقل بی همرهٔ تفصیل نه خواهد حسنم
وان عجم شاه عرب شاه که داد اختر سعد
بردار او چو سعادت به غلامی وطنم
دامن خدمت اوچست گرفته ست نخست
دست وحشت که ستون بود به زیر دهنم
خسروا ست سخن می کنم سختی عیش
چه عجب رخنه شو و تیغ که بر سنگ زنم
پیر گشتم به جوانی گو و هم نیست جز آنک
گلشن مدح ترا خوش سخنی چون سمنم



Marfat.com

نی مکن شاہا دریاب کہ گر کشتہ شوم
برنیاید ہمہ عالم بہ بہای کفنم (۸۱)

علاؤالدین حسین (شعر ۶) کو شاعر نے ساتویں شعر میں "حسن اصل" اس لئے کہا ہے کہ اس کا دادا (حسین بن حسین بن حسن) حسن تھا۔ پانچویں شعر میں شاعر صاف کہہ رہا ہے کہ ممدوح کے لشکر نے اسے ماخوذ کر کے یہاں پیش کیا ہے۔ اور اب وہ (۸۔ ۱۲) اس دربار اسے وابستہ ہو کر مدح سرائی کر رہا ہے۔ اور چونکہ ممدوح خود شاعر تھا۔ جیسا کہ ہم تاریخ بہرام شاہی کے سلسلے میں لکھ چکے ہیں اس لئے کوئی بعید نہیں ہے کہ اس نے شاعر حسن کی کافی قدر کی ہو۔

## بہرام شاہی دربار کو مراجعت

اس زمانے میں سوری نے رعایا کے ساتھ اچھا سلوک کیا لیکن رعایا کو اپنا پرانا بادشاہ بہرام شاہ زیادہ پسند تھا۔ اس لئے ان لوگوں نے خفیہ طور پر اس کو حملہ کرنے کی ترغیب دی اس دوران میں سوری نے خود کو محفوظ سمجھ کر اپنے بھائیوں اور غور والے خاص مصاحبوں کو واپس بھیج دیا تھا۔ چنانچہ بہرام شاہ نے یہ موقع غنیمت جان کر اپنی ہندوستانی فوج سے بھی مدد لے کر ایسے وقت حملہ کیا کہ موسم سرما کی شدید برف باری کی وجہ سے غور سے غزنین کی طرف کا راستہ بھی بند ہو چکا تھا۔ غرض کہ سوری کو گرفتار کر لیا گیا اور اس کا سر کاٹ کر بہرام شاہ نے سنجر کو بمقام رے روانہ کیا۔ سوری کے وزیر سید مجدالدین کو بھی قتل کیا اور اس کے مصاحبوں اور ارکان دولت کو گرفتار کر لیا۔ اس کی صحیح تاریخ ہم آگے بیان کریں گے اور یہاں اسی سلسلے میں محمد عوفی کی روایت کو نقل کرتے ہیں "وگویند کہ دران وقت کہ سلطان بہرام لشکر سلطان سوری رابشکست و رایت فتح و ظفر معلاً گردانید وسر سوری روان کرد بخدمت سلطان سنجر و جماعتی از ارکان آن دولت را اسیر کردند۔ سید حسن درمیان آن اسیران بود۔ سلطان بہرام شاہ فرمود تا اسیران راسیاست کنند۔
حسن گفت من کلمۂ دارم درخدمت پادشاہ۔ اگر مرا بہ نزدیک او برید عرضہ دارم، اورا



Marfat.com

بخدمت بہرام شاہ بردند سر برزمین نہاد واین رباعی ادا کرد کہ

دانی کہ فلک بہ پیش تیغت ناید
بخشش بجز از کف چو میغت ناید
زخم تو کہ پیل کوہ پیکر نہ کشد
برپشہ ہمی زنی دریغت ناید

(یہ رباعی سن کر) سلطان در حالِ او عفو فرمود۔ تشریف منادمت ارزانی داشت"

(۸۲) لیجئے یہ اگر بدیہہ گوئی کا نتیجہ ہو سکتا ہے تو ساتھ ہی بہرام شاہ کی قدر شناسی اور عفو کرداری کی بھی بین دلیل ہے۔ پھر سید حسن نے یہ قصیدہ بھی لکھا جو تاریخی حیثیت سے بہت اہم ہے۔ اس کی تفصیل ہم تاریخ بہرام شاہی میں دے چکے ہیں۔ یہاں اختصار کے ساتھ پیش کرتے ہیں۔

سزد گر جبرئیل آید، برین فیروزہ گون منبر
کند آفاق را خطبہ بنامِ شاہِ دین پرور
بنازد قالبِ چتر و ببالد قامتِ رایت
بتابد پایۂ تخت و بجنبد گوہر افسر
خداوندِ جہان بہرام شاہ آن شہ کزین فتحش
دلِ خورشید شد روشن تنِ افلاک پُر زیور
روم از مدح شاہنشہ کہ باقی ماند درِ دولت
بہ ذکر سوری فتان کہ خاکش باد خاکستر
زغاری رفتہ چون تنین زخاکی زادہ چون افعی
زبادی جستہ چون نکباء زسنگی رستہ چون آذر
چو از خورشید جود شاہ روشن گشت کار او
زدونی غرّہ شد یعنی کہ خود ہستم مہ انور



Marfat.com

به خلق و خلق زشت و بد به خورد و زیست دام و دو
به اصل و ذات دون و رد، به قول و فعل شور و شر
چو پیش شاه دیدندش برآمد نعره از عالم
که هی هی این چه تاریکیست پیش نور و جرم خور
شهنشه گفت نی نی چو این فتنه گذشت از حد
کنم این فتنه را ساکن دهم این بی خرد را خر
فرشته کرد پنداری هزاران دیو را فرمان
که باز آمد به تختِ ملک سلطانِ سلیمان فر
که شد عالی بفرش باز قصر ملک و برج دین
زبهر دفع چشم بد فرو آویخت دو پیکر
دو پیکر گشته آویزان ز عالی کنگره میدان
بر آن جمله که از گردون نماید برج دو پیکر
دوم روز محرم سال بر، ثا، میم، و دال الحق
برآمد نامور فتحی کزان گویند تا محشر
تعالی الله چه ساعت بود کا مد شاه در کابل
خدایش حافظ و ناصر سپهرش مخلص و یاور
چو مرکز شاه در قلب و قوی بازوی اقبالش
به سه فرزند شایسته چودو قطب و یکی محور
گلِ باغ جهان داری سماء الدوله مسعود آن
کش از آرایش مخبر بشارت می دهد منظر
مه چرخ خداوندی معز الدوله خسرو شه
که لرزان ست از گرزش عمودِ صبح روشن گر



Marfat.com

دُرِ بحرِ شہنشاہی معین الدولہ شاہنشہ
کہ بست از گوہر پاکش عروس مملکت زیور
وزیر عالم و عادل سفیرِ کامل و مقبل
کہ بتوان یافت از ہر دو نشان و نام پیغمبر
بہ گردِ شاہ فوجا فوج لشکر ہای ہندستان
کہ گوئی ذرۂ خورشید برخوشید از خاور
سپہ سالار غازی شان علی بوسہل شیرا وژن
کہ دادش دولتِ سلطان تنِ رستم دلِ حیدرؓ
سپاہِ غور ہم کو رست خواہی باہمہ کری
چو آتش نیزہ زن بودند ہمچو آپ جوشن ور
روان گر دند سوی غور گوئی خصم ایشان شد
خدای و خلق و کوہ و دشت و سنگ و خار و بحر و بر (۸۳)

ان اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ بہرام شاہ کابل ہوتا ہوا (۱۴) آیا اور اس کے ساتھ اس کے تین بیٹے یعنی سماء الدولہ 'مسعود شاہ' معز الدولہ' خسرو شاہ اور معین الدولہ شہنشاہ (۱۶۔۱۸) تھے۔ اس وقت وزیر شاید لاہور والے محمد بن منصور (۱۹) ساتھ ہوں گے جن کا ذکر اوپر آچکا ہے۔ نیز ہندوستانی لشکر (۲۰) اس کی مدد کے لئے آیا تھا۔ جس کا سپہ سالار علی ابو سہل (۲۱) تھا اور یہ فتح (جمعہ) ۲ محرم ۵۴۴ھ (۱۲ مئی ۱۱۴۹ء) کو واقع ہوئی جس میں سوری کو گدھے (۹) پر بٹھا کر تشہیر کیا گیا اور پھر اس کے وزیر کے ساتھ اس کو دار پر چڑھا لیا گیا (۱۱۔۱۲) ان تمام باتوں کی تفصیل ہم تاریخ بہرام شاہی میں دے چکے ہیں اس لئے یہاں صرف اتنا ہی لکھ کر آگے بڑھتے ہیں۔

ہم دیکھ چکے ہیں کہ شاعر غوری دربار سے وابستہ ہو گیا تھا اور اس نے مدح سرائی بھی کی تھی اس لئے اسی قصیدۂ مذکورہ بالا میں چند اشعار یہ بھی ہیں جن سے وہ اپنے معاملہ کی صفائی کر رہا ہے۔



Marfat.com

ایا شاہی کہ گر ابلیس عفوت راشفیع آرد
بنزد حق بدو بخشد گناہِ جملہء محشر
بہ لطفِ اوکہ گرخواہد چنین صنعی پدید آرد
کہ مردم ہر چہ می بیند زخود ہم نایدش باور
کہ ہفت اقلیم زندان ست بر من بی جمالِ تو
نہ خوشنودم زجان ودل نہ آگاہم زخواب وخور
معاذ اللہ کہ نگریزم زخدمت ہر کجا باشم
تو بس نیکو خداوندی منم بس بندہ و چاکر
مرا رہجت بہ ازراحت مرا دردت بہ ازدرمان
مرا خارت بہ ازخرما مرا دارت بہ از منبر
تونور عالم و ظلِ خدای و ز نور وظل
بجز اندر عدم پنہاں شدن کاری بود منکر
اشارت کن سدیدی راکہ حال من کند روشن
چو شد جرمم یقین تو ذیلِ عفو خود بران گستر
بہ یک فرمان کہ نافذ باد ازیں شرمم خلاصی دہ
بہ یک رحمت کہ شامل باد ازین رنجم برون آور

یہ "سدیدی" جس کے توسط سے شاعر اپنی شفاعت چاہتا ہے غالبًا وہی ابو علی حسن ابن احمد ابن حسین الخاطب بہ منتخب الملک یعنی بہرام شاہ کا وزیر ہوگا جس کے متعلق ہم اوپر لکھ چکے ہیں۔ایک قصیدے میں شاعر کہتا ہے:

منّت خدای را کہ بہ اقبال بادشاہ
ایمن شد از کسوف و خسوف آفتاب و ماہ
منّت خدای را کہ شگفت و چمید باز
ہم گلبنِ سعادت و ہم سروِ بارگاہ



Marfat.com

منّت خدای را کہ بہ صُنعِ لطیف داشت
روی نکوی منتخب از چشمِ بد نگاہ
منّت خدای را کہ زمانہ گرفت خو
زان آفتابِ مملکت و سایۂ الہ
بس چشم شور و روی ترش بود منتظر
تا چشم شان سپید شد و روی شان سیاہ
باری بہ اوج ماہ نہ بیند کسی سہا
باری بجای سرو نہ بیند کسی گیاہ
تاجِ خواص بر سر دولت رسید باز
تا ہر فضول کثر نہ نہد گوشۂ کلاہ
آئینہ کہ عکسِ بزرگی نمودہ گشت
روشن چنان کہ تیرہ نہ گردد بہ ہیچ آہ
خورشید مملکتِ حسن احمد آن کہ ساخت
در سایۂ سعادت او ملک و دین پناہ
باز آمدی چو باز سپید از گریز جای
باز آمدی چو شیر سیہ در شکار گاہ
من بندہ را کہ ہست ز ہر علم حاصلی
رہبر توئی رہا مکن اندر میان راہ
جز تربیت چہ یابد گل در کنارِ خار
جز تصفیت چہ بیند ز زر درمیانِ گاہ (۸۴)

ان اشعار میں وہی سوری (۵) اور اس کے وزیر (۵۔۷) کا تذکرہ ہے کہ جن کے بعد بہرام شاہ اور اس کا وزیر حسن ابن احمد دوبارہ غزنین میں متمکن ہوا ہے۔ آخری دو شعر شاعر کے



Marfat.com

ابتدائی تعارف کے متعلق نہیں ہو سکتے کیونکہ ہم دیکھ چکے ہیں کہ اس سے پہلے بھی اس وزیر کی مدح کی ہے بلکہ وہ شعر (خصوصاً ع رہبر توئی رہا مکن اندر میان راہ) شاعر اپنی شفاعت کے لئے پیش کر رہا ہے۔ بہرام شاہ کی اس خوشی یعنی دوبارہ تخت غزنین حاصل ہونے کے متعلق شاعر کچھ عرصہ کے بعد پھر کہتا ہے:

اندرین عید مبارک پئی و فرخندہ اثر
باردادہ ست سلیمان مگر بارِ دگر
کہ زپیلان و دلیران و شجاعان امروز
مردم و دیو و پری گشت فراہم یک سر
چشم بد دور ازین تعبیۂ ابرِ بہار
کہ ولی راہمہ آب است وعدورا آذر
تازہ بزمی ست عیان گشتہ از و صورتِ رزم
خوش بہشتی ست نہان گشتہ درو زیرِ سقر
شاہ درمرکزِ اقبال توقف کردہ
تعبیہ درکفِ رایت او فتح و ظفر
چتر عالیش چو چرخی کہ شود بی حرکت
تختِ میمونش چو کوہی کہ بود خان آور
رفتہ باکو کبہ در مشرقِ خورشید ملوک
سہ ملک زاد کشان بندہ سزد ہفت اختر
ہمہ درباغِ شہنشاہی خندان چون گل
ہمہ از چرخِ خداوندی تابان چو قمر
بندگان چست چو گلبن بہ قبا و بہ کلاہ
حاجبان راست چو خامہ بدو وشاخ وبہ کمر



Marfat.com

ماہ رویان کہ براسپان وہیون می جستند
چون پری راست کہ با دیو شود بازیگر
پیل بازی کہ بران پیکر خاکی می جست
بود پنداری چون مردم آبی با پر
گر کبوتر بنود کہ کہ بنازد بر ابر
کرد بایستی امروز دران ترک نظر
وان معلق زدنش راست برایشان کہ بود
دل بد خواہ خداوندِ جہان زیر و زبر (۸۵)

شاعر ان اشعار میں بہار کی خوشی اور اس کے جشن کا اظہار کر رہا ہے اور بہرام شاہ کے اس وقت کو بھی یاد کر رہا ہے جبکہ وہ سہ ملک زادہ کے ساتھ ہندوستان کی طرف گیا تھا اور فاتح کی حیثیت سے واپس آیا تھا۔ اس مدح کا زمانہ ذی قعدہ ۵۴۴ھ (مارچ ۱۱۵۰) کا ہو گا۔ کیونکہ اس کے عہد ۵۴۵ھ۔ ۱۱۵۰ء میں شاعر حج کے لئے روانہ ہو جاتا ہے۔

معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کی طرف سے بہرام شاہ کا دل بمشکل صاف ہوا تھا کیونکہ ایک "سوگند نامہ" بھی ملتا ہے جو اسی مضمون سے تعلق رکھتا ہے۔

کشاد صورت دولت بہ شکرِ شاہ دہان
چو بست زیور اقبال بر عروسِ جہان
خدایگانِ سلاطین مشرق و مغرب
علاء دنیٰ و دین خسرو زمین و زمان
ابو المظفر بہرام شاہ بن مسعود
کہ ہست نامش بر نامۂ ظفر عنوان
کشادۂ دولت و دین چشم تا رود بر تخت
نہادہ جان و جہان گوش تا دہد فرمان



Marfat.com

تبارک الله ازان ساعتِ خجستہ چہ بود
کہ بازگشت مظفر زغز و ہندوستان
جہاں بہ کام و فلک بندہ و ملک داعی
امید تازہ و دولت قوی و بخت جوان
فتوح سوی یمین و سعود سوی یسار
سپہر زیرِ رکاب و زمانہ زیرِ عنان
خجے فزودہ ہے جودِ تو ز جامِ امید
زہے شگفتہ گل فتحِ تو زخارستان
زطبعِ تست زمان را بہار گوہر بار
زجودِ تست زمین را خزان درم افشان
قوی دلت کہ مبادا سبک دریغ کہ شد
بہ ہر دروغ بہ این بندۂ ضعیف گران
بدان خدای کہ ہرذرہ بر خداوندیش
ہمی نماید چون آفتاب صد برہان
بدان رسولؐ کہ بر فرقِ آسمان سایش
ملک تعالیٰ تاجی نہاد از فرقان
بہ راحتِ دمِ جان بخش عیسی مریم
بہ بسطتِ کفِ پر نورِ موسی عمران
بہ حسنِ نغمۂ داؤد رفعت ادریس
بہ نظمِ ملکِ سلیمان و حکمتِ لقمان
بہ مردی علی و راست گوئیِ صدیق
بہ صولتِ عمرو شرم روئیِ عثمان



Marfat.com

به رزم رستمِ دستان و بزم کیخسرو
به بذل حاتم طائی و عدل نوشروان
به عهدِ تو که درازست پیشِ او مدت
به عفو تو که فراخ است نزد او میدان
که حقِ نعمتِ یک روزهٔ تراکان ست
فزون زریگِ بیابان و قطرهٔ باران
به عمر خود نه فراموش کردم و نه کنم
نه نیز در دلم آید که هرگز این بتوان
درین خلاف بود بس نه گفته ام که تو شاه
نه آفتاب جهانی و سایهٔ یزدان
ملک به مدحت ایامِ تو زبان بکشاد
فلک به خدمتِ درگاهِ تو به بست میان
خدایگانا، گندم نه خورده چون آدم
برونِ فتادم ناگه ز روضهٔ رضوان
دریغِ من که چو شد کار مملکت چون تیر
کشید بر من سرگشته روزگار کمان
من اوّلاً کیم و آخر آن چه سهو بود
اگر کنم که به بخشایش تو ارزد آن
امیدِ خلعت "ثمّ اجتباه" می دارم
که روز و شب شده ام "ربنا ظلمنا" خوان
خدای عزّوجل داند ای سلیمان فر
که همچو عنقا ازین شرم گشته ام پنهان



Marfat.com

مرا عزیز تو کردی بہ جست جوی یقین
کنون ذلیل مگردان بہ گفت و گوی گمان(۸۶)

یہ طویل "سوگند نامہ" جو اکسٹھ اشعار کا ہے اس لئے اہم ہے کہ بالکل اسی زمین اور تعداد میں روحانی غزنوی (۸۷) نے اپنا اہم "سوگند نامہ" بعد میں لکھا تھا جس پر ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل سے بحث کر چکے ہیں۔ سید حسن کے اس "سوگند نامہ" کے شروع کے اشعار (۵بعد) میں وہ زمانہ یاد کیا گیا ہے جبکہ شاعر اپنے ممدوح کے ساتھ ہندوستان سے کامران و شادمان واپس کیا گیا تھا اور آخر کے اشعار میں شاعر اپنی اس شرم کا ذکر کرتا ہے جو اسے غوری تعلق کی وجہ سے پیش آئی۔

اسی "عفوِ تقصیر" کے سلسلے کا یہ قصیدہ بھی معلوم ہوتا ہے۔

برآنم کہ امروز چون داد خواہی
نہم قصہء در چنین بارگاہی
چو عیسٰی بہ کیواں پریدم زخاکی
چو یوسفؑ بہ ایوان رسیدم زچاہی
جہاندار شاہا ز رای بلندت
بیفزود من بندہ را پایگاہی
بران داشت ادبار بی مایۂ را
کہ جوید ز خصمیم آبی و جاہی
خرد بر گزیند ز اشعار بندہ
سہ قطعہ بہ مدح چو تو پادشاہی
ولیکن بحق خدای کہ برحق
بپرورد شاہی چو بہرام شاہی
من از خاندان ماندہ مظلوم وآں گہ
ہمہ مرد مان را بہ عدلت پناہی(۸۸)



Marfat.com

اسی سلسلے کا یہ قصیدہ بھی ہے جو المعجم فی معاییر اشعار العجم (صفحہ ۳۲۴) میں بھی مندرج ہے۔

زہی رفیع محلت برون زحدِّ قیاس
بنای دولت و دین را قوی نہادہ اساس
کشادہ مہر تو چون ابرِ چشم ہای امید
کشیدہ کینِ تو چون برق دشنہای ہراس
مضای رای تو چون گوہرِ ظفر بنمود
خرد بدید کہ از برق چون جہد الماس
بحق گزیدہ ترا روزگار برہمہ خلق
غلط نہ کرد زہی روزگار مرد شناس
موافقان را باست نہ مالدو چہ عجب
درآسیای فلک سنبلہ نہ گردد آس
مدان کہ فتنہ بخسپد درین زمانہ ولیک
ز عدل تست کہ بازی شدہ ست در فرناس
عدو چو گشت فضولی حقیر تر گردد
کہ تعبیہ ست کمی در فزونیِ آماس
بزرگوارا . در بندِ قومی افتادم
کہ نقدِ رائج شان ہست محضر افلاس
نہ ناطق و ہمہ منطق فروش چون طوطی
نہ مردم و ہمہ مردم نہاد چون نسناس
سیہ سرود و زبان لیک گنگ چون خامہ
سپید کارو دو روی و ضعیف چون قرطاس

آخر کے اشعار میں وہی غوری لوگوں کی برائی بیان کی گئی ہے۔ ایک اور قصیدہ اسی سلسلہ کا معلوم ہوتا ہے۔



Marfat.com

لبم زان پستهٔ خندان شکر یافت
دلم یاقوت جان افشان گہر یافت
تر و خشکم بداد و مہربان شد
چو با من جانِ خشک و چشم تر یافت
چنین ناگاہ بر جانم بجشود
مگر ازلطفِ شاہنشہ خبر یافت
خداوند جہان بہرام شہ آنک
برای خدمتش جوزا کمر یافت
برین رحمت کہ برمن بندہ فرمود
حقیقت دان کہ ملکِ بحر و بریافت (۸۹)

پھر چند قصیدے ایسے ملتے ہیں جو خاص خاص موقع پر لکھے گئے ہیں ان کا مختصر تذکرہ غیر موزوں نہ ہوگا۔ ایک مرتبہ بہرام شاہ کے پاؤں میں درد تھا۔ تو شاعر نے حسنِ تعلیل سے یہ حسن پیدا کیا۔

چون دلم درخدمتِ آن سرو گلنار ایستد
دیدہ در نظّارۂ آن لعلِ دُربار ایستد
روز شادی بہ نشینی خود کند ہر دشمنی
دوست آن باشد بہ جانان وقت تیمار ایستد
کار مردان بابت ہر نو عروسی کی بود
این چنین شاہِ نکو عہدِ نکو کار ایستد
گوہرِ کانِ خداوندی ملک بہرام شاہ
آن کہ ہر لفظش بجای دُرِّ شہوار ایستد
دردِ پایش راکہ زائل باد عذر انیست و بس
کان خداوند ازبرای خلق بسیار ایستد (۹۰)



Marfat.com

ایک رباعی (دوبیتی) بھی اسی کے حسب حال ہے۔

اے جانِ جہانیان باری تو فدا
شکر ایزد راکہ یافتی از درد شفا
ناید ز طبیب ہیچ حاجت ورنہ
تعجیل تری بود نزول عیسیٰ

ایک مرتبہ بہرام شاہ نے شیر کا شکار کیا۔ اور بیک وقت پانچ شیر مار گرائے اس شکار کا ذکر آتا ہے۔

ناگاہ چو بشنید شہنشہ خبرِ شیر
فرمود کہ تازید سبک بر اثرِ شیر
چندان کہ خبر گشت یقین شاہ زمرکب
بر پیل شدو کرد چو شاہان خطرِ شیر
خود شاہ درین بود کہ از لشکر منصور
آوازہ در افتاد کہ اینک اثرِ شیر
گر شیر بہ چنگال ہمی جست پیِ پیل
گہ پیل بہ خرطوم ہمی کوفت سرِ شیر
چون نشترِ فصّاد گہی باز و گہی نیش
در کرد فرانچۂ پرُ نیشترِ شیر
کوشید چو بیلک زدلش نیش بگذشت
تاریک شد آن دیدہ خیرہ نگرِ شیر
تا پنج عدد شیر نیفگند شہنشہ
نامد بہ سوی خوابگہ از آب خورِ شیر (۹۱)

ایک اور دوبیتی ملتی ہے جو اس واقعہ کے مطابق ہے

ای شاہا تو شیری فگندی گہ گہ
اقبال ہمی کرد پیاپی خہ خہ



Marfat.com

باخصمان شرط کن بہ روزی زہ زہ
از شیران بخ بخ از ایشان دہ دہ

پھر بہرام شاہ کے تین بیٹے یعنی مسعود شاہ، خسرو شاہ اور شاہنشاہ جو غزنین میں تھے ان کی مدح میں بھی قصیدے ملتے ہیں۔ اختصار کے ساتھ ان کا بھی ذکر کیا جاتا ہے۔ مسعود شاہ کی مدح میں ایک قصیدہ ہے۔

این چہ نقش ست کہ از مشکِ سیاہ آوردی
وین چہ نقص ست کہ در گوشۂ ماہ آوردی
عہد ہمچون گل ترسال بہ سال آوردی
باز ہمچون مہ نو ماہ بہ ماہ آوردی
من نہ گفتم کہ چنان زلف سیہ گر باشد
آن کہ از طرف دو عارض دو گواہ آوردی
شاہ مسعود شہ آن شہ چو دین رویش دید
ملک راگفت نکو پشت و پناہ آوردی
اینت برجیس کہ براوج سعادت بردی
وینت خورشید کہ بر ظلّ الہ آوردی
بخت می داند کز بہرِ عروسِ دولت
بس جواں بخت بکار آمدہ شاہ آوردی (۹۲)

خسرو شاہ کی مدح میں کئی قصیدے ہیں۔ ایک قصیدہ عمادی غزنوی کے جواب میں ہے

ای یافتہ از چہرۂ تو حسن کمالی
دادہ ست جمالیت خدا وہ چہ جمالی
اقبال مرا گوید کای نادان ہی ہی
در دولت خسرو تو و محتاج سوالی



Marfat.com

خسرو شہ بہرام شہ آن شاہِ جوان بخت
کایّام نیاورد چنو نیک خصالی
شاہا ز حسن بشنو حرفے کہ عجب نیست
کان شکر خدایست تبارک و تعالی
از لفظ متیں معنی عذبم چو بخندد
گوئی کہ جہد بیرون از سنگ زلالی
زنہار چو وطواط و عمادیم مپندار
کافسوس بود عیسیٰؑ با خر بجوالی
خود حکم تو کن این بہ باشعر عمادی
کای برسمنِ از مشک بمدا ز دہ خالی (۹۳)

ایک قصیدہ خسروشاہ کی صحت یابی کے متعلق ملتا ہے۔

اے بخت بدہ مژدہ کہ برخاست بہ یک بار
از گوہرِ شمشیر خداوندیِ زنگار
ای خلق بنازید کہ بار دگر آمد
فرخندہ نہالِ چمنِ دولت پُربار
دل شاد بخندید کہ از مطلعِ امید
بنمودِ ہلالِ فلکِ شاہی دیدار
شکر از تو خدایا کہ ازین جای مبارک
شد مردمکِ چشم جہان داری بیدار
آرام دل و روشنیِ چشمِ شہنشاہ
خسرو شہ فرخندہ کہ پاداش فلک بار
از رنج برون آمد المنۃ للّٰہ
چونان کہ دُر از آب و زر از کان و گل از خار



Marfat.com

شاہا ز گلِ باغِ جلالِ تو کہ بشگفت
شد آتش نیلو فری از عطر چو گلزار
از یمن رضای تو شفایافت و گرنہ
عیسیٰ بہ زمین آمدی از چرخ برین کار
از بہر شفای تنِ او ثور و حمل را
ہم نام تو چون کردی از خنجر خون خوار
بر پوستِ سبز فلک از کلکِ عطارد
تعویذ بہشتی بر او گنبد دوّار
شاہا ہمہ این در دلم آید کہ چہ باشد
کز بندۂ خود یاد کند شاہ جہاندار
پرسد کہ مرا چاکر کی بود شکر پاش
گوید کہ مرا بندہ یکی بود گہر بار
خود رہ در سایہ مہر زان کہ رو انیست
تاذات چو خورشید تو بارم بہ دہد بار
آن را کہ ہمی بردی از خاک بہ افلاک
چون ابر میانِ رہِ رحمت کن و بگذار
بر صورت میمونِ تو آن دل کہ سبک شد
از روشنیِ دیدہ کنون ہست گران بار (۹۴)

آخر کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ وہی زمانہ ہوگا جبکہ بہرام شاہ ہمارے شاعر سے ناراض تھا۔ یعنی وہی سوری کی معیت کی وجہ سے۔ اس ممدوح کے متعلق اور بھی کلام ملتا ہے۔ لیکن اب ہم اس کے چھوٹے بھائی معین الدولہ شاہنشاہ کی مدح کا قصیدہ پیش کرتے ہیں جس میں بہرام شاہ کی مدح بھی ہے اور غزنین کی مرفہ حالی کا تذکرہ بھی ہے۔



Marfat.com

خدای داند و بس تا چه خرّم ست جهان
برین نظام جهان را کسی نداو نشان
رعیّت ست مرفہّ زمانہ شد ساکن
بہ آرزو کہ چنان خواست این چنین نتوان
ابو المظفرِ بہرام شاہ بن مسعود
کہ ہست نامش بر نامۂ ظفر عنوان
نظر کن ازدرِ گنبد بہ خشک رود کہ باز
نگار خانۂ مانی شدہ ست آبادان
میانِ ہر دوسہ گام ست عشرت آبادی
چنان کہ گوئی دل رادل ست و جان را جان
زدل کشایِ چون باغ لیک روزِ بہار
ز زر فشانیِ چون شاخ لیک وقت خزان
ز نورِ شمسۂ او شمس کردہ دریوزہ
در آستانۂ او آسمان شدہ حیران
اگر نہ غزنین دریاست چون کزو برخاست
پُراز عجائبِ دریا ہزار فتنۂ خان
معزِ دولت و دین و معینِ ملت و ملک
کہ ہست نور دل و چشم سایۂ یزدان
ابو الملوک خداوند زادہ شاہنشہ
کہ شد بہ دولتش آراستہ زمین و زمان
ز نورِ رایش یک ذرّہ قبّۂ خورشید
ز بحر طبعش یک قطرہ چشمۂ حیوان
بزرگوارا' شاہا' ز حضرتِ شاہی
بہ کوشک رفتی با رای پیرو بخت جوان



Marfat.com

چو آبِ صافی ز ابرو چو بادِ خوش زیمن
چو درّ ناب ز بحر و چو زرّ پاک از کان
اگر تفاوت ہرگز فتاد ذات ترا
ز محض تربیتِ شاہ و حرمتِ خود دان
اگرچہ نور ز خورشید یافت شش سیّار
نہ ہر یکی را بر چرخ دیگر ست مکان
ہزار سال اگر بر درخت باشد شاخ
جدا نہ کردہ بگردد نہال دربستان
نہ دوریِ بہ کمال و نہ نیز نزدیکی
کہ ہر دو چون بہ نہایت رسد شود یکسان
نہ بینی آن کہ دو دیدہ نہ بیند ابرو را
اگرچہ بیند ہفت آسمان و چار ارکان
ہلال وار چو کردی ز چرخ ملک طلوع
شود ہر آئینہ بدری مسلّم از نقصان
ہمیشہ تاکہ بود اوج شمس در جوزا
ہمارہ تاکہ بود خانۂ قمر سرطان
خدایگانِ سلاطین چو شمس قاہر باد
تو چون قمر شدہ از نوررای او تابان
رضای او بہ ہمہ وقت مر ترا حاصل
کہ او بہ از دو جہان وز ہر چہ ہست دران (۹۵)

اشعار کی اتنی زیادہ تعداد اس لئے دی گئی ہے کہ یہ معلوم ہو سکے کہ بہرام شاہ کا چھوٹا بیٹا شاہنشاہ کسی اختلاف کی وجہ سے (شعر ۱۴) غزنین سے (۱۲، ۱۷، ۱۸) کسی کوشک کی طرف



Marfat.com

چلا گیا تھا لیکن اس کی یہ دوری (۱۴، ۱۵، ۱۶، ۲۲) ایسی نہیں ہے کہ وہ اپنے والد کے فیض سے محروم رہ سکے۔ اس کے بعد ہمارا شاعر ابو علی حسن ابن احمد بن حسین کے بیٹے ابوالحسن حسین المخاطب بہ "نجیب الملک" کی مدح کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ اس کے نام کنیت خطاب اور عہدے کے متعلق اشعار پیش کرنے سے پہلے ایک قطعہ نقل کیا جاتا ہے۔

گرچہ گردد برای ماہ افلاک
ورچہ باشد بہ کامِ ما ارکان
ہیچ بزمی چنان بود خرم
ہیچ طبعی چنان بود شادان
کہ دم روزِ عید مارا بود
نزدِ صدرِ زمین و زینِ زمان
حسن احمد آن جوادِ کریم
آن قضا قدرت و قدر امکان
کامِ دل یافتیم در شوال
کین ہمی خواستیم در رمضان
اسپ عشرت کشیدہ اندر زین
گوی رامش فگندہ در میدان
یا رب آن دل کشای بزم چہ بود
کہ ہمی طیرہ گشت زہرہ ازان
از چنان مجلسی بیفتادم
ہمچو آدم ز روضۂ رضوان
ابرِ احسان چو خواست گشت مطہر
من سرگشتہ از میانِ جہان



Marfat.com

نیم شب چون در آمدم از خواب
نیک رنجور گشتم و حیران
تا درین بودم آمد آوازی
کہ سبق برد از ہمہ قرآن
غافل از آن کہ صاحبِ مکرم
کرد مسعود مر مرا احسان
کامِ انعامِ عام زان کہ نہ کرد
نام تو در جریدۂ نسیان
دل من غاب خواب بیہودہ ست
بر گرفتہ ست آفتِ حرمان
ای خداوند من نجیب الدین
این سخن را پدید کن برہان
خبری کان ازو نہ بس عجب است
جہد کن تا رسد بہ تو بہ عیان
تا بود اوجِ شمس در جوزا
تا بود خانۂ قمر سرطان
باد ہموار یاورش گردون
باد پیوستہ ناصرش گردان (۹۶)

میرا خیال ہے کہ شروع کے اشعار میں شاعر وہ زمانہ یاد کر رہا ہے جبکہ ابو علی حسن ابن اسمٰ وزیر مقرر ہوا تھا۔ یعنی شوال ۱۴۵۵ھ (مطابق مارچ ۱۱۴۷ء) جیسا کہ ہم اس کے تقرر کا زمانہ لکھ چکے ہیں۔ آٹھویں شعر میں اپنی اس محرومی کو شاعر بیان کر رہا ہے جو سوری کی معیت کی وجہ سے در پیش ہوئی تھی۔ پندرہویں شعر سے اس کے لڑکے نجیب الدین کی مدح شروع



Marfat.com

ہوتی ہے۔ غالباً اسی ابو علی حسن کے انتقال پر شاعر نے یہ مرثیہ لکھا ہوگا۔

ای بی خبر ز نیک و بدِ کشتِ روزگار
از خوابِ غفلت آخر یک بار سر برار
بر ساحلِ رحیلی برگ سفر بساز
در منزل سپنجی تخم امل مکار
زین دیو خانہ چون شرف الملک د رگذر
تاجانِ خود فرشتہ کند بر سرت نثار
اے دیدۂ بتولؑ بگرید ہای ہای
وے عترت رسولؐ بنا لید زار زار
واللہ کہ ماتم شرف الملک ابو علی
از ماتم حسینؓ علیؑ ہست یادگار
آب ارزسنگ یابد ہموارہ رہ گذر
گل گر ز چوب گردد پیوستہ آشکار
آبِ حیات شرع و گلِ بوستانِ ملک
در سنگ و چوب از چہ نہان شد بہ نوبہار
خود درکنارِ خاک چگونہ ست حال تو
ای سعد آسمانت بہ پروردہ درکنار
دردا و حسرتا کہ جگر گوشگانِ تو
ہستند سوختہ دل ازین چرخ کامگار
خشنود باد جانت از ایشان کہ از تو خود
بودہ ست و ہست و باشد خشنود کردگار (۹۷)

...ں "ابو علی" یہی ابو علی حسن معلوم ہوتا ہے جس کا ماتم غزنین میں بہت



Marfat.com

ہوا۔ اسی لئے کہا گیا ہے کہ ع از ماتم حسین، علی ہست یادگار۔ "جگر گوشگانِ تو" سے مراد اس کے لڑکے حسین وغیرہ ہوں گے۔ لیکن افسوس کہ حسین کے دوسرے بھائیوں کا حال معلوم نہیں ہے۔ اگر ساتویں شعر کا آخری لفظ "نو بہار" ہی ہے (گو کہ رامپور کے نسخے میں بز۔نہار" ہے) تو وہ زمانہ ۵۴۴ھ کے پہلے کا نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ یہ ابو علی حسن جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں اس سال کے محرم تک ضرور زندہ تھا، اب ہم اس فرزند یعنی ابوالحسن حسین ابن حسن ابن احمد کی طرف متوجہ ہوتے ہیں۔ ایک ترجیع بند میں اس کا نام و نسب صاف طور پر آیا ہے۔

فرزانہ حسینِ[1] حسنِ[2] احمدِ[3] خاصہ
آن کرد خدایش ز ہمہ خلق خلاصہ
فرخندہ جمالت کہ گلِ دولت و دین ست
باغ نظر منتخب الملک حسن باد (۹۸)

اس ممدوح کی مدح میں اکثر ترجیع بند ہی ہیں۔ اس کا خطاب نجیب الدین اور نجیب الملک کئی جگہ ملتا ہے۔ ہم صرف ضروری اشعار نقل کرتے ہیں۔

روزی نگر کہ طوطیِ جانم سوی لب است
از بہر پستہ آمد و در شکر اوفتاد
این ہم بدان سبب کہ ز کلکِ نجیب دین
گرچہ شبہ نمود ہمہ گوہر اوفتادہ
آنکلک کیست، کلک حسینِ حسن کہ ہست
از جامِ جودِ او دل و جانِ امید ہست (۹۹)

نجیب الملک دوسرے ترجیع بند میں ملتا ہے۔

صفتِ گلستانِ رخسارت
چون کند بلبل زبان گشتہ



Marfat.com

از تو تا دولت نجیب الملک
چرخِ کہنہ ز سر جوان گشتہ
خاصۂ شاہ و خواجہ زادۂ من
گل باغ ہنر حسینِ حسن (۱۰۰)

اس کی کنیت "ابوالحسن" ایک دوسرے ترجیع بند میں ہے۔

دوست کامی کہ در آفاق چنونست منم
زان کہ پروردۂ مخدومِ زمان بو الحسنم
آن بحق خواجہ و مخدوم و ولی نعمت من
آرزوی دل و اقبال حسین ابن حسن (۱۰۱)

اسی ترجیع بند میں اسے "تاج الدولہ" بھی کہا ہے۔

دولتش بادا ہمرہ کہ تاج الدولہ
ناگہانیش بہ عموی سفر آہنگ افتاد
آن بحق خواجہ و مخدوم و ولی نعمت من
آرزوی دل و اقبال حسین ابن حسن

دوسرا ترجیع بند جو اوپر مذکور ہوا ہے اسی حسین ابن حسن کی (وزارت کی) تہنیت میں ہے اور اس سے اس کی تاریخ بھی معلوم ہو سکتی ہے۔

ای ماہ در ہوای تو جانم بہ لب رسید
اے مہر از فراق تو روزم بہ شب رسید
بگذار نامِ ہجر کہ ہنگامِ غم گذشت
وردہ شرابِ وصل کہ وقتِ طرب رسید
در شو بہ تہنیت کہ درین موسمِ شریف
جشنِ عجم مقارنِ عیدِ عرب رسید



Marfat.com

پیش آی پیش صدرِ عرب خواجۂ عجم
کش این دو اصل ہم عجم و ہم عرب رسید
آن اصل کیست اصل حسینِ حسن کہ ہست
از جامِ جودِ او دل و جانِ امید ہست (۱۰۲)

وہ زمانہ "جشن عجم" اور "مقارن عید عرب" کا ہوگا۔ یعنی ۵۴۴ھ۔۱۱۵۰ء کی "عید نو روز" اور عید الضحیٰ کے قریب کا ہوگا۔ کیونکہ اس عہد میں یہی دو عیدیں پڑ سکتی تھیں اور پھر ہمارا شاعر ۵۴۵ھ۔۱۱۵۱ء میں عازم بیت اللہ ہو جاتا ہے۔ گو کہ یہ بھی ممکن ہے کہ موخر الذکر سال میں یہ ترجیع بند لکھا ہو کیونکہ اس سال کے محرم میں تو کم از کم اس وزیر کا باپ حسن ابنِ احمد ہی وزیر تھا۔ اسی "نوروز" اور عید کے زمانہ میں اوپر کا پہلا ترجیع بند بھی کہا ہوگا۔

معذور ہمی دار چو عید آمد و نوروز
گر بار گرانی بر تو پیشتر آریم
عیدی بر تو از لب دریای بزرگی
گر قیمتِ آن دانی عقدِ گہر آریم
فرزانہ حسین حسن احمد خاصہ
آن کردہ خدایش ز ہمہ خلق خلاصہ

لیکن اس ترجیع بند کا ایک شعر (آخر بند میں) ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا باپ منتخب الملک حسن اس وقت زندہ تھا۔

فرخندہ جمالت کہ گلِ دولت و دین است
باغ نظرِ منتخب الملکِ حسن باد (۱۰۳)

یہی وہ زمانہ تھا جبکہ سید حسن اپنے وطن غزنین میں وعظ و نصیحت کرنے میں مشغول تھا۔ متعدد تذکروں میں یہ بیان ملتا ہے۔ چنانچہ دولت شاہ (ص ۱۰۴۔ براؤن) ریاض الشعرا (ق ۹۶۔الف۔امپریل لائبریری۔ کلکتہ) مخزن الغرائب (جلد اول حبیب گنج) تذکرہ



Marfat.com

حسین دوست (ق ۶۳-الف حبیب گنج) مرآۃ الخیال (ص ۴۵-۴۶-۱۸۳۱ء) عرفات العاشقین (ق ۴ب- حبیب گنج) صحفِ ابراہیم (ق ۲۲۰-ب- بانکی پور) آتشکدہ آذر (ص ۹۱-۱۲۷۷ء) مجمع الفصحا (ص ۱۹۲- جلد اول) ریاض العارفین (ص ۱۸۵ طہران ۱۳۰۵) یدِ بیضا (ص ۴۸- دفتر دیوانی و مال حیدر آباد) وغیرہ تذکروں میں ہے کہ سید حسن جب وعظ کہتا تھا تو غزنین کے "ہفتاد ہزار" لوگ اس کے گرد جمع ہو جاتے تھے۔ آتشکدہ (ص ۹) میں ہے کہ ان میں سے چار ہزار اس کے مرید ہو چکے تھے لیکن میرا خیال ہے کہ ہفتاد ہزار سے یہ معنی نہیں نکلتے کہ اتنی تعداد میں حاضر ہوتے تھے بلکہ زیادہ سے زیادہ تعداد کے لئے استعارۃً ایسا کہا گیا ہے۔ بہر حال یہ تعداد ایسی تھی کہ سلطان بہرام شاہ کی نظر میں کھٹکی اور شاعر کی بڑھتی ہوئی طاقت دیکھ کر ہراساں ہوا چنانچہ اس نے "دو شمشیر یک غلاف بہ پیش وی فرستاد یعنی جای دو سلطان در یک شہر ممتنع است۔ سید مطلب را دریافت و روانہ حجاز گردید (۱۰۴)

میرا خیال ہے کہ اسی موقع پر سید حسن نے یہ طویل قصیدہ فخریہ کہا ہوگا۔ جو لباب الالباب (۲: ۱۷۱-۲۷۶) میں بھی ہے۔ اور جس کا نام بقول صاحب مونس الاحرار (ص ۶۰۵ حبیب گنج) "صفیر الضمیر" ہے (۱۰۵)

داند جہان کہ قرۃِ عینِ پیمبرم
شائستہ میوۂ دلِ زہراؓ و حیدرمؓ
دریا چو ابر بار دگر آب شد ز شرم
چون گشت روشنش کہ چہ پاکیزہ گوہرم
دُرّی پُر از عجائب دریا شود ز حکم
ہر قطرۂ کہ در صدف جان بہ پرورم
طبعم چو آتش تر و ہر دم خلیل وار
ہر خوش گلی دگر دمد از آتشِ ترم



Marfat.com

سہل ست اگر بہ حطر من بنگری از آنک
منظورِ عالمِ ملکوت است حطرم
گل بلبلی گزیند در باغ سیرتم
مہ اختری پسندد درپیش اخترم
دارم زبانِ و ژاژ نہ خائم کہ سوسنم
بینم بہ چشم و عشق نہ بازم کہ عبہرم
بی نقش ہمچو آینہ آبی منقشم
بی عطر چون ملائکہ جانی معطرم
زان تا لبی سپید کند ہر سیہ زبان
در وا کہ چون زبانِ قلم گشت دفترم
زین آب گون قفس کہ شب و روز می پرد
چون عمّ خویش جعفرؓ طیار بر پرم
با این شرف زغصۂ طفلانِ روزگار
خونا بہ چون جنین دہنِ بستہ می خورم
چون سرو پاک دامن خواہم ہزار دست
تا از درون چو غنچہ گریبان دل درم
چون سر فگندہ گریم گوئی صراحیم
چون خون گرفتہ خندم گوئی کہ ساغرم
تاثیر جذبہ رای عروسانِ قدس را
در دل کہ ہست آئینۂ غیب بنگرم
از روی آن کہ روی دلم سوی ہزل نیست
من درگنہ ز توبہ بسی بی گنہ ترم



Marfat.com

گفتی دریغ رنجِ حسن هم گزاف نیست
آخر به بوی و رنگی این رنج می برم
استغفر الله ار به مثل زلفی کشم
الحمد لله از سر آن زود بگذرم
در خواب کم شود دلِ آگاهِ من ازانک
بیدار کردهٔ نفسِ صبح محشرم
احوال خویش اگرچه بگفتم یکان یکان
سوگندی خورم که نه دارند باورم
نا وردهٔ به شعر چو من در هزار سال
اینک تو ایدری فلکا و من ایدرم
در عهدِ من هر آن که کند دعویِ سخن
خصمش خدای گر بنشیند برابرم
بر خلق داوری نه کنم بهرِ نظم و نثر
ایرا که من نه خواسته داد است داورم
مردانگیِ باز و جوانمردیِ خروس
خرسندیِ هما و وفای کبوترم
منت خدای راکه نیفگند دست حرص
اندر نشیب وقف نه بالائے منبرم
سردیِ زرق و خشکیِ سالوس چون نه بود
حاجت نیوفتاد به زهد مزوّرم
نثر دروغ بر چو منی افترا کنند
کز نظم راست گرد ز دریا بر آورم



Marfat.com

از باطل زمانہ کیم سایہ برفتہ
کاندر پناہِ سایۂ حق بو المظفرم
سلطان یمین دولت بہرام شاہ شاہ
کا قبال او گرفت بہ انصاف دربرم
در آرزوی آرزو اندر نیا مدہ است
آنہا کہ شد بہ قوت جودش میسرم
ای کاش کی پذیرد و کاریش آمدی
تا جان نہادہ برطبقی پیشِ اوبرم
گوید چنو بہ شکر و خود او را سزد کہ ہست
از آسمان سریر و ز خورشید افسرم
بوسید تاج و تخت سرو پای من ازانک
چون تخت پایہ دارم و چون تاج سرورم
جز خیر ناید ازمن و گرنیستی چنین
در ملک و دین خدای نہ کردی مخیرم
قصدی، ہمی کنند زکوتاہ دیدگی
تادر حسن بہ چشم کرم بیش ننگرم
گرہست بندۂ کہ بگوید جواب این
پذرفتم از خدای کہ او را پرورم

ان اشعار میں خاندانی فخر اور شاعرانہ تعلّی کے علاوہ آخر میں بہرام شاہ کی زبانی یہ کہلایا گیا ہے کہ اگر کوئی دوسرا شاعر اس جیسا کلام کہے تو بادشاہ اسی کی تربیت (۳۵) کرے گا۔ یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ (۱۱،۲۴،۲۶،۳۴،۳۴) شاعر کے حاسد غمازی کرتے ہیں لیکن محض حرص وہوس کی بناپر شاعری کر کے پیٹ نہیں بھرتا بلکہ حقیقت میں اس کا ذوق ایسا



Marfat.com

بلند ہے کہ کوئی اس کا نظیر نہیں ہے اور وہ تمام زرق وریا سے پاک ہے' اتنے جوش و خروش سے کہنے کے باوجود شاعر شاید دیر تک بہرام شاہ سے مستفیض نہ ہو سکا۔ اس لئے وہ اب حجاز کے لئے روانہ ہوتا ہے اور جیسا کہ برٹش میوزیم والے دیوان نمبر ۱۵۱۴ ق ۱۲۲ اب سے معوم ہوتا ہے کہ اس نے یہ قصیدہ "در بادیہ گفتہ بود"

جان می برد بہ عشرتِ حورانِ گلشنم
دل می کشد بہ خدمتِ دیوان گلخنم
عیسیٰ ست جانِ پاک و خرست این تن پلید
بی کار خر ہمی ہمہ بر عیسیٰ افگنم
تن دیو و جان فرشتہ و من کفشِ دیو شوم
بر تارکِ فرشتہ میمون ہمی زنم
در حلقِ جان زبس کہ فگندم طنابِ تن
شد جانِ دوست* روی چو تن نیز دشمنم
ترسم زننگِ صحبتِ زاغ سیاہ تن
بازِ سپید جان پرد زین نشیمنم
برپای عقل بندِ گران است این سرم
در حبسِ چرخ کور روان ست این تنم
شاد از چہ ام ازین کہ درین غمکدہ یکیست
درمان و درد و نیک و بد و سور و شیونم
از ننگِ آب و دانہ چو سیمرغ فارغم
بی بیک مہر و ماہ جو فردوس روشنم
از نفخ صور ہم نہ بمیرد چراغ من
کز زیتھا یعنی چکیدہ ست روغنم



Marfat.com

آن آتشی کہ باغ ارم گشت بر خلیلؑ
جست از دل چو سنگ و زبانِ چو آہنم
آن حرمتم مبین کہ چو خورشید سرورم
این خدمتم نگر کہ چو سایہ فروتنم
ہستم چہار میخ درین خانہ دو در
پر ہا زنم چو باز کشایند روزنم
تازین سکون و زان حرکت ہم نہ بگذرم
ناید پدید کنگرہٗ قصرِ مسکنم
یک روزی گذشتم دامن کشان زچرخ
آلودہ شد بہ چشمۂ خورشید دامنم
ہم باکمند عقلم و ہم بالگامِ شرع
تا کرّہٗ سپہر نہ گوید کہ توسنم
سنگ سخن بلند بر انداختم ازانک
تا آبگینہ خانۂ افلاک بشکنم
دردِ سرم مباد کہ بر بایدم گلی
باید ز مہ گلاب وز خورشید چندنم
گر منکری بیاید و گوید کہ نگردم
تا دعوی رسول نہ گردد مبرہنم
از بعد پانصد و چہل و پنج گوییا
درمن نگر کہ معجزہ جدّ خود منم

اس قصیدے میں بھی وہی فخر اور جوش ہے۔ اور آخر میں پھر اپنے خاندانی اور نسلی اعزاز و افتخار کو زور دار لہجہ میں یاد کیا ہے۔ جس سے معلوم ہو تا ہے کہ یہ دونوں قصیدے



Marfat.com

قریب عہد کے ہیں' اور چوں کہ یہ دوسرا قصیدہ ۵۴۵ھ-۱۱۵۰ء کا ہے (اور حج کی) بادیہ پیمائی کے دوران میں (بغیر ممدوح کی مدح کے کہا گیا ہے) اس لئے ظاہر ہے کہ پہلا قصیدہ شاعر کی غزنین سے روانگی کے وقت کا ہوگا۔ اور وہیں کہا گیا ہوگا' کیونکہ بہرام شاہ کی مدح بھی اس میں ہے۔ اس قصیدے کے پہلے شعر میں شاعر نے ع جان می برد بہ عشرت حورانِ گلشنم سے حجازہی کا استعارہ کیا ہے اور وہ اس حجازی تعلق کو خصوصاً آخر کے دو شعروں میں زیادہ زوردار لہجہ میں پیش کرتا ہے اور اس محبت کی شراب میں سرشار ہو کر تمام دنیوی خواہشات سے بے نیاز نظر آتا ہے۔ اسی حجازی عقیدت کا پُرجوش مظاہرہ آگے آنے والے ترجیع بند میں بھی ہے۔

## حج کے لئے روانگی

غرض کہ سید حسن ۵۴۵ھ-۱۱۵۰ء میں عازم حج ہوتا ہے۔ اور وہ زمانہ اس سال کے وسط تک ہوگا۔ کیونکہ ہم تاریخِ بہرام شاہی میں لکھ چکے ہیں کہ اس سال کے آخر میں علاءالدین "جہان سوز" غوری نے غزنین کو تباہ کیا تھا اور چونکہ شاعر کی روانگی کے وقت کا قصیدہ جو اوپر مذکور ہوا بہرام شاہ کی مدح میں ہے اس لئے ظاہر ہے کہ بہرام شاہ اس وقت تک حکمران تھا اور غزنین تباہ نہ ہوا تھا۔ بہر حال شاعر اس زمانے میں سفر کی صعوبتوں (۱۰۶) کے باوجود مکہ معظمہ حج کے لئے پہنچتا ہے اور اغلب ہے کہ اسی سال ۹ ذی الحجہ ۵۴۵ھ (پنج شنبہ ۲۹ مارچ ۱۱۵۱ء) میں حج ادا کیا ہوگا کیونکہ بعد میں وہ مدینہ طیبہ اور غالباً بیت المقدس بھی پہنچتا ہے اور ایسے دشوار گذار اور طویل سفر کے بعد سلطان مسعود سلجوقی (المتوفی ۵۴۷ھ-۱۱۵۲ء) کے دربار سے مستفیض بھی ہوتا ہے جس کا تذکرہ آگے آئے گا۔

حج کرکے شاعر مدینہ طیبہ پہنچتا ہے اور چونکہ اس نے ۵۴۵ھ-۱۱۵۱ء سے پہلے حج نہ کیا ہوگا اس لئے ظاہر ہے کہ وہاں ۵۴۶ھ-۱۱۵۱ء سے پہلے نہ پہنچا ہوگا۔ وہاں پہنچ کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں یہ ترجیع بند پیش کرتا ہے۔ جو اپنی آپ نظیر ہے:



Marfat.com

یا رب این مائیم و این صدرِ رفیعِ مصطفاست
یا رب این مائیم و این فرقِ عزیزِ مجتباست
یا رب این مائیم و این روی زمینِ یثرب است
کآسمان راهفت پشت از رشک یک رویش دو تاست
خواب گاهِ مصطفیؐ و کعبه مان از پیش و پس
بارگاه و منبرِ خانه مان از چپ و راست
یا رب این راحت که مادیدیم در دنیا که دید
یا رب این دولت که ما داریم در عالم که راست
یارب این روضه ست واین گلهای رنگین زان دوست
یا رب این مائیم و این دلهای سنگین زان ماست
در دلِ سنگ آب و آتش زین طرب رقاص گشت
ای دل ارسنگی پس آخر آتش و آبت کجاست
سرفراز ای مردمِ دیده کزین هر ذرّهٔ
سرمهٔ خاک کفِ پای نبی الانبیاست
سلموا یا قوم بل صلوا علی الصدر الا مین
مصطفی ماجآء الاّ رحمة للعالمین (۱۰۷)
منت ایزد را بدین گردونِ اعلا آمدیم
منت ایزد را بدین درگاه والا آمدیم
اشک باران با دلی پُر آتش و چشمی پُر آب
همچو ابرِ تیره از پستی به بالا آمدیم
لب به مدحت برکشاده چون عطارد تافتیم
جان به خدمت برمیان بسته چو جوزا آمدیم



Marfat.com

دربسی بینیم چون براوج گردون برشدیم
دربسی چینیم چون در موجِ دریا آمدیم
از رخِ خوبان گل افشانها کند روح الا مین
برسرِما چون بدین روضہ تماشا آمدیم
صاحب لو انہم جاؤک مارا بار داد
تا نہ پنداری کہ بی دستور این جا آمدیم
ذرّۂ بودیم زیرِ سایۂ پنہاں شدہ
آفتابِ دین چو بر ما تافت پیدا آمدیم
سلموا یا قوم بل صلوا علی الصدر الا مین
مصطفی ماجآء الآ رحمة للعالمین

سات سات اشعار کے یہ سات بند اسی جوشِ عقیدت اور والہانہ انداز میں ہیں چھٹے بند میں شاعر کہتا ہے۔

ابرِ رحمت مہترا! زان دست چون جیحون فرست
تشنگان را شربتی گر ممکن ست اکنون فرست
گر کشائی چشمۂ زان چشمۂ پُر نم کشای
ور فرستی نافۂ زان نافۂ پُر خون فرست
قصۂ این خاکپایان را بخوان دستی برآر
چون پسندیدی بنزدِ خالقِ بیچون فرست
ہر دعا کین جمع کرد و ہر ثنا کین بندہ گفت
بر زمین مگذار' یک یک را سوی گردون فرست
لافِ فرزندی نیارم زد درین حضرت و لیک
مدحتی آوردم اینک خلعتی بیرون فرست



Marfat.com

سیم و زر قدری نه دارد، نیستم دربندِ آن
از قبول خویش زنجیری بدین مجنون فرست
یا رسول الله سزواری* که گویم ای خدا
بر رسول الله درود داز ہر چہ است افزون فرست
سلموا یا قوم بل صلوا علی الصدر الا مین
مصطفی ماجآء الاّ رحمۃ للعالمین(۱۰۸)

تاریخ گزیدہ(۱۰۹) (حبیب گنج)اور پھر تذکرہ دولتشاہ(ص۔۱۰۵)وغیرہ میں ہے کہ "چون بدین بیت رسید' شعر: لاف فرزندی نیارم زد...... خلعتی بیرون فرست، دستے از قبۂ بیرون(۱۱۰) آمد باحلۂ وگفت یابنی خذ" لیکن مولانا غلام علی آزاد بلگرامی نے خزانۂ عامرہ (ص۱۷۹۔ نول کشور۔۱۹۰۰ء) میں لکھا ہے۔"لیکن اگراین چنین سانحۂ جلیلہ بہ عالم وقوع می آمد ایستادہ ہای بارگاہِ نبوت کہ سوانح کلی وجزوی آستانِ معلّی رابہ ضبطِ کتابت می آرند البتۃ آن رابہ قلم می آوردند ودر کتبِ سیر مبارک ثبت می کردند' بعضی مردم نقل کردہ اند کہ خدام روضۂ منورّہ خلعتی برای او حاضر ساختند 'این راباور توان کرد......" مولانا آزاد نے "بعضے مردم" کا حوالہ اور نام نہیں دیا اور ہم کو بھی کوئی ایسا تذکرہ نہیں ملا۔ بہر حال شاعر نے انتہائی خلوص کے ساتھ یہ ترجیع بند پڑھا ہوگا۔ اور وہیں (یعنی مدینہ منورہ) یہ قصیدہ بھی لکھا ہوگا(گو کہ راحت الصدور(ص۱۹۲) میں ہے کہ "این قصیدہ ازمکہ بحضرت اعلیٰ فرستاد"

ہرگز بود کہ باز ببینم لقای شاہ
شکرانہ در دو دیدہ کشم خاک پای شاہ
ہرگز بود کہ برمنِ سرگشتۂ غریب
چون روی شاہ خوب شود باز رای شاہ
ہرگز بود کہ باز بخندد چوگل دلم
در نو بہارِ بزم ز ابرِ سخای شاہ



Marfat.com

گاهی چو سایه روی نهم بر زمینِ ملک
گاهی چو ذرّه رقص کنم در هوای شاه
فخرِ ملوک و صدرِ سلاطین که چرخ گفت
بر تختِ دولت است کلاه و قبای شاه
شاها، به کعبه رفتم دانی چرا؟ ازانک
گفتند خانه ایست معظّم چو جای شاه
لبیک ها به نامِ مبارک زدم چنانک
گنبد کنان رسید به گردون صدای شاه
موقف نه بود جز رهِ صدرِ رفیعِ ملک
زمزم نه بود جز رهِ بحرِ عطای شاه
در مروه جز مروّتِ خسرو نه یافتم
و ندر صفا نه دیدم الّا صفای شاه
بکشاد کا رها حجرالاسود و سزد
کآمد به رنگِ رایت عالم کشای شاه
گفتم که خویشتن را قربان کنم، خرد
گفت ای ضعیف هی تو نه شای فدای شاه
امروز سرکشان همه گردن نهاده اند
تا جان فدا کنند برای لقای شاه
درخانهٔ خدای و به بالین مصطفیٰ ؐ
گفتم دعای ملک و نمودم ولای شاه
اکنون عزیمتِ سفرِ قدس کرده ام
هم کرده دان به دولتِ بی منتهای شاه



Marfat.com

پذرفتم از خدای کہ از بہرِ شاہ را
خواہم مزید دولت و عمراز خدای شاہ

برخاک ہر یکی ز بزرگانِ انبیا
یک حاجتِ بزرگ بخواہم برای شاہ

گر بر فلک چو عیسیٰ برابادم شدن
ہم برشوم بہ جان و بجویم رضای شاہ

چندان کہ ملک راند برچتر آسمان
خورشید تاج ورکہ بہ زیبد گدای شاہ

بادا مرصّع از گہرِ اخترانِ سعد
چتر سپہر پیکرِ خورشید سای شاہ

اس قصیدے کے متعلق چند باتیں قابلِ غور ہیں۔

ا۔ راحت الصدور (ص ۱۹۲) میں ہے کہ یہ قصیدہ مکہ معظمہ سے شاعر نے بھیجا۔ لیکن اس انتخاب کے تیرہویں شعر سے صاف ظاہر ہے کہ اس نے اس وقت تک مدینہ منورہ کی بھی زیارت کرلی ہے۔

۲۔ راحت الصدور (ص۔۱۹۲) میں سنجر کی مدح کے سلسلے میں یہ کہا گیا ہے کہ یہ قصیدہ شاعر نے ''بہ حضرت اعلیٰ فرستاد'' یعنی سنجر کے دربار کو بھیجا۔ اور ایسا ہی پروفیسر براؤن کے ترجمہ (رائل ایشیاٹک سوسائٹی جرنل اکتوبر ۱۹۰۲ء صفحہ ۸۵۶) سے ظاہر ہوتا ہے لیکن منتخب التواریخ (بدایونی ۱: ۳۹ بعد۔ کلکتہ ۱۸۶۸ء) سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصیدہ بہرام شاہ کی مدح میں کہا گیا تھا اور اس میں مطلع کے بعد یہ دو شعر ہیں:

بہرام شہ کہ جانِ سلاطین فداش باش
باشد کہ جانِ ایشان باشد سزای شاہ

سیارگانِ چرخ در افتند چون شہاب
پای اربرون نہند زحدِ وفای شاہ



Marfat.com

اور یہ شعر بھی ملتا ہے:

تا ہند وپارس خطۂ او را مسلّم است
آیم بہ بوم ہند و بیارم ثنای شاہ (۱۱۱)

ان میں سے دوسرا شعر تو ضرور راحت الصدور (ص ۱۹۲۔ س۱۱) میں ملتا ہے لیکن بقیہ دو شعر کسی نسخے میں نہیں ہیں۔ اس لئے خیال ہوتا ہے کہ یہ دو شعر اس نے شامل کر کے بہرام شاہ کو بھی وہ قصیدہ بھیج دیا ہو گا۔ مذکورہ بالا انتخاب میں بادشاہ کے رایت کو سیاہ کہا ہے اور انیسویں شعر میں اس کے چتر کو "سپہر پیکر" یعنی سیاہ کہا ہے (گو کہ راحت الصدور میں "سپید پیکر") اس لئے ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ بہرام شاہ کی مدح میں بھی ہو سکتا تھا۔ کیونکہ ہم اپنے مضمون "اسلامی اور غزنوی علم" (معارف۔ مارچ تا اپریل ۴۴ء) کے سلسلے میں لکھ چکے ہیں کہ بہرام شاہ کا بھی علم اور چتر "سیاہ" تھا۔ اور سلجوقی علم کی طرح سلجوقی چتر تو سیاہ تھا ہی جیسا کہ راحت الصدور (ص ۲۴۶) میں ہے: ع ای چتر کسوتِ سیہ اکنون سپید گشت'

۳۔ چودہویں اور سولہویں شعر' سے معلوم ہوتا ہے کہ اب شاعر کا ارادہ بیت المقدس جانے کا ہے اور ممکن ہے کہ وہاں بھی گیا ہو۔ اگر واقعی وہاں بھی پہنچا ہو گا تو اسے کافی وقت لگ گیا ہو گا۔ کیونکہ ۵۴۶ھ۔ ۱۱۵۱ء کے اوائل میں تو وہ مدینہ طیبہ ہی پہنچا ہو گا۔ اور وہاں سے بیت المقدس کا طویل سفر اور وہ بھی اس زمانہ کا دشوار گذار راستہ' دیر ہی میں طے کیا گیا ہو گا۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ وہ واپسی میں بغداد اس سال کے آخر ہی تک پہنچ سکا ہو گا۔

## عراق میں آمد

مذکورہ بالا قصیدہ جو بہرام شاہ کی مدح میں بھی ہے شاعر نے ۵۴۶ھ۔ ۱۱۵۱ء کے اوائل میں کہا ہو گا یعنی اس وقت تک تو کبھی کا علاء الدین "جہان سوز" غوری کا تسلط غزنین پر قائم ہو چکا ہو گا اسی لئے اس نے کہا ہے کہ 'ع آیم بہ بومِ ہند و بیارم ثنای شاہ' یعنی بہرام شاہ اس وقت ہندوستان میں ہو گا اور شاعر کو یہ واقعہ معلوم ہو گیا ہو گا۔ (۱۱۲)



Marfat.com

بہر حال اگر شاعر بیت المقدس بھی نہ گیا ہو گا تب بھی وہ اس سال کے اواسط تک ہی بغداد پہنچ سکتا تھا۔ دولت شاہ (ص ۱۰۵) وغیرہ نے لکھا ہے کہ "چون سید حسن از حج باز گردید و مردم آن کرامت (متعلق بہ مدینہ منوّرہ) دیدند بسیار معتقد او شدند۔ در آن حین سلطان مسعود بن محمد بن ملک شاہ در دار الاسلام بغداد بودہ بروزگار الراشد خلیفہ عباسی و سلطان مسعود در اکرام و اعزاز سید مبالغہ بسیار نمودہ وتحفہ‌ اندودہ ترتیب کردہ سید را بطرف غزنین روان ساخت............"

سلطان ابو الفتح مسعود کے الطاف و اکرام کا یہ قصہ صحیح ہو گا لیکن یہ قول صحیح نہیں ہے کہ وہ زمانہ خلیفہ الراشد کا تھا۔ کیونکہ خلیفہ مذکور کا انتقال ۵۳۰ھ۔۱۱۳۵ء میں ہو چکا تھا اور ہمارا شاعر ۵۴۶ھ۔۱۱۵۱ء میں بعہد خلیفہ المقتفی (م ۵۵۶ھ۔۱۱۶۰ء) بغداد پہنچتا ہے۔ خود سلطان ابو الفتح مسعود (م ۵۴۷ھ۔۱۱۵۲ء) کی مدح میں ہمیں کوئی قصیدہ نہیں ملتا۔ لیکن یہ ہو سکتا ہے کہ ہم تک نہ پہنچ سکا ہو۔ تاہم اس کے انتقال (یکم رجب ۵۴۷ھ۔۳۱/اکتوبر ۱۱۵۲ء) پر ایک "مرثیہ" بطور ترجیع بند ملتا ہے جو راحت الصدور (ص ۲۳۶) میں بھی منقول ہے اور اس طرح کہ "بحضورِ امرای دولت بر خواند"۔

شاہِ جہان گذشتہ و ماہم چنین خموش
کو صد ہزار نعرہ و کو صد ہزار جوش
ای تیغ بہرِ قبضۂ مسعود خون ببار
وی کوس بہرِ رایتِ بو الفتح بر خروش
ای سلطنت چو صبح بدر جامہ تا بہ ناف
وی مملکت چو شام ببر موی تا بہ گوش
ای سکہ بی عیار بماندی در آن مپیچ
وی خطبہ از خطاب فتادی در آن مکوش
ای تیرِ آسمان کمرِ چرخ برکشای
وان ترکشِ مکوکبِ شہ باز کن ز دوش



Marfat.com

ای تاج، عقدِ ملک چو بگسست خاک خور
وی تخت، جامِ شاہ چو بشکست زہر نوش
ای چتر، کسوتِ سیہ اکنون سپید گشت
چون تیغ شہ تو نیز کبودی طلب بدوش
شاہِ فرشتہ سیرت مسعود در گذشت
ہمچون فرشتہ از سرِ افلاک برگذشت

یہ چھ چھ اشعار کے پانچ بند ہیں۔ایک جگہ ہے۔

این طرفہ کز وفاتِ پسر شد پدر یتیم
این کز فراقِ خسرو شاہ سنجری

ایک دوسری جگہ ہے

رفتی و بہرِ شاہِ ملک شہ بہ روزِ بد
الحق ستودہ دولت و راہی گذاشتی

یعنی مسعود کے بھتیجے ملک شاہ بن محمود بن محمد بن ملک شاہ کے متعلق تلمیح ہے اور وہی اب جانشین ہوا تھا اس لئے شاعر آخری بند میں کہتا ہے:

شاہِ جہان ملک شہِ محمود را شناس
صاحب قران ملک شہِ محمود را شناس
شاہان و خسرو ان ہمہ کان بودہ اندو پس
یاقوت کان ملک شہِ محمود را شناس
سلطان غیاثِ دولت و دین جانِ پاک بود
آرامِ جان ملک شہِ محمود را شناس
بیش از یقین ملک شہِ محمود راشمر
بیش از گمان ملک شہِ محمود را شناس



Marfat.com

در ملکِ عزّو دولت و جاہِ ابدہمی
تو جاودان ملک شہِ محمود را شناس

یعنی غیاث الدین ابوالفتح مسعود کے انتقال پر مغیث الدین ملک شاہ ابن محمود تخت نشین ہوتا ہے اور اس کے تخت نشین کرانے میں کسی معین الدین کو اپنی جان کی قربانی دینی پڑتی ہے۔ اس کا مرثیہ بھی بطور ترجیع بند موجود ہے۔

ماہِ تمامِ ملک بہ زیرِ نقاب شد
آب حیاتِ شرع دریغا سراب شد
سروی زبوستانِ معانی فرونشست
برجی ز آسمانِ معالی خراب شد
کوری بکرد مردمکِ چشمِ مردمی
چون پیر پیکرسیت گرفتارِ خواب شد
بگری تمام ملک بسی کز فراق او
در سنگ خارہ دیدۂ آتش سراب شد
حقا کہ برفلک دلِ روز از غمش بسوخت
واللہ کہ در ہوا جگرِ شب کباب شد
با شاہ گفتہ بود کہ جانم فدات باد
بود آن دعا بہ دل کہ یکی مستجاب شد
بر اخترانِ ملک بسی شکر واجب ست
کان مہ فدای حضرتِ این آفتاب شد
از دل معینِ دولت و دین جان بہ شاہ داد
مزد خدایگانِ بزرگان بزرگ باد

یہ سات سات شعر کے پانچ بند ہیں۔ لیکن ہم صرف ضروری اشعار یہاں نقل کرتے ہیں۔



Marfat.com

گر کوه و سنگ و گل بمثل دیده داردی
بر تربتِ مبارکِ او خون بباردی
شاهی بنالدی و ممالک بگریدی
مردی بخوابدی و جوانی بنالدی
منت خدای راکه ملک شاه ما بیافت
آن آرزو که در دلِ اسکندر اوفتاد
پای امیر اگر فلک از جای خویش برد
چون شاه عالمش خضری برسر اوفتاد

آخری بند یہ ہے:

دایمِ علاء دولت و دین کامگار باد
عمرِ درازِ او، مددِ روزگار باد
گر سوده شد نگینی در خاتمِ جلال
تاجِ سرِ ملوکِ جهان یادگار باد
گر تیره گشت ماهی از سایهٔ زمین
خورشیدِ ملک در کنفِ کردگار باد
ورخشک شد نهالی درباغ مملکت
اصلش همیشه سبز و تر و میوه دار باد
ورچشمهٔ فرو شد الحق دریغ بود
بحر هزار چشمه گهر در کنار باد
مخدوم زادگان و بزرگان که حاضر ند
هر یک درین ثواب برین بادسار باد
چشمِ همه به صورتِ این برق ریز هست
ملکِ همه به دولتِ او برقرار باد



Marfat.com

یہاں شاعر نے "مخدوم زادگان" کا ذکر بھی کیا ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس امیر معین الدین کے بیٹوں اور دوسرے اکابر (بزرگان) کی موجودگی میں یہ ترجیع بند پڑھا گیا ہوگا۔ تاریخ سے نہیں معلوم ہوتا کہ یہ امیر کون تھا۔ ممکن ہے کہ وہ بوزابہ ہو جو ۵۴۲ھ۔۱۱۴۷ء میں اسی کی کوشش کی وجہ سے سلطان مسعود سے جنگ کرنے میں قتل کیا گیا تھا' اور چونکہ وہ آرزو (یعنی تخت نشینی کی تمنا) اب پوری ہوئی تھی اس لئے وہ پرانا غم یاد ہوگا۔(۱۱۳)

راحت الصدور (ص۲۵۱) میں ہے کہ "(سلطان ملک شاہ بن محمود) آسائش و آرایش عظیم داشت و بہ لہو و طرب عمری گذاشت بہ پادشاہی غرور و مملکتی از مزاحم دور' و سید اشرف (حسن) این قصیدہ (ترجیع بند) بہ تہنیتِ ملک در حقِ او گفت و بہ روزِ بار (یعنی در رجب ۵۴۷ھ۔اکتوبر ۱۱۵۲) برخواند" (یعنی ہمدان میں پڑھا ہوگا اور اغلب ہے کہ اوپر والے ترجیع بند بھی وہیں پڑھے ہوں)۔

صبحِ ملک از مشرقِ اقبال سر بر می زند
نورِ خورشیدش علم بر چرخِ اخضر می زند
ہر نفس گردون غرامتہای دیگر می کشد
ہر زمان دولت بشارتہای دیگر می زند
آسمان روی زمین را حسنِ جنت می دہد
مشرقِ صحنِ جہان را آبِ کوثر می زند
چرخ گوئی چترِ مروارید می سازد بہ شب
پس بہ روز از ماہ و زہرہ زرّو زیور می زند
زرگرِ قدرت زسیمِ ماہ و زرِّ آفتاب
از پیِ سلطان ملک شہ تخت و افسر می زند
دست ضرّابِ طبیعت بر نشاطِ نامِ او
بردمِ طاؤس پنداری کہ ہم زر می زند



Marfat.com

ای جہان از فتنہ باصد سال دیگر ایمنی
زان کہ از رنگِ ملک شہ بوی سنجر می زند
منت ایزد را جہاں فرّ ملک شاہی گرفت
بانگِ نام دولتش از ماہ تا ماہی گرفت

سات سات شعر کے یہ پانچ بند ہیں۔ چوتھے بند میں شاعر کہتا ہے:

خسروا گفتم سپہر امکان شوی اینک شدی
پادشاہِ جملۂ گیہان شوی اینک شدی
در ممالک کوس اسکندر زنی اینک زدی
در مظالم جانِ نوشروان شوی اینک شدی
از رخِ دنیا گلِ دولت چنی شاہا چدی
بر تنِ امکان سر احسان شوی اینک شدی
طالعِ میمونِ تو بحکم ہمایون کردہ بود
'کآفتابا' سایۂ یزدان شوی اینک شدی
بر درِ بغداد گفتا خواجہ ام برہانِ دین
کای ملک تا پنج مہ سلطان شوی اینک شدی
از ملک شہ جدّ خود چون یاد کردی بخت گفت
خسروا واللہ کہ صد چندان شوی اینک شدی
منت ایزد را جہان فرِّ ملک شاہی گرفت
بانگ نام دولتش از ماہ تا ماہی گرفت

اس بند میں خواجہ برہان الدین دراصل وہ بزرگ ہیں جن کی خدمت میں سنائی نے اپنا حدیقہ رائے لینے کے لئے بھیجا تھا اور ان کے نام حدیقہ کے آخر میں منظوم خط ہے ان کا پورا نام مع القاب اس میں یہ ہے۔ "امام برہان الدین ابوالحسن علی بن ناصر غزنوی المقلب بہ بریان گر"۔ شاعر اس بند میں کہتا ہے کہ امام برہان الدین نے مجھ سے بغداد میں کہا تھا کہ



Marfat.com

اے بادشاہ تو پانچ ماہ میں سلطان ہو جائے گا۔ اور ایسا ہی ہوا۔ اس سے معلوم ہو تا ہے کہ کم از کم پانچ ماہ قبل (یا کچھ اتنی ہی مدت پہلے) امام برہان الدین بغداد میں زندہ تھے اور شاعر سے پھر ملاقات ہوئی تھی۔ بہر حال ملک شاہ بن محمود کی تخت نشینی پر وہ ترجیع بند پڑھا گیا تھا یہ ممدوح صرف چار ماہ یعنی رجب ۵۴۷ھ اکتوبر ۱۱۵۲ء سے شوال ۵۴۷ھ جنوری ۱۱۵۳ء تک ہمدان میں حکمران رہا۔

عراق کے قیام کے دوران میں یعنی بغداد سے ہمارا شاعر سنجر کی مدح میں ایک قصیدہ خراسان (نیشاپور) کو بھیجتا ہے۔ اس کے کچھ اشعار یہ ہیں:

ہر نسیمی کہ بمن بوی خراسان آرد
چون دمِ عیسیٰ در کالبدم جان آرد
دلِ مجروحِ مرا مرہم راحت سازد
جانِ پُر دردِ مرا سایۂ درمان آرد
خسروِ اعظم سلطانِ سلاطین سنجر
کآن چہ خواہد بہ ضرورت فلکش آن آرد
"شاہ سنجر" بہ خطِ نور نویسد خورشید
چون زر از صلبِ عدم در رحمِ کاں آرد
خسروا حاجتم این ست کہ ایزد بہ کرم
بازم اندر کنفِ سایۂ یزدان آرد
بجلالِ تو کہ گردون ہمہ عالم برمن
بی جمالِ تو ہمی تنگ چو زندان آرد
ہیچ ابری نہ جہد از طرف نیشا پور
کہ ازیں دیدہ بہ بغداد نہ باران آرد
من نہ دارم طمعِ آن کہ بجوید شاہم
یا حدیثم بہ زبانِ گہر افشان آرد



Marfat.com

لیک در خاطرم آید کہ دبیرِ خاصہ
نام این گم شدہ در اولِ فرمان آرد
دُر بیارم' اگرم شاہ زپستیِ عراق
ابر کردار بہ بالای خراسان آرد
لا اری الھد ھد اگر رنجہ شود ہد ہد پیر
مژدۂ تخت و عروسی بہ سلیمان آرد (۱۱۴)

اس قصیدے سے صاف ہے کہ شاعر بغداد سے سنجر کو یاد کر رہا ہے جیسا کہ اس نے حج اور زیارت کے بعد بھی کیا تھا۔ آخر شعر میں خود کو "پیر" (ضعیف) ظاہر کیا ہے اور یہ بھی حقیقت کہ وہ اب تک کافی معمر ہو چکا ہو گا۔

## خراسان کو واپسی

اس کے بعد ہمارا شاعر خراسان کی طرف روانہ ہوا ہو گا اور اسی زمانے میں اس نے اپنے قدیم ممدوح بہرام شاہ غزنوی کے متعلق سنا ہو گا کہ ۵۴۷ھ۔ ۱۱۵۲ء میں سنجر اور علاء الدین حسین "جہان سوز" غوری کی جنگ میں موخر الذکر کی قید پر اسے غزنین پر پھر قبضہ مل چکا ہے۔ چنانچہ اس نے یہ قصیدہ اسی زمانے میں لکھا ہو گا۔

آخر دلم بہ آرزوی خویشتن رسید
زانچ از خدای خواستہ بودہ بہ من رسید
آن مہ کہ کرد طوفی سوی شرف شتافت
و آن گل کہ رفت سالی نزد چمن رسید
دل رفتہ بود و جان شدہ منّت خدای را
کآن دل بہ سینہ آمد و آن جان بہ تن رسید
خوش خوش کشادہ بلبل مردہ چو گل سخن
کآن طوطی شکر لب شیرین سخن رسید



Marfat.com

شاہی کہ از نہادِ کمند زرہ ورش
باطبع آفتاب شکن در شکنِ رسید
نقاش صنعِ چہرۂ خوبش ہمی نگاشت
بی کار شد چو کاز بہ شکل دہن رسید
در بوستانِ حسنش بنگر کہ چون بہ وقت
نو بادۂ بنفشہ ز برگِ سمن رسید
گفتم ز نقل دانِ لبش بادۂ چشم
چون بر سمن بنفشۂ نو بر شکن رسید
بر شادی رسیدن شاہی کہ بردنش
از جان ندای اذھب عناالحزن رسید
بہرام شاہ شاہ کہ در ملک او رساد
آنہا کزو بہ بندۂ مسکین حسن رسید (۱۱۵)

دوسرے شعر میں ع وال گل کہ رفت سالے نزد چمن رسید۔ سے صاف ظاہر ہوتا ہے کہ بہرام شاہ کم از کم ایک سال باہر رہا ہے۔ تب کہیں خوشی حاصل ہوئی ہے اور ع از جان ندای اذھب عنا الحزن رسید۔ یہ موقع اس کی سلطنت کے زمانے میں یہی تھا۔ جبکہ علاءالدین "جہان سوز" غوری سے وہ شکست کھا کر بھاگ گیا تھا۔ اور اب موخرالذکر کی قید پر پھر غزنین پر قابض ہوا ہے۔ اس کی تفصیل ہم تاریخ "بہرام شاہی" میں دے چکے ہیں۔

معلوم ہوتا ہے کہ شاعر خراسان پہنچ کر سنجر سے پھر مستفیض نہ ہو سکا۔ کیونکہ پھر اس کی مدح میں کوئی اور قصیدہ نہیں ملتا لیکن مرو کے ایک امیر جمال الدین محمد کے دربار سے وابستہ نظر آتا ہے۔ اس کی مدح میں ایک قصیدہ یہ ہے:

چو دولت رفت بر تختِ امارت
مہِ تاجش پذیرفت استدارت



Marfat.com

وزیر چست مخل و شہم مقبل
کہ باشد درہمہ کارش مہارت
بسازد کارِ عقبیٰ از کفایت
بگیرد نامِ دنیا از حقارت
بہ عزّت ماہِ گردونِ سعادت
بہ گوہر دُرِّ دریای طہارت
خرد راگفت کای نقادِ مردان
کجا و در کہ دیدی این امارت
گر از صدری چنینم مژدہ گیری
دہم ملکیت حق این بشارت
خرد مسکین درین خدمت فرو ماند
فتاد اندر نمازِ استخارت
ز رای پیر و از عقل جوان ہم
نمود الحق درین باب استشارت
سعادت کردش از دنبالۂ چشم
بہ مولانا جمال الدین اشارت
خجستہ حاتم طائی محمدؐ
کہ جودش ملکِ کانہا کرد غارت
چو از مکہ شدم سوی مدینہ
خدایم داد توفیق زیارت
بپای داد جدّم مصطفیٰ خوب
بہ دستوری رسانیدم سفارت



Marfat.com

پیام آن ست کای شائستہ فرزند
کہ بادا بحر را علمت غزارت
فرو شو نزد آن آزاد مردی
کہ دارد در جوان مردی بصارت
بگو کای خواجۂ مقبول مقبل
غلامانت سزاوار امارت
بنای عمرِ تو معمور بادا
کہ کردی روضۂ مارا عمارت
بجز از مال فانی جاہِ باقی
کہ میمون باد بر تو این تجارت(۱۱۶)

اس انتخاب کے گیارہویں شعر سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ قصیدہ شاعر نے حج وزیارت کے بعد لکھا تھا۔ اور سولہویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ اس ممدوح نے مدینہ طیّبہ کے حرم کی کچھ تعمیر میں حصہ لیا تھا۔ پہلے 'دوسرے اور پانچویں شعر سے ممدوح...... جمال الدین محمد کے متعلق معلوم ہوتا ہے کہ وہ وزیر یا امیر (سنجر کا؟) تھا۔ اس امارت کی بشارت ایک دوسرے قصیدے میں جو مذکورہ بالا قصیدے سے پہلے لکھا گیا ہوگا (گو کہ برٹش میوزیم والے مخطوطے میں یہ دوسرا قصیدہ پہلے کے ساتھ ہی ہے۔ اور بطور مطلع ثانی کے شروع ہوتا ہے) اس طرح ملتی ہے:۔

صبا دوش آمد و دادم بشارت
کہ خیز ای ذرّۂ دریای طہارت
بدہ مژدہ کہ از ابرِ کرم یافت
نہالِ باغ امیدم نضارت
چو نیک و بد نہ دانستم درین باب
فتادم در نمازِ استخارت



Marfat.com

زرای پیر و از بختِ جوان نیز
درین معنی نمودم استشارت
ظهیرِ دولت و ملت محمد
کہ دارد در جوان مردی مہارت
گر از خورشید رایش تافتی ماہ
بماندی تا ابد در استنارت
ہزاران خادم و شاگرد ہستش
کہ کمتر شان منم با این حقارت
ولیکن راستی داند کہ چون تو
نہ بود ست و نہ باشد در سفارت
زہی اندر فنون و علم و حکمت
شدہ چون ہردِ یک فن در غزارت
مبارک روی محمودت بود زود
کہ بر ملکت بحق یابد امارت
حدیثی نیست رسمی آن چہ گفتم
کہ در سیماش دیدم این اشارت
مجیر من تو بس باشی کہ دارم
بہ مہرت خانۂ دل را اجارت
چو لالہ سرخ رویم کن ہمادان
کہ کردی روضۂ جدّم زیارت (۱۱۷)

اشعار ۱'۲'۱۰'۱۱ سے ممدوح کو "امارت" ملنے کی "بشارت" دی گئی ہے وہ گویا دعا ہو گی جس کے قبول ہونے پر اسے وہ عہدہ مل گیا ہو گا' جس کا ذکر پہلے قصیدے میں ہو چکا ہے۔اسی



Marfat.com

جمال الدین ظہیر الدولہ محمد کی مدح میں ایک اور قصیدہ ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ مرد شاہجان میں ہے۔

اے صبا طوف درگلستان کن
ہم دمی با ہزار دستان کن
راز برگہای سوسن گوی
ناز بر شاخہای ریحان کن
چون رسیدی بدان ہمایون صدر
خدمت و بندگی فراوان کن
چون شدی تازہ و خوش و خرّم
روی میمون بہ مرو شہجان کن
حضرتِ عالیِ جمالی را
خوش تر از بارگاہِ رضوان کن
یا رب او راکہ دارد استحقاق
صاحب جملۂ خراسان کن (۱۱۸)

اسی زمانے میں ایک ممدوح "رئیس دین" ہوں گے جو شاعر کے ساتھ حج میں تھے۔

الکی الکفاتِ مشرق و مغرب رئیس دین
کآمد فلک بہ زیر و محلّش زبر نشست
چون خیزران دو تاشد تا پای ہمتش
بر پشتِ قبۂ فلکِ شیشہ گر نشست
وی چون ز شرط سوی حرم شد کریم وار
گاہی دوسر براسپک خاصم مگر نشست
آری نہ سیدی کہ سواری براق بود
بر لاشۂ برہنہ بس مختصر نشست (۱۱۹)



Marfat.com

ان ممدوحین کی مدح چونکہ شاعر نے اپنے حج (۵۴۶ھ۔۱۱۵۱ء) کے بعد کی ہے اس لئے ظاہر ہے کہ وہ زمانہ ۵۴۸ھ۔۱۱۵۳ء کے اوائل سے پہلے نہ ہو گا۔ کیونکہ حج کے بعد شاعر بغداد کو جاتا ہے۔ اور سلطان مسعود سلجوقی کا مرثیہ ۵۴۷ھ۔۱۱۵۲ء میں لکھتا ہوا پایا جاتا ہے اور پھر ہمدان میں سلطان ملک شاہ بن محمود کی تخت نشینی (رجب ۵۴۷ھ۔اکتوبر ۱۱۵۲ء) پر ایک ترجیع بند پڑھتا ہے۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ وہ ۵۴۸ھ۔۱۱۱۳ء کے اوائل تک خراسان پہنچا ہو گا۔ اور کچھ عرصہ کے بعد سنجر کی قید پر (جمادی الاول ۵۴۸ھ۔اگست ۱۱۵۳ء) غزّ ترکوں کے فتنے کا تماشا دیکھا ہو گا۔

میرا خیال ہے کہ انھیں غزّوں کے اس فتنے اور خراسان کی بدحالی کی وجہ سے ہمارا شاعر مرو سے خوارزم کو نکل جاتا ہے اور وہاں اتسز (م ۵۵۱ھ۔۱۱۵۶ء) کی مدح اسی زمانے میں کرتا ہے۔

دیدم بخواب دوش براقی ز نورِ جان
میدانش نہ ولیکن جولانش بی کران
بالای او وجود و ہم او طایراز وجود
پہنای او مکان و ہم او فارغ از مکان
مریخ روز و تیر ذکا و زحل رکاب
خورشید زوی و زہرہ نشاط و قمر عنان
گفتم کہ این براق چہ و این فرشتہ کیست
دولت چہ گفت ؟ گفت کہ آگہ شو و بدان
واللہ کہ آن براق ملک و آن فرشتہ ہست
خوارزم شاہ اتسزِ شاہِ جہان ستان
دادہ فلک عنانِ ارادت بہ دستِ او
یعنی کہ مرکبم بہ مرادِ خودت بران



Marfat.com

خواہی ببند کار جہان خواہ برکشای

خواہی بدار گنج زمین خواہ برفشان

ای بر ہزار میر و ملک تاج و افتخار

دی تا دویست جد و پدر شاہ و پہلوان

ہم کار من بخدمت تو گشت منتظم

ہم نامِ تو بہ مدحتِ من ماند جاوداں (۱۲۰)

اس قصیدے کے سال تصنیف کو متعین کرنے کے لئے کہ وہ اسی زمانے میں لکھا گیا ہوگا۔ ہم پہلے تو یہ کہیں گے کہ وہ ۵۳۶ھ کے بعد لکھا گیا ہوگا۔ کیونکہ ہمارے شاعر کے یہاں (ابو محمد) عبدالجبار بن عبدالجبار بن محمد ثابتی الخرقی کی مدح میں بھی ایک قصیدہ ملتا ہے۔ یہ ان علماء میں سے تھے جن کو اس سال مرو سے اتسز اپنے ساتھ (ابن الاثیر۔۱۱: ۴۰) خوارزم کو لے گیا تھا اور اسی سال سے اتسز کی طاقت بہت بڑھ گئی تھی۔ اور قصیدے میں ع خوارزم شاہ اتسز شاہ جہان ستان۔ سے بھی ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ اتسز کی خود مختاری کے بعد لکھا گیا ہوگا۔ لیکن اسی زمانے میں یعنی ۵۳۶ھ کے قریب بھی نہیں لکھا ہوگا۔ کیونکہ شاعر اس وقت خراسانی ممدوحین اور بالخصوص ابو القاسم زید بن الحسن "نقیب النقبا خراسان" کے دربار سے متعلق نظر آتا ہے اور اس کے متعلق ہم اوپر لکھ بھی چکے ہیں۔ پھر ابو الحسن عمرانی کی مدح کرتا ہوا پایا جاتا ہے جو "نقیب النقبا" کی طرح رے سے متعلق ہے اور ۵۴۰ھ کے قریب گذرا ہے۔ ۵۳۹ھ میں وہ اصفہان میں علی بن عثمان کی مدح میں بھی مصروف ہے اور ۵۴۰ھ میں تاج الدین ابو طالب کی مدح کر کے ۵۴۱ھ کی بہار تک وہ غزنین آجاتا ہے اور وہیں ۵۴۵ھ تک پایا جاتا ہے۔ پھر اسی سال حج کے لیے روانہ ہوتا ہے اور ذی الحجہ کے ماہ میں حج کر کے مدینہ طیبہ ہوتا ہوا بغداد پہنچتا ہے وہاں ۵۴۷ھ میں سلطان مسعود سلجوقی کا مرثیہ لکھتا ہے اور ہمدان میں ملک شاہ بن محمود کی تخت نشینی پر ترجیع بند پڑھتا ہے اور ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ وہ ۵۴۸ھ میں خراسان کو واپس ہوتا ہے۔ غرض کہ ظاہر ہے کہ وہ خراسان



Marfat.com

کی بدحالی دیکھ کر اسی سال وہاں سے خوارزم روانہ ہوا ہوگا۔ کیونکہ اس وقت وہی ایک دربار شعرا کے لئے طمانیت بخش ہو سکتا تھا۔

اتسز کے علاوہ خوارزم میں ہمارے شاعر نے (ابو محمد) عبدالجبار بن ثابتی الخرقی کی کسی بیماری سے صحت یابی پر ایک قصیدہ لکھا تھا۔

ای مبارک ترِ عشقت ز سعادت بسیار
وی گرامی ترِ و صلت ز جوانی صد بار
عقل در عمر نیابد ز تو چابک تر دوست
وہم در خواب نبیند ز تو زیبا تر یار
عاشقِ عشقِ تو زانم کہ اگر مردہ شوم
پس صد سال مرا زندہ کنی عیسیٰ وار
ناردانی شدہ اشکِ منِ و ہم نیست شفا
دردِ دِل راچہ تشفا بود از آبِ انار
چون بہ عنابِ لبت روی بہی نیست مرا
تاچہ خود چشمِ مرا چشمِ تو دارد بیمار
مرضِ چشمِ من و چشمِ تو کاری ست بزرگ
خیز بر صحتِ مخدومِ جہان مژدہ بیار
مرکز جود و سپہرِ ہنر و عمدہ جاہ
صدر با حشمت و با مرتبہ عبدالجبار
آفتابی کہ عجب بنود اگر از رایش
انجم چرخ ہمہ ہدیہ دہد چون اثمار
ای شگفتہ ز بہارِ تو بہارِ دولت
معتدل باد مزاجت ہمہ سال بہار



Marfat.com

چرخ گر کرد گنہ، کرد ہم استغفاری

بی شک آرد بہ تو شکرانۂ آن استغفار

رنج بیماری ازین عارضہ دیدی تو و باد

کوکبِ بختِ تو تا صبح قیامت بیدار

اس قصیدے میں میں عبدالجبار کو "صدر" کہا ہے۔ اگر وہ اتسز کا وزیر نہ بھی رہا ہو تب بھی اس لفظ سے اسے قاضی یا محض عالم سمجھنے میں بھی کوئی حرج نہیں ہے۔ کیونکہ اسی زمانے میں اس کا اطلاق اس معنی (۱۲۱) میں بھی ہوا کرتا تھا۔ چنانچہ ظاہر ہے کہ یہ قصیدہ اسی عبدالجبار کے متعلق ہے جس کو اتسز اپنے ساتھ مرو شاہجان کی فتح (۷ اربیع الاول ۵۳۶ھ) پر خوارزم کو لے گیا تھا۔ ایرانی فاضل عباس اقبال نے حدایق السحر کی تعلیقات (ص ۱۱۳ بعد) میں اس کا ترجمہ دیا ہے لیکن مخدومی پرنسپل محمد شفیع صاحب نے اورینٹل کالج میگزین (فروری ۱۹۳۲ء ص ۴۷ بعد) میں اور پھر تتمہ صوان الحکمہ (عربی ۱۹۳۵ء ص ۲۱۱) میں صحیح طور پر ثابت کردیا ہے کہ یہ "الفیلسوف بہاء الدین ابو محمد عبدالجبار بن عبدالجبار محمد ثابتی الخرقی" ہے جو "شافعی علماء" میں سے ہے اور بقول سبکی (طبقات الشافعیۃ الکبریٰ) وہ ۴۷۷ھ میں پیدا ہوا اور ۵۵۳ھ میں انتقال کیا۔ (۱۲۲)

اتسز اور عبدالجبار کے متعلق صرف ایک ایک قصیدہ ملتا ہے اس لئے خیال ہوتا ہے کہ خوارزم میں زیادہ قیام نہ رہا ہوگا۔ اور وہاں وطواط کی موجودگی میں رہتا بھی کیوں کر جب کہ ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ہمارا شاعر غزنین ہی میں (دو قصیدوں میں) وطواط کے متعلق حسد سے کہہ چکا تھا:

بسانِ طوطی چون طبعِ من شکر خاید

زرشک گیرد وطواط را روان آتش

(درمدح بہرام شاہ)

زنہار چو وطواط و عمادیم مپندار

کافسوس بود عیسیٰ با خر بجوالی

(درمدح خسرو شاہ بن بہرام شاہ)



Marfat.com

یہ زمانہ جیسا کہ ہم اوپر لکھ چکے ہیں خراسان والوں کے لئے بہت سخت تھا۔ ہر جگہ غز ترکوں نے اپنا فتنہ پھیلا دیا تھا۔ تاریخ ابن خلدون (ترجمہ۔ ج ۱۴: ص ۲۰۰ بعد) میں ہے کہ سنجر کی گرفتاری پر اس کا وزیر ناصر الدین طاہر بن فخر الملک دوسرے امرا کے ساتھ مرو سے نیشا پور پہنچا۔ وہاں سلیمان شاہ بن محمود کو بلوا کر سریر حکومت پر متمکن کیا۔ اور ۱۹ جمادی الآخر ۵۴۸ھ میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ پھر خراسانی لشکر نے مل کر ترکوں کے خلاف مرو کے باہر صف آرائی کی۔ لیکن ہار گئے چنانچہ طوس اور پھر نیشاپور میں (ماہ شوال) ترکوں نے اپنا مشہور جدال و قتال اور قیامت کا نمونہ پیش کیا۔ اسی واقعہ سے متاثر ہو کر انوری نے خراسان کو خونین داستان Tears of Khorasan (یعنی ع بر سمرقند اگر بگذری ای باد سحر ...... الخ) لکھی تھی پروفیسر براؤن نے (ج ۲۔ ص ۳۸۶) اس کا سال ۵۵۰ھ لکھا ہے اور یہ بھی لکھا ہے کہ Kirkpatrick کا خیال ہے کہ انوری نے وہ اشعار سمرقند کے حاکم محمد بن سلیمان کے لئے لکھے تھے۔ لیکن پروفیسر شیرانی صاحب کا خیال (تنقید شعر العجم۔ ص ۲۴۳) صحیح ہے کہ وہ سنجر کے بھانجے رکن الدین محمود خان بن ارسلان خان محمد (بن بغرا خان) کے نام بھیجے گئے ہوں گے۔ ان فضلا کا یہ خیال بھی ہے کہ یہ سفارت نامہ ۵۵۰ھ کے درمیان بھیجا گیا ہو گا۔ لیکن میں نے (معارف۔ ستمبر ۴۲ء ص ۲۱۲) لکھا تھا کہ وہ ۵۴۸ھ کے فوراً بعد ہی بھیجا گیا ہو گا کیونکہ اس سال کی مصیبت ایسی نہ تھی کہ دو تین سال کے پہلے اس کے خلاف جوش نہ پیدا ہوتا۔ میرا یہ خیال اب صحیح نکلا جبکہ تاریخ ابن خلدون (ج ۱۴۔ ص ۲۰۲) سے معلوم ہوا کہ ماہ شوال ۵۴۸ھ میں ناصر الدین طاہر کے انتقال پر سلیمان شاہ نے اس کے بیٹے نظام الملک دوم (قوام الدین حسن؟) کو اپنا وزیر بنایا لیکن ترکوں کے مقابلے کی ہمت نہ تھی اس لئے سلیمان شاہ عاجز ہو کر صفر ۵۴۹ھ میں جرجان چلا گیا تو ارکین دولت نے رکن الدین محمود خان کو سمرقند سے بلوایا اور شوال ۵۴۹ھ میں اس کے نام کا خطبہ پڑھا گیا۔ اس وقت غز ترک ہرات کا محاصرہ کئے ہوئے تھے۔ کئی لڑائیاں ہوئیں۔ آخر انھوں نے جمادی الاول ۵۵۰ھ میں وہاں کا محاصرہ اٹھا لیا اور مرو کو چلے گئے۔ نیشا پور وغیرہ پر



Marfat.com

ید آمی آبہ نے قبضہ کر لیا تھا۔ آخر رجب ۵۵۰ھ میں محمود خان اور ترکوں کے درمیان صلح
ہو گئی۔ لیکن چونکہ اسے ترکوں سے کھٹکا لگا ہوا تھا اس لئے وہ اپنی قدیم دوستی کی بنا پر اتسز
بن محمد خوارزم شاہ (المتوفی ۵۵۱ھ) سے مشاورت اور مصالحت کے لئے نیشاپور سے
خبوشانِ استوا (قوچانِ حالیہ) میں آکر ملاقات کرتا ہے (مقدمہ حدائق السحر ح۔ن) اور
اس ملاقات کا زمانہ تین ماہ کا طول کھینچتا ہے جبکہ ۵۵۱ھ کے اوائل میں وہیں سنجر کی رہائی کی
خبر ان کو معلوم ہوتی ہے۔

سنجر کی وفات (۱۲۳) (دوشنبہ ۱۴ ربیع الاول ۵۵۲ھ) پر محمود خان دوبارہ تخت نشین
ہوتا ہے اور ہمارا شاعر غالباً اسی زمانے میں اس کی مدح میں کئی قصیدے لکھتا ہے کیونکہ
محمود خان کا پہلا دور ۵۴۹ھ تا ۵۵۰ھ جیسا کہ ہم دیکھ چکے ہیں ایسی پریشانیوں سے پر تھا کہ
اس وقت شعر و شاعر کی قدر دانی مشکل تھی۔ بہر حال اس کی (دوبارہ) تخت نشینی پر سید
حسن ایک طویل قصیدہ لکھتا ہے جس کے کچھ اشعار یہ ہیں:

وقت آنست کہ مستان طرب از سر گیرند (۱۲۴)
طرّۂ شب ز رخ روز ہمی بر گیرند
راویان ہر نفسی تہنیتی نو گویند
مطربان ہر کرتی پردۂ دیگر گیرند
ترک این گنبد نہ پوشش گردان گویند
کم این خانۂ پر روزنِ بی در گیرند
خوش و خرم بنشینند چو خاقان محمود
یادِ اقبالِ شہِ عالم سنجر گیرند
دو فلک تخت کہ شان در عددِ تاج وران
اوّلِ خسرو و ثانیِ سکندر گیرند



Marfat.com

که گمان برد که پیری و جوانی شب و روز
رایت رای مبارک زمه و خور گیرند
یا که دانست که هرگز پدری و پسری
فرّ داوُدؑ و سلیمانؑ پیمبر گیرند
گر پدر بحرِ محیط ست پسر عنبر اوست
ساحلِ بحر به بودی دمِ عنبر گیرند
ور پدر کوهِ عظیم ست پسر گوهر اوست
خاتم از کوه نه گیرند ز گوهر گیرند
ور پدر چرخِ رفیع ست پسر اخترِ اوست
تابش از چرخ نه گیرند ز اختر گیرند
خه خه ای شاهِ زمانه که هزارت شمرند
هم به امر تو چو اندازهٔ لشکر گیرند
زور و زر هست همه تاج وران را لیکن
نامِ محمود و محمدؐ همه در زر گیرند
صبح وشام از چه شود روشن و تاریک از انک
تاج و چترت را بر دیده در برگیرند
ملاء اعلیٰ چون خطبه به نامت شنوند
هفت گردون را چون پایهٔ منبر گیرند
مخنت گاهی در ذمت شاهان بنهند
خلقت روزی بر قامت قیصر گیرند
قدسیان بانگ برآرند به تکبیر سبک
فتح نامت چو کبوتر همه در پر گیرند



Marfat.com

تازی و پارسی معجزم از باغ علوم
خشک خاری ست کہ در شاخ گل تر گیرند

اوپر کے دوسرے شعر میں "تہنیت" ہے اور چودھویں شعر میں "خطبہ" پڑھے جانے کاذکر ہے یعنی یہ اشعار محمود خان کی تخت نشینی پر لکھے گئے ہوں گے یا شروع شروع میں تو ضرور لکھے گئے ہوں اسی لئے اپنی عربی دانی کا تعارف بھی آخری شعر میں ہے تیرہویں شعر میں سلجوقی سفید تاج اور سیاہ چتر کی حسن تعلیل موجود ہے۔پانچویں سے بارہویں شعر تک محمود خان کے والد محمد خان کے متعلق ذکر ہے۔ یعنی وہ اس عہد تک زندہ تھا۔ یہ بات ہم کو پہلی بار یہیں سے معلوم ہوتی ہے۔ابن الاثیر طبع لیڈن (ج ۱۱۔ ص ۵۴ بعد) اور ابن خلدون (ترجمہ۔ج ۱۲۔ ص ۱۳۱۷ اور ج ۱۴۔ ص ۱۸۳) وغیرہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ارسلان خان محمد کا ایک لڑکا بغراخان ایک درباری شخص شریف علوی محمد ابو شجاع کے ورغلانے میں آکر اپنے باپ کے خلاف ہو گیا۔ باپ نے بیٹے کو اور اس شخص کو قتل کر دیا۔ جس سے ان کے حمایتی ترک ( قارغلیہ) نے اس کے خلاف بغاوت کی۔ اس نے سنجر سے مدد مانگی۔ اور سنجر نے ۵۲۴ھ میں ان ترکوں کو بھگا دیا۔ لیکن سنجر کو چند ایسے اشخاص ملے جنھوں نے غلط یا صحیح یہ کہا کہ ارسلان خان محمد نے اس (سنجر) کے قتل کے لئے ان کو مقرر کیا ہے۔اس بات پر سنجر کو غصہ آیا اور اس نے ارسلان خان کو بلخ میں قید کرا دیا جہاں اس کا انتقال ہوا۔ یعنی ۵۲۴ھ میں وہ قید ہوا اور ابن خلدون (۱۴: ص ۱۸۳) سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ۴۹۴ھ میں سنجر نے اس کو دوبارہ ترکستان کا حکمران بنایا تھا۔ یعنی اس وقت سے اب تک وہ اگر زندہ بھی رہتا تو بہت زیادہ عمر ہوتی۔ یعنی ۵۵۲ھ میں (جس کے پہلے یہ قصیدہ نہ لکھا گیا ہو گا) وہ بہت ہی زیادہ معمر ہوتا۔ اور پھر بلخ کی قید میں اس کے انتقال کا معاملہ رہ جاتا ہے۔ اس لئے میرا خیال ہے کہ محمود خان اس کا بیٹا نہیں بلکہ پوتا ہو گا اور مزید تائید اس خیال کی اس طرح ہو جاتی ہے کہ سید حسن کے شاگرد نے مقدمہ میں اس کا نام "محمود خان بن محمد بن بغراخان" لکھا ہے۔ محمود خان کے اس ابتدائی عہد کے متعلق ایک اور قصیدہ ہے۔



Marfat.com

فسانہ گشت بہ یک بار داستانِ کرم
بریدہ شد پیِ حاجت نہ آستانِ کرم
برون ز قبۂ مینا ست بارگاہِ وفا
ورای خانۂ عنقاست آشیانِ کرم
بہ بوی فضل و کرم خانماں رہا کر دم
کہ روی فضل سیہ باد و خانمان کرم
عجب مدار کہ شد تند خاطرِ تیزم
کہ تیغ خاطر چوبی ست از فسانِ کرم
بہ آب و دانہ چو من بلبلی نپردازم
اگر نہ بودی پژمردہ بوستانِ کرم
زحد ببردم، نی نی ہنوز سرمست ست
ز جامِ جود و سخا طبعِ شادمانِ کرم
ہنوز قاعدۂ ہست در وجود ہنر
ہنوز منطقۂ ہست بر میانِ کرم
بہ فرِ دولتِ خاقان جلالِ دولت و دین
کہ نوکِ خامۂ اوہست ترجمانِ کرم
کریم عادل محمود بن محمد آن
کہ ہست غایتِ سوگند او بجانِ کرم
ہزار منتِ حق را کہ خطبہ و سکہ
بہ نامِ مجلس اعلاست درجہانِ کرم

آخر شعر میں پھر صاف کہا ہے کہ محمود خان بن محمد کے نام خطبہ پڑھا جاتا ہے اور یہ بھی کہ سکے اس کے نام سے رائج ہیں۔ چنانچہ خیال ہوتا ہے کہ محمود خان کے پہلے دور پریشانی میں سکے رائج نہ ہو سکے ہوں گے بلکہ دوسرا دور جو سنجر کی وفات سے شروع ہوتا ہے



Marfat.com

ایسے کام کے لئے زیادہ موزوں رہا ہوگا۔ اسی لئے یہ خیال صحیح ہو سکتا ہے کہ ہمارا شاعر دوسرے دور میں اس کے دربار سے متعلق ہوگا جبکہ شاعروں کی قدر بھی ہو سکتی تھی ایک اور قصیدہ اس طرح شروع ہوتا ہے۔

ای گوہرِ مطہرِ مردی و مردمی
اصلِ تو کانِ گوہرِ مردی و مردمی
در جنگ و صلح رستمِ میدان و مجلسی
در کین ومہر حیدرِ مردی و مردمی
دارد دلِ تو نور ز ایمان و معرفت
بارد لبِ تو شکرِ مردی و مردمی
چرخ ار ز صبح صادق درپیشِ آفتاب
پرسد کہ کیست یاورِ مردی و مردمی
گوید جلالِ دنیا محمود خان کہ ہست
بر چرخ ملک محورِ مردی و مردمی
ای مایۂ سعادت دنیا و آخرت
وی معجزِ پیمبرِ مردی و مردمی
القابِ عالیِ تو طرا زیست ہر کجا
بر رایتِ مظفر مردی و مردمی
قدرت نعوذ باللہ اگر سرکشی کند
عاطل بماند افسرِ مردی و مردمی

سید حسن کے شاگردنے جو مقدمہ اس کے دیوان پر لکھا تھا اور جس کے ضروری اقتباسات شروع میں دے چکے ہیں اس میں محمود خان کے القاب "شمس الملوک' جلال الدین" وغیرہ ہیں۔ یعنی یہ القاب اس کے دوسرے عہد حکومت میں ضرور تھے اس مقدمہ میں کنیت بھی "ابو القاسم" ہے دیوان میں ایک قطعہ بھی ملتا ہے جس میں صرف شمس



Marfat.com

الملوک" لقب آیا ہے اور اس کے التفات کا اعتراف کیا ہے:

جانم غریق نعمتِ شمس الملوک شد
وین طرفہ تر کہ می زیم اکنون بجانِ شکر
از بس کہ ابرِ لطف بباریدِ برسرم
بشگفت از بہارِ دلم بوستانِ شکر
در گلشن ثناش زبانم چو بلبل است
دستانِ مدح می زند و داستانِ شکر
حقا کہ تیرِ مدح برون پرّد از جہان
گر درکشم بہ قوتِ مہرش کمانِ شکر
ای بر دلم کشادہ بہ بیعت درامید
جان بستہ ام بجانِ کرم برمیانِ شکر
پایم چو در رکابِ سعادت بہ عونِ تست
آن بہ کہ سوی صدرِ تو تا بم عنانِ شکر
زین پس اگر خدای بخواہد بہ دولتت
ہر لحظہ گوہری بدر آرم زکانِ شکر

ان اشعار سے شاعر کی تربیت کا حال معلوم ہوتا ہے۔ محمود خان کی اسی قدر شناسی کی وجہ سے شاعر نے ذو قصیدے ملمع مجوب میں بھی لکھے ہیں جو ممکن ہے کہ اظہار قابلیت کے لئے ہوں کیوں کہ وہ "گیرند" والے قصیدۂ بالا میں کہہ بھی چکا ہے کہ ع تازی وپارسی معجزم از باغِ علوم' بہر حال چوں کہ عربی میں کل یہی سرمایہ باقی ہے۔ اس لئے اس کا نقل کرنا مناسب معلوم ہوتا ہے۔

طلع الشمس علی الندمانِ
فاشرب الراح علی الریحانِ



Marfat.com

شاید ار داد ز گل بستانی

کہ بہ رخ رشک گلِ بستانی

افرغ القہوۃ فی الکاس لکی

یفرغ القلب من الاشجانِ

بادہ از دست غمت بستاند

چون تو از دستِ منش نستانی

ضحک الورد بلا ثغر کما

بکت السحب بلا اجفانِ

من چو ابر از غم تو گریانم

تو چو گل باہمہ کس خندانی

جار فی الود فاشکوہ الیٰ

ملک المشرق بغرا خانِ

خسرو عادلِ خاقان محمود

او چو محمود بہ ملک ارزانی

غرر الورد علی الاغصان

لمعت فی طرف الریحانِ

رفت بر تختِ گلِ زندانی

چو پیمبر بچۂ کنعانی

مسمعات الظرفی بدویہ

یتبارین لدی الالحان

بلبلان در چمنش پنداری

مطربانند ز پر دستانی



Marfat.com

هات ها تسکرنا هات فقد
حرم الحزن علی السکدان
درده آن بادهٔ شادی درده
تاکہ مان از کفِ غم بستانی
مرض اللهو بغتم عجبا
و توخت فتن الازمان
ست عہدی فلکِ می بینی
بی وفائیِ جہان می دانی
از تری الملک تتبع ابداً
لست بالممالک بغرا خان
طمع و دولتِ جاوید مدار
از شہنشاہِ جہان خاقانی
قرة فی حدق الدولة بل
فلذة من کبر السلطان (۱۲۵)
شاہِ شاہان جہاں محمود آں
کہ نذارد چو محمد ثانی

دوسرا قصیدہ (ملمع محجوب) اس طرح ہے:

الاهات خمرا کا لعندم
کانک مازجتها من دم
میِ درغمی خوارگر درغمی
کہ شادی فزاید ہمی درغمی
یلوح سناها علی وجنتی
اذا انحدرت کا سها فی فم



Marfat.com

بیا نوش کن با وبت نوش لب
شراب محرم اگر محرمی
فاهلا بسکری من مغنم
و هبعام بصحوی من مغرم
خوشاگر تو با ما به ہنگامِ گل
خرامی به ہنگامهٔ خرمی
ملیک غدا بین جمع الملوک
بمنزلتہ الفصّ فی الخاتم
چراغ بنی آدم و شمع ملک
که عالی ست زو منصبِ آدمی
فما اطیب الرّاح لا سیما
علیٰ ذکر خاقانی الاعظم
جلال دول شاہ محمود خان
کزو گشت بنیادِ دین محکمی
فیا رب عمرہ فی ملکہ
الیٰ حین منقرض العالم (۱۶۲)
شدہ ختم بر فرِّ او خرمی
شدہ وقف بر طبع او بی غمی

ان عربی قصیدوں سے اگر سید حسن کو اظہار قابلیت منظور تھا تو ساتھ ہی یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ ممدوح بھی عربی قصیدوں کی قدر جانتا ہوگا۔(۱۲۷) ورنہ عربی میں لکھنے کی ضرورت نہیں تھی۔ گو کہ یہ قصیدے بلند پایہ نہیں ہیں تاہم ان سے اس کی قدرتِ زبان اور آگاہیِ اسلوبِ شعر کا پتہ چلتا ہے۔



Marfat.com

ہمارے شاعر نے رکن الدین محمود خان کے وزیر خالد مالکی کی مدح میں بھی ایک قصیدہ لکھا تھا۔

یارب این بوی خوشِ سنبل و گل یاسمن است
یا نسیمی ز سر چار سوی یارِ من است
یا عبیرِ کلۂ تافتۂ شمشاد ست
یا بخارِ رخِ افروختۂ نسترن است
مگر این موسم خند یدنِ باغ ارم ست
مگر این نوبتِ پاشیدنِ مشکِ ختن است
ای عجب این دم مشکین کہ جہان خرّم کرد
مگر از سینۂ پُر نورِ اُویسؓ قرن است
اینت اقبال کہ آمد بہ مشامِ دل من
اثرِ دشمتی از ہمتِ مخدومِ من است
آن خردمند کہ بر تختِ سخن جمشید است
و آن سخن ور کہ بہ میدان ہنر تہمتن است
وطنِ خالد جز خلد مدان فردا از انک
خلد را امروز اندر دلِ خالد وطن است
خالد مالکی آن صدر کہ خالد بہ بہشت
ہمچو رضوان ز نسیم کرمِ خویشتن است
پرتوِ خاطرِ او طبعِ مرا قوت داد
خہ خہ ای خاطر چون تیغ کہ آن عکس من است
بہ قبول سخنش یک سخنم را صد کرد
گرچہ دانست کہ در ہر سخنم صد سخن است



Marfat.com

مادحِ او من و مدح فرستد عجب است
عشق بر بلبل و گل چاک زده پیرہن است
آمد ار کارِ ثنای تو مثمنَ چو بہشت
گرچہ شعرِ تو مسدّس چو نجومِ پرن است
آن مسدس را ہر شش جہت آوردہ سجود
و آن مثمن رادر ہشت بہشتش عدن است
قلمت را سزد ار کلکِ عطارد خوانم
زانکہ این طبعِ لطیفِ تو عطارد وطن است
با عطارد شدہ ام ہم قلم واین شرحم
از پیِ مدحتِ خورشیدِ زمین و زمن است
خسروِ عادلِ محمود کہ ہمچون ہم نام
مسجد آباد کن و غازیِ بت خانہ کن است
مردمی را چو خرد درسرو مردم درچشم
مملکت راچو فرح در دل و جاں دربدن است
پارۂ گوشت چو جان داوش ماہ چگل است
قطرۂ آب چو پروردش دُرِ عدن است
کہ دل و جانِ مراہمچو فرائض مطلوب
خدمت درگہِ آن شاہِ مبارک سخن است
چہ کنم فتنہ ازان است کہ برنارد چرخ
ہر مرادی کہ برین جان ودلم مفتتن است
از پیِ آن کہ حسن نام و حسینی نسم
کارِ ناسازم چون کارِ حسینؓ و حسنؓ است



Marfat.com

خاصه امسال که گوئی زقضای گردون

بن هر خار کمین گاهِ ہزار اہرمن است

شاه محمود که او را به مقام محمود

از بس اخلاق محمدؐ و خجسته سخن است

عالم از روی و زر ایش حسن آبادی شد

که ہمه چیزش تامن که غلامم حسن است

اس قصیدے کے ساتویں اور آٹھویں شعر میں خالد مالکی کا نام آیا ہے جو محمود خان کا صدر تھا۔ یہ اطلاع سب سے پہلے ہم کو اسی قصیدے سے ملتی ہے لباب الالباب (ج ۲: ص ۱۳۸۔۱۴۵) میں اس کا نام ضرور آیا ہے۔ لیکن اس کی صدارت کا حال یہیں معلوم ہوتا ہے اور نام بھی اس میں "الامیر العمید فخر الدین تاج الافضل خالد بن الربیع المکی الطولانی ہے اور آگے ہے کہ ......از افاضل جہاں واعیان خراسان بود......و میان او وحد الدہر انوری مکاتبت و مشاعرات است...... حالات تو خیر صحیح ہیں لیکن اسے "مالکی" کی جگہ "مکی" لکھا ہے اور یہ غلط ہے۔ مذکورۂ بالا قصیدہ اسے "مالکی" کہتا ہے اور اس سے زیادہ صحیح ثبوت اور کیا ہو سکتا ہے؟ عباس اقبال نے بھی مقدمہ حدائق السحر (ب۔ س ۸) میں اسے 'مالکی" لکھا ہے اور ایسا ہی پروفیسر شیرانی صاحب نے کتاب تنقید شعر العجم (۸۲۱) ص ۲۰۶۔ ۲۵۸) میں لکھا ہے۔ لباب میں علاء الدین "جہان سوز" کے یہاں انوری کی طلبی کا مشہور واقعہ لکھا ہوا ہے جس میں یہ ہے کہ خالد کے اشارہ سے انوری جو کہ ملک طوطی (ناصر الدین ابو شجاع طوطی بن اسحٰق الخضر) کے یہاں تھا علاء الدین کے پاس پہنچنے سے بچ جاتا ہے۔ غرض یہ کہ خالد مالکی کو لباب میں علاء الدین "جہان سوز" کے دربار سے وابستہ بتایا گیا ہے جو ممکن ہے کہ صحیح ہو۔ لیکن اسی کتاب میں کسی بادشاہ محمد (ص ۱۴۱) اور حسن (ص ۱۴۴) کی مدح میں خالد کے اشعار ملتے ہیں اور یہ ایسے ممدوح ہیں جن کے متعلق کوئی قطعی فیصلہ نہیں ہے۔ (گو کہ تعلیقات کے ص ۴۵۶ میں محمد کو سلجوقی المتوفی ۵۱۱ھ سمجھا گیا ہے) بہر حال خالد مالکی پہلے کہیں بھی



Marfat.com

ہو لیکن مذکورہ بالا اشعار میں وہ محمود خان کے دربار سے متعلق ہے جہاں وہ غالباً ۵۵۳ھ میں وزیر ہوا ہوگا۔ کیونکہ اس کے پہلے قوام الدین حسن اس کا وزیر تھا جیسا کہ ہم آگے دیکھیں گے۔

دسویں شعر میں سید حسن انکسار ظاہر کرتا ہے اور گیارہویں بارہویں اور تیرہویں شعر سے واضح ہوتا ہے کہ خالد نے کچھ اشعار سید حسن کی مدح میں پہلے لکھے تھے اور وہ شاید مسدس "(مسمط) میں ہوں گے۔ اکتیسویں شعر میں شاعر اپنا نام "حسن" اور نسب حسینی (سید) بتاتا ہے اور چونکہ خالد کے اشعار کے بعد سید حسن نے یہ قصیدہ لکھا تھا اس لئے معلوم ہوتا ہے کہ ان کے باہمی تعلقات کو کچھ عرصہ ضرور ہوچکا ہوگا۔ خالد کے علاوہ ایک قصیدہ محمود خان کے دوسرے وزیر قوام الدین (بو محمد) بن ناصر الدین طاہر کی مدح میں بھی معلوم ہوتا ہے:

خدای عزو جل داد بندہ را درسر
دو دید بان کہ گرامی تر ندیک ز دگر
ہزار منتّ حق راکہ داشت ارزانی
چنین نفیس دو گوہر بصدقِ حق پرور
قوامِ دولت و دین بو محمدِ طاہر
کہ دین و دولت از ویافتنـد زینت وفر
سپہر ساختہ از جزم او بہی وزنہ
زمانہ آختہ از عزم او بہی خنجر
عطا گزاری مقصودِ او ز زرّ و زسیم
بزرگواری میراثِ او ز جدّ و پدر

یہ قصیدہ طویل ہے لیکن ہم نے چند اشعار پر اکتفا کیا ہے۔ اس میں ممدوح کا نام قوام الدین ابو محمد ابن طاہر ملتا ہے۔ میرا ظنِ غالب ہے کہ یہ قوام الدین (ابو محمد) حسن



Marfat.com

بن (ناصر الدین) طاہر (بن فخر الملک بن نظام الملک) ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ لقب (قوام الدین) اور ولدیت (طاہر) کے علاوہ قصیدے میں کہا گیا ہے: ع بزرگواریِ میراثِ اوز جدّ و پدر۔ یعنی اس کے باپ (ناصر الدین طاہر المتوفی ۵۴۸ھ) اور دادا (فخر الملک۔ م ۵۰۰ھ) سے "بزرگواری" (وزارت) چلی آ رہی ہے لیکن اس کی کنیت "ابو محمد" صرف سید حسن کے قصیدے میں ملتی ہے۔

انوری نے بھی اسے اپنے کلیات (ص ۷۰۵) میں یاد کیا ہے:

قدر من صاحب قوام الدین حسن داند از انک

صدر او را یادگار از ناصر الدین طاہرم

اور تاریخ بیہق (ص ۷۵) میں اس کے متعلق ہے...... اما قوام الدین الحسن بن ناصر الدین (طاہر) کہ وزارتِ سلطان سلیمان و وزارتِ سلطان محمود خان بمکانِ او آراستہ بود در بیہق مقیم است من ستۃ ثلاث خمیس و خمسماۃ الی یومنا ہذا (یعنی ۵۵۳ھ) یعنی قوام الدین الحسن نے سلطان سلیمان سلجوقی (در ایام اسارتِ سنجر بدستِ غزان) اور پھر سلطان محمود خان بن محمد خان کی وزارت کے بعد ۵۵۳ھ تک سبکدوشی بھی حاصل کر لی تھی۔ اس لئے ظاہر ہے کہ وہ خالد مالکی سے پہلے صدر رہا ہو کیونکہ تاریخ ابن خلدون (اردو ترجمہ۔ ص ۲۰۲۔ ج ۱۴) میں ہے کہ سلیمان بن محمد نے (جو ۱۹ جمادی الآخر ۵۴۸ھ سے سنجر کی جگہ حاکم بنایا گیا تھا) شوال ۵۴۸ھ میں ناصر الدین طاہر کے انتقال پر اس کے بیٹے نظام الملک دوم (یعنی اسی قوام الدین حسن) کو اپنا وزیر بنا لیا تھا۔ پھر شوال ۵۴۹ھ میں جب محمود خان حاکم ہوا اس نے بھی اسے اپنا وزیر بنا لیا ہو گا۔

## عراق کو روانگی

اس کے بعد ہمارا شاعر پھر عراق (اور ہمدان) کی طرف متوجہ ہوتا ہے۔ راحت الصدور (ص ۲۶۲۔ ۲۶۳) سے معلوم ہوتا ہے کہ سلیمان سلجوقی اپنے بھائی مسعود بن محمد کے



Marfat.com

انتقال (۵۴۷ھ) پر قلعہ فرزین میں سات سال تک (لیکن یہ زمانہ کم ہوگا) مقید رہا۔ پھر بعض مخلص امیروں کی مدد سے وہاں سے بھاگ نکلا۔ جن امراء نے اس کا ساتھ دیا ان میں یمین الدین امیر بار اور رشید جامہ دار بھی تھے۔ ہمارا شاعر ان دونوں کی مدح ایک ہی قصیدے میں کرتا ہے۔

دل و جانم یمینِ دین دارد
کہ بہ پاکیش در یمین دارد
کین ومہرش کہ آن مبار این باد
مزہٗ زہر و انگبین دارد
علم او حجتِ فلک داند
حلمِ او قوتِ زمین دارد
ہست خورشید در گریبانش
زان کہ دریا در آستین دارد
بخدا را چو طالعِ سعدش
حلقہٗ اسان نگین دارد
روی من ہمچو موی دلداران
در فراقش ہزار چین دارد
از غریبان کجاش یاد آید
ہمدمی چون صفیِ دین دارد
تاجِ دولت رشید مسعود آنک
چون سعادت بسی قرین دارد
زان بہ دل ہمچو دیدہ نزدیک ست
کہ دلِ نیک دوربین دارد
حسن از ذکر و شکر ہر دو بزرگ



Marfat.com

آفرینش بر آفرین دارد

تا برایشان چو زر نثار کند

طبع پرُ لولوی ثمین دارد

یا رب او را بدین غرض برسان

کز جہان آرزو ہمین دارد (۱۹۲)

اس قصیدے میں رشید (۱۳۰) کو "صفی الدین' تاج الدولہ" اور "ابن مسعود" کہا ہے اور یہ اطلاع ہم کو سب سے پہلے یہیں سے ملتی ہے۔ یمین الدین کے متعلق ایک اور قصیدہ ملتا ہے جس میں اس کو "صدر" کہا ہے:

از گریہ اگر یک دم سربر کنمی من

چون شمع بسی آتش برسر کنمی من

گر چشمۂ نوشت دہدی آب حیاتم

ہرگز سخنِ چشمۂ کوثر کنمی من

جانی ست مرا خشک وبتا ورنہ ہم آخر

از بادۂ لبہات ہمی تر کنمی من

بردیدۂ من پای چو ابرو بنہی تو

در گردنِ تو دست چو چنبر کنمی من

مشغولِ توام گر نہ مہ و سال و شب و روز

از دیدہ و جان خدمتِ مہتر کنمی من

فرزانہ یمین الدین آن جان کہ خوشتی

گر نعلِ سمندش را افسر کنمی من

توفیقِ عزیز ست و گرنہ بہ ثنایش

از گوی فلک حقۂ گوہر کنمی من



Marfat.com

وان پیکر بدخواہِ فرو مایۂ او را
از تیغ زبان ہجو دو پیکر کنی من

سر بر خطِ فرمانش ہمی دارم اگرنی
خاک از ستمِ دہر بہ سر بر کنی من

اقبال چنان گفت کہ گر خواہدی آن صدر
از مہر و مہش بادہ و ساغر کنی من

مردی نہ بود کشتنِ نامردان ورنی
بر جملۂ اعداش مظفر کنی من

اور انھیں امیروں کا آقا یعنی سلیمان سلجوقی جو ہمدان میں ۱۲ ربیع الاول ۵۵۵ھ (سہ شنبہ ۲۲ مارچ) ۱۱۶۰ء میں تخت نشین ہوا تھا اس کی تہنیت میں ہمارا شاعر ایک قصیدہ پیش کرتا ہے۔ راحت الصدور (ص ۲۷۵) کے الفاظ ہیں:

سلطان سلیمان در دوازدہم ربیع الاول سنہ خمس و خمسین و خمس مایۃ بہ دار الملک ہمدان رسید و بر تخت سلطنت نشست و بہ پادشاہی پیوست، و سید اشرف (حسن) بہ تہنیت در حضرت این قصیدہ روزِ بار بر خواند بہ حضور امرای دولت، قصیدہ۔

شاہِ شاہانِ جہان بر تختِ سلطانی نشست
مردمِ چشمِ سلاطین در جہان بانی نشست

منت ایزد راکہ در صدرِ خراسان و عراق
ہم خداوندِ عراقی ہم خراسانی نشست

منت ایزد را جہان چو روضۂ فردوس گشت
وین فلک قدر و فلک قدرت بہ رضوانی نشست

مردم و دیو و پری اکنوں بہ خدمت ایستند
چون سلیمان شاہ بر تختِ سلیمانی نشست



Marfat.com

چشم رعنائی بدوزند اختران روز کور
خسروِ سیاره چون بر اوجِ کیوانی نشست

پای قدرش از سر افلاک جسمانی گزشت
مہر مہرش بر دل پاکانِ روحانی نشست

پیشِ حزمش باد در بالا بہ واجب ایستاد
پیشِ عزمش کوہ در پستی بہ نا دانی نشست

رسمِ باطل زود بر خیزد چو رای پادشاہ
نوبتِ حق پنج فرمودہ بہ سلطانی نشست

ای بر ایوانت شدہ کیوانِ ہندو پاسبان
ماہِ رومی بردرِ بارت بہ دربانی نشست

بخت چون بر تخت دیدت تہنیتہا کرد و گفت
ایکہ بر تختِ جہان داری تو می دانی نشست

چون جہان داران کمر بربند و عالم می کشای
وقتِ کار آمد کنون بی کار نتوانی نشست

زابرِ کف بارانِ رحمت بر مسلمانان ببار
ہین کہ گرد کفر بر روی مسلمانی نشست

لیکن سلیمان شاہ کی سلطنت دیر تک قائم نہ رہ سکی۔ بلکہ اسی سال وہ ماہ رمضان ۵۵۵ھ (ستمبر ۱۱۶۰ء) میں تخت سے اتار دیا گیا اور قید کر دیا گیا۔ جہاں وہ اگلے سال قضا کر گیا۔ غرض کہ تقریباً چھ ماہ کی یہ سلطنت جو انتشار سے پُر تھی ایسی نہ تھی کہ ہمارا شاعر کچھ عرصے تک مدح سرائی کرتا اور اپنا پیٹ پالتا۔ اور خود ممدوح کو بھی لہو ولعب سے کب فرصت تھی کہ قصیدے سنتا چنانچہ ہمارے شاعر کے یہاں مذکورہ بالا قصیدے کے علاوہ کوئی اور کلام اس کی مدح میں نہیں ملتا۔ اور اب ہم شاعر کی زندگی کے بالکل آخری دور میں آگئے ہیں۔



Marfat.com

## ...اعر کی وفات

دولت شاہ (ص ۱۰۵۔ براؤن ایڈیشن) لکھتا ہے کہ "...... سلطان مسعود در اکرام و اعزاز سید مبالغہ بسیار نموزہ و مھد ء زراندو دہ تربیت کردہ سید را بہ طرف غزنین روان ساخت، چون سید بہ ولایت جوین رسیدہ در قصبہ آزادوار فجاۃً بہ جوارِ رحمتِ ایزدی انتقال کرد فی شہور سنہ خمس و ثلثین و خمس مایۃ واکنون تربتِ شریف سید حسن در قصبہ آزادوار مذکور است و معروف......"

شاعر کے انتقال کا یہ مقام سب سے پہلے دولت شاہ کے یہاں ملتا ہے اس کے بعد مختلف تذکروں میں اسی کی نقل ہے جن کا تذکرہ تحصیل حاصل ہے۔ دولت شاہ کی مذکورہ بالا عبارت سے تین باتیں معلوم ہوتی ہیں کہ:

۱۔ سلطان مسعود سلجوقی نے انعام واکرام کے ساتھ شاعر کو غزنین کی طرف روانہ کیا۔

۲۔ سلطان مسعود کے عہد کی روایت سے شاعر کے انتقال کا سال ۵۳۵ھ بتایا گیا ہے۔

۳۔ شاعر جب جوین کے قصبہ آزادوار کو پہنچا تو اسے مرگِ مفاجات سے دوچار ہونا پڑا۔

پہلی بات تو اس طرح غلط ثابت ہو جاتی ہے کہ شاعر نے سلطان مسعود کے انتقال پر مرثیہ لکھا تھا اس سے ظاہر ہے کہ اس کی زندگی میں وہ روانہ نہیں ہوا ہوگا۔ اور اسی لئے اس کے انتقال کا سال ۵۳۵ھ بھی غلط ہے کیونکہ وہ تو کم از کم ۵۵۵ھ تک زندہ تھا جبکہ اس نے سلطان سلیمان سلجوقی کی تخت نشینی پر قصیدہ لکھا تھا۔ اب صرف تیسری بات رہی یعنی اس کا قصبہ آزادوار میں وفات پانا۔ تو یہ ممکن ہے اور اسی سلسلے میں ہم کو پھر شاعر کے شاگرد کے اس مقدمے کو دیکھنا چاہئے۔ انڈیا آفس کے مخطوطہ نمبر ۹۳۱ کے ساتھ ہے۔ شاگرد لکھتا ہے۔

...... در حالِ ارتحال وصیّت فرمود کہ اشعارِ تازی و پارسی و انواع تصانیف مرا بنام بادشاہ عالم...... شمس الملوک...... ابوالقاسم محمود بن محمد بن بغراخان، یمین امیر المومنین خلد اللہ ملکہ ...... جمع کنند...... پس بحکم اشارت این بزرگوار ...... حالا اشعارِ لطیف او را بنام جمشیدِ سریر سیادت و خورشیدِ آسمان سعادت جمع کردہ آمد...... و مدد دہند تا باقی تصانیف او ربہ قوت



Marfat.com

ایشان بر حکم وصیّت آن شہید جمع شود و بہ ارباب فضیلت رسد کہ حقوق دینی و دنیاوی بیس ساله وی در ذمتِ من است و مدتی مدید بود تا این ضعیف از فرطِ ولای آن شہید بہ غربت در خدمت او غربت را بر قربتِ اقاریب اختیار کردہ بود و مولد و منشا را وداع نمودہ، اکنون عزیمت مصمّم است کو بقیت عمر در خدمتِ تربت و نشر فضل و منقبتِ او گذارد و بہ جمع تالیفات و بہ شرحِ تصنیفاتِ او مشغول باشد......

اس عبارت میں "در حالِ ارتحال وصیّت فرمود" سے معلوم ہوتا ہے کہ شاعر کو مرگِ مفاجات سے دور ہونا نہیں پڑا جیسا کہ دولتشاہ کے اقتباس مذکورہ بالا سے معلوم ہوتا ہے۔ اب رہا قصبہ آزادوار میں شاعر کا انتقال، تو یہ بعید بھی نہ ہوگا۔ کیونکہ میرا خیال ہے کہ شاگرنے جو بار بار شہید کہا ہے وہ غریب الوطنی کی موت ہی کی وجہ سے کہا ہوگا ورنہ کسی اور وجہ سے موت ہوئی ہوتی تو در حال ارتحال کے سلسلہ میں کچھ کہتا اور ان الفاظ سے کہ "آن مخدوم در ایام خود از طلبِ دیگر علوم بجمع سخنانِ خود نہ رسیدی......" ظاہر ہوتا ہے کہ "علوم کی طلب" (یعنی مدح گوئی کی اچھی توجیہ ؟) کے دوران میں انتقال ہونے کی وجہ سے "ذو الشہادتین" بھی کہا ہے جیسا کہ ہم شروع شروع میں بیان کر چکے ہیں۔ بہر حال اگر قصبہ آزادوار میں انتقال ہوا ہوگا تو ہمدان سے (جہاں کہ وہ سلیمان سلجوقی کی مدح سرائی کر رہا تھا) واپسی پر ہوا ہوگا۔ کیونکہ وہیں سے وہ مقام قرب بھی ہے اور راستے میں بھی پڑتا ہے۔ حمد اللہ مستوفی کی نزہت القلوب (ص ۱۹۲۔ بمبئی) سے معلوم ہوتا ہے کہ جوین کی مغربی سرحد (اسفرائن کے جنوب و مشرق میں) جاجرم اس طرح واقع ہے کہ بسطام سے سات فرسخ پر مغز ہے وہاں سے سات فرسخ دیہ سلطان ہے۔ وہاں سے تین فرسخ پر رباط سونج اور وہاں سے چھ فرسخ پر جاجرم ہے۔ جاجرم سے آٹھ فرسخ (۱۳۱) پر قصبہ آزادوار ہے۔ اب شاعر کے انتقال کی تاریخ بھی محدود کی جاسکتی ہے۔ اوپر کے اقتباس سے معلوم ہوتا ہے کہ ابو القاسم محمود خان بن محمد خان کی زندگی ہی میں شاعر کا انتقال ہوا۔ بلکہ محمود کی زندگی ہی میں شاعر کا یہ کلام بھی مرتب ہو چکا تھا۔ جبھی تو شاگرد نے محمود خان کو "خلد اللہ ملکہ" دعائیہ فقروں



Marfat.com

ہے یاد کیا ہے محمود کی تاریخ وفات مجمل فصیحی (ق ۱۶۸' ب۔ بانکی پور) میں ۵۵۸ھ ۱۱۶۳ء ہے۔ گو کہ روضۃ الصفا (جلد چہارم۔ ص ۱۱۳' ۱۱۴' لکھنو' ۱۹۱۶) میں لکھا ہے کہ محمود خان نے سلطان سنجر کے انتقال (۵۵۱ھ۔ ۱۱۵۶ء یا ۵۵۲ھ۔ ۱۱۵۷ء) پر (۱۳۲) ساڑھے پانچ سال حکومت کی۔ یعنی زیادہ سے زیادہ ۵۵۷ھ۔ ۱۱۶۳ء تک۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ بادشاہت کے اختتام ۵۵۷ھ۔ ۱۱۵۷ء کے بہت پہلے شاعر انتقال کر چکا تھا بلکہ اس کا دیوان بھی مرتب ہو چکا تھا۔

اب دوسری طرف آیئے ہم راحت الصدور (ص ۲۷۵) دیکھ چکے ہیں۔ کہ سلطان سلیمان سلجوقی کی تخت نشینی پر یعنی ۱۲ ربیع الاول ۵۵۵ھ (سہ شنبہ ۲۲ مارچ ۱۱۶۰ء) میں سید حسن نے یہ قصیدہ تہنیت پڑھا تھا۔

شاہِ شاہانِ جہان بر تختِ سلطانی نشست
مردمِ چشمِ سلاطین در جہان بانی نشست

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر ۵۵۵ھ۔ ۱۱۶۰ء تک ضرور زندہ تھا۔ لیکن اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ۵۵۷ھ۔ ۱۱۶۳ء کے پہلے انتقال کر چکا تھا۔ اس کے یہ معنی ہوئے کہ اس کا انتقال ۵۵۶ھ۔ ۱۱۶۱ء میں ہوا اور یہ تاریخ اس لئے زیادہ قرین قیاس ہے کہ مجمع الفصحا (ج ا۔ ص ۱۹۲) مراۃ الخیال (ص ۴۶۔ ۱۸۳۱) آتشکدہ (ص ۹۱۔ بمبئی) ید بیضا (ص ۴۸' نسخہ دفتر دیوانی ومال' حیدر آباد) فہرست انڈیا آفس (جلد دوم۔ ص ۶۴۰) وغیرہ میں شاعر کی وفات کا سال ۵۶۵ھ ہے جو اغلب ہے کہ ۵۵۶ھ سے بدل گیا ہو۔ بہر حال ۵۵۶ھ۔ ۱۱۶۱ء ضرور صحیح ہوگا۔

## غزنین میں مزار

آج کل بھی غزنین میں مشہور ہے کہ شاعر کی نعش بعد میں جوین (آزاد وار) سے کھدوا کر لائی گئی اور اسی کے ساتھ ساتھ شہر کے دو طرف ایک کشادہ سڑک ہے۔ اس



Marfat.com

سڑک کے کنارے شہر کے جنوب و مشرق میں سید حسن کا مزار موجود ہے اور قبر کے کتبے کی عبارت یہ ہے:

............هوالله تعالیٰ شانه

در عہدِ سلطنتِ قوی مکنت اعلیٰ حضرت معدلت آئین سراج الملت والدین امیر حبیب الله خان، مرزا غلام حسین ابن مرحوم میر حسن علی برجندی قوم عرب آن خدیمه که یکے از متخد مین دولت به سر شته داری دفتر غزنین مامور بود در تاریخ ۱۳۳۲ھ بود که این بقعۂ متبرکه که منهدم سپاه ہلا کو بوده (۱۳۳) به اشارۂ صاحبِ مرقدِ مبارک خالصاً للّٰہ تعالیٰ از مالِ خود در احیای مواد داده۔ مجمؔی که در بابِ احوالِ نور الله مرقده از کتب اخبار مستفسار گردیده این است که جناب سلالته السادات سید حسن غزنوی علیه الرحمه معاصر سلطان بهرام شاه مغفور بود۔ هم در آں عصر اتفاقاً شرف پای بوسی روضۂ مبارک جدِّ امجد بزرگوار خود را حاصل داشته ترجیع مبنی بر نعتِ حضرت سالار انبیاًء که از زادۂ طبع خود بوده به عرض رسانیده که مقطع آن این است؛

لاف فرزندی نیارم زد و لیکن ای حبیبؐ
مدحتی گفتم ز حضرت خلعتی بیرون فرست۔

دستی از قبر متبرکه بیروں آمد باحلهٔ آوازی مسموع شده که خذیابنی...........‘‘

خلیل الله خلیلی نے بھی ’’احوال و آثارِ حکیم سنائی‘‘ (ص ۵۸) میں سید حسن کی نعش کے لائے جانے کا ذکر کیا ہے لیکن کوئی سند پیش نہیں کی۔ پورے آٹھ سو سال گذر جانے کے بعد اب بھی افغانستان کے لوگ سید حسن غزنوی کو اپنے لئے ایک قابل فخر ہستی سمجھتے ہیں۔ اور شاید یہی عقیدت ہے کہ جس کی بنا پر کم و بیش چودہ غزلیں اس سے منسوب کرتے ہیں۔ گو کہ مجھے یقین ہے کہ وہ غزلیں اس حسن کی نہیں ہیں بلکہ کسی بعد والے حسن کی ہوں گی کیونکہ ہر غزل کے مقطع میں التزاماً حسن تخلص موجود ہے۔ جیسا کہ اس عہد میں عموماً نہیں تھا۔ دوسرے یہ کہ زبان بھی بعد کی معلوم ہوتی ہے۔ نمونہ کے لئے ایک پوری غزل



Marfat.com

یش کی جاتی ہے۔

مرا عشقِ نگاری خوار کردہ ست
چہ گویم عشق ازین بسیار کردہ ست
دلی بی عشق در عالم مبادا
مرا این چند در دل کار کردہ است
بفضلِ حق عجب آسان بود عشق
غم ہجرش چنین دشوار کردہ ست
فغان ہر لحظہ از دستِ رقیبان
رہِ عشاق را پُر خار کردہ ست
اگر یابم دمے وصل تو ای جان
فلک بختِ مرا بیدار کردہ ست
گدای کوی خود گردان حسن را
کہ جان در کوی تو درکار کردہ ست

اس کے علاوہ تیرہ غزلیں اور ہیں جو اسی سید حسن سے منسوب کی جاتی ہیں ہم یہاں صرف مطلع لکھنے پر اکتفا کرتے ہیں :

ای مہِ نازنینِ من بہرِ خدا بیا بیا
ای شہِ جان نشینِ من بہرِ خدا بیا بیا
کجائی ای می و مطرب خدا را
کہ ہجران سوخت جانِ این گدا را
بنما مرا جمالت ای نازنین خدارا
کہ بیادِ وصلِ رویت نہ کند دلم مدارا
مرا عشقِ نگاری خوار کردہ ست
چہ گویم عشق ازین بسیار کردہ است



Marfat.com

گر نہ می سوزد دلش این آہ و این فریاد چیست
آتشی گر نیست در کاشانہ این بیداد چیست
ای شاہِ شاہان فریاد فریاد
ای ماہِ تابان فریاد فریاد
ای گلِ خندانِ من یک دم بخند
ای مہِ تابانِ من یک دم بخند
نہ دارد زمانہ بقائے بہ کس
چہ درخواب نازی تو ای بوالہوس
بیا ای دلبرا بنگر بسویم
کہ ہجرت سوخت جانم راچہ گویم
فتد اندر، دلم ہر لحظہ آتش
چو یادت آورم ای ماہِ دلکش
بیا ای دیدہ تایک دم بگریم
بہم با خوش دل و خرّم بگریم
بہ ہر دم ہزاران درود و سلام
زما برروانِ تو ہر صبح و شام (نعت)
الا ای دل ربای نازنینم
جمالِ خود نما تا من ببینم
منِ سرگشتہ دل داری نہ دارم
بہ دردِ ہجر غم خواری نہ دارم

یہ چودہ غزلیں جو ہمارے کسی نسخے میں نہیں ہیں کابل اور غزنین کے مختلف "ادبا" سے حاصل ہوئی ہیں اور انھیں دعویٰ ہے کہ یہ سب کی سب ہمارے سید حسن کی ہیں لیکن



Marfat.com

سوس ہوتا ہے کہ ان میں سے بعض غزلیں جن کا قافیہ تک ٹھیک نہیں ہے اور جن پر یہاں بحث کرنا گویا وقت ضائع کرنے کے مترادف ہے ایسے بڑے شاعر سے منسوب کی جاتی ہیں جس کی سند لغات میں لی جاتی ہے۔ جس کی تقلید بڑے بڑے شعرا نے کی ہے اور جس کی خود اس کے عہد میں مختلف اہلِ کمال نے قدر کی تھی۔



Marfat.com

# کلام حسن کی اہمیت

## کتب لغت میں شواہد

ہم یہاں اب اس کا ایسا کلام نقل کرتے ہیں جو مختلف لغات میں بطور سند کے لیا گیا ہے اور اس سے شاعر کی اعلیٰ قابلیت اور مقبولیت کا پتہ چلتا ہے۔ اس میں ضروریہ اوصاف تھے ورنہ ہر شاعر کا کلام لغات کے لئے مستند نہیں سمجھا جاتا۔

منشی محمد پادشاہ کی مشہور لغت "فرہنگ آنندراج" میں سید حسن غزنوی کا کلام مختلف مقامات پر بطور سند کے موجود ہے۔ (اس لغت کے اندراجات قریباً سب کے سب اور لغتوں سے ماخوذ ہیں اور ان کا حوالہ مولف نے ساتھ ساتھ دیا ہے......)

جلد اول۔ صفحہ ۳۳۴ میں یہ شعر ہے:

ناوردۂ نبرون چو منی در ہزار سال
اینک تو ایدری فلکا و من ایدرم

(بہرام شاہ کی مدح والا قصیدہ)

صفحہ ۵۰۸ میں یہ شعر ہے:

اگرچہ مشک شوم بوی من ہمی نہ کشد
بوی آن کہ زمن بہتری مگر یابد

(احمد عمر خازن کی مدح کا قصیدہ)



Marfat.com

صفحہ ۵۶۵ میں یہ شعر ہے:

بید بر پردۂ بلبل زطرب سرجنبان
سرو بر نغمۂ قمری ز فرح دست زن است

(خالد مالکی کی مدح کا قصیدہ)

صفحہ ۸۴۸ میں یہ شعر ہے:

سپاہِ غور ہم کور است خواہی باہمہ کری
چو آتش نیزہ زن بودند، ہمچو آب جوشن در

(بہرام شاہ کی مدح والا قصیدہ)

صفحہ ۸۷۸ میں ایک رباعی ہے:

ای سر تا پا بہ نازکی سرو سہی
از جملۂ نیکوان بہ خوبی تو بہی
بر حسن و جمال بیش می افزاید
چشم آر ورا چو خاک بر روی نہی

جلد دوم صفحہ ۳۲۴:

کشادہ صورتِ دولت بشکرِ شاہ دہان
چو بست زیورِ اقبال بر عروسِ جہان

(بہرام شاہ والا قصیدہ)

صفحہ ۴۲۴:

نادیدہ دہانت کہ گمان کرد کہ ہرگز
خوش تر ز شکر کوزہ بود سفتِ سفالی

(خسرو شاہ بن بہرام شاہ کی مدح)



Marfat.com

صفحہ ۵۶۷:

(تیغِ تو رنگ ریز و ضمیرِ تو نقش بند)
خلقِ تو گل فروش و زبانت شکر گراست

(خسرو شاہ بن بہرام شاہ کی مدح)

صفحہ ۸۸۸:

بدان کہ فتنہ نہ خسپد درین زمانہ ولیک
ز عدلِ تست کہ باری شدہ ست در فرناس

(بہرام شاہ کی مدح)

جلد سوئم صفحہ ۸۹:

زان تابلی سفید کند ہر سیہ زبان
دردا کہ چون زبانِ قلم گشت دفترم

(بہرام شاہ کی مدح)

صفحہ ۸۳۸

در آن زمانکہ قبای سیاہ پوشیدی
یکی بگوی چہ ماند دو ہفتہ ماہ ترا

(تغری طغان بیگ کی مدح)

مصطلحات الشعرا نول کشور پریس کان پور ۱۳۱۶ھ۔۱۸۹۸ء

صفحہ ۱۴۰:

بعمر چند نہادہ ست یک شب روی بررویم
بر آنم تا کنم یک روز جانِ خویش درجانش

(بہرام شاہ کی مدح)



Marfat.com

فرہنگ جہانگیری لکھنو ۱۸۷۶ء جلد اول صفحہ ۸۱:

خصم چو موی گشتہ عجب تر نگر کہ کرد
اشکم چو چشم چشمۂ آموی موی او

(ابراہیم بن حسن کی مدح کا ترکیب بند)

صفحہ ۱۵۵:

شاہا نعالِ خنگِ تو ہر ماہ ماہ باد
اقبال را بہ پیش تو صد راہ راہ باد

(ابراہیم بن حسن کی مدح کا ترکیب بند)

صفحہ ۴۷۹ میں وہی رباعی ہے:

اے سر تا پا بہ نازکی سرو سہی
از جملہ نیکوان بہ خوبی تو بہی
بر حسن(۱۴۴) و جمال بیش می افزاید
چشم آر ورا چو خاک بر روی نہی

(فرہنگ آنندراج جلد اول صفحہ ۸۷۸)

سعد الدین وراوینی کے مرزبان نامہ (چاپ اروپاص ۸۸) میں سید حسن کا یہ شعر ملتا ہے۔

روزی نگر کہ طوطیِ جانم سوی لبت
بر بوی پستہ آمد و بر شکر او فتاد

سند بادنامہ، المعجم فی معاییر اشعار العجم اور راحت الصدور میں سید حسن کے متعدد اشعار ہیں۔



Marfat.com

## ہندوستان اور سید حسن

ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ہمارا شاعر ۵۱۳ھ۔۱۱۱۹ء میں بہرام شاہ کے ساتھ ہندوستان آیا تھا اور کچھ دن اس نے قیام بھی کیا تھا بلکہ یہاں اس نے والی ہند ابراہیم بن حسین علوی سے تربیت بھی حاصل کی تھی۔ چنانچہ اس تعلق کی یادگار میں ہم کو دو چیزیں ملتی ہیں۔

(۱) سید حسن کے کلام میں ہندوستانی الفاظ اور (۲) سید حسن کے کچھ کلام کی ہندوستان میں مقبولیت۔ ہم پہلے سید حسن کے یہاں بعض ہندوستانی الفاظ کا استعمال بتاتے ہیں اور اس سلسلے میں یہ کہنا بے جا نہ ہوگا کہ ہماری زبان اردو کی داغ بیل گو کہ عربوں اور ہندیوں کے میل جول سے پڑ چکی تھی لیکن باقاعدہ اس کا سلسلہ غزنویوں کے عہد سے چلتا ہے۔ جبکہ ہندوستانی لونڈی غلام بکثرت غزنین گئے اور غزنین کے لوگ یہاں آئے۔ پروفیسر محمود شیرانی صاحب نے "پنجاب میں اردو" میں بتایا ہے کہ کس طرح ہمارے الفاظ فارسی شعرا کے کلام میں جگہ پا چکے تھے۔ ہم نے بھی اپنے مضمون فارسی پر "اردو کا اثر" (معارف فروری تا مارچ ۱۹۴۱ء) میں فارسی کے متقدمین اور متوسطین شعرا وغیرہم کے کلام سے ہندوستانی الفاظ جمع کئے ہیں۔ یہاں ہم صرف اپنے شاعر کے کلام سے بعض ایسے الفاظ پیش کرنا چاہتے ہیں۔

ایک لفظ "بیلک" ہے جس کے متعلق پروفیسر شیرانی صاحب نے (پنجاب میں اردو ص ۲۹۔۳۰) "شرف نامہ" کے حوالے سے لکھا ہے کہ یہ ایک قسم کا ہندوستانی تیر تھا۔ ہمارا شاعر کہتا ہے:

زبیلک فتنہ را کردند ہمچون خارِ پشت اکنون
نمی داند کہ در عالم کجا و چون کند سر بر

(بہرام شاہ کی مدح والا قصیدہ)

کوشید چو بیلک ز دلش نیش چو بگذشت
تاریک شد آن دیدۂ خیرہ نگر شیر

(بہرام شاہ کی مدح)



Marfat.com

ایک لفظ "چندن" یعنی "صندل" ہے جو بغیر معرب یا مفرس ہوئے ملتا ہے۔

درد سرم مباد کہ بر بایدم طلی
باید ز مہ گلاب و ز خورشید چندنم

(۵۴۵ھ والا قصیدہ)

ز ہر تن فضل راست تریاک
درد سر آز راست چندن

(نصر اللہ بن محمد کی مدح)

"فوّارہ" اگر عربی (مثلاً وفار التنور۔ قرآن مجید) نہیں ہے اور بقول صاحب غیاث اللغات وہ ہندوستانی "پھوار" کا مفرس ہے تو وہ بھی سید حسن کے یہاں ملتا ہے:

گر درین باغ بہشت آسای جوی می نہ رفت
یاسمن راچیست پس فوّارہ می گوں آمدہ

(بہرام شاہ کی مدح والا قصیدہ)

یاسمن چون شدہ فوّارۂ می
جوی می باید راندن بہ چمن

(حسن بن احمد کی مدح)

بر عزم گریہ سوی دو فوّارۂ سرشک
آتش ز چشمۂ جگرم ہم برآمدہ

(غزل)

ایک لفظ قرنفل ہے جو کرن پھول کا مفرس ہے:

خورشید گل فروش و مہ لالہ پوش را
در بندِ مشک و دامِ قرنفل فگندۂ

(حسین بن حسن کی مدح والا ترجیع بند)



Marfat.com

ایک رباعی میں یہی لفظ ہے:

بر بوی کہ از مشک و قرنفل شنوی
از دولت آن زلف چو سنبل شنوی
چون نغمۂ بلبل ز پیِ گل شنوی
گل گفتہ بود ہرچہ ز بلبل شنوی

یہ تو ہندوستانی الفاظ کا استعمال تھا۔ اب ہمارے شاعر کے کلام کی مقبولیت اپنے ملک میں دیکھئے۔ ہمارے یہاں کس کو معلوم ہے کہ یہ شعر سید حسن کا ہے:

مہ نوری فشاند و سگ بانگ می زند
مہ راچہ جرم خاصیتِ سگ چنان فتاد (۱۳۵)

یہ شعر بہرام شاہ کے وزیر حسن بن احمد کی مدح والے قصیدے میں ہے جس کا تذکرہ اوپر آچکا ہے۔ اسی طرح سے ہمارے یہاں میلاد کی محفلوں میں سید حسن کا یہ شعر اکثر پڑھا جاتا ہے:

سلموا یا قوم بل صلوا علی الصدر الامین
مصطفیٰ ماجآء الا رحمۃ للعالمین (۱۳۶)

یہ ترجیع یا تضمینی شعر اس ترجیع بند کا ہے جو شاعر نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دربار میں پیش کیا تھا۔

## شاعر کی اپنے زمانے میں قدر

ا۔ سید حسن نے ایک قصیدہ جیسا کہ ہم لکھ چکے ہیں بہرام شاہ کی تخت نشینی پر لکھا تھا۔ اس کا مطلع یہ ہے:

منادی بر آمد ز ہفت آسمان
کہ بہرام شاہست شاہِ جہان



Marfat.com

طبقات ناصری کے انگریزی ترجمے (راورٹی۔ ص ۱۱۱ح ۱) سے معلوم ہوتا ہے کہ بہرام شاہ کے ایک سکے پر جو مضمون کندہ تھا اور جس کا انگریزی ترجمہ راورٹی نے دیا ہے بالکل مذکورہ بالا شعر کا ہم معنی تھا۔ اگر سید حسن کا یہ شعر بہرام شاہ کے سکے پر کندہ تھا تو ہم کو یہ کہنا پڑے گا کہ شاید اتنی قدر کسی اور شاعر کی کبھی نہیں ہوئی تھی۔

۲۔ خلیل اللہ خلیلی نے "احوال و آثار حکیم سنائی" (۱۳۱۵/۵۸) میں لکھا ہے کہ سنائی نے "کارنامہ بلخ" میں یہ اشعار اسی سید حسن کے متعلق لکھے ہیں:

شاخ دیگر جمال دین حسنی
آن چون نامِ خود از نکو سخنی
سیدی خوب روی و پاکیزہ
سخنش ہم چو غیب دوشیزہ
قوتِ نظم و نثرش از نسب است
زان کہ از شاخ افصح العرب است

۳۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ ایک "صاعد" ابو بکر بن حیدر کرمانی نے جو شاعر بھی تھا سید حسن کی مدح اور جواب میں یہ قطعہ بھیجا تھا:

بہ من سید حسن زینِ زمانہ
ز دل تحفہ غذای جان فرستد
بدان نظمِ بدیع و نثر رایق
تو گوی معجزِ فرقان فرستد
ولیکن مدتِ بسیار دارم
کہ می درد مرا درمان فرستد
مراین مشتاق و مہجور حزین را
شفا زان لفظ دُر افشان فرستد



Marfat.com

شراب از مایۂ کوثر رساند
نسیم از روضۂ رضوان فرستد
جوابِ آن فرستادن کہ داند؟
مگر زندہ شود حسّان فرستد
خرد نپسندد از طبعِ من ارچ
بضاعت زیرہ از کرمان فرستد

۴۔ خالد مکی کے متعلق جو قصیدہ منقول ہوا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس نے بھی سید حسن کی مدح میں کچھ اشعار لکھے ہوں گے گو کہ وہ اشعار ہمیں نہیں مل سکے۔ سید حسن نے اس قصیدے میں کہا ہے:

خالدِ مالکی آن صدر کہ خالد بہ بہشت
ہمچو رضوان ز نسیم کرمِ خویشتن است
پرتوِ خاطرِ اوطبع مرا قوت داد
خہ خہ ای خاطر چون تیغ کہ آن عکس من است
بہ قبول سخنش یک سخنم را صد کرد
گرچہ دانست کہ در ہر سخنم صد سخن است
مادحِ او من و او مدح فرستد عجب است
عشق بر بلبل و گل چاک زدہ پیرہن است
آمد ار کار ثنای تو مثمن چو بہشت
گرچہ شعر تو مسدس چو نجوم پرن است

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ خالد مالکی نے بھی سید حسن کی مدح میں اشعار لکھے ہوں گے۔

۵۔ روحانی غزنوی نے اپنے طویل "سوگند نامے" میں (جو بہرام شاہ اور اس کے



Marfat.com

وزیر حسین ابن حسن کی مدح میں ہے اور جس پر ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل سے بحث کر چکے ہیں) اپنے عہد کے بعض شاعروں کا تذکرہ کیا ہے ان میں سید حسن بھی ہے جس کے متعلق روحانی کہتا ہے:

حسن کہ آئینۂ نور و نفسِ ناطقۂ اوست
از و چگونہ برم گوی نطق درمیدان

اور اسی "سوگندنامے" میں حسن کی سرگردانی اور پریشانی حال کو اس طرح بیان کرتا ہے:

یکے از ایشان پنجک ستان و پنبہ فروش
کہ کرد گردش چرخش چو چرخ سرگردان

یہ شعر دراصل شروع میں ہے جہاں کہ روحانی نے اپنے معاصرین کے کلام کی تذلیل کی ہے اور بعد میں انھیں کی تعریف کی ہے جس میں سے اوپر والا شعر (حسن کہ آئینہ نور............الخ) بھی ہے۔

۶۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ ۵۴۷ھ۔۱۱۵۲ء میں جب بہرام شاہ دوبارہ غوریوں کے زوال پر غزنین کا حکمران ہوا تھا تو یہ خبر سن کر ہمارے شاعر نے ایک قصیدہ لکھا تھا جس کا مطلع یہ تھا:

آخر دلم بہ آرزوی خویشتن رسید
و آنچ از خدای خواستہ بودم بہ من رسید

لباب الالباب (جلد اول صفحہ ۵۹) میں الملک المعظم پیغو ملک حسن بن علی (ظاہراً از ملوک الطوائف خانیہ ماوراءالنہر است۔ چہ ایشان بعد از استیلاء قراخطائیاں در ماوراءالنہر از حدود سنہ ۵۳۰ تا ۶۰۶ منقسم شدہ بودند بہ ملوک صفار بسیار و ہر ناحیہ کوچکی در دست یکی از ایشان بود از جانب قراخطا (حواشی لباب الالباب ص ۳۰۴۔۳۰۵) کے دو شعر یہ ہیں۔

جستم برای فال کتابی و ناگہان
دستم بہ بحر گوہر سید حسن رسید



Marfat.com

باصد زبان چگونہ توان گفت شکرِاین
کانچ ازخدای خواستہ بودم بہ من رسید

ان اشعار میں سید حسن کا ذکر ہے اور اس کا مصرع آخر وہی ہے جو سید حسن کے مذکورہ بالا مطلع میں پایا جاتا ہے۔ چنانچہ ان اشعار کی تلمیح (جس کے متعلق فاضل مرتب نے کوئی رائے نہ دی تھی) اب واضح ہو گئی اور یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہ بادشاہ پیغو ملک ۵۴۷ھ۔ ۱۱۵۲ء کے بعد ہی حکمران رہا ہو گا۔ کیونکہ اس سال شاعر نے وہ قصیدہ لکھا تھا نیز یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ہمارے شاعر کے کلام کی شہرت دور دراز مقامات (مرغینان و کاشان ماوراء النہر جہاں کہ پیغو ملک تھا) تک پھیلی ہوئی تھی اور اس کی قدر کی جاتی تھی۔ گو کہ یہ بھی صحیح ہے کہ دربار کی رسائی کی وجہ سے وہ زمانہ حاسدوں سے بھرا ہوا تھا۔ (۱۷۳)

ان کے علاوہ دیوان کے مقدمے میں شاگرد کے توصیفانہ کلمات اور قریب العہد مولف راحت الصدور (ص۔ ۲۰، ۲۱، ۴۹، ۵۷، ۵۸، ۱۸۷، ۱۸۹، ۱۹۲، ۱۹۳، ۲۴۵، ۲۵۱، ۲۷۵، ۳۱۴ وغیرہا) کا شاعر کو بار بار یاد کرنا ظاہر کرتا ہے کہ شاعر کی اپنے زمانے میں کافی قدر تھی اور اس کا کلام بھی بے شک قابل قدر تھا۔ تبھی تو ڈاکٹر محمد اقبال صاحب نے اسے (راحت الصدور دیباچہ ص ۱۱) فارسی کے بزرگ ترین شعرا میں شمار کیا ہے۔ متعدد معاصرین اور مقلدین نے اس کے قصیدوں پر قصیدے لکھے ہیں لیکن ہم پہلے ان اکبر شعرا کا تذکرہ کرنا چاہتے ہیں جن کی تقلید ہمارے شعرا نے کی ہے۔

## دوسرے شعرا کی تقلید

ہمارے شاعر نے دوسرے شعرا کی تقلید میں جو کچھ لکھا ہے اس کا بھی کچھ تذکرہ کر دینا ضروری معلوم ہوتا ہے۔

ا۔ اور اس قبیل میں مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ) کا نام پہلے آتا ہے۔ مسعود کا ایک قصیدہ ہے:



Marfat.com

که وداع بت من مرا کنار گرفت
بدان کنار دلم ساعتی قرار گرفت
وصال آن بت صورت همی نہ بست مرا
بدان زمان که مرا تنگ در کنار گرفت
چو وصل او را عقل من استوار نداشت
دو دست من سر زلفینش استوار گرفت
بر ویش اندر خندان نگاه کر دم تیز
که دیده ام همه دیدار آن نگار گرفت
نہ دیر بود که برخاست آن ستوده خصال
برفت و ناقۂ جمازه را مہار گرفت
بر و نشست وبجست او ز جای خویش چودیو
بقصد غزنین هنجلدره گزار گرفت
قطار بود دمادم گرفته راه به پیش
کلنگ وار بره بردم و قطار گرفت
درین میانه بغرید کوس شاہنشہ
زبانگ او همه روی زمین ہوار گرفت (۱۳۸)

اس قصیدے میں تشبیب کافی اچھی ہے اور رنگینی بھی پائی جاتی ہے عاشق کی بے قراری کا نقشہ ہے۔اور گریز میں بڑی برجستگی ہے۔ سادہ ہے لیکن جدت ہے اب سید حسن کا قصیدہ دیکھیے:

زمانہ دامن اقبال شہر یار گرفت
سعادتش به دل و دیده در کنار گرفت



Marfat.com

ظفر بہ ہمت روی ظفر جمال نمود
جہان بہ دولت شاہِ جہان قرار گرفت
یمینِ دولت و دین و امینِ ملت و ملک
کہ آرزو زیمینش رہِ یسار گرفت
ابو المظفرِ بہرام شاہ بن مسعود
کہ زرّ خورشید ازرای او عیار گرفت
جبین خورشید ازیمن نام او بر چرخ
بہ داغ بہر ام اندر ازل نگار گرفت
گرفت شہپرِ سیمرغ نفرت از منقار
چو بامِ چتر رفیعش رہِ شکار گرفت
فراخ سال عطا ہا چو بر کف او بنمود
چو حرص را ہوسِ جودِ تنگبار گرفت
مراد ہا کہ ازو آرزو ہمی یابد
چو آرزو ست کہ نتوانش در شمار گرفت
کنون زغنچۂ اقبال بشگفد گل بخت
چو عالم از نظرش رونقِ بہار گرفت (۱۳۹)

اس میں شک نہیں کہ اس کی تمہید اچھی نہیں ہے اور تشبیب ہی نہیں ہے تو رنگینی اور لطافت کا ذکر ہی کیا؟ لیکن شاعر نے تشبہات و استعارات میں اپنے قوت تخلیل سے جو ندرت اور جدت پیدا کی ہے اور خصوصاً ایسے عہد میں جبکہ اس کی شاعری کو زیادہ عرصہ نہیں ہوا تھا جیسا کہ ہم اوپر دیکھ آئے ہیں) وہ قابل داد ضرور ہے۔ اشعار ۵ تا ۸ سراسر اس کے حسن تخئیل کے گواہ ہیں اور اس کی دقت نظر پر دال ہیں۔

۲۔ پھر معزی (۵۴۲ھ۔ ۱۱۴۷ء) کا نام آتا ہے۔ معزی کا ایک قصیدہ (انتخاب



Marfat.com

شعرائے متقدین نمبر ۳ق۔۵۷۶ب 'حمیدیہ بھوپال) اس طرح شروع ہوتا ہے:

به فالِ فرخ و عزمِ درست ورای صواب
سفر گزیدم و کردم سوی رحیل شتاب
بدان قضا چو رضا دادم اندر آن ساعت
نشستم از بر دیو جہندہ ہمچو شہاب
گہی شتاب چو صرصر گہی درنگ چو کوہ
گہی فراز کبوتر گہی نشیب عقاب
سپہر چون کفِ قلاب و اندر و کیوان
بہ گونہء درمِ قلب در کفِ قلاب
بہشت بود سپہر و مجرّہ جوی بہشت
بزرگ و خورد کواکب کواعب اتراب
کسی کہ باتو بمیدانِ فضل بازد گوے
ہمی تپدّدل او ہمچو گوے در طبطاب
فراقِ حضرت تو جانِ من بفر سودہ ست
گواست بر دلِ من بندہ ایزدِ وہاّب
ہمی ثنای تو گویم بوقت بیداری
ہمی لقای تو بینم چو باشم اندر خواب
ترا مباد تہی از چہار چیز دو دست
زکلک و خاتم و زلف نگار و جام شراب

اس قصیدے میں معزی نے اپنا سفر سادہ طریقے پر بیان کر دیا ہے۔ صرف گھوڑے کی رفتار کو مختلف اچھی تشبیہات سے سنوارا ہے لیکن سید حسن غزنوی نے اس کی تقلید میں جو قصیدہ لکھا ہے اس کی تمہید میں ایک جدت پیدا کی ہے۔ مطلع معزی کا ضرور بہتر ہے لیکن اس



Marfat.com

کی تقلید میں سید حسن کہتا ہے:

چو عزم کردم سوی سفر بہ رای صواب
برید گشت امیدم ز دیدنِ احباب
بر آن امید کہ بہتر شود مگر کارم
ہمی رسید ہزاران ہزار رنج و عذاب
گہی چو مور بکوشیدم از پیِ اخوان
گہی چو مار بپیچیدم از غمِ اصحاب
درین تفکر بو دم کہ آن بتِ سرکش
بر من آمد بی التماس من بہ شتاب
ہمی فروخت رخش چون بر آسمان عیسی
ہمی تپید دلش چون بر آینہ سیماب
گہی فگندی مشکِ از دو سنبلِ پرُ چین
گہی فشاندی در از دو نرگسِ سیراب
بشد ز شرم ہمی گفت کاخر ای بد عہد
مکن چنین و دلم رابہ وصل اندر یاب
مگر بہ خواب دری زان ہمی نمی دانی
کہ بینمش اگرچہ بکوشی نہ بینیم درخواب
چہ کردہ ام کہ چنین بر گرفتی از من دل
چہ شد کہ خانہ مہرم ہمی کنی تو خراب
مگر کہ عہدِ مرا پاک دادۂ برباد
مگر کہ نام مرا نقش کردۂ بر آب



Marfat.com

اگرچہ ہست خطا رفتنِ من از پیشت
شدن بہ پیشِ خداوندِ خویش ہست صواب
جہانِ جود وکرم نجم دین و کافی ملک
کہ دین وملک از و ثابت ست در ہر باب (۱۰۴)

دیکھیئے کتنی اچھی تمہید ہے اوراس ممدوح کے متعلق یہ قصیدہ ہے جس کا انتقال ۵۲۸ھ۔ ۱۱۳۳ء میں ہوا تھا یعنی اس سال کے پہلے ہمارے شاعر نے لکھا ہوگا۔

۳۔ عمادی غزنوی متوفی بحدود ۵۴۵ھ (جس کو لباب ج ا ص ۹۹ میں غلطی سے (۱۴۱) شہریاری سمجھ کر لکھا ہے کہ اس کے ایک قصیدے کا جواب یوسف بن ناصر الکاتب نے لکھا تھا) سنائی کا دوست تھا۔ اس کا ایک قصیدہ (مونس الاحرار۔ ص ۲۹۴ بعد حبیب گنج) ہے:

ای بر سمن از مشک بعمدا زدہ خالی
مسکین دل من گشت ز حال تو بحالی
حالی بہ جہان زار تر از حال دلم نیست
تا نیست دل آشوب تر از خال تو خالی
قدّ و دہن و زلف تو وجعد تو دیدم
ہر یک ز یکی حرف پذیرفتہ مثالی
از سیم الفی دیدم وزبسد میمی
از مشک سیہ جیمی وز غالیہ دالی
گفتم کہ تو خورشیدی وان بود حقیقت
گفتی کہ تو چون ماہی وان بود محالی
مہ بدر نماید کہ ز خورشید شود دور
من کز تو شوم دور نمایم بہ ہلالی



Marfat.com

ای ازبرِ من دور همانا خبرت نیست
کز مویه چو موی شدم از ناله چو نالی

در خواب خیالِ تو بنزدیکِ من آید
گویم که مرا هست مگر با تو وصالی

بیدار شدم چون نه تو باشی نه خیالت
عشقِ تو مرا باز نه داروز خیالی

یک روز به سالی نه کنی یاد کسی را
کاندر غم تو باشد روز لیش به سالی

فرخنده شود روز بر آن کس که به شبگیر
از روی تو و رای ملک گیرد فالی

شاه همه شاهان ملک ارغون که نه دارد
در مردی و فرهنگ نظیری و همالی

اس قصیدے کی تمہید میں ایسی جدت اور رنگینی ہے کہ عمادی کے معاصرین میں بہت کم ملے گی۔ اس کے جواب میں سید حسن نے خسرو شاہ بن بہرام شاہ (م ۵۵۵ھ) کی مدح میں یہ قصیدہ لکھا تھا:

ای یافتہ از چہرۂ تو حسن کمالی
داد است جمالیت خدا وہ چہ جمالی

از دیدۂ من عشقِ تو انگیختہ سیلی
و ز قامت من ہجر تو پرداختہ نالی

نادیدہ دہانت کہ گمان برد کہ ہرگز
خوش تر ز شکر کوزہ بود بستہ سفالی



Marfat.com

چون زلفِ تو شد حالم و این از همه خوش تر
کاندر خمِ زلف تو دلم دارد حالی
دل سوخته چون لاله ازینیم که بی تست
برگل چو دل لاله پدید آمده خالی
هجرانِ تو ام سوخت که گشتم به ضرورت
در مملکتِ وصلِ تو قانع به خیالی
بر بود ز من خواب که تاثیر نه باشد
از خیلِ خیالِ تو ام امید وصالی
بر چرخ هلالی که پدید آید یک چند
از دستِ محاقش نه بود بیمِ زوالی
این نادره بشنو که مرا بیم محاق است
اکنون که تیمار تو گشتم چو هلالی
میمِ دهنت عینِ کمال ست و مباد انک
درعینِ کمال تو رسد عینِ کمالی
هر گه که کنم قصدِ سوالی ز لبِ تو
تا بوک که بوسی بودم از تو مثالی
اقبال مرا گوید کای نادان هی هی
در دولتِ خسرو تو و محتاج سوالی
خسرو شهِ بهرام شه آن شاهِ جوان بخت
کایام نیا ورد چنو نیک خصالی
شاہا ز حسن بشنو حرفی که عجب نیست
کان شکر خدا بست تبارک و تعالی



Marfat.com

از لفظِ متین معنیِ عذ بم چو بخندد
گوی کہ جہد بیرون از سنگ زلالی

ز نہار چو وطواط و عمادیم مپندار
کافسوس بود عیسی باخر بجوالی

خود حکم تو کن این بہ یا شعرِ عمادی
کای برسمن از مشک بعمدا زدہ خالے

اس انتخاب میں آخری مصرع عمادی کا ہے جو اس کے مطلع میں تھا۔ سید حسن کی تمہید بے شک لطیف اور آسان ہے اور طویل ہونے کی وجہ سے بعض باتیں ایسی موثر آگئی ہیں کہ جن کی وجہ سے لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ گریز بھی عمادی سے بہتر معلوم ہوتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ عمادی کی طبیعت بلند ہے اور اس کو قوت اختراع حاصل ہے اس لئے سید حسن کو اس کی تقلید میں لکھنا پڑا۔ وہ اس قصیدے میں اپنے مشہور معاصر وطواط کا بھی ذکر کرتا ہے، ہم کو اس زمین میں وطواط کا کوئی قصیدہ نہیں ملا اور یوں بھی ایسے قصیدے کے متعلق کوئی خاص اشارہ نہیں ہے۔

۴۔ دولت شاہ نے عثمان مختاری کے سلسلے میں لکھا ہے کہ اس کے اس قصیدے کا جواب بہت سے شعرا نے لکھا ہے۔

مسلمانان دلی دارم کہ ضائع می شود جانش
در افتادم بدان دردی کہ پیدا نیست درمانش

دولت شاہ کی تقلید میں پروفیسر عبدالغنی صاحب نے بھی اپنی کتاب Pre-Mughal Persian (۱۸۴) میں عثمان مختاری کا مطلع یہی قرار دیا ہے۔

لیکن ادیب صابر کے دیوان (کاما لائبریری۔ بمبئی) سے معلوم ہوتا ہے کہ اس مطلع کا دوسرا مصرع ادیب صابر کے مطلع کا ہے اور وہ اس طرح ہے۔



Marfat.com

دلم عاشق شدن فرمود و من بر حسبِ فرمانش
در افتادم در آن دردی که پیدا نیست درمانش

اور عثمان مختاری کا مطلع (دیوان ورق ۱۵ الف تا ۱۶ اب) بانکی پور) یہ ہے۔

مسلمان کشتن آیین کرد چشمِ نا مسلمانش
بہ نوکِ ناوکِ مژگان کہ پُر زہر ست پیکانش

اس میں بیاسی اشعار ہیں اور یہ محمود روباہی (والی ہند؟) اور سلطان مسعود بن ابراہیم غزنوی کی مدح میں ہیں۔

کہ گر عثمان مختاری بہ درد از درد در ماند
بجز محمود روباہی کہ داند کرد درمانش
وگر باد از فلک مسعود بن ابراہیم دین پرور
یقین بسیار کردہ ست آن ز بہر دین یزدانش
بہ ہندوستان بکن کاری چنان کاری رباحشمت
کہ عبرت نام می سازند مردان در خراسانش (۱۴۲)

تھوڑی دیر کے لئے اگر دولت شاہ کا قول صحیح مان لیا جائے کہ عثمان مختاری نے اس زمین میں سب سے پہلے قصیدہ لکھا گو کہ یہ صحیح نہیں ہے تو اس کے لئے بیشک یہ بات قابل فخر ہو سکتی تھی کہ متقدمین سے لے کر متاخرین تک نے اس قصیدے پر قصیدے لکھے ہیں۔ ہم ایسے قصیدوں کا تذکرہ کرنے سے پہلے مناسب سمجھتے ہیں کہ عثمان مختاری کے چند اشعار بطور نمونے کے پیش کریں اور پھر سید حسن کے کلام سے مقابلہ کریں۔ عثمان نے کہا ہے:

دلِ عشاق را زلفش ہمی دامِ بلا گردد
بدین معنی بکار آید بہم ہر حلقہ چندانش
مرا سودای آن باشد کہ برہم برزنم زلفش
مگر بادی جہد کز ہم کند ناگہ پریشانش



Marfat.com

دلم سرگشتۂ مہر است و مست عشق از مستی
ہمی ترسم کہ بگراید سوی چاہ زنخدانش
بزرگان زان خریدارند رویش راکہ در مجلس
فروشد قندو گوہر از لب شیرین و دندانش

ان اشعار میں معشوق کی "زلف" "چاہِ زنخدان" لبِ شیریں اور "دندان" کے متعلق اچھی اچھی لیکن سادہ تشبیہیں اور استعارے ملتے ہیں۔ اب سید حسن کے کچھ اشعار اس خارجی خوبی کے متعلق سنیے۔

گہر پر زر ہمی یابم ز یاقوتِ در افشانش
شدم چون ذرّہ در سایۂ خورشید تابانش
بہ دستان زلف را بر گوش ہر ساعت کند حلقہ
چو من خود حلقہ در گوشم چہ باید کرد دستانش
ز بندِ زلف پر بندش دلی ناگاہ اگر پیچد
فرو افتد ہم اندر حال در چاہِ زنخدانش
دلم خواہد کہ بگریزد ز بندِ زلفِ او لیکن
ز بیم آن کہ خون گردد نہ باشد زہرۂ آنش
چنین با عاشقانِ غم زدہ دامن بیفشاند
مگر عاشق شود روزی و غم گیرد گریبانش
دلم را درد ہجرانش بخست و قصدِ جان دارد
کنون جانِ من و انصاف شاہ و دردِ ہجرانش
خداوندِ جہان بہرام شاہ آن خسروِ عادل
کہ با عمرِ خضر دادہ ست حق ملکِ سلیمانش



Marfat.com

جہان داری کہ از چرخ برین بگوشت مقدارش
شہنشاہی کہ از روی زمین بگزید یزدانش
اگر گنجی بہ دست آرد فراہم کردہ چون پروین
زبخشش چو بنات النعش گرداند پریشانش
از آن نیلو فری تیغت بہ ہیجا رنگ بیز آمد
کہ ہچون معصفر اندر شنم بستہ است داندانش

ان اشعار میں سید حسن نے پھر لطافت طبع دکھلائی ہے۔ دوسرے شعر میں ''زلف رابر گوش کند حلقہ'' کی رعایت سے ''حلقہ در گوشم'' استعمال کر کے بڑا لطف پیدا کیا ہے۔ مختاری نے اپنے تیسرے شعر میں کہا ہے کہ میرا دل کہیں عشق کی مستی کی وجہ سے ''چاہ زنخدانش'' میں نہ گر جائے۔ ''مستی'' اچھی توجیہ ہے لیکن سید حسن نے پہلے تو ''زبند زلف پربندش'' سے رعایت لفظی پیدا کی ہے اور پھر کہا ہے کہ میرا دل اگر زلف کی قید میں پیچ و تاب کھاتا ہے تو ''چاہ زنخدانش'' میں مقید ہو جاتا ہے۔ گویا کبھی اسیری سے رہائی نہیں ہے۔

پھر سید حسن کے قوافی ''پریشانش'' اور ''دندانش'' وغیرہ نئی نئی تشبیہات کی وجہ سے مختاری سے بہت بلند ہو گئے ہیں۔ اب عثمان مختاری سے بھی بہت پہلے کے شاعر حکیم قطران کا قصیدہ اسی زمین میں (مونس الاحرار۔ ص ۵۳۶) دیکھئے۔ وہ آذر بائجان کے بادشاہ ابو منصور وہسوذان (بن ابو نصر محمد بن مسعود بن) مملان کی مدح میں ہے۔ جو ناصر خسرو کے قیامِ تبریز کے موقع پر یعنی ۴۳۸ھ میں زندہ تھا۔ اس قصیدے کے بعض اشعار یہ ہیں جو اس زمین میں سب سے پہلے اسی کے یہاں ملتے ہیں۔

دل من دلبری دارد کہ نفروشم بہ صد جانش
ہزار آرام دارد جان زلولو پوش مرجانش
مرا دین و دل است آن بت نہ خوانم جز دل و دینش
مرا جانِ جہان است او نہ خواہم غیر جانانش



Marfat.com

چو بکشاید گریبان را شبِ تار آن مہ روشن
بر آید افتاب و مہ شبِ تار از گریبانش
فغان از چشمِ پرُ خونش و زان مژگان پرُ آبش
و زان زلفین پرُ تابش و زان رخسار تابانش
بہ دیداری کہ چشمِ من بدید آں دو رخانِ او
دلم بر بود و راضی نیست جان خواہد بہ تاوانش
اگر تو قطرہ باران نہ دیدی در گل خندان
بہ زیرِ دو لبِ رنگین ببین دو رشتہ دندانش
اگر تیری بیندازد ز صد فرسنگ چشمِ او
ہمان ساعت من اندر دل بیابم نوک پیکانش
نہ نازم جز بہ دیدارش نہ خندم جز بہ گفتارش
نہ نالم جز بہ کردارش نہ پویم جز بہ فرمانش
بروی او چنان شادم کہ درویشی کہ بنوازد
سر شاہان ابو منصور وہسوزانِ مملانش

اس قصیدے میں بھی عثمان مختاری کی طرح معشوق کے خارجی اوصاف کا بیان ہے اور بغیر کسی بلند تخیل کے اس عاشقانہ تمہید کو سادہ لیکن دلکش انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ اس لئے ظاہر ہے کہ عثمان مختاری نے بھی قطران کی تقلید کی ہو گی۔ اور اسی اثر کے تحت سید حسن نے بھی خارجی اوصاف کو مختلف تشبیہات و استعارات کے ساتھ بیان کیا ہے۔ اور یہ بات سید حسن کے دوسرے ہم عصر ادیب صابر کے یہاں نہیں ہے بلکہ موخر الذکر کے یہاں ایسے قصیدے میں اکثر ایک ہی وصف یعنی "زلف" کے متعلق نئے نئے مضامین ملتے ہیں جو اس کی جدت طبع کی دلیل ہیں۔ کچھ اشعار اس کے بھی سنیئے اور لطف اٹھایئے۔



Marfat.com

دلم عاشق شدن فرمود و من بر حسبِ فرمانش
در افتادم در آن دردی کہ پیدا نیست درمانش
پریشان زلف دل بندی دلم بر بود ہر ساعت
کہ در زلفش ہمی دیدم نشانِ عہد و پیمانش
بہ پیرایش گر اندر زلف او رہ یافت نقصانی
جمال او ز عشقِ من زیادت شد ز نقصانش
بہ قصد گوی باچوگان بہ میدان دیدمش روزی
ز زلف او و پشت من حسد می برد چوگانش
خم چوگان او باگوی ہر ساعت بہ میدان در
ہمان کردی کہ روزِ باد زلفش باز نخدانش
زرشک گرد تا با زلف مشکینش نیا میزد
بہ آب دیدہ بفشاندم سراسر گرد میدانش
دلم را در خم زلفش بہ زندان کرد عشق او
چو مداح خداوند ست نگذارد بہ زندانش
رئیس شرق مجد الدین ابو القاسم علی کا یزد
مزین کرد عالم را بہ عدل و علم و احسانش (۱۴۳)

غرضیکہ یہ زمین ایسی مقبول ہوئی کہ عثمان مختاری، حکیم قطران، سید حسن غزنوی اور ادیب صابر کے علاوہ متعدد دوسرے اکابر نے بھی اسے قبول کیا۔ مثلاً شمالی دہستانی نے (مونس الاحرار ص ۵۴۴)

بتی دارم کہ یک ساعت برون نایم ز فرمانش
چو ایمان دارم اندر دل بہ خوبی عہد و پیمانش

لباب الالباب (ج ۱۔ ص ۹۸) میں خسرو ملک غزنوی (حکومت تا ۵۸۲ھ۔ ۱۱۸۶ء)



Marfat.com

کے درباری شاعر یوسف بن نصر الکاتب کا بھی ایک قصیدہ ہے۔

زماہ آن رخش لعلی ست در سیب زنخدانش
زجام آن لبش مسی است در زلف پریشانش

انوری نے بھی کہا ہے (کلیات۔ ص ۲۳۴):

ببین وقتِ سخن گفتن لبِ شیرین و دندانش
کہ گوئی دُرّ عمان ست در لعل بدخشانش

لیکن خاقانی کا قصیدہ سب پر غالب ہے:

دلِ من پیرِ تعلیم است و من طفلِ زباندانش
سواد الوجہ سبق و مسکنت کنجِ دبستانش
دلِ من باغبانِ عشق و حیرانی گلستانش
ازل دروازۂ باغ ،و ابد حدِّ خیابانش

اگر دوسرے شعرا کے دواوین (۱۴۴) دیکھے جائیں تو ممکن ہے کہ اور بھی قصیدے اس زمین میں ملیں۔ بہر حال اس کی مقبولیت میں کوئی شک نہیں ہے اور اگر حکیم قطران ہی اس کا موجد تھا تو واقعی اس کی خداداد ذہانت میں شبہ کی گنجائش نہیں ہے۔

۵۔ اتسز خوارزم شاہ (م۔ ۵۵۱ھ) کی مدح میں رشید الدین وطواط (م۔ ۵۷۸ھ) کا ایک قصیدہ (مونس الاحرار۔ ص ۹۱۸) ہے:

زہی افروختہ حسنِ تو در جہان آتش
زدہ مرا غمِ تو درمیانِ جان آتش
اگر برارم از اندوہِ عشقِ تو نفسی
بگیرداز نفسِ من ہمہ جہان آتش
نہ ماند از آتشِ دل آب چشم ترسم از انک
بجای اشک زچشم شود روان آتش



Marfat.com

مجوی ہجر من ای نو بہار حسن کہ من
بہ کارت آیم ہمچون بہ مہرگان آتش
منم ہمیشہ در آتش ز آندہِ تو ولیک
مرا نہ دارد با مدح شہ زبان آتش
ابو المظفرِ خورشیدِ خسروان اتسز
کہ از صواعق خشمش کند کران آتش
زکف اوست بہ بخشش کہین اثر دریا
ز تیغ اوست بہ کوشش کمین نشان آتش
ازان زبانہء آتش بود بہ شکلِ زبان
کہ از سیاست اوہست ترجمان آتش
رود خدنگِ تو سوی مخالفان ز کمال
چنان کہ سوی شیاطین ز آسمان آتش
خدای داند کز تو بہ دودمان نہ روم
وگر بر آورد و دم زخان و مان آتش
ہمیشہ تاکہ فروزد بہ راغ و باغ و بہار
ز برگِ لالہ و از شاخ ارغوان آتش
بر اہل عالم شاہا خدایگان بادی
چو بر طبایعِ عالم خدایگان آتش
مخالفانِ ترا ہمچو ہاویہ جنت
موافقان ترا ہمچو ضیمران آتش

اس قصیدے میں وطواط نے عاشقانہ تمہید کے ساتھ نئے مضامین پیدا کئے ہیں۔ اور نئی نئی تشبیہات و استعارات سے اپنے کلام کو مزین کیا ہے۔ سید حسن نے بھی اسی طرح



Marfat.com

لکھا ہے۔

چہ ساخت در دلِ تنگم چنین مکان آتش
نہ یافت جای مگر در ہمہ جہان آتش
مرا دو چشم چو ابر ست و شاید ار چون برق
جہد ز آب دو چشم زمان زمان آتش
مگر دو چشم و دلم ماہی و سمندر شد
کہ کرد این وطنِ آب آن مکان آتش
شدم ز گنبد نیلوفری چو نیلوفر
کہ گردِ من ہمہ آب است و درمیان آتش
زہی چو یوسف در حسن و ہمچو ابراہیم
بر آن دو عارض، تو گشتہ مہربان آتش
بہ وعدۂ دلِ من خوش کن ارچہ نہ بود راست
بہ گفت آتش کی گیردت زبان آتش
گرم چو مشک دہی بی خیانتی برباد
ورم چو عود زنی درمیان جان آتش
بہ خوش دلی بکشم گرم و سرد تو کہ مرا
تو در بہار نسیمی و در خزان آتش
نمودہ عرصۂ صحرا ز سبزہ چون دیبا
گرفتہ خطۂ بستان ز ارغوان آتش
میانِ سبزہ گلِ زرد گر ببینی ہیچ
گمان بری کہ گرفتہ ست آبدان آتش۔



Marfat.com

چو شاخ گل به ده انگشت خواست کرد چراغ
ز برگِ لاله به کف کرد گلستان آتش

عجب که لاله دعای حسود شاه بگفت
دعا که کرد که باداش دردهان آتش

به یمنِ دولت بهرام شه که اندر رزم
زبان خنجر اورا ست ترجمان آتش

شود چو زهره ز خورشید محترق گر هیچ
کند زمانی با عزم او قران آتش

خدایگانا شعری ز گفتهٔ وطواط
که کرده بود ردیفش به امتحان آتش

شنیده شد که تو دیدی و فرّیک نظرت
حرام کرده بر آن طبع دُر فشان آتش

حسن هم اکنون دُری ز بحر طبع آورد
که همچو یا قوت او را دهد امان آتش

چو خاک رنگین مدحی مبادی آن باد
چو آب رایق شعری ردیف آن آتش

بسانِ طوطی چون طبع من شکر خاید
ز رشک گیرد وطواط را روان آتش

همیشه تاکه به رفعت بود مثل افلاک
همیشه تاکه زپستی دهد نشان آتش

علو قدر ترا بادهم رکاب افلاک
مضای عزم ترا بادهم عنان آتش



Marfat.com

یکی حباب زجودِ تو موج زن دریا
یکی شراب ز عیشِ تو کامران آتش

اتنے زیادہ اشعار نقل کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی۔ کہ سید حسن کی طبع کی جولانی معلوم ہو سکے۔ کہ وہ کس طرح اپنے ایک فاضل حریف یعنی وطواط کے مقابلے میں (جیسا کہ آخر کے اشعار سے واضح ہے) اپنی قوتِ تخیّل سے نئے نئے مضامین پیدا کرتا ہے۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ وطواط کی طبیعت بلند ہے لیکن ہمیں یہ ماننا پڑتا ہے کہ سید حسن نے نئی نئی متعدد تشبیہات واستعارات (شعر ۲، ۳، ۴، ۵، ۶، ۷، ۸، ۹، ۱۰، ۱۱) کا ایک نگار خانہ سجایا ہے۔ رعایت لفظی و معنوی (۴، ۹، ۱۱) اور صنعت تضاد (۲، ۳، ۸، ۱۰) سے بڑا لطف پیدا کیا ہے۔ اور یہ بھی حقیقت ہے کہ سید حسن کا گریز وطواط سے بہتر ہے گو کہ دعائیہ اشعار میں وطواط بہت افضل ہے۔

دیوان ادیب صابر (آصفیہ ۹۳۶۔ ص ۷۷ بعد) میں بھی اسی زمین میں ایک قصیدہ سنجر کے امیر مجد الدین ابوالقاسم علی کی مدح میں ملتا ہے:

چو دیدہ دید بران روی آبدار آتش
دوید برسرم از عشق آن نگار آتش
سلالۂ نبوی، صدرِ شرق مجد الدین
کہ پیشِ ہمت او ہست پیشکار آتش
جو صاعقہ دلِ صافی ز رای روشن تو
ہمی زنند در اعدادی شہریار آتش
بنور فکرتِ تو شاہ خسروان سنجر
ز آب تیغ فروزدبکار زار آتش (۱۴۵)

لیکن جمال الدین محمد عبدالرزاق اصفہانی (۵۸۸ھ / ۱۱۹۲ء) اور سید حسن کی تقلید میں یہ قصیدہ ۵۷ شعروں کا (مخطوطہ ۱۲۳۷ آصفیہ) لکھا تھا:



Marfat.com

در آمد از درم آن شمع و بر رخان آتش
مرا فتاد چو پروانه در روان آتش
نشست چشم سرمست و جام در دستش
مهی که شعلهٔ او زد به قیروان آتش
بدان صفت که بود در بکوه لعل مذاب
بدان صفت که بود آب را میان آتش
چو لعلِ دلبر نوشین چو عیش ایشان تلخ
چو آب صافی و سرخیش همچنان آتش
نگاه کردم و دیدم قدی چو سرو بلند
دو زلفِ مشک و دو لب شکر و رخان آتش
گرفتمش به کنار اندر وهی گفتم
که ای قرار تو اندر میانِ جان آتش
به خاک پای تو گر جز بباد انگارم
و گر چو آب ببارد ز آسمان آتش
مراچه باک که گویم مدیحِ صدر جهان
وگرنه گیرد ازین پس همه جهان آتش
ستوده ثمرهٔ آفاق رکن دین مسعود
که هست از شرفش کمترین نشان آتش
بزرگوارا صدرا قصیدهٔ گفتم
که خواستند ردیفش به امتحان آتش
بدان نهاد که گفتند اشرف و وطواط
ازین نمط دو قصیده ردیف شان آتش



Marfat.com

آخر کے اشعار سے معلوم ہوتا ہے کہ جمال الدین نے یہ قصیدہ اشرف یعنی سید اشرف حسن غزنوی اور رشید الدین وطواط کے مقابلے پر لکھا ہے۔ اور چونکہ اس کے پیش نظر کم از کم ان دو شاعروں کے قصیدے موجود تھے اس لئے اس کی تشبیب زیادہ لطیف اور رنگین ہے گو کہ وطواط کی بلندی اور سید حسن کا تخیل اس کے یہاں کم ہے۔

## سید حسن کی تقلید

اب ہم کچھ ایسے شعرا کا تذکرہ کرنا چاہتے ہیں۔ جنھوں نے سید حسن کی تقلید کی ہے اور اس سلسلے میں ہم سب سے پہلے سید حسن کے اس قصیدے کی طرف متوجہ ہوتے ہیں جس کے اتباع میں متعدد اکابرین نے اپنے قصیدے لکھے ہیں۔

ا۔ اسی قصیدے کے متعلق دولت شاہ (بہ تصحیح براؤن۔ ص ۱۰۴) کا خیال ہے کہ سید حسن ہی سے فخریہ قصیدے کی ابتدا ہوئی۔ (۱۴۶) اور محمد عوفی (لباب ۲: ۱۰۵) نے دعوت تامل اس طرح دی ہے کہ "او (سید حسنؔ) را یک قصیدۂ مفاخرت با چندان معانی بکر و بنات فکر تمام است و عاقل باید کہ این قصیدہ را بہ تامل بخواند و در معانی او تفکر بلیغ کند تا بر کمال تبحرِ او درین شیوہ واقف گردد" چونکہ ہم اس قصیدے کے کافی اشعار اوپر نقل کر آئے ہیں۔ اس لئے یہاں صرف چند پیش کئے جاتے ہیں۔ دیکھئے اس قصیدۂ "صفیر الضمیر" کا زور کیا ہے:

داند جہان کہ قرۂ عینِ پیمبرم
شایستہ میوۂ دلِ زہرا و حیدرم
دریا چو ابر باد دگر آب شد زشرم
چون گشت روشنش کہ چہ پاکزہ گوہرم
دُرّی پرُ از عجائب دریا شود ز حکم
ہر قطرۂ کہ در صدف جان پرورم



Marfat.com

طبعم چو آتش تر و ہر دم خلیل وار

ہر خوش گلے دگر دمد از آتشِ ترم

اس قصیدے میں سید حسن نے عموماً اپنے نسب اور شاعری پر فخر کیا ہے اور اس کے لئے بھی یہ بات کیا کم باعث فخر ہے کہ متعدد اکابر شعرا نے اس کی تقلید کی ہے۔

(الف) جمال الدین محمد عبدالرزاق (م ۵۸۸ھ۔ ۱۱۹۲ء) نے جس طرح "آتش" کی ردیف میں سید حسن کی تقلید کی ہے اسی طرح اس قصیدے پر بھی قصیدہ لکھا ہے:

ای طالعِ نگو ز تو تاکَی قفا خورم

وی مرغِ نیلگون ز تو تاکَی فرو پرم

روزی بہ خشم بشکنم این مُہرِ مہرِ تو

واین پردۂ کبود تو بر یک دگر درم

ازدور توچہ باک چو من قطب ثابتم

و ز نحس توچہ وہم چو من سعد اکبرم

چون عود بہرِ بوی نشانی بر آتشم

آتش چہ حاجت است کہ خود مشکِ اذ فرم

اس قصیدے میں سید حسن کی طرح نسب اور شاعری پر نہیں بلکہ عموماً اپنی ذات پر فخر کیا گیا ہے اور لطیف استعارات سے حسن پیدا کیا گیا ہے۔

(ب) مجیر بیلقانی (م ۵۹۴ھ۔ ۱۱۹۸ء) نے بھی اپنی قوت متخیلہ سے (منتخب اشعار متقدمین از صائب ورق ۶۴ الف حیدر آباد) بڑے پُر زور اشعار پیدا کئے ہیں۔ کچھ یہ ہیں:

ہر شب کہ سر بہ جیبِ تفکر فرو برم

سرِّ فلک بدرم و از سدرہ بگذرم

غافل نیم ز عالم جان در بسیطِ خاک

مانندِ آفتاب ہمان جا ہم ایدرم



Marfat.com

بس پرُ بہاست عمر ولیکن شکستہ بہ
آن جام گوہری کہ از و خونِ خود خورم

(ج) اسی طرح کمال اسماعیل (م ۶۲۸ھ۔ ۱۲۳۱ء) نے بھی ۲۷ شعر کا قصیدہ (دیوان ۲۴۶ ورق ۷۹۔ ۸۱ آصفیہ) لکھا ہے۔ کچھ اشعار یہ ہیں:

روزی وطای کحلیِ شب در بر آورم
بگریزم ازجہان کہ جہان نیست در خورم
پیوندِ عمر بایدم از دَورِ روزگار
تاسطری از معایبِ ایّام بشمرم
از ساحری عصای کلیم ولی چہ سود
چون ہر کجا کہ ہست گلیم ست رہ برم
ازدل کہ راست خانہ چو تیرم چہ حاصل است
پشت مقوّس است چو ابروی دلبرم
طبعم خوش است و خلق خوش آری ازین قبیل
دستِ خوشِ زمانہ چوگوی معنبرم
زان غیرتی کہ سر نہ کنم راست بر فلک
چون چنگ زخمہای پیاپی ہمی خورم
پیچیدہ ام ز خویش بر انگشت تا چرا
نالندہ ازکشایش رگہا چو مزہرم
سالم ز بیست گرچہ فزون ہست می شود
گردونِ پیراز پسِ سی و دو چاکرم (۱۴۷)
اینہا ہمہ بگفتم و دانم علی التحقیق
کاربابِ عقل ہیچ نہ دارند باورم



Marfat.com

اجزای جوہرم شدہ مشتق زعقلِ کل
کز صلبِ آن یگانۂ ماضی ست مصدرم
افسوس کآفتابِ ہنر رفت و من بہ عجز
افتادہ ہمچو سایہ برین صحن اغبرم

ان اشعار سے کمال کی اعلیٰ قابلیت اور کمال فن کا اندازہ ہوتا ہے۔ اور اس کے دوسرے اشعار جو طوالت کے خیال سے محذوف کردیئے گئے ہیں اس کی وسعتِ نظر اور پروازِ فکر کے آئینہ دار ہیں۔

(د) قاضی نوراللہ کی مجالس المومنین (ق ۵۹ چ۔۲۶۰ بانکی پور) میں شیخ آذری (م۸۶۶ھ۔۱۴۶۱ء) کے قصیدے میں ۶۴ (۱۴۸) شعر ہیں۔ ان میں سے کچھ یہ ہیں:

منت خدای راکہ مطیعِ پیمبرم
فرمان برِ قضای خداوندِ اکبرم
حمد و سپاس کعبۂ ذرات راکہ من
از تابعان صاحب محراب و منبرم
تا مسندِ شریعتِ غراست مسکنم
تقوی است زینتِ من و زہدست زیورم
ز آنہانیم کہ حسن فروشم بہ مال و زر
قاضی القضاتِ محکمۂ ہفت کشورم
بگذشتہ ام ز دائرۂ ممکن الوجود
بر صدرِ کاینات بہ واجب مصدّرم
تایافت جانِ من خبر ازمبدۂ وجود
دانم کہ ازقبیلۂ اسماست مصدرم



Marfat.com

توحید بحر و این تنِ من ہچو کشتی است
جان ناخدای کشتی (و) عقل است لنگرم
نسبت بہ خاندانِ علی و بہ آل او
زان کردہ ام درست کہ پاک است مادرم
آن راکہ ہست با علویان ارادتی
گر از نژادِ ترک بود ہست داورم
و آن راکہ با ولایت او نیست نسبتی
خصم من است گر ہمہ باشد برادرم
با حُبِّ خاندان چو بر آرم ز خاک سر
بر جملہ خلق فخر بود روز محشرم
ساقی کوثری تو، و من آذری تو
برسان بہ آبِ کوثر و برہان ز آذرم

اس قصیدے میں آذری نے اپنی ذات پر اہل بیت کے تعلق کی بنا پر فخر کیا ہے۔ گریز میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کی منقبت ہے۔ لیکن سید حسن کے قصیدے کا زور نہیں ہے کیونکہ وہ حقیقت میں "صفیر الضمیر" ہے اور اپنے نسب کے بیان کرنے میں اس کی لے پست نہیں ہے۔ آذری کے یہاں کمال کا کمالِ فن اور اظہار علمیت بھی نہیں ہے جس کے قصیدے میں بڑی ضرورت سمجھی جاتی ہے۔ ان کے علاوہ دوسرے شعرا نے بھی اسی زمین میں فخریہ قصیدے لکھے ہیں۔ (۱۴۹)

(ر) سید حسن کا "سوگندنامہ" جو اوپر ایک جگہ مذکور و منقول ہوا ہے اس طرح شروع ہوتا ہے:

کشاد صورتِ دولت بہ شکر شاہ دہان
چو بست زیورِ اقبال بر عروسِ جہان



Marfat.com

خدایگان سلاطینِ مشرق و مغرب
علاء دولت و دین خسروِ زمین و زمان
ابو المظفرِ بہرام شاہ بن مسعود
کہ ہست نامش بر نامۂ ظفر عنوان
ز طبعِ تست زمان را بہار گوہر بار
ز جودِ تست زمین را خزان درم افشان
قوی دلت کہ مبادا سبک! دریغ کہ شد
بہ ہر دروغ بہ این بندۂ ضعیف گران
بدان خدای کہ ہر ذرّہ بر خدا وندیش
ہمی نماید چون آفتاب صد برہان

پھر رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور دیگر انبیا علیہم السلام کی قسمیں ہیں۔ خلفائے راشدین کی قسموں کے بعد رستم، کیخسرو، حاتم اور نوشیروان کو نہیں چھوڑا۔ پھر بہرام شاہ کی دولت، نعمت یابی، گرز، ساغر، خنجر، کوس، چتر، تاج، تخت، ہمت، نوبت، خطبہ، ہمت، رحمت، عہد، عفو وغیرہ مختلف اوصاف کی الگ الگ قسمیں آئی ہیں۔ آخر میں عفو تقصیر اور پھر ممدوح کے لئے دعا ہے۔

ابو بکر بن محمد بن علی روحانی نے بھی اپنا "سوگندنامہ" اسی بحر و قافیہ میں لکھا ہے اور بہرام شاہ کے آخری وزیر حسین بن حسن بن احمد کی مدح میں ہے۔ تاریخ بہرام شاہی میں اس کے متعلق تفصیل دی جا چکی ہے۔ یہاں صرف چند اشعار نقل کئے جاتے ہیں:

زہی بفکرتِ روشن ز چشمۂ حیوان
در آفرینش عالم دلت معما خوان
توئی توئی کہ اگر خوانمت عطارد ارض
درین سخن نہ بود خلق را مجال گمان



Marfat.com

نجیبِ ملک حسینِ حسن برای خدا
بہ تیغ دولت انصافم از جہان بستان
بعزِ ملکِ خدای و بکامِ عالمِ امر
بنورِ جوہرِ عقل و بنطق گوہر جان
بہفت آئینۂ غیب و مبدہ عالم
بچار تختۂ ترکیب و نقش بند جہان

پھر قرآن پاک کی مختلف سورتوں کی قسمیں کھائی ہیں اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم، خلفائے راشدین، امام ابو حنیفہ اور خلیفہ وقت کی قسموں کے بعد پھر بہرام شاہ اس کے بیٹے، اکابر سلطنت وغیرہ یاد کیے گئے ہیں۔ روحانی نے جیسا کہ ہم تاریخ بہرام شاہی میں لکھ چکے ہیں اپنا "سوگندنامہ" رشید الدین وطواط اور شہاب الدین ادیب صابر وغیرہ کے سوگندناموں کو بھی دیکھ کر لکھا تھا اس لیے اس کے یہاں خصوصاً سید حسن سے زیادہ تصنع پایا جاتا ہے (۱۵۰)۔ شاید اس کی وجہ یہ بھی ہو کہ مؤخر الذکر ہی کا "سوگندنامہ" ایسا تھا جس کے قافیے پر لکھنے میں روحانی کو آسانی ہوئی ہو گی۔ اور اس نے اپنی قوت تخیل سے نئے نئے مضامین پیدا کرنے کی کوشش کی ہو گی۔ بعض اشعار ملاحظہ ہوں:

خدایگانی کاندر ہوای انصافش
چراغ ماہ بود چون رفو کنند کتان
دعای دولتِ او گوی ازانچہ بی کوشش
جہان بہ دولت او آن چنان شد آبادان
کہ تیغ سوسنِ سیمین ہمی کشد خنجر
کہ شاخِ گلبنِ زرین ہمی زند پیکان
زہی کہ قہقہہ خندد بہ عزت ابردژم
زہی کہ نقش پذیرد بہ امرت آبِ روان



Marfat.com

چہار عنصرِ کژ را چنان نہادی ر است
کہ تنگ دست چنار است و گوشہ گشتہ کمان

روحانی نے ایک قصیدے میں بھی سید حسن کی تقلید کی ہے سید حسن کا قصیدہ ہے:

آرامش و رامش ہمگان رابہ درِ ماست
بخشایش و بخشش رہِ جدّ و پدرِ ماست
گر در سہریم ازجہتِ خلق سزد آن
کین خفتنِ فتنہ ز فراوان سہرِ ماست
مارا دِل اگر ہست قوی نیست عجب زانک
خوش خوئی و شیرین سخنی گل شکرِ ماست
خورشید زند تیغ و شود منکسف از ماہ
آری چہ عجب' ماہ بہ شکلِ سپرِ ماست
در خواب فرستند سلاطینِ زمانہ
آن مال کی عشرِ صلۂ ماحضرِ ماست
سیم و زرِ عالم ہمہ داریم بہ خلقان
زان جاکہ سخاہای کفِ بی خطرِ ماست
وقت است کنون گرمہ و خورشید بخشیم
کان است چو سیم ماوین ہمچو زرِ ماست
زان نام بزرگ تو بہرام شہ آمد
کاندر کفِ بہرام حسامِ ظفرِ ماست
یارب بہ رعیت تو ارزانی ما دار
کآسایش ایشان بہ مبارک نظرِ ماست

اسی ردیف میں (گوکہ مختلف زمین میں) روحانی نے بھی بہرام شاہ کی مدح (لباب



Marfat.com

ج۔۲، ص ۲۸۲) کی ہے اور حسن کی طرح خود بہرام شاہ کی زبان سے کہا ہے:

منت خدای راکہ جہان در پناہِ ماست
سجدہ گہِ ملوک زمین بارگاہِ ماست
روزِ سپید راہمہ امیدِ روشنی
در سایۂ سعادتِ چترِ سیاہ ماست
امیدِ ہفت کشور و اقبالِ ہشت چرخ
اندر چہار گوشۂ ترکِ کلاہ ماست
ما روی عالمیم و بہ تائید کردگار
نصرت بہ روز معرکہ پشتِ سپاہِ ماست
اندیشہ چون ز عالمِ علوی گذر کند
آن جا رسد کہ پایۂ اوّل ز جاہ ماست
ماآفتابِ دولت و باران رحمتیم
صحرای ملک سبزہ و دولت گیاہِ ماست

سید حسن کے قصیدے میں حسن تعلیل اور لطیف استعارات کی فراوانی ہے لیکن روحانی کے یہاں زیادہ تر مبالغہ ہی ہے اور کوئی خاص ندرت نہیں ہے۔

(۳) پروفیسر حافظ محمود خان صاحب شیرانی نے کتاب "تنقید شعر العجم" (ص ۲۳۰) میں لکھا ہے۔ کہ "انوری کی شاعری غالباً ۵۴۰ھ سے چند سال پہلے شروع ہوتی ہے۔" اور اس کے لئے انھوں نے دلائل بہم پہنچائے ہیں۔ اس لئے صاف ظاہر ہے کہ ہمارا شاعر سید حسن جس کی شاعری کم از کم ۵۰۰ھ۔۱۱۰۶ء سے قائم تھی اس وقت بہت کہنہ مشق ہو چکا تھا، اسی لئے وہ اس عہد کے ایک ممدوح مجد الدین ابوالحسن عمرانی (جس کا ذکر اوپر آچکا ہے) کی مدح کیسی اچھی عاشقانہ تمہید کے ساتھ کرتا ہے:



Marfat.com

ای که تن را دل و دل را جانی
از دل و جان چه نکو تر؟ آنی
بی تو دل در تنِ من عاریتی
بی تو جان در دلِ من زندانی
گاه در دل چو جهان پیدائی
گاه در سینه چو جان پنهانی
عاشقِ زار تو ام می بینی
بندهٔ خاص تو ام می دانی
قصهٔ آتشِ دل من چه کنم
خود چو تو آب فرو می خوانی
زلفِ پُر فتنه نشانی هردم
فتنهٔ زلف چرا ننشانی
بر دلِ من که تو داری مسکن
هرچه از جور و جفا بتوانی
عذرِ من از تو نه خواہد روزی
مجدِ دین بو الحسنِ عمرانی

دیکھئے اس کا مطلع کتنا زور دار ہے کلام میں کتنی ترطیب ہے۔ عاشقانہ جذبات و احساسات کا آئینہ دار ہے اور الفاظ کی تکرار' الٹ پھیر اور کبھی کبھی تضاد سے بڑا لطف پیدا کیا ہے۔ اب انوری کے اشعار اسی ممدوح کے متعلق دیکھئے۔

دلم ای دوست تو داری دانی
جان ببر نیز اگر بتوانی



Marfat.com

بہ دلی صحبت تو نیست گراں
چہ حدیث است بجان ارزانی
نہ گرم بوسہ دہی جانِ منی
کہ گرم جان ببریٔ ہم جانی
گاہم از عشوہ گری می خوانی
گاہم از طیرہ گری می رانی
با فلک یار مشو در بر من
گر بہر نیکوییی ارزانی
تا چو از حد ببری فاش کنم
قصہ درد زبلی درمانی
تا ترا از برِ من باز کند
مجدِ دین بو الحسنِ عمرانی

یہ دونوں مدحیں جنھیں غزلیں ہی کہنا چاہیے ایک ہی زمین میں ہیں۔ یہ تو نہیں کہا جا سکتا کہ سید حسن اور انوری میں سے کس نے پہلے کہی ہے (۱۵۱)۔ لیکن انکار نہیں ہو سکتا کہ یہاں سید حسن ضرور انوری سے بڑھ گیا ہے یا یوں کہیے کہ اس کی کہنہ مشقی نے اسے بہت بلند کر دیا ہے۔ انوری کے یہاں عاشقانہ جذبات واحساسات کا مظاہرہ اس پر زور لہجے میں نہیں ہے جو سید حسن کے یہاں ہے اور وہ لطافت بھی نہیں ہے جو غزل میں زیادہ مناسب معلوم ہوتی ہے اگو ندرتِ خیال (دیکھیں شعر ۲،۵،۶) ضرور ہے۔

(۴) ہم اوپر دیکھ چکے ہیں کہ ''آتش'' ردیف والے قصیدے میں خود جمال الدین محمد عبدالرزاق اصفہانی نے سید حسن کے اتباع کا اعتراف کیا ہے۔ سید حسن کے اوپر والے قصیدے (غزل) کی بھی اس نے تقلید کی ہے۔ دیکھئے اس زمین میں کس خوبی سے کہتا ہے:



Marfat.com

ای کہ ازلطفِ جہان را جانی
فرّخ آن کس کہ تواش جانانی
عاشقان را ز طراوت روحی
صوفیان را ز لطافت جانی
دوراز روی تو رنجورم و سخت
رنجہ شو یک رہ اگر بتوانی
با تفضل کن و یک بارہ بکُش
تا ازین درد سرم برہانی
چرخِ دین را چو مہ و پروینی
باغِ جان راچو گل و ریحانی
بہ حقیقت ہمہ روحِ محضی
نیست در تو صفتِ جسمانی
چرخ تا پایۂ قدرِ تو بدید
بر نیاسود ز سر گردانی
در سخا بحرِ صدف پردازی
در سخن ابر گہر بارانی (۱۵۲)

دیکھئے سید حسن کی یہ زمین کتنی دلکش ہے کہ انوری اور جمال الدین جیسے اکابر نے بھی اختیار کی۔ جمال الدین کے یہاں بھی سید حسن کی طرح عاشقانہ جذبات پائے جاتے ہیں لیکن سید حسن کا مطلع سب پر فائق ہے۔ تاہم جمال الدین کی تشبیہات و استعارات بہت لطیف ہیں گو کہ انوری والی ندرت نہیں ہے۔

روحانی کی طرح جمال الدین نے بھی سید حسن کے "سوگندنامے" کے بحر قافیہ میں اپنا "سوگندنامہ" لکھا ہے جو اس طرح شروع ہوتا ہے:



Marfat.com

زہی ز عدلِ تو اقلیم شرع آبادان
ز رشحِ کلک تو اجزای روزگار روان (۱۵۳)

اسی طرح جمال الدین کا اور بھی کلام ہے جو سید حسن ہی کی تقلید میں لکھا گیا ہو گا۔ (۱۵۴) ہم طوالت کے خوف سے اس پر بحث نہیں کرتے۔

(۵) سید حسن کی ایک زمین ہے:

رخش برمہ گلستان می نماید
بر آتش آبِ حیوان می نماید
چو گردان دل بسی دارد ولیکن
چو گردون جملہ گردان می نماید
چہ گردد آخر کارم نہ دانم
کز اوّل بس پریشاں می نماید
دلم دانی چراء شد در دو زلفش
پریشان در پریشان می نماید
نگارا ہر زمان گوئی بطرم(؟)
کہ بس بی معنی ہان می نماید
گلِ تر دامن از تو کیست جاری
کہ صد چاک از گریبان می نماید
نشانِ روی خوبت در دلِ من
میانِ درد درمان می نماید

معلوم ہوتا ہے کہ شرف الدین محمد یا (عبدالمومن یا فضل اللہ) شفروہ اصفہانی (وفاتش در حدود ۶۰۰ھ) نے سید حسن کی یہ زمین اختیار کی ہے (لباب ج ۱۔ ص ۲۷۱)



Marfat.com

رخش ماه از گریبان می نماید
بنفشه از گلستان می نماید
ز طرّہ مشک و عنبر می فشاند
ز چہرہ ماہِ تابان می نماید
مدارِ چرخ آبِ زندگانی
از آن چاہِ زنخدان می نماید
ز بلورین زنخدان گوی دارد
ز پیچِ زلف چوگان می نماید
دہانش نقطۂ تنگ است و قد راست
ز خط بر نقطۂ برہان می نماید

شرف الدین کا مطلع کہتا ہے کہ سید حسن کے اتباع میں لکھا گیا ہو گا۔ سید حسن کی تشبیہات میں جو نازک خیالی ہے وہ شرف الدین کی سادہ اور عام تشبیہات میں نہیں ہے گو کہ یہ ضرور صحیح ہے کہ موخرالذکر کے یہاں زیادہ برجستگی اور روانی ہے۔ اسی طرح نجیب الدین جرباد قانی کا ایک قصیدہ (مخطوطہ علی گڑھ) اسی زمین میں مختلف قافیہ کے ساتھ ملتا ہے:

جہانِ پیر برنا می نماید
مثالِ خلد صحرا می نماید

(۶) ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ مجیر بیلقانی (م ۵۹۴ھ۔۱۱۹۸ء) نے سید حسن کی تقلید میں قصیدۂ فخریہ لکھا تھا۔ یہاں بھی اس کی تقلید دیکھئے۔ سید حسن کا ایک قصیدہ ہے:

وقت آن است کہ مستان طرب از سر گیرند (۱۵۵)
طرّۂ شب ز رخِ روز ہمی بر گیرند
راویان ہر نفسی تہنیتی نو گویند
مطربان ہر کرتی پردۂ دیگر گیرند



Marfat.com

بزم را تازه تر از روضۂ رضوان دارند
بادہ را چاشنی از چشمۂ کوثر گیرند
ساقیانی و چگوئی و چگونہ یارب
کہ می گلگون از جام معنبر گیرند
زہرہ در ساغر شان رقص کند ہمچو حباب
گاہ عشرت چو بہ کف گوشۂ ساغر گیرند
بوسۂ از لب شان گر بمثل نقل کنی
بوسہ را در نمک و پستہ و شکر گیرند
دوستان تیرِ حریفانہ در آیند بہ کار
وقت رایک دم بی مشغلہ در بر گیرند
رنگ در ساغر این بادۂ احمر دارند
سنگ در شیشۂ نہ قبۂ اخضر گیرند
گوی امید ز چوگانِ فلک بر بایند
توشۂ عمر ز دوران جہان بر گیرند(۱۵۶)

۔ اسی کے جواب میں جیسا کہ راحت الصدور (ص ۳۱۴۔۳۱۹) میں ہے۔ مجیر کہتا ہے:

وقت آن است کہ مستان طرب از سر گیرند
تاجِ زرّینِ مہ از تارکِ شب بر گیرند
نیکوان پردہ بر انداختہ در رقص آیند
مطربان ہر نفسی پردۂ دیگر گیرند
زہرہ را تا بہ سوی مجلسِ عشاق کشند
گہ سرِ زلف و گہی گوشۂ چادر گیرند



Marfat.com

هندو آسا همه هنگام شکر خندهٔ صبح
بالبِ یار کم طوطی و شکر گیرند
سنگ در ساغرِ نیک و بد لیام زنند
و زکفِ سنگ دلان نصفی و ساغر گیرند
طوقِ گردن ز سرِ گیسوی مشکین سازند
صیدِ گردون به خمِ زلف معنبر گیرند
زیرِ سقفِ گہر آگینِ فلک چون دم صبح
خوش بخندند و جهان در زر و گوهر گیرند

سید حسن اور مجیر کے ان اشعار میں قوافی اور بعض الفاظ مشترک ہیں۔ اس لئے آسانی کے ساتھ دونوں کا مقابلہ کیا جاسکتا ہے۔ پہلے دونوں کے مطلع دیکھیے "مستان" کی رعایت سے سید حسن کے یہاں "طرہ" اور "رخ" کے الفاظ ضرور فطری ہیں لیکن مجیر کے یہاں "طرب از سر گیرند" کی رعایت سے "تاج" اور تارک کے الفاظ نہایت موزوں ہیں اس لئے اس کا مطلع زیادہ بلند معلوم ہوتا ہے۔ دوسرے شعر میں مجیر نے سید حسن کی بالکل نقل اتار دی ہے۔ اور خصوصاً دوسرا مصرع بالکل ایک ہی ہے۔ گو کہ مجیر نے پہلے مصرع میں بڑی دلکشی پیدا کر دی ہے۔ لیکن ہم کو یہ یاد رکھنا چاہیے کہ سید حسن نے اپنا قصیدہ محمود خان کی تخت نشینی کی تہنیت پر لکھا تھا اس لئے ع روایان ہر نفسی تہنیتی نو گویند سے زیادہ وہ کیا کہتا ؟ چوتھے شعر میں حسن نے "زہرہ" کے متعلق جو تشبیہ دی ہے اور اس "رقاصۂ فلک" کی رعایت سے جو "رقص کند ہمچوں حباب" کہا ہے وہ اسی کا حصہ تھا۔ مجیر نے گو کہ بقول راحت الصدور (ص ۳۱۳) "بہ امتحان در مجابات سید اشرف (حسن) این قصیدہ گفت" لیکن حقیقت ہے کہ اس مجابات کے باوجود مجیر نے اپنے تیسرے شعر میں "زہرہ" کے متعلق اور دیگر اشعار میں کوئی خاص اضافہ سید حسن کے کلام پر نہیں کیا۔ سید حسن کا آٹھواں شعر مجیر کے چھٹے شعر سے پھر بلند ہے۔ تاہم مجیر اپنے تخیل اور ندرت مضمون کے



Marfat.com

لحاظ سے سید حسن سے کم نہیں ہے۔ اور اس کے یہاں الفاظ کا انتخاب کبھی کبھی سید حسن سے زیادہ بہتر معلوم ہوتا ہے۔

(۷) عمادی شہریاری، المتوفی ۵۷۳ھ (؟) جو رے کے ایک قریہ شہریار کا رہنے والا تھا اور جو بقول آتشکدۂ آذر، مختاریِ غزنوی کا لڑکا تھا ہمارے شاعر کی تقلید کرتا ہے، سید حسن نے ۵۴۵ھ میں حج کے راستے میں یہ قصیدہ لکھا تھا جیسا کہ ہم اوپر پڑھ چکے ہیں:

جان می برد بہ عشرتِ حورانِ گلشنم
دل می کشد بہ خدمت دیوانِ گلخنم

اس قصیدے کا آخری شعر یہ ہے:

از بعد پانصدو چہل و پنج گو بیا
در من نگر کہ معجزۂ جدِّ خود منم

اس قصیدے کو اشعار کا انتخاب خود شہ کر کے صائب کے منتخب اشعار متقدمین (۳۴۴۔ق ۶۲۔ آصفیہ) میں سے پیش کرتا ہوں۔

گاہی بسانِ چو طفلان خونی ہمی خورم
گاہی نگون چو پیران جانی ہمی کنم
تا لاجرم ہمی زند این طاسِ روزگار
در سینہ زخم ہای دمادم چو ہاونم
چشمم سفید گشت چو گوی بلورِ من
زین اشکِ لعل ہمچون بلور ملوّنم
شاد از چہ ام؟ ازین کہ درین غم کدہ یکی ست
در مان و درد و نیک و بد و سو رو شیونم
از نفخِ صور ہم بنمیرد چراغِ من
کز زیتھا یضیٔ چکیدہ است روغنم



Marfat.com

آن آتشی کہ باغِ ارم گشت بر خلیل
جست از دلی چو سنگ و زبانی چو آہنم

اس قصیدے کی تقلید میں عمادی شہریاری نے ملک طغان بن ملک مویدی آی ابہ (المتوفی ۵۸۱ھ) کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا تھا جیسا کہ علی گڑھ کے مخطوطے کے آخر شعر سے معلوم ہوتا ہے:

خسرو ملک طغان کہ ز بس لطف شاملش
از منتِ عطای وے آسودہ شد تنم

لیکن علی گڑھ کے دیوان میں سے انتخاب پیش کرنے کے بجائے مناسب معلوم ہوتا ہے کہ پھر اسی مذکورہ بالا مجموعہ (ایضاً۔ق ۶۵۔الف) میں انتخاب صائب پیش کیا جائے:

زان گہ کہ در تصرفِ این سبز گلشنم
در کامِ اژدہای نیاز ست مسکنم
محتاجِ نان و آب نیم از برای آنک
غم جای نان و آب گرفتہ ست درتنم
از بہرِ آسمان کمرِ لعل کردمی
گر زادۂ دو دیدہ براندی بہ دامنم
بہتر ز من چراغ نیفروخت روزگار
خورشید رشک برد بپالود روغنم
گفتی مگوی ہر چہ توان گفت زینہار
بجرم شگفت نیست اگر موج می زنم

ان اشعار (۱۵۷) کا مقابلہ سید حسن کے اشعار سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ دونوں نے تشبیہات و استعارات سے کام لیا ہے لیکن عمادی نے بعد میں کہنے کے باوجود وہ جدت پیدا نہیں کی جو سید حسن کے یہاں ہے۔ اگر قوافی سے اندازہ نہ لگایا جاسکے تو اس طرح بھی



Marfat.com

دیکھا جاسکتا ہے کہ سید حسن کا شعر تھا:

برپای عقلبند گران ست این سرم
در حبسِ چرخ گوی روان ست این تنم

اور عمادی کا شعر ہے:

محتاجِ نان و آب نیم ز برای آنک
غم جای نان و آب گرفتہ است در تنم

عمادی کے مقابلے میں سید حسن کے یہاں ضرور جدت پائی جاتی ہے گو کہ یہ صحیح ہے کہ عمادی کے یہاں سلاست کے ساتھ کچھ لطافت بھی ہے۔ اس طرح ان دونوں کے یہاں "روغنم" کے قوافی پر غور فرمائیں تو معلوم ہوگا کہ سید حسن بہت بلند ہے۔ عمادی کے "مسکنم" اور "دامنم" والے قوافی کے سلسلے میں سید حسن کے کچھ اور اشعار دیکھئے:

این حرمتم مبین کہ چو خورشید سرورم
این خدمتم نگر کہ چو سایہ فروتنم
ہستم چہار میخ درین خانۂ دو در
پرہا زنم چو باز کشایند روزنم
تازین سکون و زان حرکت ہم نہ بگذرم
باید پدید کنگرۂ قصر مسکنم
یک روزی گذشتم دامن کشان ز چرخ
آلودہ شد بہ چشمۂ خورشید دامنم
ہم با کمندِ عقلم و ہم بالگام شرع
تا کرۂ سپہر نہ گوید کہ توسنم
سنگ سخن بلند بر اندا ختم ازانک
تا آبگینہ خانۂ افلاک بشکنم



Marfat.com

دیکھیے سید حسن نے اپنے قوت متخیلہ سے کیسے نئے نئے مضامین پیدا کئے ہیں لیکن اس میں شک نہیں کہ عمادی کے یہاں بھی کسی حد تک ضرور لطافت پائی جاتی ہے۔

سید حسن کا ایک قصیدہ بہرام شاہ کی مدح میں ہے:

چشم چو بر سرِ گل و گلزار می رود
اندیشہ درپئی دل و دلدار می رود
در وقتِ نو بہار سوی جلوہ گاہِ گل
از خار کمترست کہ بی یار می رود
در گلستان ہر آن کہ رود بی جمالِ یار
واللہ کہ بہرِ سرزنشش خار می رود
جانا بیار بادہ کہ مرغانِ باغ را
بی جام بر سماع تہی بار می رود
باجامۂ دریدۂ پرُخون گل از درخت
نزدیک خلق شاہ بزنہار می رود
ہر روز لشکرِ گلِ رعنا ہمی رسد
ہر شب سپاہِ نرگسِ عیّار می رسد
رخسارِ گل بہ رنگ حکایت ہمی کند
آن ظلمہا کزان گلِ رخسار می رود

پورے قصیدے میں بڑی لطافت اور رنگینی ہے اور اس کی بہاریہ تمہید کسی اور عہد کی ایسی ہی تمہید کے مقابلے میں رکھی جا سکتی ہے اب ہم عمادی کے اشعار علی گڑھ کے مخطوطے میں سے نقل کر کے آگے بڑھتے ہیں۔

در عالمی کہ عشق ترا کار می رود
اندیشہ را معاملہ بسیار می رود



Marfat.com

در ہر دلی کہ پرتوِ خورشید عشقِ تست
خورشیدِ عقل بر سرِ دیوار می رود
در حلقۂ ز زلف خم اندر خم ترا
دو کوکبۂ دو صد دل افگار می رود
در وصفِ عشق با رخ شنگرف رنگ تو
شمشیرِ صبر ختۂ زنگار می رود
در موضعِ قبول چلیپای زلف تو
سجادہ در مقابل زنّار می رود
آن کس کہ یار و دوست ترا داندا ز جہان
بی دوست می نشیند و بی یار می رود (۱۵۸)

عمادی کے یہاں بھی بڑی لطیف تشبیہات و استعارات ہیں اور اکثر جگہ وہ سید حسن سے بلند نظر آرہا ہے لیکن سید حسن بھی اپنی طبیعت کی قوتِ اختراع کی وجہ سے کم نہیں ہے اور الفضل للمتقدم کا سہرا اسی کے سر ہے۔ سید حسن کا ایک اور قصیدہ یہ ہے۔

دلی کہ بال و پر از عشق آن پسر یابد
چو جان نشیمنِ خود عالمی دگر یابد

اغلب ہے کہ اسی کی تقلید میں عمادی شہریاری نے (مخطوطہ علی گڑھ) یہ قصیدہ لکھا ہوگا۔

ترا چناں کہ توئی دیدہ ور نمی یابد
بصر ز نور تو بر تو ظفر نمی یابد

اور لباب (ج ا۔ ص ۹۹) میں ہے کہ یوسف بن نصر الکاتب نے یہ قصیدہ عمادی کے جواب میں لکھا تھا:

دہان تنگ تراوہم در نمی یابد
بصد فسون۔ سخن ز و گذر نمی یابد



Marfat.com

# سید حسن اور پروفیسر عبدالغنی

پروفیسر عبدالغنی صاحب نے اپنی کتاب The Pre-Mughal Persian in Hindustan میں جو کچھ لکھا ہے اس پر مفصل تبصرہ پروفیسر شیرانی صاحب رسالہ "اردو" (بابت جنوری ۴۳ء ص ۱۔۱۰۳) میں کر چکے ہیں۔ لیکن میں یہاں کچھ ان باتوں پر زیادہ تفصیل سے بحث کرنا چاہتا ہوں جو سید حسن کے متعلق ہیں۔ انہوں نے صفحہ ۲۵۰ پر اس شاعر کے متعلق لکھا ہے۔

Sayyid Hasan, a learned divine and a preacher by profession .... better known as a sufi than as poet

سید حسن کو پیر اور پیشہ ور واعظ کہہ کر شاعر سے زیادہ صوفی سمجھنے اور سمجھانے کی وجہ ذاتی طور پر میرے نزدیک کچھ ہی ہو سکتی ہے لیکن اتنا ضرور کہنے کی جرات کروں گا کہ پروفیسر عبدالغنی صاحب نے صحیح نتیجہ نکالنے کی کوشش نہیں فرمائی۔ حالانکہ انہوں نے آتشکدۂ آذر تذکرہ دولت شاہ، مجمع الفصحا اور لباب الالباب وغیرہ تذکرے جو شعرا کے متعلق ہیں ضرور حوالے کے لئے گنائے ہیں اور انہوں نے طبقاتِ ناصری کے حوالے سے یہ ضرور لکھا ہے (ص ۲۵۰۔۲۵۲) کہ سید حسن نے بہرام شاہ کی تخت نشینی (۱۵۹) پر ایک قصیدہ تہنیت میں لکھا تھا جس کا مطلع یہ ہے۔

منادی بر آمد زہفت آسمان

کہ بہرام شاہ ست شاہ جہان

لیکن اگر وہ طبقاتِ ناصری کا ترجمہ (راورٹی۔ ص ۱۱۰ ج ۱) بھی ملاحظہ فرماتے تو معلوم ہوتا کہ یہی شعر (مضمون) بہرام شاہ کے سکوں کی پشت پر کندہ تھا۔ بہر حال اگر وہ قصیدے کا مطلع ہے تو نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ اس وقت وہ کم از کم قصیدہ تو لکھ ہی لیتا تھا یعنی صوفی کے



Marfat.com

بجائے اس وقت شاعر کا پیشہ ضرور اختیار کر چکا تھا۔ اور بہرام شاہ کی تخت نشینی اور سنجر کی موجودگی میں کوئی معمولی شاعر دربار میں آکر قصیدہ پیش کرنے کی جرات نہ کر سکتا تھا۔

"آتشکدہ" میں سے پروفیسر صاحب نے سید حسن کے حالات "تصوف" نقل کرنے کے بعد پھر (صفحہ ۲۵۱ حاشیہ) لکھا ہے۔

While so much is said about his lineage, piety and Sermon, his poetic talent is judged in one Simple phrase as following :

والحق در فن نظم کمال مہارت داشتہ

یعنی "آتشکدہ" کے یہ الفاظ جو "کمال مہارت" کے متعلق ہیں سید حسن کو شاعر سمجھنے کے لئے کافی نہیں ہیں اور شاید وہ اس وقت بھی "صوفی" زیادہ تر کہلائے جانے کا مستحق ہے جبکہ خود پروفیسر صاحب تذکرۂ دولت شاہ میں دیکھتے ہیں اور لکھتے ہیں (ص ۲۵۱۔ح) کہ اس کی تقلید میں مجیر بیلقانی کمال الدین اسماعیل اور شیخ آذری جیسے بڑے شعراء نے قصیدے لکھے ہیں۔ آگے چل کر پھر (۲۵۲۔ح) فرماتے ہیں۔

His poetry consists cheifly of قصائد رباعیات and قطعات and is limited in its character, scope and bulk. He has to credits a small diwan containing about 5,000 verses, all told ... He does not seem to have attemped غزل and مثنوی of which no specimen verses are preserved in any of the biograhiead workes under reference.

اور یہ الفاظ انھوں نے لباب، مجموعۂ تذکار اور مجمع الفصحا دیکھ کر لکھے ہیں۔ انھوں نے تین باتوں کا دعوی کیا ہے۔

۱۔ اس کی "شاعری" قصائد، رباعیات اور قطعات تک محدود ہے اور وہ اپنی نوعیت اور وقعت کے لحاظ سے بھی محدود ہے۔

۲۔ اس کا دیوان اتنا مختصر ہے کہ صرف پانچ ہزار اشعار ہوں گے۔

۳۔ چونکہ تذکروں میں اس کی "غزل" اور "مثنوی" کے نمونے نہیں ملتے تو



Marfat.com

ایک "محقق" یہ کہنے پر مجبور ہے کہ اس نے ان اصناف سخن پر طبع آزمائی نہیں کی۔

پہلے دعوی کے متعلق عرض ہے کہ فی الحال اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ ایک شاعر نے صرف قصائد' رباعیات اور قطعات لکھے تھے تو وہ کیوں کر "چھوٹا" شاعر کہلائے گا؟ میرا خیال ہے کہ اگر ایک شخص ان تین اصناف کے بجائے صرف ایک ہی صنف پر طبع آزمائی کرے تو اس وقت بھی وہ شاعر کہلائے جانے کا مستحق ہے۔ خیام نے اگر صرف رباعیاں ہی لکھی تھیں تو اسے آپ "شعرا" کی صف سے علیحدہ نہیں کر سکتے۔ غالب نے اردو میں اگر غزلیں ہی لکھیں تو اسے آپ "استاذان سخن" میں شمار کرنا نہیں چھوڑ سکتے۔ کسی شاعر کا چھوٹا اور بڑا ہونا اس کے کلام کی کمی بیشی پر مبنی نہیں ہے اور کلام جب تک نظر سے نہ گزرا ہو اس وقت تک تو فتویٰ صادر کرنا بھی مناسب نہیں ہے۔ افسوس تو یہ ہے کہ پروفیسر صاحب نے تو محولہ تذکرے بھی بغور ملاحظہ نہیں فرمائے۔ انھوں نے لباب کا حوالہ ضرور دیا ہے لیکن اگر وہ اسے ملاحظہ فرماتے تو انھیں یہ عبارت (ج ۲۔ ص ۲۷۰ پر) نظر آتی۔

"آں حسن نام عالی کلام کہ نتیجۂ ناصر بود و عالم فصاحت را یکی از عناصر بلاغت طبع ذکی او را در ایام کودکی گردن دادہ و فصاحت سر بر خط بیان او نہادہ' جہان پیر جوانی چنو نہ دیدہ و مادر زبان فرزندی مثل او نا پروریدہ' تا خازن زبان در خزانۂ بیان او بر کشاد دامن و کنار فضلا پر دُرر غرر نقود لطائف نہ شد و تا کاتب ادیب وار فلک اشعار تر آبدار او را بر اوراق اطباق جہان تحریر کرد آب را در لطافت آبی نہ ماند و اور ایک قصیدۂ مفاخرت با چندان معانی بکر و نبات فکر تمام است و عاقل باید کہ این قصیدہ را بہ تامل بخواند و در معانی او تفکر بلیغ کند تا بر کمال تبرز او درین شیوہ واقف گردد............"

تذکرہ نویسوں کی رائے نقل کر دینا کسی شاعر کے اوصاف شاعری بیان کر دینے کے لئے کافی نہیں ہے۔ لیکن یہاں لباب کا بیان محض اس لئے نقل کیا گیا ہے کہ پروفیسر صاحب نے اس کا حوالہ (ص ۲۵۲۔ ج) دیا ہے گو کہ اس کا مطالعہ نہیں کیا ورنہ وہ شروع میں یہ نہ لکھتے کہ وہ زیادہ تر "صوفی" ہی ہے۔ اگر وہ لباب ہی کو بغور ملاحظہ فرماتے تو اس میں حسن کی



Marfat.com

بدیہہ گوئی کا تذکرہ بھی ملتا۔ دوسرے دعویٰ میں یہ بیان ہے کہ (بقول صاحب مجمع الفصحا ج ا۔ ص ۱۹۲) اس کے دیوان میں پانچ ہزار اشعار ہیں۔ اس لئے مختصر ہے۔ یہ بھی خوب رہی۔ یعنی پانچ ہزار اشعار کی تعداد کم ہوتی ہے۔ عنصری ابوالفرج رونی اور عثمان مختاری وغیرہ شعرا جن کا کلام اس تعداد سے بہت کم ہے اور جن کا تذکرہ ان کی کتاب میں موجود ہے شاید ''سہواً'' ''شاعر'' مان لئے گئے ہیں۔ کلام کی ''کمیت'' کو اس کی ''کیفیت'' کے لئے ضروری قرار دینا کیوں کر صحیح ہو سکتا ہے؟ اور معلوم نہیں ''کمیت'' والا اصول کہاں چلا جاتا ہے جب کہ پروفیسر صاحب نے چند اشعار کی بنا پر متعدد لوگوں کو اپنی کتاب میں شاعر قرار دیا ہے۔

اب تیسرے دعوے کی حقیقت دیکھئے۔ کیا ایک ''محقق'' کا فرض اتنا ہی ہے کہ شاعر کا حال کسی تذکرے میں دیکھ کر یہ کہہ دے کہ چونکہ تذکروں میں فلاں فلاں صنف شاعری کے نمونے نہیں ملتے اس لئے شاعر نے ان پر طبع آزمائی ہی کی نہیں ہوگی؟ ''مثنوی'' تو ضرور سید حسن کے یہاں نہیں لیکن ''غزلیں'' بیسوں ہی ہیں اور ایسی ہیں کہ اس کے معاصرین کے یہاں بھی (سوائے سنائی (۱۶۰) کے) کم دیکھنے میں آئیں گی۔ اس کے متعلق بحث آگے آئے گی اس لئے یہاں کچھ لکھنا بے کار ہے۔

پھر صفحہ ۲۵۳ پر فرماتے ہیں کہ سید حسن نے مکہ معظمہ سے ایک قصیدہ سلطان ابراہیم (غزنوی) کے پاس لاہور بھیجا۔ یعنی سید حسن جس نے ۵۴۵ھ میں حج کیا تھا (جیسا کہ ہم اوپر ثابت کر چکے ہیں) اس نے ۴۹۲ھ میں مرے ہوئے بادشاہ کے پاس یعنی حج کرنے سے تقریباً ساٹھ سال پہلے مکہ معظمہ سے وہ قصیدہ بھیجا تھا۔ اور اگر ''ابراہیم'' کو سہو قلم مان لیا جائے کیونکہ بہرام شاہ کا نام ایک شعر میں موجود ہے تو یہ بھی صحیح نہیں ہے کہ وہ قصیدہ مکہ معظمہ سے بھیجا تھا۔ گو کہ (راحت الصدور ص ۱۹۲ میں بھی یہی لکھا ہے) وہ قصیدہ دراصل اس نے مدینہ طیبہ کی بھی زیارت کے بعد بھیجا تھا جیسا کہ ہم اوپر ثابت کر چکے ہیں۔ آخر میں یہ عرض کروں گا کہ پروفیسر صاحب نے سید حسن کے ساتھ بڑی بے التفاتی فرمائی۔ اگر وہ راحت الصدور ہی ملاحظہ فرما لیتے تو شاید انھیں اپنی رائے بدلنی پڑتی۔



Marfat.com

# کلام حسن کا جائزہ

## قصیدہ

قصیدے کی ابتدا کے متعلق کوئی یقینی ثبوت مہیا نہیں کیا جا سکتا۔ عباس مروزی کے بعض اشعار جو قصیدے سے تعلق رکھتے ہیں اور جو عوفی نے لباب (ج ا ۔ ص ۲۱) میں نقل کئے ہیں وہ ۱۹۳ھ / ۸۰۹ء میں مامون بن ہارون الرشید کی مرو میں آمد کے وقت لکھے گئے تھے۔ پروفیسر براؤن (ج ا۔ ص ۱۳) اور مرزا قزوینی (بست مقالہ۔ ص ۵۰) متشکک نظر سے دیکھتے ہیں اور حافظ شیرانی صاحب کتاب "تنقید شعر العجم" (۳۹) میں مرزا موصوف کی طرح ان کے متعلق لکھتے ہیں۔

"عباس مروزی کے اشعار میں عربی الفاظ کی کثرت اس بنا پر ہے کہ متاخرین نے ان کو اصلاح دے کر اپنے رنگ میں رنگ دیا ہے...... عوفی کے عہد سے پیشتر کا نسخہ اگر دستیاب ہو جائے تو ہم معلوم کر سکیں گے کہ ان میں اور ان میں بہت تفاوت ہو گا۔ بلکہ وزن بھی مختلف ہو گا کیونکہ عباس کے عہد میں فارسی زبان میں رمل مثمن میں اشعار لکھے جانے قرین قیاس نہیں ......" (۱۶۱) اور آگے چل کر یعنی مروزی کے بہت بعد اور دقیقی طوسی (۳۴۱ھ / ۹۵۲ء) کے سلسلے میں حافظ صاحب (ص ۴۳) فرماتے ہیں کہ "...... ایرانی شعرائے متقدم قصیدے کے میدان میں 'برخلاف مثنوی کے' قافیہ یا شکوہ الفاظ کی غرض سے عربی الفاظ مستعار لیتے رہے ہیں۔" بہر حال ان اقتباسات سے یہ اندازہ لگایا جاتا ہے کہ مروزی کے اشعار اصل نہیں ہیں اگر صلی ہوتے تو عربی الفاظ کی کثرت نہ ہوتی کیونکہ یہ کثرت دراصل بعد والوں نے (شاید شعرائے عہد سامانی نے) اختیار کی ہے۔ غرض کہ حافظ صاحب نے (ص ۳۱) رودکی (۳۲۹ھ / ۹۵۱ء) کو قصیدہ نگاری کا مبتدع قرار دیا ہے اس کا ایک قصیدہ ملک الشعرا بہار کی مرتبہ تاریخِ سیستان (۳۱۷ / ۳۲۳) میں ملتا ہے جس میں ۹۴ شعر ہیں۔ نمونے کے لئے کچھ نقل کئے جاتے ہیں۔



Marfat.com

مادری را بکرد باید قربان
بچهٔ او را گرفت و کرد بزندان
بچهٔ او را ازو گرفت ندانی
تاش نکوبی نخست وزو نکشی جان
جز که نباشد حلال دور بکردن
بچهٔ کوچک ز شیر مادر و پستان
تانخورد شیر هفت مه بتمامی
از سرِ اردی بهشت تا بن آبان
آنگه شاید ز روی دین و رهِ داد
بچه بزنداں تنگ و مادر قربان
چون بسپاری ، بحبس بچه او را
هفت شبا روز خیره ماندو حیران
باز چوں آید بهوش و حال ببیند
جوش بر آرد بنالد ازدل سوزان
گاه زبر زیر گردد از غم و گه باز
زیر و زبر همچنان ز اندهِ جوشان
و آنک بشادی یکی قدح بخورد زوی
رنج نبیند از آن فراز ونه احزان
انده ده ساله رابه طنجه نه ماند
شادی نورا ز رے بیارد و عمان
بای چونین که سال خورده بودد چند
جامه بکرده فرا ز پنجهٔ حلقان



Marfat.com

مجلس باید بساخته ملکانه
از گل و از یاسمین و خیری الوان
نعمت فردوس گستریده ز هر سو
ساخته کاری که کس نسازد چونان
جامه زرین و فرشهای نو آئین
شهره ریاحین و تختهای فراوان
خسرو بر تخت پیش گاه نشسته
شاه ملوک جهان امیر خراسان
ترک هزاران بپای پیش صف اندر
هر یک چون ماه بر دو هفته درفشان
هر یک برسر بساک مورد نهاده
روش می سرخ و زلف و جعدش ریحان
باده دهنده بتی بدیع ز خوبان
بچۂ خاتونِ ترک و بچۂ خاقان
زان می خوش بوی ساغری بستاند
یاد کند روی شهر یار سجستان
خود بخورد نوش و اولیاش همیدون
گوید هر یک چو می بگیرد شادان
شادی بو جعفر احمد بن محمد
آن مه آزادگان و مفخر ایران
مدح رسول است عذر من برساند
تا بشناسد درست میر سخن دان



Marfat.com

عذر رہی خویش ناتوانی و پیری
کو بتن خویش از آن نیامد مہمان
دولت میرم ہمیشہ باد بر افزون
دولت اعدای او ہمیشہ بنقصان

اتنے اشعار نقل کرنے کی ضرورت اس لئے محسوس ہوئی کہ ہم کو فارسی کے سب سے پہلے (مستقل) قصیدے کا پورا نمونہ ذہن نشین ہو جائے اور معلوم ہو سکے کہ رودکی نے قصیدے کو کس طرح اور کن اجزا سے مرکب کیا تھا اس قصیدے پر نظر کرنے سے پہلے یہ بات یاد رکھنی چاہیے کہ ایک دن نصر بن احمد شراب کی محفل گرم کئے ہوئے تھا کہ اس نے امیر ابو جعفر احمد بن محمد کو بہت یاد کیا اور اس نے اسی وقت اس کے لئے شراب 'غلام 'لونڈی' گھوڑے اور مختلف قسم کے انعام و اکرام روانہ کئے ان باتوں کو ذہن میں رکھ کر وہ قصیدے دیکھئے تو معلوم ہو گا کہ رودکی نے محض حقیقت نگاری کی ہے۔ تشبیہات و استعارات سے ضرور اپنے اشعار کو زینت دی ہے لیکن خیالات سادہ ہیں۔ تکلف اور تصنع بہت کم ہے اور اصل واقعات کو من و عن بیان کر دیا ہے۔ ابو جعفر کی مدح کے اشعار گو کہ ہم نے نقل نہیں کئے لیکن وہ بھی سادہ خیالات اور سلیس زبان میں ادا کئے گئے ہیں۔ آخر میں رودکی پھر حقیقت نگاری کرتا ہے اور اپنی ضعیفی کا عذر پیش کرتا ہے۔ اور پھر دعائیہ اشعار لکھتا ہے۔ ممکن ہے کہ بعد والے قصیدے کو شعرا نے عربی سے نہیں تو یہیں سے تشبیب کا نمونہ دیکھ کر اسے خود بھی رسماً اختیار کر لیا ہو گو کہ رودکی کے یہاں شراب اور عشق و سرود کی محفل کا ذکر حقیقت پر مبنی تھا۔

رودکی کے ہم عصر دقیقی طوسی (۳۴۱ھ / ۹۵۲ء) نے قصیدے (۱۶۲) لکھے تھے لیکن ہم تک پورے پورے نہیں پہنچے۔ اس کے قطعات سے ضرور اندازہ ہوتا ہے کہ اس نے بھی عربی شعرا کی تقلید میں اس عہد کی ہر صنف نظم کی طرح قطعات میں بھی تسلسل قائم رکھا تھا۔ لیکن یہ بات اس صنف نظم کے لئے کوئی غیر معمولی نہیں ہے۔ اس کے قطعات جو



Marfat.com

ممکن ہے کہ اس کے قصیدوں سے تعلق رکھتے ہوں اپنی لطیف تشبیہات واستعارات کے علاوہ کسی حد تک عربی الفاظ سے بھی پر ہیں اور یہ بات اس عہد کی خصوصیات میں سے ہے گو کہ یہ دعوی نہیں کیا جاسکتا کہ زیادہ تر الفاظ (خصوصاً قوافی میں) عربی کے ہیں۔

لباب (ج ۲۔ ص ۱۳، ۱۵، ۱۶، ۱۸، ۱۹، ۲۰، ۲۲، ۲۷ وغیرہ) میں عہدِ سامانی کے متعدد شعرا کے قصائد کے اشعار ملتے ہیں جن سے اندازہ ہوتا ہے کہ اچھی اچھی تشبیہات و استعارات کا رواج ہونے لگا تھا۔ لیکن خیالات پھر بھی سادہ ہیں۔ اور کوئی بات ایسی نہیں ہے کہ کچھ دیر سوچنے کی ضرورت ہو۔ تکلف اور تصنع کا رواج اس زمانے میں تو ہو بھی نہیں سکتا تھا۔ کیونکہ ابھی قصیدہ گوئی تو کیا، خود شاعری ابتدائی منازل میں تھی۔ زبان میں تکلف اور خیال میں ترفع نہیں تھا۔ شعرا جو کچھ دیکھتے تھے بلا تکلف ادا کردیتے تھے۔ گو کہ اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا کہ ایران کی بہار اور رنگین ماحول نے نئی نئی تشبیہات واستعارات کا ذخیرہ مہیا کرنا شروع کردیا تھا۔

اب ہم عہد آل سبکتگین میں آتے ہیں اور یہی عہد دراصل ہماری بحث کا مدعا ہے۔ محمود غزنوی وغیرہ کی شعر نوازی نے متعدد بڑے بڑے شعرا پیدا کردیئے تھے۔ عنصری عسجدی، منوچہری، فرخی، ان میں خاص شہرت کے مالک ہیں۔ چنانچہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ ان میں سے دو ایک کا تذکرہ کیا جائے فرخی کے متعلق جناب شادان بلگرامی نے اورینٹل کالج میگزین (اگست، نومبر ۳۶ء فروری۔ مئی، اگست ۳۷ء) میں تفصیل سے بحث کی ہے اس لئے ہم انہی کے خیالات کا خلاصہ یہاں پیش کرنا چاہتے ہیں۔

فرخی (۴۲۹ھ / م ۱۰۳۸ء) گو کہ ایسے عہد سے تعلق رکھتا ہے جبکہ دور از کار تشبیہات اور تکلف سے کام لیا جاتا تھا۔ لیکن اس کے یہاں فصاحت، سلاست اور روانی ایسی ہے کہ کہیں تعقید اور آورد نظر نہیں آتی۔ صنائع و بدائع کا بر محل استعمال مناظرِ قدرت کی دلکش تصویر، مدح ممدوح کی طرف نازک تخلص مبالغہ اور لطیف تشبیہات کا لطف سب کچھ موجود ہے۔ واقعہ نگاری کو اس نے اپنا خاص فن بنالیا تھا۔ محمودی فتوحات کے حالات کو بے



Marfat.com

کم و کاست بڑی دلکشی کے ساتھ بیان کرتا ہے۔ بلکہ بعض واقعی چیزوں کی بھی تصویر کھینچنے میں ماہر ہے۔ اس پر واقعہ نگاری اس قدر غالب ہے کہ تشبیب میں بھی جو کہ دراصل غزل ہوتی ہے اپنے اس انداز کو قائم رکھتا ہے اس کے ایک مشہور قصیدے کے چند اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔

چون پرندِ نیلگون بر روی پوشد مرغزار
پرنیانِ هفت رنگ اندر سر آرد کوهسار
خاک را چون نافِ آهو مشک زاید بی قیاس
بید را چون پر طوطی برگ روید بی شمار
دوش وقتِ نیم شب بوی بهار آورد باد
حبّذا بادِ شمال و خرّما بوی بهار
باد گوی مشک سوده دارد اندر آستین
باغ گوئی لعبتان جلوه دارد در کنار
نسترن لولوی بیضا دارد اندر مرسله
ارغوان لعلِ بدخشان دارد اندر گوشوار
تا برآمد جامهای سرخ گل بر شاخِ گل
پنجه های دست مردم سرفرو کرد از چنار
باغ بو قلمون لباس و شاخ بو قلمون نمای
آب مروارید گون و ابر مروارید بار
راست پنداری که خلقت های رنگین یافته
باغهای پرُ نگار از داغ گاهِ شهریار
داغ گاهِ شهریار اکنوں چنان خرّم بود
کاندرو از خرّمی خیره بماند روزگار



Marfat.com

یہ قصیدہ محمودی دربار میں پہنچنے کے قبل صرف ایک رات میں لکھا گیا تھا تاہم اس کی دلکش تشبیہات' فصاحت' روانی اور برجستگی ایسی ہے کہ اس وقت کے بہت کم قصیدوں میں نظر آئے گی۔ واقعہ نگاری جو اس قصیدے میں آخر تک پائی جاتی ہے ایسے دلفریب انداز میں ہے کہ دوسرے شعرا کے یہاں شاذ و نادر ہی ملے گی۔

اب اسی دور کے دوسرے شاعر یعنی عنصری کے شاگرد منوچہری (م ۱۰۴۱ء) کا تذکرہ بھی مناسب معلوم ہوتا ہے۔ اس کے متعلق صوفی ضیاء الحق صاحب نے ایک طویل مضمون اورینٹل کالج میگزین (مئی نومبر ۳۷ء۔ فروری ۳۸ء) میں شائع کرایا تھا اس میں انھوں نے بتایا ہے کہ اس کے بہت سے قصیدے بلحاظ موضوع و زبان زمانۂ جاہلیت کے عربی قصیدوں کا اعلا نمونہ ہیں۔ تشبیب' تخلص' مدح اور مقطع وغیرہ سب میں عربی قصیدوں کے لوازم پائے جاتے ہیں۔ بلکہ عربی مصرعے اور الفاظ بکثرت ہیں۔ بعض قصیدوں میں لغز اور چیستان بھی ہے۔ اور صنائع و بدائع بھی دیگر شعرائے فارسی سے کم نہیں ہیں۔ غیر جاندار چیزوں اور مناظر قدرت کے بیان کرنے میں غیر معمولی قدرت رکھتا ہے۔ اس کے استعارات و تشبیہات میں خصوصیت کے ساتھ زچگی' حمل' دایہ وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے اور یہ اس کا محبوب ترین موضوع ہے۔ اس کے ایک مشہور قصیدے کے کچھ اشعار نمونے کے طور پر پیش کیے جاتے ہیں:

الا یا خیمگی خیمہ فرو ہل
کہ پیش آہنگ بیرون شد ز منزل
تبیرہ زن زدہ طبل نخستین
شتر باناں ہمی بندند محمل
نماز شام نزدیک است امشب
مہ و خورشید را بینم مقابل



Marfat.com

ولیکن ماه دارد قصدِ بالا
فرو شد آفتاب از کوهِ بابل
چنان دو کفه سیمین ترازو
که این کفه شود زان کفه مائل
نه دانستم من ای سیمین صنوبر
که گردد روز چونین زود زائل
من و تو غافلیم و ماه و خورشید
برین گردون گردان نیست غافل
نگارینِ منا ! بر گرد و مگری
که کارِ عاشقان را نیست حاصل
زمانه حامل هجر است و لابد
نهد یک روز بارِ خویش حامل
نگارِ من چو حالِ من چنین دید
بیارید از مژه باران وابل
مرا گفت ای ستمگار بجانم
بکام حاسدم گردی تو عاذل
ترا کامل همی دیدم به هرکار
ولیکن نیستی در عشق کامل
نگار خویش را گفتم نگارا
نیم من در فنون عشق جاهل
ولیکن اتفاق آسمانی
کند تدبیر های مرد باطل



Marfat.com

غریب از ماہ والا تر نہ باشد
کہ روز و شب ہمی برد منازل
چو برگشت از منَ آن معشوقِ مشوق
نہادم صابری را سنگ بر دل
نگہ کردم بگردِ کاروان گاہ
بجاے خیمہ وجای رواحل
نہ وحشی دیدم آن جا و نہ انسی
نہ راکب دیدم آن جا و نہ راجل
نجیب خویش را دیدم بہ یک سوی
چو دیوی دست و پا اندر سلاسل

غرض کہ بڑی طول' طویل تشبیب ہے۔ پھر گریز' مدح' حسن طلب' مقطع (دعائیہ) وغیرہ سب پر عربی عنصر غالب نظر آتا ہے۔

ان کے بعد ابو الفرج رونی کا نمبر آتا ہے اس کی شاعرانہ شخصیت کا اسی سے اندازہ ہو سکتا ہے انوری جیسا باکمال قصیدہ گو بھی اس کا مقلد ہے اور اس کے کمالات کا معترف (کلیات انوری ص ۶۷' ۱۷۵' ۲۱۷ وغیرہ) ہے۔ چونکہ انوری کے قصائد کے متعلق یہاں بحث کرنا غیر ضروری ہے اس لئے ہم صرف ابو الفرج کے ایک قصیدے کا نمونہ دے کر آگے بڑھتے ہیں۔

بدیع نیست بہ شب دیدنِ ستارہ در آب
بہ روز بین کہ سپہری ست پر ستارہ بر آب
زمین چو آینہ صورت نمای گشت مگر
ز گل نماند میانِ ہوا و آب حجاب



Marfat.com

گل غنودہ بہ بوی از بہشت یافتہ بہر
چو نیک بختان بر خاست بانشاط از خواب
تو گوی اورا بلبل گہِ غنودن او
نمودہ بود بتلقین خواب راہ صواب
تو این طراوت و این خرّمی بہ دشت و بہ باغ
ز سعیِ میغ مدان و ز یمن شاہ بیاب
کہ میغہای دژم را بخشک سال اندر
یمین شاہ معونت کند بہ فتح الباب
امیرِ عادل محمود سیفِ دولت و دین
کہ پیش کار دل و دست اوست بحر سحاب
خدایگانا فرمانِ تو براند و بداشت
زمان بدستِ عنان و زمین بپای رکاب
توی کہ سہم تو برباید از حوادث جنگ
توی کہ چشمِ تو بستاند از نوایب ناب
ہمیشہ تابہ تموز و بدی بکار شود
لباس توزی و کتان و قاقم و سنجاب
جہان توجوی، و ولایت تو گیر، و گنج تو بخش
سپہ تو ران، و بزرگی تو دار، و کام تو یاب (۱۶۳)

دیکھئے اس کی تشبیب بھی کتنی اچھی ہے۔ کیسے اچھے اچھے مضامین پیدا کئے ہیں۔ پھر گریز' اصل مدح اور دعائیہ کے اشعار سب عربی تقلید میں ہیں لیکن رونی کے قصائد صرف ان اجزا سے مرکب نہیں ہیں۔ بلکہ عنصری اور فرخی کی طرح اس کے یہاں ممدوحین کے سفر' رزم' بزم' اوصاف' اخلاق' فتوحات' واقعات اور مختلف کیفیات کا بھی تذکرہ ملتا ہے



Marfat.com

جن سے اس عہد کی تاریخ میں بڑی مدد ملتی ہے۔ یہی بات آپ سید حسن کے قصائد میں بھی پائیں گے جس کی بنا پر ہم نے تاریخ بہرام شاہی مرتب کی ہے۔اب سید حسن کے قصائد کی طرف آیئے جو تعداد میں ۹۵ ہیں اور ان کے اشعار کی تعداد کم وبیش پونے تین ہزار ہے۔ اس کے یہاں پہلی خصوصیت تو یہ ہے کہ واقعات اور حالات کے متعلق مختلف اہم اشارات ملتے ہیں۔ جن سے ایک طرف اگر اس عہد کی تاریخ میں مدد ملتی ہے تو دوسری طرف خود شاعر کی قدر دانی کا حال معلوم ہوتا ہے۔ ورنہ عمر بھر بھٹئی یا خوشامد کرنے کا پیشہ کون اختیار کرتا ہے؟ سید حسن نے دس بیس نہیں بلکہ ۵۰۰ھ سے ۵۵۶ھ تک یعنی کم از کم ۵۵ سال مدح سرائی کی ہے۔ متعدد وزرا، امرا، اور سلاطین کے نام کو زندہ کیا ہے اس طرح اس عہد کی تاریخ کو مرتب کیا ہے۔ ان ممدوحین کے دربار میں رسائی حاصل کر کے مسلسل مشق کے ساتھ ساتھ ادب میں اضافہ بھی کیا ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ جو شخص تقریباً نصف صدی تک مدح سرائی کرے گا وہ شاعری کی ایک ہی ڈگر پر نہ چلے گا بلکہ اپنی طبیعت کو اپج اور اختراع کے لئے آمادہ کرے گا چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ اس کے شروع کے قصائد تو ضرور سادہ تمہید کے ساتھ ہیں۔ مثلاً ۵۰۰ھ میں وہ ایک قصیدہ لکھتا ہے:

نسیم عدل ہمی آید از ہوای جہاں
شعاع بخت ہمی تابد از لقای جہان
خرد کہ جائے نہ دارد نہ داند این کہ کرد
خدا یگان جہان از کرم بجای جہان
خرد کہ دولت و دین ہر دو تہنیت گویند
خدا یگان جہان را بہ کد خدای جہان

لیجئے دو تین شعر میں تمہید ختم ہو گئی اور کوئی خاص خیال بندی یا لطافت نہیں ہے۔
۵۱۰ھ میں ایک قصیدہ یہ لکھا تھا۔



Marfat.com

مرا بہ وقت سحر دوش مژدہ داد نسیم
کہ شہریارِ جہان بادشاہِ ہفت اقلیم
خزا نہای ممالک ہمہ مفوض کرد
برای آنکہ بحق یافت در جہان تقدیم
نظامِ ملک و قوامِ جہان خداوندی
کہ کرد جانب او را خدایگان تعظیم

لیکن اسی سال یہ قصیدہ بہاریہ تمہید کے ساتھ لکھا تھا۔ نئی نئی تشبیہات واستعارات کا نگار خانہ سجایا ہے۔ اور قدما کی طرح (شعر العجم ج ۵۔ ص ۲۔ ۱۹۱۸ء) ہم وزن الفاظ کا التزام بھی ہے۔ بہرام شاہ غزنوی کی مدح میں ہے۔

بادِ آتش بار چون از روی دریا بر شود
خاکِ پژ مردہ ز آبِ زندگانی تر شود
گہ چو یوسف شاہدی از چاہ بر تختی رود
گہ چو آدم صورتی از خاک جان آور شود
یک قدم روید گیاہی ر، و با صد جان بود
یک بدن باشد نہالی را و با صد سر شود
روی بستانِ بنفشہ زلفِ لالہ رخ نمود
پر ز چشم نرگس و ابروی سیمین بر شود
چون شب زنگی لقا از خوابِ خوش برختہ شد
روز روی چہرہ را چہرہ کشادہ تر شود
آب دست آویز کردہ از شعاع آفتاب
چون رسن بازی بسوی چرخ چون چنبر شود



Marfat.com

تا زداید رنگِ شب ز آینه روزِ آفتاب
ہر سپیده دم ز زخمِ تیغ روشنگر شود
ہر زمان تا لعبتانِ باغ در خنده شوند
برقِ آتش بار اندر آبگون چادر شود

غرض کہ اس قسم کے متعدد اشعار تمہید میں ملتے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ خراسانی ممدوح کے متعلق جو دو قصیدے اوپر مذکور ہوئے ہیں ان میں نہ تو ایسی طویل تمہید ہے اور نہ ایسی لطیف تشبیہات و استعارات ہیں بلکہ کچھ اور قصیدے بھی خراسان میں لکھے ہوئے اسی قبیل کے ہیں۔ لیکن اس کے برعکس جو قصیدے سید حسن نے غزنوی دربار میں لکھے ہیں وہ انھیں تصنعات سے پر ہیں' ایک قصیدہ تو ابھی مذکور ہوا ایک اور اسی زمانے سے متعلق دیکھیے۔

خاک را چاک زد ای دوست گیاه
عمر برباد مده باده بخواه
بی نظر چشمِ شگوفه ست سپید
بی گناهی دلِ لاله ست سیاه
در چمن عود همی سوزد یار
بر فلک رنگ همی ریزد ماه
شود آئینۂ گردون تاریک
ہرزمانی که کند دریا آه
نیک و بد می کند آن روز بروز
تانیفتد ز طرب گاه به گاه
می به دست آر چه خیزد ز خرد
گل شفیع ست چه ترسی ز گناه



Marfat.com

همه بر صورت دیده نرگس
همه بر شکل زبان است گیاه
تابہبیـنـنـد برآن صنع خدای
تا بگویند بدین مدحت شاه
شاه بہرام کہ گیرد عالم
همه تاریک دو مہ انشاء اللہ

کہنے کو تو یہ شعر غزلیات میں شامل ہیں لیکن اس کی دلکش اور لطیف تمہید' صنائع لفظی و معنوی سے پرُ ہے اور غزنوی ممدوح سے تعلق رکھتی ہے جس سے ظاہر ہے کہ اس قسم کے اشعار غزنوی دربار میں پسندیدہ سمجھے جاتے تھے اور وہاں کا ادبی و علمی ذوق خراسان سے بلند تھا گو کہ اس میں شک نہیں کہ خراسان کی زبان (تنقید شعر العجم ص ۲۲۹) اس زمانے میں ٹکسالی سمجھی جاتی تھی۔

کبھی مسعود سعد سلمان (ص ۶۱۱۔ دیوان طبع ۱۳۱۸) کی طرح سید حسن نے بھی ممدوح کی زبان سے مدح سرائی کی ہے:

آرامش و رامش ہمگان را بدرِ ماست
بخشایش و بخشش رہ جدّو و پدر ماست

اور چونکہ غزنوی (بہرام) کی مدح میں ہے اس لئے وہی تصنعات موجود ہیں (جن کو ہم طوالت کے خیال سے چھوڑتے ہیں) لیکن پھر خراسانی ممدوح کی تعریف میں معمول کے مطابق بغیر تمہید کے خطابیہ قصیدہ لکھا ہے:

زہی ز روی زمین بر گزیدہ شاہ ترا
بر آسمانِ شرف دادہ پا یگاہ ترا
امیرِ عادل تغری طغانِ دریا دل
کہ جان سپارد از دل ہمہ سپاہ ترا



Marfat.com

اس کے کچھ عرصے کے بعد سید حسن کے یہاں ایک نئی تمہید ملتی ہے جو بعد میں
ری کے یہاں (تنقید شعر العجم ص ۲۷۰ بعد) ترقی پاتی ہے۔ اور جو دراصل عربی کی
ید میں (شعر العجم ج ۴۔ ص ۱۲۰، ۱۲۱۔ ۱۹۱۸ء) ہے یعنی میں نے امید پر سفر کیا کہ میرا
املہ بہتر ہو جائے گا۔ لیکن بڑی تکلیفوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اسی پریشانی میں ایک حسنین آیا اور
ے سمجھانے لگا وغیرہ وغیرہ اس قصیدے کے کچھ اشعار یہ ہیں:

چو عزم کردم سوی سفر برای صواب
بریده گشت امیدم ز دیدنِ احباب
بر آن امید که بهتر شود دگر کارم
همی رسید هزاران هزار رنج و عذاب
گهی چو مور بکو شیدم از پیِ اخوان
گهی چو مار به پیچیدم از غمِ اصحاب
درین تفکر بودم که آن بتِ سرکش
برِ من آمد بی التماس من به شتاب
همی فروخت رخش چون بر آسمان عیسی
همی طپید دلش چون بر آینه سیماب
گهی فگندی مشک از دو سنبلِ پُر چین
گهی فشاندی در از دُو نرگس سیراب
بشد ز شرم همی گفت کآخرای بد عهد
مکن چنین و دلم رابه وصل اندریاب
مگر بخواب دری زان همی نمی دانی
که بیش اگرچه بکوشی نه بینیم در خواب



Marfat.com

چہ کردہ ام کہ چنین بر گرفتی از من دل
چہ شد گہ خانۂ مہرم ہمی کنی تو خراب
مگر کہ عہدِ مرا پاک دادۂ برباد
مگر کہ نامِ مرا نقش کردۂ بر آب
اگرچہ ہست خطا رفتنِ من از پیشت
شدن بہ پیش خداوند خویش ہست صواب

اور چند سال کے بعد یعنی ۵۳۵ھ کے قریب ایک قصیدے کی تمہید میں شام کا منظر (جو انوری کے یہاں بھی ہے تنقید شعر العجم ص ۲۷۰) وہ اس طرح کھینچتا ہے۔

چون شمع روز روشن از ایو انِ آسمان
ناگہ در اوفتاد بہ دریای قیروان
دوشِ زمین و فرقِ ہوا را ز قیر و مشک
بیم سپہرِ کور ردا کردو طیلسان
آورد پای مہر چو در دامنِ زمین
بگرفت دستِ ماہ گریبانِ آسمان
بر طارمِ فلک چومہ زنگ شد مکین
در خاک تیرہ شد ملک روم را مکان
گردون چو تاجِ کسری بر معجزات حسن
از دُرّ و لعل چترِ سکندر برو نشان
یاہمچو شکل چرخِ زمرّد بہ پیشِ جم
بر روی او فشاند ہمی گنجِ شایگان
زہرہ چوگوی سیمین بر چرخ دوربین
دنبالِ برجِ عقرب مانند صولجان



Marfat.com

بهرام تافت ازفلکِ پنجمین همی
چندان که دید چرخ کند سدره هر زمان
برجیس چون شامهٔ کافور پرُ عبیر
کیوان چو در بنفشه ستان برگِ ارغوان
پروین به وقت آں که گران ترکنی رکاب
جوزا چوگاه حمله سبک ترکنی عنان
گردان بناتِ نعش چو مرغی که سرنگون
ناگه به سوی آب خور آید ز آشیان
دیو از شهاب گشته گریزاں برآن مثال
چون خصم منهزم ز سنانِ خدایگان
اندر شبی چنین که غضنفر شدی ذلیل
اندر شبی چنین که دلاوے (کذا) شدی جهان
من روی سوی راه نهاده بفالِ نیک
امیدِ خود بریده ز پیوند خانمان
راهی چنان که آیدازو جسم را خلل
راهی چنان که آید ازو روح را زیان
ریگش چو نیش کژدم و سنگش چو پشت مار
زین طبع را عفونت و زان عقل را فغان
در آب او سمک نه رود جز به سلسله
بر کوه او فلک نه رود جز به نردبان
هرچند ریگ و سنگ وکه و غار او نمود
رنجِ دل و بلای تن و آفت روان



Marfat.com

ز و در دلم نہ بود خطر زان کہ ہچو حور
راندم ہمی ثنای خداوند بر زبان

دیکھیں اس سے پہلے قصیدے میں سید حسن نے تمہید میں ایک سفر کا حال بیان کیا تھا لیکن اس قصیدے میں (چند سال کے بعد) رات اور سفر کے سماں کو کس لطافت کے ساتھ پیش کیا ہے کہ تصنع و تکلف کے باوجود دلکشی اور دلآویزی بدرجہ اتم موجود ہے۔ اور بلا شبہ یہ قصیدہ متقدمین کے بہترین قصائد کے ساتھ رکھا جا سکتا ہے۔ اس قصیدے کے تخلص (گریز) کی برجستگی بھی قابل داد ہے۔ اور مختلف رعایات بھی لائق ستائش ہیں۔

چند سال کے بعد یعنی ۵۴۱ھ کے قریب کا ایک قصیدہ "فتاد" کی ردیف میں ہے۔ اور جس طرح قاآنی (شعر العجم ج۵ ۔ ص۱۹) ایک قصیدے میں "افتد" ردیف سے کئی پہلو نکالتا ہے سید حسن نے اس سے سات سو سال پہلے "فتادہ" کے مختلف پہلوؤں میں پیش کیا ہے اور گو کہ وہ قصیدہ غزنوی وزیر کی مدح میں ہے اور بغیر کسی خاص تمہید کے شروع ہوتا ہے تاہم قوافی کی بندش قابل تحسین و آفرین ہے۔

یارب چہ سوز بود کہ اندر جہان فتاد
سودِ حسود صدرِ جہان را زیان فتاد
صدرِ جہانیان حسنِ احمدِ حسین
کش دست و دل بہ جود سوی بحر و کان فتاد
خاک درش کہ آب حیات مراد ہاست
از جان دل خرید کہ بس رایگان فتاد
زین سہمگین سراب کہ ہرگز مباد آن
آتش نگر کہ در دلِ پیر و جوان فتاد
از وہم آن خیال فلک در فلک شکست
وز سہم این محال جہان در جہان فتاد



Marfat.com

دشمن دو روئی کہ نمودہ ست ہمچو گل
از دل چو لالہ آتشش اندر دہان فتاد
مہ نورمی فشاند و سگ بانگ می زند
مہ راچہ جرم خاصیتِ سگ چنان فتاد

غرض کہ اس طرح کے ۲۰۔۲۱ شعر اپنی ردیف سے نئے نئے معنی پیدا کرتے ہیں اور شاعر کی قوتِ متخیلہ سے نئے نئے مضامین پیش کرتے ہیں۔

اس کے بعد شاعر کا قصیدہ فخریہ آتا ہے جس کا وہ مبتدع ہے اور جس کی تفصیل ہم اوپر دیکھ چکے ہیں۔ ایک اور قصیدہ اسی قبیل کا اور دیکھئے:

من نہ آن طوطیِ شکر شکنم
کہ صدف بود حقۂ دہنم
گنبدِ عقل طاقِ دستارم
گلشنِ جان رواقِ پیرہنم
صنم بر سریرِ فضل و ادب
تاج بخشانِ بحر و بر شمنم
فلکی کردہ گردشِ فلکم
زمنی کردہ جنبشِ زمنم
مجمرِ عود سوخت چون عودم
چنبرِ ماہ تافت چون رسنم
نم کشیدہ چو برگِ نسترنم
خم گرفتہ چو شاخِ نار و نم
توشۂ نہ کہ آن بود قوتم
گوشہ نہ کہ آں بود سکنم



Marfat.com

ہر چہ آورد روز روزی ام
ہر کجا در رسید شب و طنم
تاج سر داشت جبرائیل مرا
این زمان خاک پای اہرمنم
نیستم زندہ پس اگر ہستم
بوفا و کرم کہ من نہ منم
گاہ تنگ آیدم ہمی کہ شوم
از کہ واللہ کہ ہم ز خویشتنم
ہم ز محنت چو کوہ شد جانم
ہم زکاہش چو کاہ گشت تنم
درد بی منتہاست در مانم
مرگ ہر ساعت است زیستنم
تن زند درمیان رہ صدر بار
تا ز خاطر بہ لب رسد سخنم
باری باری کہ سخت رنجورم
رحمتی رحمتی کہ ممتحنم

چھوٹی بحر ہے لیکن کتنی روانی ہے؟ کیسی اچھی اچھی تشبیہات و استعارات ہیں۔ شروع سے آخر تک اپنے فضل و کمال کے متعلق تعلی ہے یا پھر خستہ حالی بیان کی ہے۔ کل ۳۲ شعر ہیں اور گریز اکتیسویں شعر میں ہے اور اس خوبی اور برجستگی سے گریز آتا ہے کہ خیال بھی نہیں ہوتا کہ یہ قصیدہ کسی کی مدح میں ہوگا آخر کے شعر ملاحظہ ہوں۔

چون خرندم کہ کفۂ مہ و مہر
بکسلد از گرانیِ ثمنم



Marfat.com

سازِ خلق جہان و سوزِ خودم
تابدانی کہ شمعِ انجمنم
ہمہ تیز از من اندو من کندم
راست گوئی صحیفۂ فسنم
جمع در جسم و تفرقہ در ذات
بحقیقت ستارۂ پرنم
یارب آن نقشِ دولتم بنمای
کہ خلاصی دہد ازین محنم
گویدم ہیں بیار مژدہ کہ من
صورتِ صاحب اجل حسنم
بر زمین این چنیں ز من دانند
کہ نہ در صدر خواجہ زمنم

پھر ۵۴۸ھ کے قریب ایک نئی تمہید کا قصیدہ دیکھئے اور اس کے مضمون کے داد دیجئے۔

دیدم بہ خواب دوش براقی زنورِ جان
میدانش نہ ولیکن جولانش بی کران
بالای او وجود و ہم او ظاہر از وجود
پہنای او مکان و ہم او فارغ از مکان
مریخ روز سرو گاو زحل رکاب
خورشید روی و زہرہ نشاط و قمر عنان
از حلقۂ رکابش زینی سبک دلی
از کوکب مجرّہ برو ساختی گران



Marfat.com

افتادہ ہمچو سنگی در راہ او زمین
برخاستہ چو گردی از نعلِ او زمان
وان گہ یکی فرشتہ بدیدم بران براق
کایزد برای رحمتش آورد در جہان
باز عقاب قدرت و طاؤس پر و بال
مرغ ہمای سایہ و سیمرغ آشیان
بالش ہزار و جملہ چو خورشید نوربخش
پر صد ہزار و بر ہمہ چون ابر دُرفشان
گفتم کہ این براق چہ و این فرشتہ کیست
دولت چہ گفت؟ گفت کہ آگہ شو و بدان
واللہ کہ آن براق فلک و آن فرشتہ ہست
خوارزم شاہء اتسزِ شاہِ جہان ستان

اور ۵۵۲ھ کے قریب پھر ایک نئے مضمون کی تمہید لکھتا ہے اور اس طرح دعوی کرتا ہے:

مرا بگفت چہ حاجت کہ خود ہمی گوید
ہمیں قصیدہ کہ اعجوبہ ایست تا محشر
خدای داند اگر کس رسد درین ہرگز
یکی نکوست کہ توایدری و من ایدر

اب اصل قصیدے کی طرف توجہ فرمائیں:

خدای عزو جل داد بندہ را در سر
دو دیدبان کہ گرامی تر اندیک ز دگر



Marfat.com

مطیع باشد شان سر چنان که سر را تن
عزیز دارد شان دل چنان که دل را بر
به شکل پیکان باشند و در نظر چون تیر
صفای خنجر دارند و پیشِ جان چو تبر
روند همچو دو پیکر یکی شوند به عزم
روند همچو دو فرقد یکی کنند نظر
چو عقل خامش در ظاهر و امیر سخن
چو چرخ ساکن در رویت و اسیر سفر
چو خاک نقش پذیر و چو آب عکس نما
چو نار تیز رو و همچو باد تیز خبر
همی روند چو آب و چو آب شان بی پای
همی پرند چو باد و چو بادشان بی پر
دو خرد لیکن دانا تر از هزار بزرگ
دو جزع لیکن زیبا تر از هزار گهر
چو آفتاب فروشد، فروشدن گیرند
که دیده نرگس کور است خوی نیلوفر
قمر به چرخ بود، نور بر زمین و چو عکس
مکان شان به زمین است نور شان به قمر
صفای آینه دارند هر دو و مژه ها
به پیش هر یک همچون دو شانه زیر و زبر
دو رهبر اند جهان بین و خویشتن بین نه
خود آنکه نیست چنین رهبر است و بی رهبر



Marfat.com

سیہ سپید چو روز و شب اند و ہر یک را
عجب کہ از سیہی تابد آفتاب بصر

دو پیکر است در ایشان نشستہ چون دو فلک
کہ شان زخوبیِ تخت ست و ز خیال افسر

تو خود نگہ کن آن گہ کہ نزد شان چو ملوک
ہر آن کہ قربت اوبیش او معظم تر

ہزار منت حق را کہ داشت ارزانی
چنین نفیس دو گوہر بصدرِ حق پرور

قوام دولت و دین بو محمد طاہر
کہ دین و دولت از و یافتند زینت و فر

واقعی یہ تمہید "عجوبہ" ہے۔ سید حسن سے پہلے کسی نے اس قسم کا کوئی قصیدہ نہیں لکھا اور بعد میں بھی بہت کم شعرا کے ہاں ایسے نادر مضمون کی مثالیں مل سکیں گی مختلف لطیف تشبیہات واستعارات سے یہ قصیدہ بنایا گیا ہے۔ اور اتنا شگفتہ اور دل آویز ہے کہ کسی طرح بھی نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ قصیدے کی شان و شوکت اور متانت کے ساتھ روانی' برجستگی' لطافت اور ندرت پوری طرح پائی جاتی ہے۔ اور اس لحاظ سے یہ قصیدہ کسی دور کے کسی قصیدے سے کم نہیں ہے:

اس کے بعد پھر خراسانی ممدوح یعنی سلیمان سلجوقی کی تخت نشینی ۵۵۵ھ میں ہمارا شاعر قصیدہ لکھتا ہے تو وہی۔ سادگی اختیار کرتا ہے جو عموماً اس کے یہاں خراسانی ممدوحین کے لئے مخصوص ہے:

شاہِ شاہانِ جہان بر تختِ سلطانی نشست
مردمِ چشمِ سلاطین در جہان بانی نشست



Marfat.com

منت ایزد را کہ از نامش نشان خسروی
بر طرازِ جامہ رفت و در زر کانی نشست
منت ایزد را کہ در صدرِ خراساں و عراق
ہم خداوند عراق ہم خراسانی نشست
منت ایزد را جہان چون روضۂ فردوس گشت
وین ملک قدر و فلک قدرت بہ رضوانی نشست
مردم و دیو پری اکنون بہ خدمت ایستند
چون سلیمان شاہ بر تختِ سلیمانی نشست

سید حسن کا تاریخی قصیدہ اس کے بعد کوئی نہیں ملتا اور وہ آئندہ سال یعنی ۵۵۶ھ میں انتقال کر جاتا ہے۔ اب مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں شمس الدین محمد بن قیس الرازی کی کتاب المعجم فی معاییر اشعار العجم کا ذکر بھی کر دیا جائے۔ یہ کتاب اوائل قرن ہفتم ہجری کی تالیف ہے اور اس میں سید حسن کا ذکر کئی جگہ آیا ہے۔ اور چونکہ قصائد کی ابیات کے سلسلے میں ہمارا شاعر مذکور ہے اس لئے یہی مقام زیادہ موزوں معلوم ہوتا ہے۔ صفحہ ۱۶۱ میں "التزام ماقبل تاہ تانیث' کے سلسلے میں اس کے قصیدے کے یہ اشعار ملتے ہیں:

چو دولت رفت بر تختِ امارت
مہ تاجش پذیرفت استدارت
وزیری جست چست و راد و مقبل
کہ باشد در ہمہ کارش مہارت

اور صفحہ ۱۷۲ میں "مختلف معنی" میں "سینی آس و دستاس و خراس" جیسے لفظوں کے ساتھ آنے کا جواز بتایا گیا ہے۔ اور مثال میں سید حسن کے یہ شعر نقل کئے ہیں:

بخواہ جام کہ سر چرب کرد خصم ترا
بشیشۂ تہی این آبگینہ رنگ خراس



Marfat.com

موافقان را باست نہ مالدو چہ عجب
در آسیای فلک سنبلہ نہ گردو آس

صفحہ ۳۰۰ میں "حسن مطلع" کے سلسلے میں سید حسن کے "الفاظ عذب" والا ایک مطلع نقل کیا ہے:

ہر نسیمی کہ بہ من بوی خراسان آرد
چون دم عیسی در کالبدم جان آرد

اور صفحہ ۳۲۶-۳۳۴ میں ہمارے شاعر کے دو قصیدوں کے اچھے اچھے اشعار بھی نقل کئے ہیں۔ لیکن ہم کو دراصل صفحہ ۲۴۱-۲۴۳ کے ان اشعار سے غرض ہے جن میں تخلص (گریز) پر بحث کی گئی ہے۔ سید حسن کے گریز کا یہ شعر ہے:

زحد ببردم نی نی ہنوز سر مست است
ز جامِ جود و سخا طبعِ شادمان کرم

اور انوری کے تخلص والا یہ شعر نقل کیا گیا ہے:

بہ خشم گفت کہ چندین بہ رسم بی ادبان
مگوی مرثیۂ جود در برابر جود

پھر مولف نے رضی نیشا پوری کا حوالہ دیا ہے لیکن اس کے گریز کو "رکیک" کہا ہے۔ اور بعد میں ان شعرا کے متعلق ہے:

"...... وازین جہت تخلص انوری بہتر از تخلص سید حسن است کہ انوری خود را غافل ساختہ است از جودِ ممدوح تا قایلی او را آگہی می دہد کہ (مگوی مرثیۂ جود در برابر جود) و سید حسن گفتہ است نی نی۔ ہنوز شمہ ای از کرم ماندہ است وازین نیز قصور ممدوح درین خصلۂ شریفہ لازم آید......"

لیکن ایک آدھ جگہ اس قسم کے تخلص سے سید حسن کی استادی میں فرق نہیں آسکتا اس کی مہارت اور بزرگی کا مظاہرہ دوسرے مقامات سے ہو سکتا ہے۔ مثلاً



Marfat.com

ایک جگہ معشوق کی زبان سے کہتا ہے:

اگرچہ هست خطا رفتنِ من از پیشت
شدن به پیشِ خداوندِ خویش هست صواب

ایک جگہ معشوق سے کہتا ہے:

دریاب دل کسی کہ آن کس
مداح امینِ شهر یارست

ایک اور جگہ کہتا ہے:

دست از جفا مدار کہ در آب غرقہ شد
چشمِ حسن کہ خاکِ درِ شاهِ صفدر است

کچھ اور مثالوں کی سادگی اور برجستگی دیکھئے:

با عطارد شده ام هم قلم و این شرمم
از پیِ مدحتِ خورشیدِ زمین و زمن ست
حسن تو ز دولت خداوند ست
با ذکر حسن کہ جاودان ماند
وای آن خستہ کہ دل را بہ چنان ماه برد
بخ بخ آن بنده کہ دل را بہ چنین شاه دهد
بسا طوطی کہ از بیضہ تر و تازه برون آمد
جهان را همچو باز چتر سلطان زیرِ پر دارد
از شبِ زلف تو گمره نہ مانم کہ مرا
روز اقبال امیر ست نکو راه بری

قصیدہ گو شعرا کے یہاں مطلع 'تشبیب' تخلص اور مقطع کا خاص خیال رکھا جاتا ہے
اور ہمارا شاعر اپنے معاصرین مسعود سعد سلمان' معزی' عمادی غزنوی' ادیب صابر' عثمان



Marfat.com

مختاری وغیرہ کے مقابلے میں کافی ممتاز ہے۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ اس کی تمہیدوں میں ندرت وجدت، رنگینی ولطافت، اوصاف نگاری اور تشبیہات واستعارات کی فراوانی ہے۔ تخلص میں بھی کتنی برجستگی ہے لیکن دعائیہ اشعار میں کوئی گدایانہ استدعا یا خوشامد نظر نہیں آتی اس کی وجہ کچھ تو یہ ہوگی کہ شاعر کو اکثر و بیشتر نوازا گیا ہوگا۔ کیونکہ اس کے یہاں بہت کم ممدوح کی بے التفاتی کا ذکر ملتا ہے اور دوسری وجہ یہ بھی ہوسکتی ہے کہ شاعر کو اپنے فضل و کمال کا احساس ہے اور وہ بارہا کسی حد تک صحیح معنی میں تسلّی کر چکا ہے اس لئے خودی کا بھی پاس ہے بہر حال اس کا ایک پورا قصیدہ بھی یہاں نقل کر دیا جاتا ہے تاکہ اس کی قصیدہ گوئی کے تمام اوصاف کا ایک ہی جگہ اندازہ ہو جائے اور معلوم ہو جائے کہ وہ کس حد تک اس صنف میں کمال رکھتا ہے اس قصیدے کو بھی انوری نے اپنے ایک قصیدے کے لئے پیش نظر رکھا ہوگا:

مژدہ عالم را کہ شاہِ گنبدِ نیلو فری
آمد از ایوانِ کیوان سوی قصرِ مشتری
تا پدید آرد ز شاخِ بید خطِ مشک نو
تا برویاند ز خارِ خشک گلبرگ تری
گہ زر افشاند رخش از گنبدِ سیماب گون
گہ ز رعد افتد صدا در گنبدِ نیلو فری
سبزہ نشکیبد زمانی بی سحابِ زرفشان
لالہ نکشاید لب از لب بی نسیم عنبری
گہ ز ذکرِ تاج در جلوہ شود طاؤس تر
گہ ز فرِطوق در خندہ شود کبک دری
از ریاحین چون عروس باغ طبعش چون تتار
از شگوفہ پر ز پروین شاخ خلقش مشتری



Marfat.com

سغبهٔ بلبل شوی هر گه که صوتش بشنوی
بستهٔ گلبن شوی چندان که دروی بنگری
از گل و بلبل چمن برگ و نوا یابد چنانک
از شهنشه خلق و نام نیک و زرّ جعفری
روی ملک و پشتِ دین بهرامشه شاهی که یافت
مشتری از طالع مسعود او نیک اختری
ای امل باکف در بارش چو دریا قادری
وی اجل با تیغ خون خوارش چو حلقه بردری
صورتِ تائید بخت و جان و دین و دولتش
زینتِ چتر و کلاه و فخرِ تخت و منبری
هم سکندر دولتی بی حسرت آبِ حیات
هم سلیمان ملکتی بی منتِ انگشتری
تا نیندیشد دلی کز تخت گشتی بختیار
تا نپندارد عدو کز تاج داری سروری
از جوان بختی که هستی تخت را پیرایهٔ
وز سر افرازی که هستی تاج را چون در بری
چرخ اگر گردد برایت پس عجب نبود که خود
گر بخواهی ایستد پیشت به رسمِ چاکری
سرِّ این حرف ست کاید حلقه در گوش هلال
بر مبارک گردنت هر ماه چرخِ چنبری
از تو و خلق تو هرگز جان و دل فتنه نه بست
دیر برناید که زو هم دل شود هم جان بری



Marfat.com

خود پری بر بوی خوش عاشق به بوی خلق نیست
دیو مردم باشد آن کو نکته آید از پری
ای که چون برجیس در مجلس پیاپی رحمتی
وی که چون مریخ در هیجا سراسر خنجری
جای مهرِ تست اگر نه فارغم از جان و دل
عزِّ مدح تست گر نه من کیم در شاعری
از جهان داری یدِ بیضاست چون موسی ترا
ورنه اندر مدح تو بنمایمی صد ساحری
تو خداوندی و من هستم یکی از بندگان
منت ایزد را که مخصوصی به بنده پروری
تا بگویند آن چه یوسف دید و موسی در جهان
این به مکر آن برادر و آن به زرقِ سامری
همچو یوسف بادیا تا زرق هر ده بشکنی
همچو موسی بادیا تا بر عدو زخم آوری
هم به حق کشور کشائی هم به رادی زردهی
هم به عشرت باده نوشی هم زراحت پر خوری



Marfat.com

# ترجیع بند اور ترکیب بند

سید حسن کے یہاں سولہ ترجیع بند اور دو ترکیب بند ملتے ہیں۔ اور ان سولہ (ترجیع بند) میں سے دو ایسے بھی ہیں کہ گرہ والے شعر میں ہر بند کے اختتام پر صرف ایک لفظ تبدیل ہوتا ہے۔ مثلاً............ایک بند کے آخر میں :

آن مہر کیست مہرِ حسین حسن کہ ہست
از جام جودِ او دل و جانِ امید ہست

اور "مہر" کی جگہ "مالک۔ "اصل" ۔ "مدح" وغیرہ الفاظ گرہ والے اشعار میں دوسری جگہ ملتے ہیں بہر حال مختلف ترجیع بند اور ترکیب بند میں ہر بند ہمیشہ سات شعر کا ہے۔ اور بندوں کی تعداد تین سے لے کر نو تک ہے۔ اس طرح مجموعی اشعار ۷۴۲ ہوتے ہیں۔

ان اصناف سخن کی ابتدا بھی غزنوی دور (فرخی) سے معلوم ہوتی ہے کیونکہ اس کے پہلے ان کے نمونے دستیاب نہیں ہوتے لیکن شاید سب سے پہلا نعتیہ ترجیع بند سید حسن ہی نے لکھا تھا۔ ہم دیکھ چکے ہیں کہ ۵۴۶ھ کے اوائل میں جب وہ مدینہ طیبہ پہنچا ہے تو سات بند کا ایک ترجیع بند پڑھتا ہے جو اس طرح شروع ہوتا ہے۔

یا رب این ماییم و این صدرِ رفیعِ مصطفاست
یا رب این ماییم و این فرقِ عزیزِ مجتباست
یا رب این ماییم و این روی زمینِ یثرب است
کاسمان را ہفت پشت از رشک یک رویش دوتاست
خواب گاہِ مصطفیٰ و کعبہ مان از پیش و پس
بارگاہ منبرِ حنانہ مان از چپ و راست
یا رب این راحت کہ ما دیدیم در دنیا کہ دید
یا رب این دولت کہ ما داریم در عالم کراست



Marfat.com

یارب این روضه ست واین گلهای رنگین زان اوست
یارب این مائیم و این دلهای سنگین زان ماست
در دلِ سنگ آب و آتش زین طرب رقاص گشت
ای دلِ ارسنگی پس آخر آتش و آبت کجاست
سرفراز ای مردم دیده کزین هر ذرّهٔ
سرمۂ خاکِ کفِ پای نبی الا نبیاست
سلموا یا قوم بل صلوا علی الصدر الامین
مصطفیٰ ماجآء الآ رحمۃ للعالمین

یہ ترجیع اسی جوش عقیدت اور والہانہ انداز کے ساتھ شروع سے آخر تک ہے ایک اور بند دیکھئے :

ای کہ ہرگز ہیچ ملت چون تو پیغمبر نہ یافت
ہیچ دین در دوُر عالم چون تو دین پرور نہ یافت
جبرئیل آن پیکِ حضرت با ہزاران پر ز نور
سایۂ گرد براقت را بہ وہم اندر نہ یافت
آسمان کو بردر رحمت معلق حلقہ ایست
ہمچو کرسی عرش را جز حلقۂ بردر نہ یافت
ہرکہ از خاک کف پای تو تاج سر نہ ساخت
دست چون بر کرد تا دستار جوید سر نہ یافت
خصمت از بہرِ جراحت پای ہفت اندامِ خویش
گرچہ اندر ہفت دوزخ جست خاکستر نہ یافت
جانِ شیرین داد و ز تلخیِ جان کندن نہ رست
شور بختی کز نمک دان لبت شکّر نہ یافت



Marfat.com

ہر کہ تخم حاجتی در کشتِ امیدی فگند
بی درو دت ہیچ ندرود وز کشتہ برنہ یافت
سلموا یا قوم بل صلواعلی الصدر الامین
مصطفیٰ ماجآء الا رحمۃ للعالمین

یہ بند اس لئے بھی نقل کیا گیا ہے کہ نعتیہ کلام میں متوسطین اور متاخرین کے یہاں جو ظاہری شمایل کی تعریف و تحسین ملتی ہے اس کے نمونے متقدمین کے یہاں بھی موجود ہیں جیسا کہ اس بند کے چھٹے شعر میں "نمک دان لبت" کی ترکیب ہے۔ لیکن ایسی ایک آدھ ہی مثال ملتی ہے ورنہ بڑی پر زور نعت لکھی ہے۔ دو چار شعر اور دیکھئے :

ای دلِ پُر دردِ تو مہمان سرای جبرئیل
جز چنان دل کی تو اند بود جای جبرئیل
آشیانِ طوطیِ جانت برونِ آسمان
گلستانِ بلبلِ نطقت ورای جبرئیل
گرچہ طاؤسِ ملائک جبرئیل آمد و لیک
ہست دیدار ہمایونت ہمای جبرئیل
خوب نبود پای طاؤس و ز خاک درگہت
چون سرہدہد ہتوج گشت پای جبرئیل

غرض کہ اسی طرح کا والہانہ انداز ہے اور نعت میں صرف یہی ایک ترجیع بند ملتا ہے۔

بقیہ پندرہ ترجیع بندوں میں سے صرف دو ۵۱۵ھ کے ہیں جو ابو طاہر سعد بن علی بن عیسی القمی کی مدح میں ہے۔ ہم لکھ چکے ہیں کہ یہ سنجر کا وزیر تھا۔ ان کے علاوہ دو اور ترجیع بند ایسے ہیں جن کا تعلق سلجوقی سلاطین سے ہے یعنی ایک مسعود بن محمد بن ملک شاہ (المتوفی ۔ ۵۴۷ھ) کی وفات اور ملک شاہ بن محمود بن محمد کی تخت نشینی پر ہے جو راحت الصدور (ص ۲۴۶) میں بھی مذکور ہے اور دوسرا موخر الذکر کی مدح (راحت الصدور



Marfat.com

ص۔۲۵۱) میں ہے۔ایک اور ترجیع بند موخرالذکر ہی کے کسی امیر معین الدین کی وفات پر ہے۔ لیکن بقیہ دس ترجیع بند اور دو ترکیب بند غزنوی دربار سے تعلق رکھتے ہیں اور وہ سب کے سب ۵۴۰ھ کے بعد ہوں گے کیونکہ ان میں جتنے ممدوح مذکور ہیں (یعنی دولت شاہ بن بہرام شاہ' ابونصر محمد بن احمد حسین بن احمد وغیرہ) وہ سب اس سال کے بعد مشہور ہوئے ہیں ان سب کے بند عموماً عاشقانہ انداز میں ہیں اور اگر ایک ایک بند علیحدہ کردیا جائے تو وہ غزل معلوم ہوگی یا کسی بہاریہ قصیدے کی تشبیب سے کسی طرح کم نہ ہوگا مثلاً

جانا ز مشک سلسلہ بر گل فگندہ‌ٔ
بر گوشِ لالہ حلقہ ز سنبل فگندہ‌ٔ
گویا کہ طوقِ غالیہ گون را بہ امتحان
در حلقِ گل ز گردنِ بلبل فگندہ‌ٔ
نی نی دلِ، معنبرِ لالہ ببردہ‌ٔ
پس حلقہ حلقہ کردہ آن بر گل فگندہ‌ٔ
خورشیدِ گل فروش و مہِ لالہ پوش را
در بندِ مشک و دامِ قرنفل فگندہ‌ٔ
مشک کلہ بر آتش و شمشاد خط برآب
آیا بہ سحر یا بہ توکل فگندہ‌ٔ
زلف چو چنگ باز بران' روی چون تذرو
بہرِ شکار این دل پُر مُل فگندہ‌ٔ
ای باز جرہ بس کہ پراز مہر صاحب است
این دل کہ در کشاکش چنگل فگندہ‌ٔ
آن مہر کیست مہرِ حسینِ حسن کہ ہست
از جام جودِ او دل و جانِ امید ہست



Marfat.com

شروع سے آخر تک اسی طرح عاشقانہ انداز ہے اصل مدح کم ہے اور وہ بھی معمول کے مطابق مختلف تشبیہات واستعارات سے پُر ہے۔ ایک دوسری جگہ یہ بند دیکھئے :

ای دادہ عارض چو گلت رنگ لالہ را
با گل فتادہ از رخ تو جنگ لالہ را
ہمچو قدح پر آب شدہ ز آتش ہوس
از آرزوی آن ذہن تنگ لالہ را
تا آئینہ جمالِ تو در روی لالہ داشت
در دل ز رشک می نہ خورد رنگ لالہ را
در دہ گلاب لعل کہ عودیست مشک فام
اندر میانِ مجمرِ گل رنگ لالہ را
بیداد بین کہ تاشب و تا روزمی کند
بالعل مشک بارِ تو ہمسنگ لالہ را
آورد ترک و دیلم گردون ز روم و زنگ
تا داد روی روم و دل زنگ لالہ را
خود لالہ را چہ سنگ ولیکن شگفتہ باد
بختی کہ برد ماند از سنگ لالہ را
آن بخت کیست بخت خداوند تاج و گاہ
سلطان یمین دولت بہرام شاہ شاہ

اسی ترجیع بند میں سے ہر بند کا مطلع بھی نقل کر دینا مناسب معلوم ہوتا ہے تاکہ یہ اندازہ ہو سکے کہ کس حد تک شاعر کا عاشقانہ انداز ہے۔ اور اصل مدح اور دعائیہ کی نوعیت کیا ہے۔ بقیہ چھ مطلع یہ ہیں۔



Marfat.com

خیزای ربوده مہر تو آرامِ یاسمین
تا عشرتی کینم بہ ہنگامِ یاسمین
ای چہرۂ منقّشِ تو ماہتاب گل
در سایۂ تو خیمہ زدہ آفتاب گل
ای جاہِ تو بہ ماہِ تو پیوستہ تاج را
از نورِ مہر سلسلۂ بستہ تاج را
ای لفظ دُر فشانِ تو پیرایہ دار تخت
از روزِ تو خجستہ شدہ روزگار تخت
ای جفت آسمان ز جلال تو طاق چتر
نگذشت و نگذرد ز تو در اتفاق چتر
شاہا ز صفۂ فلکت بارگاہ باد
افزون ترت ز ذرہ و انجم سپاہ باد

ایک اور بند دیکھیے :

دستِ دل پای یار می گیرد
دامنِ آن نگار می گیرد
زار زارش چو می پرسد غم
تنگ تنگش کنار می گیرد
تاچہ گل زرد این کہ جانِ مرا
ہر دم آن خار خار می گیرد
بہ دہ انگشت اگر چراغ کنم
خود کی در شمار می گیرد



Marfat.com

سنگ هر ساعتی زبی سنگی
در منِ خاکسار می گیرد
شد قرارِ من و هنوز اکنون
ملک چینش قرار می گیرد
در دلِ من چو خواجه اندر ملک
مرکزی استوار می گیرد
خاصۂ شاہ و خواجہ زادِ من
گلِ باغِ ہنر حسینِ حسن

کبھی کبھی تمہید میں قصیدے کی طرح مضمون پیدا کیا ہے۔ ایک ترکیب بند اس طرح شروع ہوتا ہے۔

امروز یکی خوش سخنی نزدِ من آمد
کز آمدنش جانِ دگر در بدن آمد
شیرین سخنی بود چنان چست کہ گوئی
خائندہ چو طوطی شکری در دہن آمد
چشمِ بد ازان دور کہ چون آن سخنِ او
در گوشِ منِ شیفتۂ ممتحن آمد
چون گل بشگفتہ ز طرب گرچہ ازین پیش
چون لالہ ہمی خونِ دلم در دہن آمد
گفتم کہ ازین پس من و مدح و غزلی را
بلبل بسراید کہ گل اندر چمن آمد
اول سخن آن بود کہ آن یارِ دلآ رام
بس تاختہ و باختہ از باختن آمد



Marfat.com

گر خواہم معشوق خود این جاست دلآ رام
ور جویم ممدوح خداوند من آمد
ممدوح و خداوندِ من و آنِ ہمہ خلق
کز دیدن او گشت حرم جانِ ہمہ خلق

ترجیع بند کے آخر بند میں گرہ کا کسی نسخے میں نہ ملنا تو خیر کاتب کی بے اعتنائی سے ہو سکتا ہے لیکن جو ترکیب بند ہیں ان کے آخر میں بھی گرہ نہیں ہے۔اور مختلف نسخے جو ہمارے پاس ہیں ان میں کسی میں نہیں ہے۔اگر واقعی شاعر نے آخر کی گرہ کو نہیں لکھا تو ایک نئی بات قرار پائے گی۔

## قطعات

سید حسن کے یہاں قطعات بھی متعدد ملتے ہیں۔جن کے اشعار کم از کم ساڑھے تین سو ہوں گے ان میں مختلف ممدوحین کی مدح اور مختلف واقعات کا حال ملتا ہے لیکن چونکہ ایسے تاریخی یا تفریحی قطعات کا کچھ ذکر اوپر آچکا ہے اس لئے یہاں صرف ان قطعات کا ذکر کیا جاتا ہے جن سے شاعر کے خیالات کا اندازہ ہو سکے۔وہ دنیا والوں سے بیزار نظر آتا ہے۔معلوم ہوتا ہے کہ اس کے فضل و کمال کی وجہ لوگ اس کے دشمن اور حاسد تھے ایک رباعی میں بھی کہتا ہے۔

دارم ملکا چو ریگ و باران دشمن
بر من شدہ جملہ دوستداران دشمن
در خانہ تو بزنہار آمدہ ام
یک دوست توئی و صد ہزاران دشمن

اپنے دوستوں کی حالت کو اس طرح ایک قطعہ میں بیان کرتا ہے۔

دوستان را من زرہ پنداشتم بودند ہم
لیک بہرِ دشمنانِ جاہلِ بی دینِ من



Marfat.com

گفت ہر کس کہ نکو عہدان دلی دارند پاک
پاک بود آری ولیک از مہر نی از کینِ من

اس لئے ایک قطعے میں کہتا ہے:

کریمی کو کہ در عالم زبون نیست
اسیر و عاجز این چرخِ دون نیست
عروسِ بخت را گر زیوری ہست
درین نہُ حقۂ آئینہ گون نیست
اگر انیست ہستیہا کہ دیدم
درین کان ہیچ نقدی چون جنون نیست
حسن بگذار دنیا راہمان گیر
کہ از کنجِ دلِ تنگت برون نیست
فلک گر نافۂ گردد پرُ از مشک
بدین نیکی' بدین گوہر درون نیست

ایک جگہ اور کہتا ہے:

کین می کشد زمانہ زمن آری از ملوک
خصمان چو دست یا بند از بیم کین کشند
لیکن نہ دائم ار لکدی بر فلک زنم
روزی کہ پر دلان قدم اندر زمین کشند
او تیغ می زند کہ لئیمان چنین کنند
من صبری کنم کہ کریمان چنین کنند

دنیا سے بے نیازی اس طرح ظاہر ہے:



Marfat.com

همای عافیت آن روز ازین قفص پرید
که در دمادمِ یک استخوانش صد سگ دید
مشو زنیک و بدِ چرخ نیک و بد زنهار
که نیک او ز بد و سر ز پای نیست پدید
کز آسمان و زمین همچون صبح و گل هرگز
که خنده ز دکه نه در حالِ خنده جامه درید
ز دامِ آز حذر کن که صد هزاران مرغ
در اوفتاد که یک دانهٔ امید نه چید
مباش طالبِ مال وجمال کس کاین جا
ز خون کنند عروس و ز آب مروارید
خیال مردن در خواب هم نمی بینی
اگرچه صبحِ قیامت ز عارضت بدمید
هزار جانش فدا کاندرین عدم خانه
چو عنکبوت کفن هم به دست خویش تنید
کشاده دار دلت پیش از آن که بسته شود
در آن دهان چو قفلت زبان همچو کلید
میان ببند چو گردون و گوشهٔ بگزین
که قطب گشت هر آن کو که گوشهٔ بگزید
چرا یگانهٔ عالم شد آفتاب چنانک؟
ز خود علایقِ انجم به تیغِ تیز برید

دینوی علایق سے اس طرح علیحدگی اور بے نیازی ظاہر کرتا ہے۔



Marfat.com

گہ بنالی کہ وای تان باید
گہ برنجی کہ آہ جان برود
اندہِ نان و جان مخور بنشین
کین بیاید بہ وقت و آن برود

ایک اور جگہ اپنی زندگی کو اس طرح سنوارنا چاہتا ہے۔

چو چنان زی کہ از شمایل تو
گر بودیک لطیفہ صد گردد
نہ چنان کہ برای ناسازیت
آن کہ نیک است باتو بد گردد

غرض کہ اسی قسم کے مضامین نظر آتے ہیں جن سے یہ اندازہ ہوتا ہے کہ شاعر کی زندگی مدح سرائی کے باوجود بے جا حرص و آز سے پاک تھی اور دنیوی مکروہات سے بے نیازی تھی۔ اس کو دوستوں سے اذیت بھی پہنچی لیکن وہ زمانے کے معمول کے خلاف ہجو نگاری سے پرہیز کرتا تھا۔ اس نے کسی شخص کی ذاتی مذمت نہیں کی۔ وہ سادہ دل' نیک نفس صابر و قانع تھا۔ اس کی نیک طبیعت کو حج و زیارت سے جلا حاصل ہوئی تھی اسی نے اس کو اپنے عہد میں خراسان میں بھی مشہور کیا جیسا کہ ہم اوپر پڑھ چکے ہیں اور وہ اپنے تقدس کی وجہ سے اب بھی افغانستان میں مشہور ہے۔

## غزل

جہاں تک غزل کے اصل موضوع یعنی داستانِ حسن و عشق کا تعلق ہے وہ ہم کو فارسی کے قدیم ترین اشعار میں بھی نظر آجاتا ہے لیکن ایسے تمام اشعار کو ہم غزل کے نام سے تعبیر نہیں کر سکتے کیونکہ جیسا کہ فضلی صاحب نے اپنے مضمون "فارسی غزل" (اردو اپریل ۱۹۳۸ء ص ۳۸۱) میں ثابت کیا ہے کہ قصیدوں کی تشبیب کو بھی پہلے غزل کہا جاتا



Marfat.com

تھا لیکن مشکل تو یہ ہے کہ اگر غزل اور تشبیب دونوں اپنے معنی اور موضوع کے لحاظ سے ایک ہی سمجھی جائیں تو ان کے درمیان امتیاز پیدا ہونے کا زمانہ کب سے قائم کیا جائے۔ اس کا جواب ہمارے قدیم سرمایہ کی کمی کی وجہ سے آسان نہیں ہے۔ موصوف نے (ص ۳۸۳) لکھا ہے کہ "...... ممکن ہے کہ شروع شروع میں مفرد خیالات 'مفرد اشعار میں نظم کئے گئے ہوں۔ اگر یہ خیالات تھوڑے عرصے کے اندر پیدا ہوتے تو انہیں قافیے کی فراوانی اور اس کے موسیقی اثر کی وجہ سے ہم قافیہ الفاظ اور ایک ہی بحر میں نظم کیا گیا ہو۔ اس کا نتیجہ ایک ایسی نظم ہوتی ہوگی جس میں چند اشعار بحر و قافیہ کی یکسانی کے رشتے میں پروئے ہوئے ہوں گے اور اس کی صورت...... غزل کی اس پرانی شکل کی رہی ہوگی جس میں مطلع اور مقطع نہ ہوتا ہوگا۔ بعد میں قصیدے کے اثر سے مطلع کا اضافہ کر دیا گیا ہو اور اس کے کچھ عرصے کے بعد مقطع......" بہر حال تحقیق سے نہیں کہا جا سکتا کہ غزل نے اپنی جداگانہ حیثیت کب سے قائم کی۔

موضوع کے لحاظ سے خظلہ بادغیسی (م۔ ۲۱۹ھ) کے یہ اشعار لباب ج ۲۔ ص ۲۰) سب سے قدیم معلوم ہوتے ہیں۔

یارم سپند اگرچہ بر آتش ہمی فگند
از بہرِ چشم تا نہ رسد مرد را گزند
او را سپند و آتش ناید ہمی بہ کار
با روی ہمچو آتش و باخال چون سپند

ابو حفص ابن احوص سمرقندی جو ۳۰۰ھ میں گزرا ہے اس کا ایک شعر مجمع الفصحا (ج ا۔ ص ۶۵) میں یہ ملتا ہے:

آہوی کوہی در دشت چگونہ دو دا
او نہ دارد یار بی یار چگونہ بود

پھر ابو سالک گورگانی (لباب ۲۔ ۳) اور ابوالحسن شہید ابن الحسین بلخی (لباب ۲۔ ۴)



Marfat.com

کے اشعار بھی اسی موضوع سے تعلق رکھتے ہیں۔ ان کے بعد رودکی (۳۱۹ھ۔۹۴۱ء) کا نمبر آتا ہے۔ فاضل یلمعی حافظ محمود شیرانی نے تنقید شعر العجم (ص۱۹) میں رودکی کی ایک خمریہ غزل بھی نقل کی ہے:

می آرد شرف آدمی پدید
آزادہ تراز درم خرید
می آزادہ پدید آرد از بد اصل
فراوان ہنر است اندرین نبیذ
ہر آن گہ کہ خوری می خوش آن گہ است
خاصہ چو گل و یاسمین دمید

اس غزل میں تسلسل (۱۶۴) اور ہم آہنگی پائی جاتی ہے۔ طرز بیان اور خیالات سادہ ہیں۔ بعد والوں کی خیالی دنیا اس کے یہاں سجائی نہیں گئی۔ اب دقیقی طوسی (م ۳۴۱ھ۔۹۵۲ء) کی ایک غزل (لباب ۲۔۱۲) بھی دیکھئے:

کاشکی اندر جہان شب نیستی
یا مرا ہجرانِ آن لب نیستی
زخم عقرب نیستی بر جان حق
گرو را زلفِ معقرب نیستی
ورنہ بودی کوکبش در زیرِ لب
مونسم تا روز کوکب نیستی
ور مرکب نیستی از نیکوئی
جانم از عشقش مرکب نیستی
ور مرا بی یار باید زیستن
زندگانی کاش یا رب نیستی



Marfat.com

غزل کی لطافت دیکھ کر پورے اشعار نقل کرنے کو جی چاہا۔ دیکھئے مضمون کا تسلسل اس میں بھی پایا جاتا ہے۔ استعارات سادہ ہیں۔ کوئی خاص تصنع نہیں ہے۔ لیکن پھر بھی اس میں جذبات کا اظہار زیادہ ہے اور انداز بیان لطیف ہے۔

اب یہاں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ غزنوی عہد کی بعض غزلوں کے نمونے دیئے جائیں تاکہ معلوم ہوسکے کہ سید حسن غزنوی (جو اسی عہد کے آخر میں تھا) اس کے پہلے غزل کی حالات کیا تھی۔

حافظ شیرانی صاحب نے کتاب ''تنقید شعرالعجم'' (ص۵۹) میں خود سلطان محمود غزنوی کی ایک غزل ''بزم آرا'' کے حوالے سے نقل کی ہے:

من گرد دل خویش ہوای تو تنیذم
با مہر تو پیوستم و از خویش بریذم
دیگر ز بتاں چون تو نہ دیدم ز پی آنک
بت نیست بہ جای کہ من آن جا برسیذم
با من نخچیذ آن کہ چو او کس نہ گرفتم
نگرفت سر زلف تو ہر چند بچیذم
چون زلف شدم دست وچو بت خانہ شدم روی
چون زلف تو کاویذم و چون روی تو دیذم
گفتم کہ یکی بندہ خریدم بہ درم من
نی نی غلط است این کہ خداوند خریذم

خصوصاً دوسرے اور پانچویں شعر میں محمودی اوصاف پائے جاتے ہیں۔ تشبیہات و استعارات میں لطافت ہے لیکن جذبات کی فراوانی ایک شاہانہ ''عاشق'' کے یہاں کیونکر ہو گی؟

اسی عہد کے دوسرے شاعر عنصری (م ۴۳۲ھ۔۱۰۴۰ء) کی بھی ایک غزل (''اردو''۔ ایضاً ص۴۰۷) دیکھئے:



Marfat.com

سر زلفِ مشکین جانانِ من
مرا کشت و پیچید بر جانِ من
بیا ترک سیمین تن و سنگ دل
ہویدا بہ تو رازِ پنہانِ من
بہ فرمانِ من باش تا بر خوری
ترا بد نہ آید ز فرمانِ من
نہ گردم ز پیمانِ تو من بہ دل
مگردان تو دل را ز پیمانِ من

فضلی صاحب ان اشعار کے متعلق (بحوالۂ مذکورہ) فرماتے ہیں:

"......عاشق کی معشوق نوازی اور معشوق کو تابع فرمان سمجھ کر اس سے تعمیل ارشاد کی امید رکھنی، جو اس عہد کی شاعری میں اکثر پائی جاتی ہے، اس بات کو ثابت کرتی ہے کہ یہ شاعری بہ مقابلہ زمانۂ مابعد کی شاعری کے حقیقت سے قریب تر ہے......" غرض یہ ہے کہ اس دور کے شعرا جو کچھ خود محسوس کرتے ہیں اسے من و عن بیان کر دیتے ہیں۔ اوپر کے نمونے سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ مضامین میں اب بھی تسلسل ہے اور سید حسن کے ایک معمر معاصر مسعود سعد سلمان (۵۱۵ھ۔م ۱۱۲۱ء) کے یہاں پھر تسلسل دیکھیے۔ وہ کہتا ہے (دیوان ص ۶۷۲ تہران ۱۳۱۸)

مرا در غم فرقت ای پسر
دو دیدہ چو ابر ست و دامن شمر
وزین دل بر افروختہ ست آتشی
کش از درد و رنج ست دو دو شرر
دو چشم بماندہ بہ ہنجار راہ
دو گوشم بماندہ بہ آواز در



Marfat.com

امیدِ وصال ار نہ بودی مرا
کہ روزی در آئی ز در ای پسر
پر از گرد جعد و بر آشفتہ زلف
کشادہ خوی از روی و بستہ کمر
بر آورد می جان شیرین زتن
بیالود می چشم روشن زسر

دیکھئے یہ شاعر جو سید حسن کے ابتدائی عہد میں وفات پاتا ہے ہنوز قدیم طرز کی غزل لکھتا ہے۔ یعنی تسلسل اور ہم آہنگی کے علاوہ اس کے یہاں وہی سیدھے سادے خیالات ہیں جن میں تکلف اور تصنع نہیں ہے (۱۶۵) لیکن سید حسن کے مشہور ہم عصر سنائی (م ۵۴۵ھ۔ ۱۱۵۰ء) کے یہاں غزل ایک نئی کروٹ لیتی ہے۔ان کے اشعار نقل کرنے کے بجائے بہتر یہ معلوم ہوتا ہے کہ حافظ شیرانی صاحب کی رائے نقل کردی جائے۔ وہ کتاب تنقید شعر العجم (ص ۱۶۷) میں کہتے ہیں۔

"حکیم سنائی زیادہ تر زہدیات اور کم تر تصوف کے مضامین کی اس میں اشاعت دیتے ہیں۔ مجاز کے پردے میں حقیقت کے اسرار کی ترجمانی ان سے شروع ہو جاتی ہے۔انوری کے یہاں سوز و گداز و عشق محض ہے یہ عطار ہیں جو غزل کو میخانہ کا راستہ بتاتے ہیں۔ رندوں کی صحبت میں جگہ دیتے ہیں اور حقیقت و مجاز کی دو عملی میں ان کا نشیمن آباد کرتے ہیں۔ مولانا روم اور عراقی بادۂ تند کے ساغر پلا پلا کر اسے مستِ سرمدی بنادیتے ہیں' حقیقت و مجاز ایک دوسرے سے ایسے گھل مل جاتے ہیں کہ ایک کو دوسرے سے امتیاز کرنے میں دقت پیش آتی ہے......" اس عبارت میں شیرانی صاحب نے سنائی کو زہدیات کا مخترع کہا ہے اور عطار کو خمریات کا۔ لیکن آگے چل کر (ص ۱۷۴) انھوں نے "خرابات کا راستہ بتانے والا" سنائی ہی کو کہا ہے۔ اور یہی صحیح ہے۔ان کے الفاظ یہ ہیں "...... سنائی کے عہد سے پیشتر غزل کی مثالیں بہت کم ملتی ہیں لیکن اس صنف سخن نے ان کے یہاں مستقل شان پیدا



Marfat.com

کرلی ہے۔ بہ لحاظ زبان ان کی غزل' قطعہ اور قصیدے کا رواج' غزل کے مقطع میں سب سے پیشتر انہیں کے یہاں پایا جاتا ہے۔ واردات حقیقت کو مجاز کی زبان میں ادا کرنا انھیں سے شروع ہوتا ہے۔ اگرچہ مذاق میں زہدیت غالب ہے تاہم تغزل کو خرابات کا راستہ بتانے والے حکیم سنائی ہیں۔ عرفان اور رندی کی آمیزش کے قدیم ترین نمونے ان کے کلام میں ملتے ہیں۔ عطار اور مولانا روم انھیں کی بنیادوں پر قصر و ایوان تعمیر کرتے ہیں۔ قصہ مختصر سنائی کے یہاں شاعری بہ لحاظ غزل ایک نئی کروٹ لیتی ہے۔ زہد خشک کا خاتمہ ہوتا ہے۔ رندی اور مستی کی داغ بیل ڈالی جاتی ہے۔ صومعہ چھوڑا جاتا ہے' میخانہ آباد کیا جاتا ہے۔ زہد سے اعتزال ہوتا ہے اور خرابات نشینی اختیار کی جاتی ہے۔"

ان بیانات کو دیکھ کر یہ خیال ہوتا ہے کہ سنائی نے خمریات کی ابتدا کی لیکن ان کے ہم عصر سید حسن کے یہاں بھی خمریات اور مستی کے مضامین ملتے ہیں۔ چنانچہ یہ فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ ان دونوں میں پہلے کس نے ابتدا کی۔ لیکن اس بحث پر آنے سے پہلے مناسب ہے کہ سید حسن کی غزل پر ایک اجمالی نظر ڈالی جائے۔

سید حسن نے اپنے الفاظ و بحور کا انتخاب اس صنف سخن کے لئے اس طرح کیا ہے کہ اس سے اس کی مہارت کا اندازہ ہو سکتا ہے۔ وہ خود کہتا ہے:

ہر کہ شعرِ بلندِ من خواند
آن یکی از فلک سواریہا ست
گر بزرگی کنی مناز از آنک
زیرِ ہر حرف خردہ کاریہا ست

اس کے یہاں ۷۰۔۷۵ غزلیں ہیں جن میں قریب قریب سات سو اشعار ہیں۔ اور وہ سب کے سب اس کے قلبی واردات کی ترجمانی کرتے ہیں۔ اگر غزل سے حقیقی اور ذاتی جذبات ہی کا تعلق ہونا چاہئے اور وہ قصیدے کے تصنعات سے آزاد ہے تو ہم کو یہ کہنے میں تامل نہیں ہے کہ سید حسن نے تقریباً ۵۰ سال کی مدح سرائی کے باوجود غزل اپنے لئے لکھی



Marfat.com

اور اپنے دلی جذبات ہی کے لئے اسے وقف کیا ورنہ اس طرح صاف صاف نہ کہتا:

عشق بازی صدم افزون افتاد
لیک زین سان نہ کہ اکنون افتاد
دوست پر طرفہ و دل خواہ آمد
یار بس چابک و موزون افتاد
من کم از ہیچم و قسم ز غمش
طرفہ آن کز ہمہ افزون افتاد
بر خیال رخ او کرد گذر
اشک من زان ہمہ گلگون افتاد
چہ کنم ای دل پرخون خوردہ
کہ ازین دل جگرم خون افتاد
یارب آن زلف خم اندر خم او
راستا راست بہ من چون افتاد
حسن از دوست چہ نالی چندین
کان چہ افتاد زگردون افتاد

ا۔ ہم اس شاعر کے قصائد میں تشبیہات واستعارات اور دوسرے صنائع کی فراوانی دیکھتے ہیں لیکن غزل میں حقیقت نگاری ہے۔ اس لئے سادگی اور سلاست پائی جاتی ہے۔ تصنعات ہیں بھی تو بہت کم ہیں۔ اس کے علاوہ غزل میں مضمون کا تسلسل جو سعدی کے یہاں عام ہے وہ سید حسن کے یہاں پہلے سے موجود ہے دیکھئے کس قدر ربط اور تسلسل اس غزل میں ہے:

منم در عشقِ تو جانا و جانی
کشیدہ پوستے بر استخوانی



Marfat.com

نه جز گریه مرا پشت و پناهی
نه جز ناله مرا نام و نشانی
تنی مانده چه تن محنت سرائی
دلی رفته چه دل درد آشیانی
نه داری باک از خون غریبی
نیاری رحم برجانِ جوانی
سبک بر بایدم موری دگر باز
کنی یادم نه خوانی جز گرانی
سراپای جهان گشتم، نه دیدم
چو تو اندک وفا، بسیار دانی
زبانِ تلخ داری ای پسر لیک
چو گفتارِ حسن شیرین دهانی
درین شیرین دہان از بخت سودم
عجب نبود بدان تلخی زبانی
زمانی پیش من فارغ نیائی
که تا فارغ شوی از من زمانی

چند اشعار اس قبیل کے اور دیکھئے:

عمری به امید می گذارم
کاری به گزاف می سپارم
نی زہرۂ آن که دل بجویم
نی طاقتِ آن که دم بر آرم



Marfat.com

یک بار زمن کسی نہ پرسید
تا برچہ امید و در چہ کارم
ای نورِ دو دیدہ ہم آنست
کین نورِ دو دیدہ رابارم
ترسان ترسان ز آب و آتش
بر چشم و دلت ہمی نگارم

۲۔ اس کے یہاں حقیقی جذبات اور دلی واردات جو غزل کی جان ہیں جیسا کہ اوپر عرض کیا گیا بدرجہ اتم موجود ہیں۔ لیکن سادگی و سلاست کے ساتھ ساتھ وہ فطری طور پر بھی مذکور ہیں۔ دیکھئے اس طرز بیان پر سینکڑوں تصنعات قربان ہیں:

تن در بد و نیکِ یار دادیم
دل در غمِ، آن نگار دادیم
تاجی بر عمر ز خاکِ پایش
بر تختِ وفاش بار دادیم
ہم رنگِ تو سوی گل نشاندیم
ہم پای بہ دستِ خار دادیم
فرمود کہ بی قرار می باش
ما نیز بدان قرار دادیم

ایک اور غزل دیکھئے:

ہمہ شب دوش من بیدار بودم
ندیم حسرت و تیمار بودم
ز وصلِ یارِ دلبر بر نہ خوردم
ز ہجرِ دوست بر خوردار بودم



Marfat.com

چو محنت دیدگان اندر تحیر
بمانده روی در دیوار بودم
همی جان کندم اندر فرقتِ یار
مبر آن ظن که من بی کار بودم
ز سودا و ز صفرا و طپیدن
بسانِ مرد نا ہشیار بودم
مرا گویند چون بودی' چه گویم
مگر بهتر شوم بیمار بودم

۳۔ تیسری چیز سید حسن کی رندی اور مستی ہے جس کے متعلق صحیح فیصلہ نہیں کیا جا سکتا کہ وہی اس کا مخترع ہے یا اس کا ہم عصر سنائی اس کا بانی ہے۔ سید حسن کے اشعار دیکھئے:

ساقیا وقت ست اگر مارا شرابی در دہی
مجلس ما را ز باده رونقِ دیگر دہی
روح قدسی را بہ آبِ زندگانی خوش کنی
عقلِ پرُ دل را بہ باد لاابالی بر دہی
از قدح بندِگران برپای سرمستان نہی
و ز طرب راہی سبک بر لفظِ رامش گر دہی
دستِ ما گہ گہ بدان شمشاد وش سنبل بری
نقل ما نو نو از آن یاقوت گون شکر دہی
ماچو از بوی خوشِ تو در گلیم و در گلاب
سخت خرسم باشد از گلگون گلابی در دہی
ور ز مستی در شمارِ بوسه ہا افتد غلط
آن کہ آخر دادهٔ این بارہا از سر دہی



Marfat.com

ایک اور غزل کے چند اشعار دیکھئے:

ہین در دہید بادہ کہ ہنگامِ بی غمیست
زان بادۂ کہ مشرق خورشید خرمیست
باروی چون دو پیکرِ در روی او کشم
زیرا کہ مان چو پروین وقتِ فراہمیست
آن پستۂ شکر گر او از چہ کوچک ست
آن سنبل زرہ ور او راچہ در ہمیست
آن جزع بین کہ در کف موسیش ساحریست
وان لعل بین کہ بر لب عیسیش ہمدمیست
آزادی از غمش سببِ طوقِ بندگیست
محرومیِ از لبش اثرِ بارِ محرمیست

۴۔ چوتھی چیز اس کے یہاں تصوّف کی چاشنی ہے اور جس طرح سعدی کے یہاں ع "ہر ورقی دفتریست معرفت کردگار" اسی طرح یہ بھی ہر چیز کو معشوق ازلی سے متعلق دیکھتا ہے:

قمری اندر بہارِ یارِ من ست
مونس نالہ ہای زارِ من ست
فاختہ طوقِ عشق بر گردن
در غم دوست غمگسارِ من ست
بلبل از شاخِ گل کشادہ زبان
بابتِ حال روزگارِ من ست
ساقیا بی قرارم از میِ عشق
دوسہ من داروی قرارِ من ست



Marfat.com

می خورم در بہار با رخ یار
کان بہارِ تو این بہارِ من ست
گر نہ باشد بہار بی ابری
ابر او چشم آبدار من ست
گلِ سوری شگفتہ اندر باغ
راست چون گل رخی نگارِ من ست
لالہ در سبزہ زار پنداری
روی معشوق بر کنارِ من ست
گوئی از دور نرگسِ مخمور
چشمِ دلبر در انتظارِ من ست
در بنفشہ نگہ کنم گویم
زلفِ او یا تنِ نزارِ من ست
ہر شبی زان بہ مہ نظارہ کنم
کو ز معشوق یادگارِ من ست
در چنین وقت بی می و معشوق
بیہدہ زیستن نہ کارِ من ست

اس قبیل کی کئی غزلیں ہیں جن میں شاعر "ہمہ اوست" کا دم بھرتا ہے اور ہر جگہ اپنے معشوق ہی کا جلوہ دیکھتا ہے۔

۵۔ سید حسن کے یہاں غزل میں سادگی و سلاست ضرور ہے لیکن ساتھی ہی قوت متخیلہ کے ایسے بلند نمونے بھی ملتے ہیں جو اس کے معاصرین میں بہت کم ہیں۔ دیکھئے اس کے خیال پردازی سے زبان و بیان میں کیسی دلکشی پیدا ہو گئی ہے:



Marfat.com

ای کہ گل جامہ زرنگِ رخِ تو چاک زدہ ست
جان ببوی تو نواہای طرب ناک زدہ ست
نرگس از چشمِ تو مخمور چرا گشت کہ گل
جامِ یاقوتِ من از لعلِ تو در خاک زدہ ست
اے برانگیختہ از آئینۂ دریا گرد
خاکِ ہجرانِ تو در دیدۂ افلاک زدہ ست
گرچہ بر اسپِ جفا تنگ سواری تو مناز
کہ دلم چنگ در آن گوشۂ فتراک زدہ ست
خونِ مشکین شدہ از ناوکِ چشمت دلِ من
این چہ زخم ست کہ آن غمزۂ چالاک زدہ ست
گرنہ وصلِ تو ندیم ست مرا طعنہ مزن
کہ مرا خود غمِ ہجران تو خاشاک زدہ ست

اسی طرح کی ایک غزل اور دیکھیے:

گر شمعِ تو بی زحمتِ پروانہ بماند
خورشید چو سایہ ز تو درخانہ بماند
از بادۂ لب ہای تو گر دل نہ شود مست
در سلسلۂ زلفِ تو دیوانہ بماند
خون گشتہ دلی را ز خود آویختہ دارد
ہر تار کہ از زلفِ تو در شانہ بماند
ای گنجِ روان در دلِ ویران کنمت جای
تا بو کہ مگر گنج بہ ویرانہ بماند



Marfat.com

افسانۂ عشقِ تو شدم آہ دریغا
ترسم کہ نہ مانم من و افسانہ بماند
آن گاہ حسن جانِ گرامی بہ تو بخشد
واللہ کہ صد جان برو شکرانہ بماند

اس کے علاوہ رواج کے مطابق اس کی غزلوں میں بادشاہ کا نام بھی آجاتا ہے۔ لیکن یہ چیز کسی نمونے کی محتاج نہیں ہے۔ کیونکہ یہ خصوصیت اس کی نہیں ہے بلکہ بہت بعد تک بھی قائم رہی۔ اب چند غزلیں اور دیکھ لیجئے کہ جن میں وارداتِ قلبی، درد و حسرت اور حقیقی تغزل ہر جگہ موجود ہے:

دلِ من نیست شد و سوزِ تو از سینہ نہ رفت
اشکِ من موج زد و نقشِ تو از دیدہ نہ شست
زشت نقشی بود ار نقشِ تو نشانم خوب
سخت کاری بود ار کارِ تو بگذارم ست
گرچہ در دیدۂ من نقشِ خیالِ تو نماند
ورچہ در سینۂ من عکسِ جمال تو برست
بیش در دیدہ و در سینہ نمی جویم ازانک
دوست در آتش و در آب نمی یارم جست
سرِ آن سرو بگردم کہ چو تو باشد راست
پیش آن ماہ بمیرم کہ بتو ماند چست
آمدم کاستہ و سوختہ اندر برِ تو
کہ مرا روی چوبستان و چو قبلہ سوی تست
ای مرا کاستہ چون ماہ بیفزای اوّل
وی مرا سوختہ چون شمع بیفروز نخست



Marfat.com

ایک اور غزل دیکھئے جس پر متاخرین کی غزلیں بھی قربان ہیں:

ای آرزوی دیدۂ بینا چگونۂ
وی یار و مونسِ دلِ تنہا چگونۂ
از ناز و نازکی اگر این جا نہ آمدی
باری یکی بگوی کہ آن جا چگونۂ
دست ترا کہ صورتِ دریاست چشمِ من
ای دُرِّ دور ماندہ ز دریا چگونۂ
از وصل تو کہ نیست دریغا در آتشم
در ہجرِ من کہ ہست مبادا چگونۂ
ما خود جہان گرفتیم از پیش عاشقی
در سلسلہ توِ ای دلِ شیدا چگونۂ
ای نور چشم مہر و گلِ بوستانِ حسن
ما بی تو در غمیم تو بے ما چگونۂ

ہم اوپر ایک جگہ لکھ چکے ہیں کہ یہ زمین پہلے مسعود سعد سلمان نے اس طرح اختیار کی تھی:

ای لاہور ویحکِ بے من چگونہ
بے آفتاب روشن روشن چگونہ

لیکن سید حسن کے بعد اس رنگ کو اختیار کرنے کی کئی شاعروں نے کوشش کی۔

عبدالرحمٰن جامی نے اپنے لڑکے کا ماتم اس طرح شروع کیا:

زیرِ گلِ تنگ دل ای غنچۂ رعنا چونی
بے تو ما غرقہ بخونیم تو بے ما چونی

فیضی نے بھی اپنے لڑکے کا ماتم کیا تھا:



Marfat.com

ای روشنیِ دیدهٔ روشن چگونهٔ
من بی تو تیره روز تو بی من چگونهٔ

جامی اور فیضی کے دوسرے مصرعوں کے ساتھ سید حسن کی مذکورہ بالا غزل کا آخری مصرع پڑھئے۔ پھر غالب کا دوسرا مصرع بھی دیکھئے۔

ای رہ نوردِ عالمِ بالا چگونہ
ما بی تو دربہیم تو بی ما چگونہ

دیکھئے' غالب کے یہاں توارد ہوگیا ہے۔ لیکن الفضل للمتقدم کے اصول سے سید حسن کو فضیلت حاصل ہے۔ نظیری نے بھی ایک بند لکھا ہے:

ای شاہِ مصر دور ز کنعان چگونهٔ
ای یوسف از جدائیِ اخوان چگونهٔ

غرض کہ متعدد شاعروں نے یہ زمین اختیار کی لیکن مسعود سعد سلمان نے لاہور کے فراق میں لکھ کر وہ دلکشی پیدا نہیں کی تھی جو سید حسن نے اپنے محبوب سے متعلق غزل میں پیدا کی ہے اور یہ فخر سید حسن کے لئے کیا کم ہے کئی قصیدوں اور غزلوں میں اس کے متعدد مقلدین نظر آتے ہیں۔

ایک اور غزل دیکھئے جس میں حافظ کا دھوکا ہوتا ہے:

ای بادِ روح پرور زنہار اگر توانی
امشب لطافتی کن آن جا گذر کہ دانی
در شو چوں مہربانی در تیرگی زمانی
یابی مگر نشانی زان آبِ زندگانی
چون نزد او رسیدی خاکِ درش بدیدی
آنچہ از حسن شنیدی شاید کہ باز رانی



Marfat.com

اور اگوی کای مہ مارا پرس گہ گہ
پر جانم اللہ اللہ رحمت کن ار توانی
رہ رہ گذر بکویش' دم دم نگر بہ رویش
خوش خوش مگر زمویش بوی بہ ما رسانی
حقا کہ سخت زارم و ز خود خبر نہ دارم
بی تو ہمی گذارم عمری چنان کہ دانی
لطفی بکن نگارا دامی بنہ وفا را
کای یار باتو مارا لطفی فتاد جانی

دیکھئے' بلا کا تغزل ہے۔ بڑا سوز اور بڑا ساز ہے۔ یہ غزل انگریزی Lyric poctry والے Lyric یا ساز کا ساتھ دے سکتی ہے اور روحانی غذا کا کتنا لطیف دستر خوان مہیا کر سکتی ہے۔

غزل میں سنائی کی جو اوّلیات ہیں وہ سید حسن کے یہاں بھی ہیں۔ اس لئے فیصلہ مشکل ہے کہ ان دونوں میں کون مخترع ہے۔ تاہم سنائی سے ایک معاملے میں سید حسن کم ہے۔ یعنی سنائی کا تخلص عموماً ان کی غزلوں (کے مقطع) میں ہوتا ہے لیکن سید حسن کے یہاں بہت کم آتا ہے۔ اس حقیقت سے ایک دوسری حقیقت ذہن میں یہ آتی ہے کہ جب دونوں کے یہاں سوائے مقطع کے سب خصوصیات مشترک ہیں تو ظاہر ہے کہ بعد والے نے کوئی ترقی کی ہوگی یا اپچ سے کام لیا ہوگا۔ چنانچہ اس لحاظ سے کہنا پڑتا ہے کہ سنائی کی مسلمہ اوّلیات میں سید حسن' شریک غالب ہے' گو کہ (بعد میں) مقطع کو سنائی کی اختراع کہنا پڑے گا۔

## رباعی

کتاب تنقید شعر العجم (ص ۸۔۱۱) میں شیرانی نے رباعی کی ابتدا کے متعلق جو بیانات



Marfat.com

دیئے ہیں ان کا خلاصہ یہ ہے۔

رباعی دراصل کوئی شخصی ایجاد نہیں ہے بلکہ چہار بیتی کا ارتقائی نتیجہ ہے۔ قدیم الایام میں ایران میں ایک خاص قسم کی نظم جس کو چہار بیتی کہا جاتا تھا' رائج تھی۔ اس کے اوزان عربی اوزان سے غالبًا مستخرج نہیں' بلکہ ایران زا اور مقامی معلوم ہوتے ہیں۔ قدما ہزج کے مربعات میں ان کا شمار کرتے تھے۔ تعداد میں وہ چار شعر ہوتے تھے اور چاروں شعروں میں قافیہ لانا ضروری سمجھا جاتا تھا۔ متاخرین نے اس میں یہ ترمیم کی کہ اس کے وزن مربع کو مثمن قرار دیا۔ جس کا قدرتی نتیجہ یہ نکلا کہ ان چار ابیات کی تعداد دو شعروں میں محدود ہو گئی اور چار قافیوں کے بجائے صرف تین قافیے ضروری سمجھے گئے اور تیسرا مصرع بغیر قافیے کے رکھا گیا۔ ایسی چہار بیتی جس کے چاروں شعر ہزج اخرب یا اخرم میں ہوں اور آخر میں قافیہ ہو' جب قدما سے متاخرین کے دور میں آئی تو انھوں نے ان چاروں شعروں کو چار مصرعے شمار کیا اور اسی لئے اس چہار بیتی کا نام دو بیتی رکھ لیا گیا۔

چہار بیتی کا سب سے قدیم نمونہ بقول شیرانی مرحوم کے ابو شکور کے یہاں ملتا ہے یہ وہی ابو شکور ہے جس کی ایک مثنوی ''آفرین نامہ (۱۶۶) بقول عوفی ۳۳۶ھ میں پوری ہوئی تھی اس شاعر کی چہار بیتی موجودہ رباعی کی شکل میں اس طرح ہو گی۔

ای گشتہ من از غم فراوانِ تو پست
شد قامت من ز درد ہجرانِ تو شست
ای شستہ من از فریب و دستانِ تو دست
خود ہیچ کسے بسیرت و شانِ تو ہست

لیکن ڈاکٹر محمد اقبال صاحب نے خیام کی رباعیات کی تعین (۱۶۷) کے سلسلے میں آل انڈیا اورینٹل کانفرنس بڑودہ میں جو مقالہ پڑھا تھا اس میں انھوں نے شروع میں چہار بیتی' دو بیتی اور رباعی کا فرق بتا کر یہ فرمایا تھا کہ غالبًا پانچویں صدی ہجری سے چہار بیتی کا نام دو بیتی ہو گیا۔ سلجوقیوں کے عہد میں وہ برابر اسی نام سے پکاری جاتی رہی اور جب تک اس کا یہ نام رہا اس



Marfat.com

کے چاروں مصرعوں میں قافیہ لانا ضروری تھا۔ لفظ "رباعی" کا اطلاق اس پر چھٹی ہجری کے آخر نصف سے ہونا شروع ہوا۔ یعنی جبکہ تیسرے مصرع میں قافیہ نہ لایا جاتا تھا۔ پھر ڈاکٹر صاحب موصوف نے تیسری صدی ہجری سے شروع کر کے ساتویں صدی کے آخر تک کے نمونے پیش کر کے ثابت کیا ہے کہ خیّام کے زمانے تک صرف دوبیتی رائج تھی یعنی جس کے مصرعے ہم قافیہ تھے۔ یہاں ایسی "رباعی" اور "دوبیتی" کے نمونے دینے کی ضرورت اس لئے محسوس نہیں ہوتی کہ دیگر اصناف سخن کی طرح یہ کوئی ایسی چیز نہیں ہے جس میں سید حسن غزنوی سے پہلے اس کی نوعیت اور نفس مضمون کے اعتبار سے کوئی خاص امتیاز رہا ہو۔ سید حسن کے یہاں رباعی بھی (یعنی جس کا تیسرا مصرع ہم قافیہ نہ ہو) ملتی ہے اور دوبیتی (چاروں مصرعے ہم قافیہ) بھی پائی جاتی ہے۔

سیف الدین سوری جو کہ ۵۴۴ھ۔۱۱۴۹ء میں بہرام شاہ غزنوی کے ہاتھوں دار پر کھینچا گیا تھا اس کے متعلق سید حسن نے ایک "رباعی" بھی کہی تھی:

خوشنود ز بہرام روانِ محمود
می نازد ازو بہ خلد جانِ محمود
گر گشت فگار حلقِ سوری چہ عجب
شوم ست خلافِ خاندانِ محمود

اسی طرح ایک رباعی میں اس کا تخلّص بھی ہے اس لئے ضرور ہے کہ اسی کی ہونی چاہئے:

چون خواست حسن مدحِ شہنشاہی گفت
سوسن نہ چنین از سرِ آگاہی گفت
من آزادم بہ دہ زبان خاموشم
تو بندۂ بہ یک زبان ثنا خواہی گفت

دیکھئے سید حسن نے حسن تعلیل سے کتنا لطیف مضمون پیدا کیا ہے۔ تخیّل کی فراوانی اور وہ بھی بڑی لطافت کے ساتھ ہر جگہ موجود ہے۔ تاریخ جیسے خشک مضامین سے



Marfat.com

لے کر مدحیہ مضامین "رباعی" میں ملتے ہیں۔ بہرام شاہ کے متعلق متعدد "رباعیات" ہیں مثلاً

سلطان بہرام تا جہان می گیرد
چون ست مرادِ او چنان می گیرد
زین پیش گرفت یک جہان در دو زبان
اکنون دو جہان بہ یک زبان می گیرد

ایک جگہ پھر "سوری" (شوری) کی تلمیح دیکھئے:

گر تو بخلاف دولت سلطانی
در کنج عدم نہان شدن بتوانی
اینک بنگر کہ شورش کردہ خلاف
جان داد و نمی رہد زسر گردانی

یہ "رباعیاں" سب کی سب شاعر کے آخر عہد کی معلوم ہوتی ہیں یعنی چھٹی صدی ہجری کے قریباً نصف آخر سے تعلق رکھتی ہیں۔ لیکن ایک آدھ جگہ اس عہد میں بھی "دوبیتی" مل جاتی ہے۔ مثلاً بہرام شاہ کے وزیر منتخب الملک حسن کے متعلق ایک دوبیتی ہے اور وہ وزیر اسی عہد سے تعلق رکھتا ہے:

زین عالمِ دون منتخب الملک حسن
آراستہ شد ز دولتش روے زمن
اے صدرِ زمانہ از دل و دیدہ و تن
بنہاد چو روزگارِ دولت گردن

دولت شاہ ابن بہرام شاہ (المتوفی ۵۴۵ھ۔۱۱۵۱ء) کی مدح میں بھی ایک "دوبیتی" ہے

چون نام مبارک تو اے دولت شاہ
خورشید بہ زر نوشت بر صفحۂ ماہ



Marfat.com

اقبال چہ گفت؟ گفت سبحان اللہ
اے دولتِ دولتی کہ دارد چو تو شاہ

لیکن ایسی ایک دو "بیتیوں" سے ڈاکٹر محمد اقبال صاحب کے اس نظریے کی تردید نہیں ہوتی کہ رباعی کا اطلاق چھٹی صدی ہجری کے آخری نصف سے ہونا شروع ہوا۔ بلکہ ان کے قول کی مزید صداقت اس طرح ہو جاتی ہے کہ ۵۴۴ھ۔۱۱۴۹ء کی لکھی ہوئی (جیسا کہ اوپر ذکر آچکا ہے) ایک رباعی ہماری شاعر کی یوں ہے:

آئی کہ فلک بہ پیشِ تیغت ناید
بخشش بجز از کف چو میغت ناید
زخمِ تو کہ پیل کوہ پیکر نہ کشد
بر پشہ ہمی زنی دریغت ناید

اور ابتدائی عہد میں وہ دوبیتی ہی لکھا کرتا ہے۔ مثلاً ہم لکھ چکے ہیں کہ بہرام شاہ کی تخت نشینی پر (۵۱۰ھ۔۱۱۱۱ء) اس نے لکھا ہے:

شاہا بر تخت بہ نشینی باید
چون شاہ نشست آفرینی باید
بر تختِ فلک ہمیں یمینی باید
بر جای چنان شاہ چنینی باید

یہ دوبیتی بھی ابتدائی عہد کی معلوم ہوتی ہے:

اے گشتہ ز طالعت دلِ گردوں شاد
باز چترت ز طایرِ میمون زاد
چون زہرہ بدستت قدح گلگون باد
قد خم شد مشتری کہ جان افزون داد

بہر حال یہ تو اس کی تاریخی "دوبیتیاں" تھیں۔ اب اس کی چند مدحیہ دوبیتیاں بھی دیکھئے:



Marfat.com

شاہا فلکی کہ روی ازہر دارد
در خدمت تو پشت چو احمر دارد
خورشید کہ زہرۂ تخت او بردارد
ہم نامِ ترا چو تاج برسر دارد

ہم نام (بہرام) کی رعایت بہرام شاہ کے متعلق ایک جگہ اور ہے:

مریخ ز خنجر تو پرسد فتویٰ
ناہید بہ ساغر تو جوید ماویٰ
زانست کہ می کند بہ عیداضحیٰ
از بہر ترا این حمل آن ثور فدیٰ

دیکھئے آخری مصرعوں میں پھر حسن تعلیل سے اپنے کلام کو زینت دی ہے۔ یہی خصوصیت ایک "رباعی" میں ہے۔

گل رنگ گہر ز تاجِ شاہی بگرفت
لالہ بہ دل از چتر سیاہی بگرفت
چون سوسن بہ سیمیں کمری قانع شد
نرگس سرِ خود زیر کلاہی بگرفت (۱۶۸)

یہاں تک تو مدحیہ یا تاریخی رباعیوں کا ذکر تھا۔ اب تغزل والی رباعیات دیکھئے:

اے در طلب لطف تو دریا تشنہ
زین آبِ حیاتت گل رعنا تشنہ
چون مردمِ چشم خویش تاکی باشم
آب از سرِ ما گذشتہ و ماتشنہ

دیکھئے آخری مصرعوں میں کیسی اچھی مناسبت ہے اور کیسے لطیف جذبات ہیں۔ ایک اور رباعی ہے۔



Marfat.com

نہ باد سحر بہ آہِ سردم ماند
نہ چہرۂ زر بہ روے زردم ماند
در ہر چہ نگہ کنم ازو زار ترم
ہم دردِ منِ خستہ دردم ماند

آخری مصرع میں حسرت ویاس کی انتہا کردی ہے۔ کم از کم اس دور کی ایسی رباعی نہیں گذری۔ ایک اور رباعی ملاحظہ فرمائیں:

دل در خورِ صحبت دل افروز نہ بود
زان برمنِ دل سوختہ دل سوز نہ بود
زان روز کہ رفت' گفت خوش بادشبت
ہرگز شب تیرہ مرا روز نہ بود

لفظ "دل" کا مختلف استعمال اور، "دل سوختہ" کی رعایت سے "دل سوز" کی ترکیب کتنی لطیف ہے۔ پھر آخری مصرعوں میں "روزوشب" کی الٹ پھیر سے ندرت پیدا کی ہے۔ "عشق بازی" کی کیفیت ایک رباعی میں سنئے:

گہ بر رخِ آن مہر کیا بازم عشق
گہ بر سرآں زلف دو تا بازم عشق
سر تا پایش زیک دگر خوب ترست
حیران شدہ ام کہ بر کجا بازم عشق

کیا نظیری نے اسی رباعی سے اپنی اس مشہور شعر کے لئے مضمون اخذ کیا ہوگا؟

ز فرق تا بہ قدم ہر کجا کہ می نگرم
کرشمہ دامنِ دل می کشد کہ جا این جاست

اب کچھ عشقیہ "دوبیتیاں" اور دیکھ لیجئے:



Marfat.com

دل خیمہ میانِ سنبل و سوسن زد
خاریم نہاد و تکیہ بر گلشن زد
این رای سفر بین کہ برای من زد
جانہا بمیان نہاد و دل را تن زد

کیسے اچھے استعارات ہیں اور کیسی ندرت ہے، دیکھئے اپنی تخیّل سے سید حسن نے ایک دوسری دوبیتی میں کیسی جدت اور ندرت پیدا کی ہے:

ہر بوی کہ از مشک و قرنفل شنوی
از دولتِ آن زلف چو سنبل شنوی
چون نغمۂ بلبل زپیِ گل شنوی
گل گفتہ بود ہرچہ ز بلبل شنوی

"گل و بلبل" کے تعلق کا ایسا مضمون بمشکل دیکھنے میں آئے گا۔ شاعر نے اپنی دقّتِ نظر سے کمال پیدا کر دیا ہے۔ اب بھی کوئی شخص سید حسن کے شاعرانہ کمال کا معترف نہ ہو تو اس کی شاعری کا کیا قصور ہے؟ شاعر اپنے اشتیاق کو ایک جگہ اس طرح بیان کرتا ہے۔

اے باغ رخت گریز گاہ نظرم
گر باشد صد ہزار جان دگرم
صد دیدہ ز ہر کسے بجائے بخرم
تادر تو بصد ہزار دیدہ نگرم

پھر اس طرح اپنے دل کو تسلی دیتا ہے:

زین یک مہ بی مایہ میازار ای دل
گری نخزندت نشوی خار ای دل
ہر چیز کہ شد بہالیش بسیار ای دل
اندک گردد بدو خریدار ای دل



Marfat.com

اور آخر میں بیزار ہو جاتا ہے:

آن رفت کہ کردمی نظر سوی تو من
خوش دل شدمی بدیدن روی تو من
رو رو کہ چو آگہ شدم از خوی تو من
گر مشک شوی ہم نکنم بوی تو من

یہ چونکہ دو بیتاں ہیں اس لئے ظاہر ہے کہ شاعر کی جوانی کے ایام سے متعلق ہوں گی۔ پھر اس شاعر کی رباعیوں میں جو قرن ششم کے آخر نصف سے تعلق رکھتی ہوں گی۔ تصوف کی جھلک پائی جاتی ہے:

اے آن کہ بہ تو دیدۂ ظاہر نہ رسد
و آن جا کہ غمت رسید خاطر نہ رسد
ہر چند غم ہجر تو بی پایان ست
آخر نہ ہمانا کہ بہ آخر نہ رسد

یہ بھی اسی قبیل کی ہے:

یارم رہ و رسم عشق نیکو داند
ہر خردہ کہ شرط ست ازان بو داند
بگذاشتہ ام مصلحت کار بدو
گر بکشد وگر زندہ کند او داند

غرض کہ یہ ۲۳۴ رباعیاں اور دو بیتیاں ہیں جن میں مختلف اقسام کے مضامین ہیں اور جو مختلف طبائع کو محفوظ کر سکتے ہیں۔

## شاعر کی خود اپنے متعلق رائے

یہاں تک شاعر کے کلام پر مختصر تبصرہ کیا گیا۔ اس سے اندازہ ہوا ہوگا کہ وہ کتنا بڑا



Marfat.com

استادِ فن تھا۔ اس نے دوسروں کی تقلید کرنے میں اپنی ترقی دیکھی اور پھر خود اس کی تقلید بڑے بڑے شعراء نے کی جو اس کی استادی کی بیّن دلیل ہے۔ تاہم یہاں اس کی اپنی رائے اس کے متعلق پیش کی جاتی ہے:

مولف راحت الصدور (ص ۵۷۔۵۸) اپنی کتاب کے سبب تالیف کے سلسلے میں لکھتا ہے:

دو شہور سنہ ثمانین و خمس مائۃ خداوند عالم رکن الدنیا والدین طغرل بن ارسلان را ہوائے مجموعۂ بود از اشعار، خال دعا گوی زین الدین می نوشت و جمال نقّاش اصفہانی آن را صورت می کرد، در آن حال امیر الشعرا و سفیر الکبرا شمس الدین احمد بن منوچہر شصت کلہ کہ قصیدہ تمتاج گفتہ است حکایت کرد کہ سید اشرف (حسن غزنوی) بہ ہمدان رسید در مکتبہا می گردید و می دید تا کرا طبع شعر ست، مصراعے بمن داد تا بر آن وزن دو سہ بیت گفتم، بسمع رضا اصغا فرمود و مرا بدان بستور و حث و تحریض واجب داشت و گفت از اشعار متاخران چون عمادی (شہریاری۔م ۵۸۲ھ) و انوری (م ۵۸۷ھ) و سید اشرف (حسن غزنوی م ۵۵۶ھ) و بلفرج رونی (م بعد از ۴۹۷ھ) و امثال عرب و اشعار تازی و حکم شاہ نامہ آنچ طبع تو بدان میل کند قدر دویست بیت از ہر جا اختیار کن و یاد گیر و بر خواندن شاہ نامہ مواظبت نمای تا شعر بغایت رسد و از شعر سنائی (م ۵۴۵ھ) و عنصری (م ۴۳۱ھ و معزی۔م ۵۴۲ھ) اجتناب کن ہرگز نشونی و نخوانی کہ آن طبعہای بلند است، طبع تو ببند د و از مقصود باز دارد، شمس الدین شصت کلہ گفت، من و چند کس دیگر این وصیت را بجای آوردیم، بمقصود رسیدیم، بیت این است:

صبح بی روی تو نفس نہ زند
نفسِ عشق بی تو کس نہ زند
وصلِ تو نگذرد بکوی امید
تا درِ خانۂ ہوس نہ زند



Marfat.com

بندہ گر باتو یک نفس بنشست
جز بر آن یار یک نفس نہ زند

اس اقتباس سے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں

(۱) شاعر نے کوئی مصرع (غزل کا) شمس الدین شصت کلہ کو دیا تھا جو ضرور ان مذکورہ اشعار کی زمین میں رہا ہوگا۔ لیکن افسوس ہے کہ وہ اس کے موجودہ کلیات میں نہیں ملتا۔ اگر وہ مصرع غزل ہی کا تھا تو اس سے ظاہر ہے کہ ہمارا شاعر ہمدان کے سفر کی تاریخ تک (یعنی ۵۵۵ھ تک) غزل سے ضرور تعلق رکھتا تھا اور چونکہ اس نے شمس الدین شصت کلہ کے اشعار کو پسند کیا اس لئے ظاہر ہوتا ہے کہ اس عمر میں بھی اس کو غزل کا وہ رنگ پسند تھا جو ان اشعار میں پایا جاتا ہے۔

(۲) اس نے متقدمین میں سے رودکی اور عنصری سے اور معاصرین میں سنائی اور معزی کے اجتناب کرنے کا مشورہ دیا ہے کہ "آن طبعہای بلند است" لیکن اس نے خود انوری کو، عمادی، بلفرج رونی اور فردوسی کی صف میں رکھا ہے۔ کیونکہ اس کے خیال کے مطابق یہ شعرا ایسی بلند طبیعت والے نہیں تھے۔

(۳) اس نے شمس الدین شصت کلہ کو مختلف شعرا کا کلام یاد کرنے کا مشورہ دیا ہے کہ "شعر بہ غایت رسد" یہی شعر ہم کو نظامی عروضی (مقالہ دوم) سے بھی ملتا ہے جو اس کا ہم عصر ہے چنانچہ اس کے ان مشوروں سے صاف ظاہر ہے کہ وہ خود بھی ان چیزوں کا عامل رہا ہوگا۔ غالبًا اسی لئے کہتا ہے۔

پاسبانانِ گنجِ فضلِ من اند
بر فلک دیدہ ہای بیداران
مشک پر مایگی ز خلقم داد
کیسہ داری کند بہ عطاران
چون رسیدم بہ جای بی مایان
نہ کنم پیش کار بی کاران



Marfat.com

# حواشی

ا۔ دولت شاہ (براؤن ص ۱۰۵) نے لکھا ہے کہ شاعر کو مرگِ مفاجات سے دوچار ہونا پڑا گو کہ ایسا تو نہیں ہوا تاہم ایسی موت ضرور ایک قسم کی شہادت ہے۔ ماحظہ ہو مشکواۃ حدیث ۳۶۵۹۔ کتاب الجہاد؛

۲۔ مخطوطہ انڈیا آفس نمبر ۹۳۱ اق ۱۰۵ ب؛

۳۔ ایضاً ق ۶۔ الف؛

۴۔ دیوان جمال الدین آصفیہ۔ حیدر آباد ۱۲۳۷؛

۵۔ تاریخ بیہق۔ ص ۲۔ طہران ۱۳۱۷۔ دولت شاہ نے مختاری کے حال میں سید حسن کو سید عزالدین حسن لکھا ہے:

۶۔ دیوان سنائی۔ ق ۱۳ب تا ۱۴ الف (بانکی پور) یہ قصیدہ سنائی نے غالباً اسی محمد بن ناصر علوی کے ایک قصیدے کی تقلید میں لکھا ہوگا۔ اس کا قصیدہ لباب الالباب (ج ۲۔ ص ۲۶۷) میں اس طرح شروع ہوتا ہے۔

چو خاک و باد کند نور و نم در آتش و آب
شکوہ آن عرضے باد جوہر آتش و آب

مسعود سعد (ص ۲۳۔ طہران ۱۳۱۸) کا بھی اسی ردیف میں ایک قصیدہ ہے:

نشستہ ام ز قدم تا سر اندر آتش و آب
توان نشستنِ ساکن چنین در آتش و آب

اسی میں کمالی کے قصیدے کا ذکر کرتا ہے:

شنیدہ ام کہ کمالی قصیدۂ گفتہ ست
ہمہ بناء ردیفش چنین در آتش و آب



Marfat.com

لیکن شاید رونی کے یہاں یہ زمین سب سے پہلے ملتی ہے۔

قبول یافت ز ہر ہفت اختر آتش و آب
وجیہ گشت بہ ہر ہفت کشور آتش و آب

۷۔ دیوانِ مسعود سعد (ایضاً) ص ۵۹۹؛

۸۔ دیوانِ مسعودِ سعد ص ۶۲۔ ۶۳۔ بہت ممکن ہے کہ یہی سید حسن "عمید" بھی رہا ہو۔ مسعود سعد نے (ص ۵۹۔۶۱) دو قصیدے اس کی مدح میں لکھے تھے جن کے مطلع یہ ہیں:

ہیچ کس راغمِ ولایت نیست
کارِ اسلام را رعایت نیست
امروز ہیچ خلق چو من نیست
جز رنج ازین نحیف بدن نیست

مسعود سعد (ص ۷۳۳) کے یہاں عمید حسن کا ایک قطعہ ملتا ہے جس کے آخر میں صاف ظاہر ہے کہ وہ مسعود سعد کے پہلے قصیدے کا جواب ہے:

این قصیدہ جواب آں شعر ست
ہیچ کس را غمِ ولایت نیست

۹۔ یہ سید محمد بھی مسعود سعد کی زندگی میں وفات پا چکا تھا وہ (ص ۶۰۴) کہتا ہے:
بر وفاتِ محمد علوی۔ خواستم زد بہ شعر یک دو نفس..........

۱۰۔ مخطوطہ انڈیا آفس نمبر ۹۳۱۔ ق ۱۳۴ب تا ۱۳۵ الف۔ اس کے متعلق تفصیل آگے آئے گی؛

۱۱۔ تاریخ بیہق (ص ۷۶) کے مولف نے لکھا ہے۔ قتلِ فخر الملک در عاشورا بود سنہ خمس مائتہ (سہ شنبہ ۱۱ ستمبر' ۱۱۰۶ء) و من آن یاد دارم ودر عہد کودکی در دبیرستان معلم بودم بہ نیشاپور۔ مولف کا سال ولادت اسی کتاب کے مقدمے (یب) کے حاشیے میں ۴۹۳ بتایا گیا ہے۔



Marfat.com

۱۲۔ سید حسن کے استاد کا نام والقاب یہ ہیں۔ الحکیم ظہیر الحق محمد بن مسعود الادیب بن الزکی الغزنوی مخدومی پرنسپل محمد شفیع صاحب نے تمتہ صوان الحکمہ (عربی ۱۹۳۵ء ص ۲۰۷۔۲۰۹) سے ان کے نام والقاب کی تفصیل دی ہے۔ اسی سے (ص ۲۰۸۔ ص ۴) یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ وہ کم از کم ۵۴۲ھ تک ضرور زندہ تھے۔

۱۳۔ پروفیسر شیرانی مرحوم نے کتاب تنقید شعر العجم (ص ۵۲۸) میں کمال کا سال وفات یہی ارجح قرار دیا ہے۔ یہاں یہ بھی عرض کر دینا مناسب ہوگا کہ عموماً اس کو جمال الدین محمد عبدالرزاق کا بیٹا کہا جاتا ہے لیکن علامہ ابن الفوطی نے (اورینٹل کالج میگزین مئی ۱۹۳۵ء ص ۲۱) کمال بن عبداللہ بن جمال الدین عبدالرزاق کہا ہے؛

۱۴۔ لباب۔ جلد ا۔ ص ۳۵۶۔ تعلیقات)؛

۱۵۔ مخطوطہ انڈیا آفس نمبر ۹۳۱۔ ق ۲۲۵ ب؛

۱۶۔ ایضاً۔ ق۔ ۱۲۶۔ الف؛

۱۷۔ مجمع الفصحا وغیرہ میں عمادِ زوزنی کے متعلق یہ بھی لکھا ہے کہ "بعضے گویند مداحِ طغان شاہ بود" یہ ممدوح غالباً طغان شاہ ابن موید آی اوبہ (۵۶۹ھ / ۱۱۷۴ء تا ۵۸۱ھ / ۱۱۸۵ء) ہے۔ روضۃ الصفا (ج ۴۔ ص ۱۳۰) سے معلوم ہوتا ہے کہ تکش خان خوارزم شاہ (م ۵۹۶ھ۔ ۱۲۰۰ء) کی تخت نشینی پر عماد زوزنی نے یہ اشعار لکھے تھے:

بحمد اللہ از شرق تا غربِ عالم
بشمشیرِ شاہِ جہان شد مسلم
سپہدارِ اعظم شہنشاہِ دنیا
نگین بخشِ شاہان، خداوندِ عالم
تکش خان بنِ ارسلاں ابنِ اتسز
پدر بر پدر پادشہ تا بہ آدم



Marfat.com

خرامید بر تختِ فیروز بختی

چو خورشید بر تختِ فیروزہ طارم

۱۸۔ معزّی کا سال وفات ۵۴۲ھ کے کچھ پہلے معلوم ہوتا ہے۔ جیسا کہ ہم معارف (اگست ۱۹۴۲ء) میں بحث کر چکے ہیں۔ اسی کے ساتھ ہم نے اس کے والد برہانی کی تاریخ وفات پر بھی بحث کی ہے۔ کہ وہ ۴۷۰ھ۔۱۰۷۷ء تک انتقال کر چکا ہوگا۔

۱۹۔ سنائی اور عمادی غزنوی کی وفات کے متعلق ہم نے معارف (ستمبر ۱۹۴۲ء ص ۱۹۹۔۲۰۰) میں ایک نئے ماخذ کو پیش کیا ہے۔ مختصر یہ ہے کہ ابوالعلا گنجوی نے ان کے متعلق یہ اشعار لکھے تھے:

سخنوران بمن امروز اقتدا آرند

روا بود کہ منم قدوۂ ہمہ شعرا

چو رفت جانِ عمادی بمن گزاشت عماد

چو شد روانِ سنائی بمن گزاشت سنا

تبارک اللہ پنجاہ و پنج بشمردم

بہ شست باشد پشتم چو شست گشتہ دوتا

بعقد ستین گشتہ ست پنجۂ عمرم

گہہِ وداعِ رحیل ست ازین فناءِ فنا

سرِ ملوک منوچہر مہر چہر کزو

شدہ ست زندہ و فرخندہ خاندانِ نیا

ان اشعار سے یہ باتیں معلوم ہوتی ہیں ۔ (۱) دوسرے شعر سے ظاہر ہے کہ عمادی (غزنوی) اور سنائی اس وقت تک انتقال کر چکے تھے۔ (۲) تیسرے اور چوتھے شعر سے صاف ظاہر ہے کہ ابوالعلا گنجوی کی عمر اس وقت ۵۵ سال کی ہو چکی تھی اور چھٹی دہائی میں تھی (۳) منوچہر خاقان شروان اس وقت زندہ تھا۔ موسیو خانیکوف (Khanikof)



Marfat.com

نے تذکرہ خاقانی (اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۳۶ء۔ ص ۵۲) میں ابو العلا گنجوی کی مفروضہ تاریخ پیدائش ۴۸۵ھ۔۱۰۹۲ اور ۴۹۰ھ۔۱۰۹۷) کے درمیان بتائی ہے۔ اس حساب سے وہ اشعار شاعر کی ۵۵ سالہ عمر میں یعنی ۵۴۰ھ۔۱۱۴۵ء اور ۵۴۵ھ۔۱۱۵۰ کے درمیان لکھے گئے ہوں گے۔ یعنی جبکہ عمادی اور سنائی قضا کر چکے تھے۔ لیکن سنائی نے ۵۴۲ھ۔۱۱۴۷ء) میں معزی کا مرثیہ لکھا تھا۔ اس لیے وہ اشعار یقیناً ۵۴۶ھ کے بعد کے ہوں گے۔ اب دوسری طرف آیئے تو معلوم ہو گا کہ منوچہر جس کی وفات Zambour (Manual de genealogie ص ۱۸۲) کے قول کے مطابق ۵۵۰ھ۔۱۱۵۵ء ہے' ان اشعار میں ممدوح ہے۔ اس طرح ثابت ہوا کہ وہ اشعار ۵۵۰ھ کے پہلے اور ۵۴۲ھ کے بعد کسی وقت لکھے گئے۔ اور بہت ممکن ہے کہ وہ زمانہ ۵۴۵ھ ہی کا ہو' جبکہ سنائی کی وفات (محققین کے نزدیک) ہوئی تھی۔ اور اگر واقعی یہی سال تھا تو پھر ابو العلا گنجوی کی پیدائش بھی (۵۵ سال پہلے) ۴۹۰ھ میں مانی جائے گی۔ بعد میں استاذی ڈاکٹر ہادی حسن صاحب کی کتاب فلکی شیروانی (ص ۹۵) دیکھی۔ اس میں بھی یہی اشعار ہیں۔ لیکن سلسلے کے اشعار نہیں ہیں۔ انہوں نے ۵۴۴ھ کے بھی پہلے ان شعرا کا سالِ وفات ارجح قرار دیا ہے۔

عمادی کے لئے ہمارا مضمون معارف (مارچ ۱۹۴۷ء) میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲۰۔ فہرست انڈیا آفس (ج ۲۔ ص ۶۳۸) میں عثمان مختاری کا سالِ وفات ۵۴۴ھ یا ۵۵۴ھ ہے۔

۲۱۔ ادیب صابر کے متعلق ہمارا مضمون معارف (ستمبر ۱۹۴۲ء) میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲۲۔ سوزنی کے متعلق ہمارا مضمون معارف (مارچ ۱۹۴۵ء) میں ملاحظہ فرمائیں۔

۲۳۔ اس نظام الملک کے والد فخر الملک کی تعریف میں آذری کے بیس اشعار آثار الوزرا (ق ۱۶۲۔ الف۔ ب) میں ملتے ہیں۔ جن میں سے کچھ یہاں نقل کئے جاتے ہیں۔

فخرِ سنجر کہ بود فخر الملک
بود بحر وزارتش را فلک



Marfat.com

در زمانِ ولایت و تمکین
فتح کرد او ممالکِ غزنین
لعل از مخزن شہِ کشور
آوریدند در کمالِ کبر
کرد آن گاہ اتفاق وزیر
کہ کند ساغرے ازان تدبیر
کاسۂ زان بہ فکر بتراشید
کہ چو آن کس بہ ہیچ قرن نہ دید
محلسے ساخت بہرِ عیشِ وزیر
پرُ ز اشرافِ جملہ شاہ و امیر
بود آن روز ساعتِ نوروز
کرد بزمے بہ طالعے فیروز
چون گرفت آن وزیر جام بہ کف
بنظارہ ملوک صف در صف؛
ناگہان جام اوفگند از دست
از ہوا بر زمین زود شکست
جملہ گفتند ترا چہ حال افتاد
و آن چہ کردی چگونہ ات دل داد
داد پاسخ وزیرِ با تدبیر
کین ندامت بد از پیِ تقصیر
کین چنین جوہرے بہ آلتِ لہو
صرف کردم بسے خطا بد و سہو



Marfat.com

بود جوہر مناسبِ قندیل
کہ کنند از برائے کعبہ سبیل
چون بشد آن ہدایت از دستم
زدمش بر زمین و بشکستم

دوسرے شعر کا لحاظ رکھتے ہوئے یہ خیال کیا جاسکتا ہے کہ چونکہ غزنین کی فتح میں فخر الملک کی بجائے اس کا بیٹا نظم الملک محمد تھا' اس لئے اسی کے متعلق یہ قصہ ہو گا۔ اور نوروز (۲۱مارچ ۱۱۱۷ء) کا زمانہ بھی غزنین میں گزرا ہو گا۔

۲۴۔ اس قصیدے کا ذکر سب سے پہلے غالباً روضۃ الصفا (ج ۴۔ ص ۵۰۔ ۱۹۱۵ء لکھنو) میں آیا ہے۔ لیکن وہ دیوان کے کسی نسخے میں نہیں ملتا۔ تاہم شبے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ شاعر کا کچھ اور کلام ایسا بھی ہے جو تذکروں یا تاریخوں میں تو ہے لیکن دیوان میں نہیں ہے۔ طبقات ناصری (راورٹی ص ۱۱۰۔ ج ۱) سے ایک اہم بات یہ معلوم ہوتی ہے کہ بہرام شاہ کے ایک سکّے کا مضمون جس کا انگریزی ترجمہ راورٹی نے دیا ہے بالکل اسی شعر کے ہم معنی ہے۔ اگر یہی شعر اس کے سکّے پر کندہ تھا تو اس سے زیادہ کامیابی کسی شاعر کو کیا نصیب ہو سکتی تھی۔ دولت شاہ (براؤن ایڈیشن۔ ص ۴۷) سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ اسی زمانے میں جبلی نے غزنین میں سنجر کی مدح میں ایک قصیدہ پڑھا تھا جس کا مطلع یہ ہے:

ز عدلِ کاملِ خسرو ز امنِ شاملِ سلطان
تذرو و کبک و گور و مور در گشتند در گیہان

دولت شاہ (ص ۷۳) سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جبلی نے بہرام شاہ کے دربار میں چار سال مداحی کی۔ لیکن حبیب گنج اور جامع مسجد بمبئی کے نسخوں میں کوئی ایسا کلام نہیں ملتا۔

۲۵۔ مخطوط انڈیا آفس۔ ق ۸۴ اب

۲۶۔ مخطوط انڈیا آفس۔ ق ۹۹ ب۔ اس کے چوتھے شعر میں بہرام شاہ کو "جمال ملک" کہا گیا



Marfat.com

ہے ایک جگہ اور شاعر نے کہا ہے ؂

فرخندہ جمالِ ملک دین را
از جملہ ملوک برگزیدم
بی زار از این و آن گر او را
بہرِ کرم و ہنر گزیدم
رویم بادا فگار چون زر
گر خواجہ برائے زر گزیدم

۲۷۔ مخطوطہ ایضاً۔ ق ۵۷۔ الف۔ اس قصیدے کا نواں شعر پڑھ کر عرفی کا یہ شعر پڑھیے

کشیدہ فتنۂ معزول سر بزیرِ لحاف
دریدہ ظلم فراموش طبل زیر گلیم

۲۸۔ اس سے یہ بھی خیال ہوتا ہے کہ سنائی شاعری میں عثمان مختاری کے شاگرد تھے۔ سنائی نے (دیوان۔ ق ۳۹ب۔ بانکی پور) اس کی مدح بھی کی ہے:

نہ شود پیش دو خورشید و دومہ تارے تیر
کہ برد درہٗ از خاطرِ مختاری تیر
مطلعِ شعرِ تو چون مطلع شمس است ولیک
جاہلان راچہ شبِ مظلم و چہ شمسِ منیر

۲۹۔ مخطوطہ ایضاً۔ ق ۲۰۔ الف۔ ب

۳۰۔ اورینٹل کالج میگزین (ص ۵۲۔۵۵، اگست ۱۹۳۷) میں پروفیسر شیرانی صاحب نے سوالک پر تفصیل سے بحث کی ہے۔

۳۱۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق ۹۲ب۔ اسی مخطوطہ (ق ۹۵۔الف) میں ایک اور قصیدہ ہے جو شاعر نے غزنین سے ہندوستان کو روانہ ہوتے وقت پڑھا ہوگا۔



Marfat.com

ہمایون رلتتِ اعلیٰ ہمی رائے سفر دارد
زیک سو ہم عنانِ فتح و دیگر سو ظفر دارد
مبارک اوجِ تختِ او فلک را بر کنار آرد
خجستہ بازِ چترِ او جہان را زیرِ پر دارد
خداوندِ جہان بہرام شاہ آن خسروِ صفدر
کہ ملک از عزم و حزمِ او بسی تیغ و تبر دارد
دلِ کفار ازین عزمش چو حلقہ ست و عجب تراین
کہ حزمِ تنگ میدانش در آن حلقہ گزر دارد
خداوندا درین دفتر حسن رایک دو نقش آمد
کہ گاہش آن کند دل شاد و گاہ آن در خطر دارد
سعادت گویدش بر خیز چون در خانہ بنشیند
ضرورت گویدش بنشین چو کام از جائے بردارد
چو گردون فتنہ و ساکن چو دیدہ ساکن و فتنہ
زحالِ خویشتن و اللہ کہ بندہ آن خبر دارد

۳۲۔ایضاً۔ق ۱۱۵ب تا ۱۱۶ الف۔اسی دوسری جنگ کے متعلق جس میں محمد ابو حلیم ہلاک ہوا تھا مسعود سعد سلمان (م ۵۱۵ھ۔۱۱۲۱ء) نے بھی ایک قصیدہ (دیوان۔ص ۱۱۴، ۱۱۵۔ طہران ۱۳۱۸) لکھا تھا:

کوسِ ملک آوازِ نصرت بر کشید
کفر و شرک از ہول آن سر در کشید
فخرِ شاہانِ جہان بہرام شاہ
شو سوے ہندوستان لشکر کشید
چون عروسِ شرمگین بد خواہِ شاہ
سرز شرمِ شاہ در چادر کشید



Marfat.com

۳۳۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۱۰۲ب تا۱۰۳ب

۳۴۔ایضاً ۔ق ۱۸ب تا۱۹ الف

۳۵۔ایضاً ۔ق ۴۳ الف۔ ۴۴ الف

۳۶۔ایضاً۔ق ۱۳۲ ' الف

۳۷۔ یہ قصیدہ مختلف نسخوں کے علاوہ راحت الصدور (ص ۱۹۳) میں بھی ہے اس کے ساتویں شعر میں "باز چترش" ہے۔اس کی مزید تفصیل ہمارے مضمون "معارف" (مارچ و اپریل ۱۹۴۴)میں دیکھیں۔

۳۸۔ راحت الصدور (ق ۔ ۷۵ الف) سے معلوم ہوتا ہے کہ چغری بیگ (م ۴۵۲ھ۔ ۱۰۶۰ء) کے عہد سے مرو سلجوقی دارالحکومت ہو گیا تھا۔ لیکن کلیات انوری (ص ۶۵۔ ۱۴۳) سے معلوم ہوتا ہے کہ نیشاپور رہے۔اسی طرح سید حسن کے ایک قصیدہ میں بھی نیشاپور ملتا ہے۔

ہیچ ابرے نہ جہد از طرف نیشا پور
کہ ازین دیدہ بہ بغداد نہ باران آرد

(مخطوطہ انڈیا آفس ق۔ ۱۴' الف)

مرواور نیشاپور کے لیے غزنین سے قدیم راستہ ایک ہی تھااور وہ بامیان اور بلخ پر سے تھا۔ جیسا کہ ہمیں لین پول کے نقشے سے معلوم ہوتا ہے کہ جو کہ Sir.w.w Hunter کی کتاب A History British India Vol-1 کے صفحہ ۱۶ کے مقابل میں ہے۔

۳۹۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۳۹(ب تا ۴۰ الف) ع دست گیر مارشید الدین بس ست یہ مصرع جو آگے مذکور ہے دراصل برٹش میوزیم کے نسخے میں ہے اور انڈیا آفس کے نسخہ میں صرف اس جگہ رشید الدین کے بجائے نصیر الدین ہے لیکن چونکہ اس کی کنیت ابو طاہر ہر نسخے میں مذکور ہے۔ اس لئے ان مختلف القاب سے دھوکا نہیں کھانا چاہیئے۔ راحت الصدور (ص ۱۶۷ وغیرہ) میں "شرف الدین" لقب ہے اور یہی معزی کے قصیدہ (بست مقالۂ



Marfat.com

وینی ص۵۹) سے معلوم ہوتا ہے۔ حبیب السیر (جزو چہارم۔ جلد دوم۔ ص۱۰۰'۱۰۱) میں
ے "وجیہ الملک" بھی کہا ہے اس ابو طاہر سعد بن علی کا قیام مرو شاہجہان میں تھا جیسا کہ
ری کے ایک مصرع (حواشی حدائق السحر ص۱۳۲) سے معلوم ہوتا ہے۔

ع۔ فرمان بر توانس و جان در شہر مرو شاہجہان

۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق۱۱۸ الف تا ۱۱۹ الف

۔ ایضا ق۴۰ب۔

۔ راحۃ الصدور (ص۱۶۷) میں ڈاکٹر محمد اقبال صاحب نے اس وزیر کے نام کی مختلف
ات نقل کی ہیں۔ یعنی یغمان 'تغان' طغان 'تغار' تقار' لیکن ہمارے شاعر کے اگلے قصیدے
ں "تغری طغان" نام ملتا ہے' اور یہی صحیح ہوگا۔ برٹش میوزیم کے مخطوطہ 4514 VI کے
ق۱۱۸ میں بھی یہی قرات ہے۔ صبح صادق (ج ۳۔ ق۱۰۶۶ب) میں لکھا ہے کہ وزیر
نے پر اسے نظام الدین تغان بک کا خطاب ملا۔

۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق۱۴۱ب

۔ مولانا سید سلیمان ندوی کی کتاب "خلافت اور ہندوستان" (ص۲۱'۲۲) سیاہ خلعت کے
ق ملاحظہ فرمائیں۔

۔ مخطوطہ انڈیا آفس نمبر ۹۳۱۔ ق۱۲۵۔ الف معلوم ہوتا ہے کہ سید حسن نے یہ قصیدہ
ی کی تقلید میں لکھا ہوگا کیونکہ اس کا ایک قصیدہ (انتخاب شعرائے متقدمین ۳۔ ق۱۷۶۔
۔ حمیدیہ بھوپال' اس طرح شروع ہوتا ہے:

بفال فرخ و عزم درست و رائی صواب
سفر گزیدم و کردم سوی رحیل شتاب
بدان قضا چو رضا دادم اندر آن ساعت
نشستم از بر دیو جہندہ ہم چو شہاب

۔ عراق میں محمود بن ملک شاہی کے دربار میں جب قوام الدین وزیر تھا اس وقت سنائی



Marfat.com

(کلیات ۔ ص ۷۷۔۷۹ بمبئی) نے اس کی مدح کی تھی:

تا سرا پردہ زد بہ علیّین
قدرِ صدر اجل قوام الدین
شد عراق از نگارِ خامۂ او
خوش لقا چون نگار خانۂ چین
گرچہ صد کار داشتم در مرد
لیک بہرِ تو رفتم از غزنین

۴۷۔ لباب (ج ا۔ ص ۲۸۱۔ ۲۸۲) میں لکھا ہے کہ اس موقع پر امام فخر الدین محمد بن محمود بن احمد نیشاپوری نے بہرام شاہ کی طرف سے سنجر کا دل صاف کرنے کو یہ دوبیتی پڑھی تھی:

گر آب دہی نہال خود کاشتۂ
ور پشت کنی بنا خود افراشتۂ
من بندہ ہمانم کہ تو پنداشتۂ
از دست میفکنم چو برداشتۂ

حبیب السیر (جزو چہارم۔ ج ۲۔ ص ۱۰۲) میں عزالدین اصفہانی اور قوام الدین ابو القاسم ناصر کی دو بیتیاں بھی اسی وزن میں ہیں۔

۴۸۔ تاریخ فرشتہ (طبع لکھنو ص ۳۵) سے معلوم ہوتا ہے کہ محمود غزنوی کو بھی خلیفۂ وقت نے ایسا رایت بھیجتا تھا۔ مولانا سید سلیمان ندوی کی کتاب "دنیائے اسلام اور خلافت" بھی دیکھیں۔ اور توقیع کے لیے رسالہ الناظر (لکھنو۔ ستمبر و اکتوبر ۱۹۱۷ء) میں دیکھیں۔

۴۹۔ تاریخ بیہق کے صفحہ ۲۱۷ سے معلوم ہوتا ہے کہ اسی ظہیر الملک نے منصور بن محمد بن اسحٰق کا مرثیہ لکھا تھا۔ اور ص ۲۲۵ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کے لڑکے عمید خراسان محمد بن منصور (بیہقی) کی مدح میں ایک قصیدہ لکھا تھا یعنی وہ قصیدہ اس کی شہادت ۵۳۶ھ۔ ۱۱۴۱ء کے بہت پہلے لکھا ہوگا۔ تتمہ صوان الحکمۃ فارسی ص ۷۲ لاہور (۱۹۳۰ء)



Marfat.com

میں بھی اسی ظہیر الملک کا ذکر ہے۔ اور اس کے عربی ایڈیشن (۱۹۳۵ء) کی تعلیقات (ص۱۹۶۔۱۹۸) میں اس کے متعلق تفصیل دی ہے۔

۵۰۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۶۲(ب) تا ۶۳(الف)۔ دولت شاہ (مصححہ براؤن۔ ص۱۵۶) نے لکھا ہے کہ یہ قصیدہ رفیع الدین لبنانی کا ہے۔ لیکن ہمارے کئی نسخوں میں یہ قصیدہ ملتا ہے اس لیے دولت شاہ پر اعتماد کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ نیز اس عہد اور اس ممدوح سے رفیع الدین کا تعلق نہیں ہے۔ مزید بر آنکہ بارہویں اور تیرہویں شعر میں شاعر اپنے سید ہونے کا اظہار کر رہا ہے۔ اس لیے وہ سید حسن ہی کا کلام ہے۔ دولت شاہ (ص۱۵۶) نے قصیدہ کے بارے میں لکھا ہے کہ "در مدح سید اجل فخر الدین زید بن الحسن الحسینی کہ از اکابرِ سادات رے است واحتشام واموال وضیاع او در ملک بے نہایت بودہ"۔

۵۱۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۱۳۶(ب)

۵۲۔ ایضاً ۔ق ۱۰۹(ب) تا ۱۱۰(ب) حبیب گنج کے مجموعہ "مونس الاحرار" (ص ۱۰۷۴-۱۰۷۷) میں ایک ممدوح ابراہیم بن حسن کی مدح میں سید حسن کا ایک ترکیب بند' قوافیِ مکرر میں ملتا ہے ممکن ہے کہ وہ بھی اسی زید بن حسن کا بھائی ہوگا۔ ہم یہاں صرف ضروری اشعار نقل کرتے ہیں:

آں دلبرے کہ خوبیِ بسیار یارِ اوست
دردا کہ در دلم ہمہ پیکار کارِ اوست
شخصم موی گشت عجب تر مگر کہ کرد
اشکم چو چشم چشمۂ آموی موی اوست
شاہِ ستارہ جاہ براہیم بن حسن
کاندر نبرد خصم چو ہوشنگ شنگ شد
شاہا نعالِ خنگِ تو ہر ماہ ماہ باد
اقبال راہ بہ پیش تو صد راہ راہ باد



Marfat.com

ان اشعار میں ممدوح کو "شاہ" کہا ہے۔ شاید اسی لئے کہ وہ بڑا رئیس تھا۔

۵۳۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق ۵۲ الف۔ عمادی شہریاری (م ۵۷۳ھ۔ ۱۱۷۷ء) کا بھی ایک ممدوح (مخطوطہ علی گڑھ) ہے۔

اے دستِ تو جود را بہانہ
پای تو وجود را نشانہ
عبدالصمد اکرم الخلایق
سرمایۂ بختِ جاودانہ

۵۴۔ قریب قریب اسی زمانے میں سید حسن کو وہ شاگرد ملا ہوگا جو انڈیا آفس کے مخطوطہ نمبر ۹۳۱ کا مقدمہ نگار ہے اور جس نے اس مقدمہ میں لکھا ہے۔

"...... حقوقِ دینی و دنیاوی بیست سالۂ وے در ذمت من است و مدتِ مدید بود تا این ضعیف از فرط ولای آن شہید بہ غربت در خدمتِ او غربت را بر قربتِ اقارب اختیار کردہ بود و مولد و منشار او وداع کردہ......"

شاعر کا انتقال جیسا کہ ہم آگے چل کر ثابت کریں گے ۵۵۶ھ۔ ۱۱۶۱ء) میں ہوا تھا۔ اس لئے ظاہر ہے کہ شاگرد نے غربت میں یعنی خراسان میں قریب قریب اسی عہد میں اپنے استاد سے تعلق پیدا کیا ہوگا۔

۵۵۔ اس قصیدے کے پہلے مصرعے میں خیام سے توارد ہو گیا ہے۔

خیام کی دوبیتی ہے:

چشم زغمت بہ ہر عقیقی کہ بہ سفت
بر چہر ہزار گل ز رازم بہ شگفت
رازے کہ دلم ز جان ہمی داشت نہفت
اشکم بہ زبانِ حال با خلق بہ گفت

۵۶۔ اس عہد کے متعلق ایک دوبیتی ملتی ہے:



Marfat.com

تشریفِ شہنشہ کہ بر شیراز افتاد
زان در فلک آوازہ در آواز افتاد
زان پس کہ چو آفتاب دم ساز افتاد
چون سایہ نہ دانم کہ چرا باز افتاد

۵۷۔ شاعر کے کلام میں دو ممدوح ایسے ملتے ہیں جن کا حال اور سال نہیں مل سکا۔ ایک کوئی خواجہ مخلص ہیں۔ ان کی مدح میں دو قطعے ہیں۔ پہلے قطعے میں سات شعر ہیں اور وہ اس طرح شروع ہوتا ہے۔

دلِ من از فراقِ خواجہ مخلص
خداوندا تو می دانی کہ خستہ است

دوسرا قطعہ دعائیہ ہے اور اس میں بارہ شعر ہیں:

چندان کہ در دوازدہ برج ست ہفت مرغ
اے مخلصِ قدیم ترا بخت یار باد

دوسرا ممدوح کوئی بادشاہ جمشید بن اسعد ہے جس کی مدح میں صرف پیرس کے مخطوطہ نمبر ۷۹۷ میں ایک قصیدہ ہے (ق ۸ب ۹ الف)

چون لشکر نوروز کند عزم تخیّم
مرغانِ طرب بانگ بر آرند ترنّم
دارائی جہان پادشاہِ مشرق و مغرب
سلطان ملک مرتبت و اصل تحکّم
والاے ملک عادل جمشید بن اسعد
کش با ملکانِ ہمہ گیتی ست تقدّم

اگر واقعی یہ قصیدہ سید حسن ہی کا ہے تو اس ممدوح کو تاریخ نہیں جانتی۔

۵۸۔ مخطوطہ برٹش میوزیم ق۔ ۱۳۰



Marfat.com

۵۹۔ مخطوطہ ایضاً ۔ق ۱۳۰ ب میں ردیف ''می دہد'' ہے اور انڈیا آفس (ق ۱۳۶۔الف) میں ''می دہم'' ہے۔

۶۰۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۹۹۔الف

۶۱۔ایضاً۔ق۱۹(ب)الف تا ۲۰(الف)

۶۲۔ تاریخ بہرام شاہی میں ہم تفصیل سے بحث کر چکے ہیں اس میں یہ بھی بیان کیا ہے کہ خسرو شاہ کا بڑا بھائی دولت شاہ بھی اغلب ہے کہ ایسی ہی اسیری میں بطور ضمانت ۵۱۰ھ۔۱۱۱۷ء میں بہرام شاہ کی تخت نشینی پر سنجر کے یہاں رہا ہو۔اس کی واپسی اور ''بندگی کردن'' کا تذکرہ حدیقہ سنائی (ص۶۲۶۔۶۲۸ لکھنو ایڈیشن) میں ملتا ہے۔

۶۳۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق۱۶(الف)

۶۴۔ایضاً۔ق ۸۲(ب) تا ۸۳(الف) طبقات ناصری (راورٹی۔ص ۱۱۱) میں بہرام شاہ کے لڑکوں کی فہرست میں دولت شاہ کا نام اول ہے۔ سید حسن ق ۱۴۲(الف) نے بھی کہا ہے۔

دانم توبہ این بزگواری
فرزندِ مہین پادشائی
دولت شہ تاجور کہ دارد
میراث زعونِ مصطفائی

۶۵۔ایضاً۔ق۶۶(الف)

۶۶۔ایضاق۱۳۹(الف)اس محمد بن منصور قاینی کے متعلق ہم تفصیل سے تاریخ بہرام شاہی میں لکھ چکے ہیں۔جس سے معلوم ہوتا کہ وہ محمد بن منصور بن سعید بن احمد بن حسن میمندی ہے۔(یہ حسن میمندی سلطان محمود غزنوی کا وزیر تھا) یہ محمد بن منصور قاینی ضرور مفتی مشرق محمد بن منصور (حدیقہ۔ص۔۵۵۹ لکھنو وراحت الصدور ص ۴۷۳۔۴۷۵) سے مختلف تھا' محمد بن منصور قاینی کے متعلق عثمان مختاری (دیوان۔ق ۱۶۳/الف بانکی پور) کہتا ہے:



Marfat.com

آناں که به اوصاف شرف مذکور اند
وزرای و ضمیر مملکت را نور اند
از حرمتِ احمد حسن مهجور اند
زان در حسدِ محمد منصور اند

سید حسن نے ایک اور جگہ (مخطوطہ ایضاً ۱۲۲/الف کہا ہے:

ای سرور کرده پادشاهت
اوجِ فلک ست پایگاهت
تا بخت به پیشِ تو میان بست
سوی رفعت کشاده راهت
بر حق باشد که سعدِ افلاک
از چشم رضا کند نگاهت
حسن تو چو نام تو بود بس
با حسن فعال تو گواهت
والله که محمد ابن منصور
همچون پدرست نیک خواهت
با دولت پایدارِ توبیش
عالم نه رسد به دستگاهت
چون فصل خدای عرش کنیت
ای صدر جهان همه پناهت

معلوم ہوتا ہے کہ محمد بن منصور کو ہندوستان بھیج کر اس کی جگہ ابو نصر محمد اور پھر حسن ابن احمد (جس کا ذکر آگے آئے گا) کو غزنین میں صدر مقرر کیا گیا تھا۔

۶۷۔ مخطوطہ ایضاً۔ ق ۵۹ (الف) اس نسخے میں ع قطبِ فلکِ دولت ابو نصر محمد ہے اور مذکورہ بالا



Marfat.com

مصرع برٹش میوزیم کے نسخے کے مطابق ہے۔ سید حسن کے یہاں (برٹش میوزیم۔ ق ۱۲۴ب) ایک قصیدہ ابوالمعالی نصراللہ بن محمد (بن عبدالحمید بن احمد بن عبدالصمد) کی مدح میں بھی ہے:

ای راحتِ روح و رامشِ تن
وصلِ تو طرب فزای شیون
از دوستیِ تو عقل غافل
دور از شدم بہ کامِ دشمن
آخر نہ منم غلامِ صدری
کا قبال شدہ ست زد مبرہن
خورشیدِ صفات ابو المعالی
کز رای ویست ملک روشن
نصر اللہ بن محمد آن کو
جانَ است و ہمہ جہانیان تن
کلکت بہ رہِ سخن نگاری
دستت بہ گہ عطیہ داون
زہرِ تنِ فضل راست تریاک
دردِ سر آز راست چندن

یہ نصراللہ بن محمد یا تو وہی ابو نصر محمد ہے یا پھر اس کا بھائی ہے۔ یہ نصراللہ بن محمد (جس کے متعلق ہم تاریخ بہرام شاہی میں تفصیل سے بحث کر چکے ہیں) بعد میں بہرام شاہ کے بیٹے خسرو شاہ (م ۵۵۵ھ۔ ۱۱۶۰ء) کا وزیر رہ چکا ہے۔ اس کے متعلق مشہور ہے کہ اس نے عبداللہ ابن المقفع کی کتاب "کلیلہ و دمنہ" کا ترجمہ عربی سے فارسی میں کیا تھا، لیکن علامہ ابن الفوطی کی مجمع الآداب (اورینٹل کالج میگزین صفحہ ۲۲ بابت مئی ۱۹۳۵ء) سے معلوم ہوتا ہے کہ خود مجدالدولہ عبدالرشید بن مسعود بن محمود غزنوی اس سے پہلے "کلیلہ و دمنہ"



Marfat.com

کا ترجمہ عربی سے فارسی میں کر چکا تھا۔

۶۸۔ مخطوطہ برٹش میوزیم۔ق ۱۲۱

۶۹۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۹۰(الف) تا (ب)

۷۰۔ایضاً۔ق ۵۳(الف)

۷۱۔ایضاً۔ق ۸۸(ب)

۷۲۔ایضاً۔ق ۶۸(ب)اس زمانے میں "صدر" کا خطاب "قوام الدین" کی جگہ ملتا ہے اس قوام الدین حسن کے علاوہ بہرام شاہ کا ایک اور وزیر ابو نصر محمد (جس کا ذکر ہم اوپر کر چکے ہیں)اس خطاب سے مخاطب ہے۔ سنجر کا وزیر "قوام الدین" ابو القاسم ان سب سے زیادہ مشہور ہے۔ یہ ترجیع بند(ق ۶۹)الف "نوروز" کے موقع پر لکھا گیا تھا:

سال و مہ عمرِ نو و شاہانِ تو
ہمچو این نوروز روز سور باد

۷۳۔ایضاً۔ق ۱۳۸(ب)

۷۴۔ایضاً۔ق ۱۱۱(ب)

۷۵۔ کرمان کے متعلق ہم تاریخ بہرام شاہی میں سیف الدین سوری کے حملے کے سلسلے میں تفصیل سے دے چکے ہیں۔ مختلف حوالے بھی وہیں ملاحظہ فرمائیں۔

۷۶۔ مخطوطہ ایضاً ۔ق ۱۳۱(ب)

۷۷۔ ایضاً۔ ق ۴۵ ( الف) مذکورہ بالا قصیدے کے پانچویں شعر میں احمد ابن عمر کو "صدرالدین" کہا ہے۔اسی خطاب کا ایک شخص حدیقہ (ص ۴۰۸ بمبئی) میں ابو طاہر عمر بن ابو بکر بن محمد ہے:

صدرِ دین شمۂ ائمہ عمر
کہ نیارد چنو زمانہ دگر

۷۸۔ مخطوطہ ایضاً۔ق ۳۰(ب)



Marfat.com

۷۹۔ مخطوطہ رام پور و برٹش میوزیم

۸۰۔ مخطوطہ انڈیا آفس ۔ ق ۱۲۸ (ب) کلیات انوری میں ایک جمال الدین "خطیب" (ص۔ ۲۲۲) ہیں جو آگے (ص ۲۴۷) اس طرح یاد کئے گئے ہیں:

صدرِ امم · امامِ طریقت جمالِ دین

لطفِ خدا و روحِ ہنر مایۂ دول

لیکن یہ کوئی دوسرے شخص ہیں کیونکہ انوری کا غزنین کو جانا ثابت نہیں ہے۔ اور ص ۴۳ کے حاشیے پر اسے خطیب رے کسی شارح نے لکھا ہے۔

۸۱۔ مخطوطہ رام پور

۸۲۔ لباب الالباب۔ جلد دوم ص ۲۷۶ یہ رباعی 'With Hamour and Fancy of Parsia by M.N Kuke" کے صفحہ ۲۶ پر بھی منقول ہے۔

۸۳۔ مخوطہ انڈیا آفس۔ ق ۶۷ (الف) تا ۷۵ (الف)

۸۴۔ ایضاً۔ ق ۴۷ (ب) تا ۴۸ (الف)

۸۵۔ ایضاً۔ ق ۶۹ (ب) تا ۷۰ (الف) غالباً اسی بہار کے موقع پر یہ قصیدہ بھی لکھا ہوگا (ق ۷۱ الف)

بزرگ جشنِ ہمایون بہ ماہ فروردین

خجستہ بادا بر آفتاب روی زمین

علاء چترو کلاہ و بہاو افسر و تخت

جلالِ تیغ و نگین و جمالِ مسند و دین

ابو المظفر بہرام شاہ بن مسعود

کہ جان صورت و ملک ست و روی دولت و دین

زمانہ قدرت شاہی اگر نگاہ کند

بہ چشم رافت و رحمت بہ بندۂ مسکین



Marfat.com

اگرچہ ہمچو الف درجہان نہ دارد ہیچ
شود بہ دولتِ تو تاجدار ہمچون شین

۸۶۔ مخطوطہ برٹش میوزیم نمبر ۲۵۱۴۔ق ۱۲۵(الف)

۸۷۔ روحانی کا سوگند نامہ اس طرح شروع ہوتا ہے زہی بفکرتِ روشن ز چشمۂ حیوان۔ در آفرینشِ عالم دولت معماخوان۔ اس میں شاعر نے ایک دوسرے شاعر فرزدق کے متعلق شوخی کی ہے اور قسموں کے بعد کہتا ہے:

کہ در سرای فرزدق نہ بودہ ام ہرگز
مگر بہار و دی و تیر ماہ و تابستان

میرا خیال ہے کہ اسی سلسلہ میں سراجی (لباب الالباب جلد دوم صفحہ ۳۲۶) نے کہا ہے:

ماچو روحانی شدہ اوصاف او در چشمِ ما
ہمچو سیمین غبغت قوم فرزدق می نمود

روحانی کے متعلق ایک مختصر مضمون اورینٹل کالج میگزین اگست ۱۹۴۰ء میں شائع ہوا ہے۔

۸۸۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ق ۷۵(ب) تا ۷۶(الف)

۸۹۔ مخطوطہ ایضاً۔ق ۱۱۹(ب) تا ۱۲۰(الف) اسی زمانہ میں یہ قصیدہ بھی کہا ہوگا۔ جس میں بہرام شاہ کے (تین) لڑکے بھی مذکور ہیں:

ای دورِ عدلِ تو سببِ دورِ آسمان
وی ہیچ دیدہ چون تو نہ دیدہ خدایگان
ہم نام تو ز ہمتِ نامِ تو بر فلک
سر سبز و سرخ روی چو سرو و چو ارغوان
تو سایۂ خدائی و تار روز حشر باد
در سایۂ ہمای سریر ترا مکان



Marfat.com

چون ذرّه اندلشکرِ منصور بی عدو
تو ہمچو آفتاب بہ حجت جہان ستان
تو آفتاب وش پسرانت چو اختران
تا حشر باد مہ ہمہ را در شرف قران
ہم چشمِ اختراں شدہ روشن بہ آفتاب
ہم روی آفتاب مبارک بہ اختران

۹۰۔ ایضاً۔ ق ۷۰ (الف) تا (ب)

۹۱۔ ایضاً ۔ ق ۱۰۴ (الف) تا (ب)

سنائی نے بھی بہرام شاہ کے شیر کے شکار کا اشارہ کیا ہے (حدیقہ ص ۷۳۴ بمبئی)

شہ چو شد بر شکار شیران چیر
شیرِ گردون شود ز شیری سیر

بہرام نے اپنے بھائی ارسلان (بمعنی شیر) کو بھی زک پہنچائی تھی۔

۹۲۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق ۸۲ (ب)

۹۳۔ ایضاً۔ ق ۸۰ (الف) تا (ب) عمادی کا قصیدہ مونس الاحرار (صفحہ ۶۹۴ جیب گنج میں ملتا ہے اس پر بحث آگے آئے گی۔ وہ اس طرح شروع ہوتا ہے:

ای بر سخن از مشک بعمدا ز دہ خالی
مسکین دلِ من گشت زخال تو بحالی
حالی بہ جہان زار تر از حال دلم نیست
تا نیست دل آشوب تر از حالِ تو خالی

۹۴۔ مخطوطہ انڈیا آفس۔ ق ۸۳۔ ب

۹۵۔ ایضاً ۔ ق ۸۱ (الف) تا (ب) مذکورہ بالا قصیدے کے بارہویں شعر میں ایک "کوشک" کا ذکر ہے۔ معلوم نہیں وہ کونسا تھا۔ طبقات ناصری راورٹی ص ۲۲۴ میں



Marfat.com

فغانستان کے (۱) کوشک ناخود اور (۲) کوشک سپید مذکور ہیں۔ ہرات کے پاس بھی ایک کوشک ہے اس قصیدے کا بیسواں شعر اور آگے والے قطعہ کا ستر ہواں شعر بہت ملتا جلتا ہے۔

۹۔ مخطوطہ ایضاً۔ ق ۱۱۲ (ب) ہم اوپر لکھ چکے ہیں کہ یہ اشعار شوال ۵۴۱ھ کے متعلق اشارہ کرتے ہیں جبکہ ابو علی حسن ابن احمد کو وزارت ملی ہو گی۔ تیسرے شعر میں دوم شوال کی ہے جس سے خیال ہوتا ہے کہ ممکن ہے کہ وہی تاریخ (یعنی جمعہ ۷ مارچ ۱۱۴۷ء) اس تقرر کی ہو گی۔ کیونکہ ہم دیکھ چکے ہیں کہ شاعر اس وزیر کے تقرر کے وقت فوراً قصیدہ لکھتا ہے اس کا ایک شعر یہاں پھر نقل کیا جاتا ہے:

ازان بہ مدح تو کردم معاجلت کہ مگس
بہ سوی شہد کشاید زبان بہ شکر اوّل

۹۔ ایضاً۔ ق ۱۳۱ (الف) تا (ب) اس مرثیہ میں منتخب الملک کے بجائے شرف الملک شاید اس لئے کہ متوفی سلاطین (اور شاید امرا بھی) خاص خاص ناموں سے یاد کئے جاتے ملاحظہ اورینٹل کالج میگزین مئی ۳۸ء

۔ ایضاً۔ ق ۳۳ (الف) تا (ب)

۔ ایضاً۔ ق ۲۸۔ ب

ب الالباب (۲: ۳۱۵) میں ایک اور نجیب الدین لیکن وہ الاجل معز الاسلام نجیب الدین بکر الترمذی الخطاط ہی لکھا ہے کہ ...... خط او چون در نشور و شعر او چون عقدۂ منظوم گوئی کہ حسن ازین دو بیت خط او را خواستہ است۔

ہر خط کہ او نویسد شیرین ازان بود
کان ہست صورت سخنان چو شکرش ......

۔ مخطوطہ ایضاً۔ ق ۳۶ (الف) اسی کے آگے ایک بند ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ت حسین کا باپ زندہ تھا:



Marfat.com

آن که باشد همه به رای پدر
جان نه خواہد مگر برای پدر
پای تا برسرِ زمانه نہد
تاج سر کردہ خاکِ پای پدر

روحانی کا طویل "سوگندنامہ" جو ہم تاریخ بہرام شاہی میں نقل کر چکے ہیں۔وہ بھی اسی حسین ابن حسن کی مدح میں ہے۔

۱۰۱۔ایضاً۔ق ۳۷(ب) تا ۳۸(الف)

۱۰۲۔اسی ترجیع بند میں حسین کو تاج الدین بھی کہا ہے:

ای تاجِ دین سزد کہ حریمت حرم شود
دشمن چو شد مسخرِ تو دوست ہم شود

اور آگے چل کر "خلعت" ملنے پر تہنیت پیش کی ہے۔

اے صدرِ ملک خلعتِ شاہت خجستہ باد
بر دامنِ تو دامنِ اقبال بستہ باد

۱۰۳۔ایک اور ترجیع بند ملتا ہے۔جس سے معلوم ہوتا ہے کہ حسین (ق ۱۱۷۔الف) باختر (بلخ) کی طرف کسی جنگ میں فاتح ہو کر آیا تھا:

باز گشتہ ز باختر منصور
بس نکو نام پیشِ شاہ شدہ

۱۰۴۔اسی سے ملتا جلتا قصہ مولانا روم کے والد کے متعلق بھی ہے۔

۱۰۵۔ مونس الاحرار (ص ۶۰۵) میں لکھا ہے کہ شاعر نے اس قصیدے کا نام "تسقیر الضمیر" رکھا تھا۔ لیکن میرا خیال ہے کہ "صفیر الضمیر" بہتر قرات ہے' تذکرۂ دولت شاہ (۷۸۔ براؤن) میں خاقانی کا بھی ایک قصیدہ صفیر الضمیر کے نام سے موسوم بتایا گیا ہے۔ کلیلہ ودمنہ (مترجمہ نصر اللہ بن محمد بن عبدالحمید در ۵۳۹ھ۔ چاپ (میر نظام



Marfat.com

ص۔ ۱۱۲) میں سید حسن کا یہ شعر ہے:

خون درتنم چو نافہ ز اندیشہ خشک شد
جرمم ہمیں کہ ہم نفسِ مشک اذفرم

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر نے ۵۳۹ھ سے پہلے یہ قصیدہ (یا اس کے کچھ اشعار) لکھ لیا ہوگا۔

۱۰۶۔ اس زمانہ میں حج کے راستوں کی تکلیفیں کیا کچھ نہ ہوں گی۔ جبکہ اس زمانہ میں کم نہیں ہیں سنائی نے اپنے دیوان (ص ۱۰۱، ۱۰۲ بمبئی) میں ایک حاجی کی سخت تکلیفوں کا تذکرہ کیا ہے۔ اس کا نام احمد عارف لکھا ہے جو راستے سے واپس آ گیا ہے۔ ایک احمد یعنی مجد الدین نسفی (معارف مارچ ۴۶ء۔ ص ۱۸۶) ۵۵۲ھ میں حج سے واپسی پر ستر سے زیادہ ساتھیوں کے ساتھ قتل ہوئے۔

۱۰۷۔ خیال ہوتا ہے کہ عربی کا یہ مرجع (تضمینی شعر) مولانا روم نے سنائی کا سمجھ لیا ہے اس کے دوسرے مصرع کو وہ اس طرح لکھتے ہیں (کلیات شمس تبریز۔ ص ۶۳۶۔ طبع لکھنو ۱۳۰۲ھ)

ای سنائی رو مدد خواہ ازروانِ مصطفا
مصطفیٰ ما جاء الّا رحمۃ للعالمین

۱۰۸۔ انڈیا آفس اور برٹش میوزیم والے دیوان اسی ترجیع بند سے شروع ہوتے ہیں۔ مونس الاحرار طبقات ناصری۔ جلد اول (مرتبہ عبدالحی حسینی۔ پنجاب یونیورسٹی ۱۳۲۸ ش) صفحہ ۷۹۔ ۸۰ میں یہ شعر ہیں:

سلم کالطاف الا لا المھجد
سلام کاصداق النبی المؤید
علی من تلقی عزہ ای غرہ
علی من ترقی مصعداً ای مصعد

(ص ۵۴۔ ۵۷ حبیب گنج) وغیرہ متعدد نسخوں میں یہ ترجیع بند منقول ہے۔



Marfat.com

۱۰۹۔ حبیب گنج والے نسخے میں اوراق کے نمبر نہیں ہیں۔ اس لئے ویسا حوالہ نہیں دیا گیا۔ پروفیسر براؤن نے اس تاریخ کے باب پنجم میں سے شعرا کے تذکرے کا انگریزی ترجمہ "رائل ایشیاٹک سوسائٹی جنرل" میں شائع کیا تھا۔ سید حسن کا یہ تذکرہ اکتوبر ۱۹۰۰ء کے نمبر میں صفحہ ۷۴۸ پر ہے۔

۱۱۰۔ حضرت شیخ عبدالقادر جیلانی علیہ الرحمہ (۵۶۱ھ۔۱۱۶۶ء) کے متعلق بھی مناقب تاج الاولیا وغیرہ میں لکھا ہے کہ انھوں نے بھی دو شعر مزار اقدس پر پڑھے تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا دست مبارک نکلا جس کو انہوں نے بوسہ دیا۔ وہ شعر یہ ہیں۔

یا رسول اللہ انظر حالنا
یا حبیب اللہ اسمع قالنا
اننی فی بحر ھم مغرق
خذ یدی سھل لنا اشکالنا

۱۱۱۔ تیسرے شعر سے ظاہر ہوتا ہے کہ شاعر کو پتہ چل گیا تھا کہ علاءالدین "جہان سوز" کے حملہ کی وجہ سے بہرام شاہ کبھی کا ہندوستان کو بھاگ چکا ہے۔ اس لئے کہا ہے:

آیم بہ بوم ہند و بیارم ثنای شاہ

میرے اس خیال کی تائید آگے ہو جاتی ہے اس کے لئے اگلا حاشیہ ملاحظہ فرمائیں۔

۱۱۲۔ شاعر کو یہ واقعہ معلوم ہوگا جبھی تو اس نے یہ قطعہ لکھا ہوگا

گفتم کہ من بہ میرم نہ بینم کہ برشود
بر تختِ آلِ ناصرِ دینؑ دیو غوری
من ہم کنم چون عنبر بو الفتح زیرِ خاک
بے روی شوم او سوری فرخندہ سوری
